امام مالک اور امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ شوہر کے گم ہونے کے چار سال بعد عدت وفات یعنی چار ماہ دس دن گذار کر دوسرے مرد سے نکاح کر لے تو جائز ہے، لہذا اگر ضرورت شدید ہے اور فتنہ کا اندیشہ ہے تو امام مالک اور امام شافعی کے مذہب پر عمل کرنا جائز ہے، اس طرح کہ کسی شافعی یا مالکی عالم سے فتوی لے کر نکاح کرے اور نکاح ثانی کرنے پر شوہر اول کا کوئی دعوی مسموع نہ ہوگا۔ خلافا لمالك فان عنده تعتد زوجة المفقود عدة الوفاة بعد مضی اربع سنین وھو مذھب الشافعی القدیم (وقال بعد سطور) وقد قال فی البزازیة الفتوی فی زماننا علی قول مالك وقال الزاھدی: کان بعض اصحابنا یفتون به للضروة واعترضه فی الشھر وغیره بانه لا داعی إلی الافتاء بمذھب الغیر لا مکان الترافع إلی مالکی یحکم بمذھبه وعلی ذلك مشی ابن وھبان فی منظومته ھناك شامی: ج/۳ ص/۳۳۰، واللہ اعلم: ۲۳ جمادی الثانی ۱۳ھ (ج/۲ ص/۳۶۲)

## باب الطلاق

**اگر زوجہ سے یہ شرط کرے کہ اگر تیرے سوا کسی اور سے نکاح کروں تو اس کو طلاق ہے اس کا عندالاحناف کیا حکم ہے:**

**سوال④:** زید نے کسی عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ سوائے اس کے جس عورت کا نکاح کرے گا اس پر طلاق ہے، اور اس کی منکوحہ کو کوئی ایسا دائمی عارضہ ہے جس سے زید کو ہر طرح کی تکلیف ہوتی ہے حتی کہ ہم بستری سے بھی محروم رہنا پڑتا ہے اس حالت میں نزدیک حنفی کے دوسرا نکاح جائز ہے یا نہیں اگر نزدیک حنفی کے جائز نہ ہو تو تقلید اور کسی امام کی جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** تینوں سوالوں کا جواب ایک ہی ہے وہ یہ کہ ان تینوں صورتوں میں

Scanned by CamScanner

حنفیہ کے نزدیک نکاح کرتے ہی طلاق واقع ہوجاوے گا لیکن اگر کسی شخص کو اس قدر غلبہ شہوت ہو کہ بدون نکاح زنا کا اندیشہ ہو تو اس کو جائز ہے، شافعیؒ کے مذہب پر عمل کرے بعد تحریر جواب ہذا یہ سمجھ میں آیا کہ بلا ضرورت شدیدہ دوسرے امام کے مذہب پر عمل نہ کرنا چاہیے، اور یہاں یہ صورت ہوسکتی ہے کہ فضولی اس شخص کا نکاح کر دے اور یہ شخص اس کو اجازت بالقول سے نافذ نہ کرے بلکہ اس عورت سے جا کر صحبت کرلے اس سے وہ نکاح نافذ ہوگا۔ (۲۱/ زیقعدہ: ۱۳۳۰ھ: ج/ ۲ص/ ۴۴۲-۴۴۳)

## لمبی طہر والی عورت کے عدت کا حکم:

**سوال ⑤:** ایک عورت کو برابر بدستور اور عورتوں کے حیض آتا تھا مگر فی الحال ایک سال سے اس کو حیض موقوف ہے اور اس کے شوہر نے اس کو طلاق دیا ہے، اب وہ عورت عدت کتنے روز بیٹھے گی، اس کے لیے عدت بالاشہر ہے یا بالحیض، اگر عدت بالاشہر ہے تو تین ماہ عدت ہوگی یا زیادہ، اگر عدت بالحیض ہے تو سن ایاس تک انتظار حیض کا کیا جائے گا یا نہیں اگر سن ایاس تک انتظاری کیا جائے تو وہ عورت نہایت غریب ہے اس کے خورد پوش کا کوئی ظاہری سامان نظر نہیں آتا، بینوا توجروا؟

**الجواب:** درمختار وردالمحتار کے باب العدۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس صورت میں حنفیہ کے نزدیک تو مدت ایاس تک انتظار حیض کا ضروری ہے اور مالکیہ کے نزدیک نو مہینے اور بقول معتمد ایک سال وقت طلاق سے عدت ہے، اور ضرورت کے وقت اس قول پر عمل جائز ہے، احقر کہتا ہے کہ اس میں یہ امور قابل لحاظ ہوں گے۔

**اول:** اس کا علاج کیا جائے اگر علاج سے بھی ادرار نہ ہو تب اس قول پر عمل کیا جائے کیوں کہ ضرورت کا تحقق اسی وقت ہوگا۔

**دوم:** اس قول پر عمل کرنے کے لیے قضائے قاضی کی حاجت ہوگی اور حاکم مسلم گو منجانب کافر بادشاہ کے ہو قاضی شرعی ہے پس سرکار میں ایک درخواست اس

Scanned by CamScanner

کی پیش کی جائے کہ کسی مسلمان حاکم کو اس مسئلہ میں حکم کرنے کا اختیار دے دیا جائے، پھر وہ حاکم مسلم اس فتوی کے موافق اس عورت کو عدت گزار کر نکاح ثانی کر لینے کی اجازت دیدے، اسی طرح عمل کیا جائے۔

**سوم:** اگر اس قول کے موافق عدت شروع کی اور قبل ختم ہونے ایک سال کے اتفاقاً حیض جاری ہو گیا تو پھر عدت حیض سے کی جائے گی۔ واللہ اعلم۔ (۹/ذیقعدہ: ۱۳۲۵ھ: ج/۲ ص/۴۹۰)

## باب البیوع

### قصاب کو پیشگی روپیہ دے کر گوشت کا نرخ مقرر کرنا:

**سوال ⑥:** یہاں یہ دستور ہے کہ بکر قصاب کو کچھ روپے پیشگی دیدئے، اور گوشت کے دام فی سیر ٹھہرا لئے جو بازار کے نرخ سے کچھ کم ہوتا ہے، مثلاً بازار میں چار ۴/سیر بکتا ہے، لیکن تین ۳/سیر ٹھیرالیا، اور گوشت آتا رہا، اس کی یادداشت رکھ لی، اور ختم ماہ پر حساب کر دیا، اور کمی بیشی پوری کر کے بیباقی کر دی، اور آئندہ ماہ کے لیے پھر نقد روپیہ دے دیا، اور نیا معاہدہ بھاؤ کا کر لیا، کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بازار کا بھاؤ، تین/۳/ اور دو/۲ ہو جاتا ہے، مگر یہ مقرر شدہ نرخ بدلا نہیں جاتا، اس کا اگلے مہینے میں لحاظ کر کے بھاؤ مقرر کرتے ہیں، قصاب کو یہ نفع ہوتا ہے کہ اس روپیہ سے بکریاں خریدتا ہے اور گوشت بیچتا ہے، اس کو کسی دوسرے سے روپیہ قرض لینے کی ضرورت نہیں ہوتی، اب عرض یہ ہے کہ کیا جائز ہے؟

**الجواب:** یہ معاملہ حنفیہ کے نزدیک ناجائز ہے، اس لیے کہ جو کچھ پیشگی دیا گیا ہے، وہ قرض ہے، اور یہ رعایت قرض کے سبب کی ہے، اور بیع سلم کہہ نہیں سکتے، اس لیے کہ اس میں کم سے کم مہلت ایک ماہ کی ہونی چاہیے، اور امام شافعیؒ کے نزدیک چونکہ اجل شرط نہیں، اس لیے سلم میں داخل ہو سکتا، چونکہ اس میں ابتلاء عام ہے، لہذا

Scanned by CamScanner

امام شافعی کے قول پر عمل کی گنجائش ہے۔(ج/۳ ص/۲۱،۲۰)

## گنّا پیدا ہونے سے پہلے اس کی خریداری کا حکم:

**سوال⑦:** آج کل یہ دستور ہو گیا ہے کہ پیداوار ایکھ یعنی رس کا معاملہ خرید ایسے وقت ہو جاتا ہے کہ کہیں ایکھ بوئی بھی نہیں جاتی ہے، کہیں کچھ کچھ بوئی جاتی ہے، اگر نہیں خریدی جاتی تو عین وقت پر جب کہ رس تیار ہوملتی ہی نہیں ہے اس صورت میں خریداری کھنڈسال کی اجازت ہو سکتی ہے یا نہیں، اگر اجازت نہ ہو تو غالباً کھنڈسال ہی نہ ہو یا بہت ہی زاید قیمت دینے پر شاید ملے۔

**الجواب:** عقد سلم میں بیع کا وقت میعاد تک برابر پایا جانا حنفیہ کے نزدیک شرط ہے، اگر یہ شرط نہ پائی گئی تو عقد سلم جائز نہ ہوگا، لیکن شافعی کے نزدیک صرف وقت میعاد پر پایا جانا کافی ہے، کذا فی الہدایہ، تو اگر ضرورت میں اس قول پر عمل کر لیا جاوے تو کچھ ملامت نہیں رخصت ہے۔(۲۷/رجب مع تتمہ خامسہ: ص/۱۵۱، ق/ج/۳ ص/۱۰۶، جدید/۶ ص/۴۷۳، ۴۷۴)

## باب الاجارة

## جانور کو ادھیا پر رکھنا:

**سوال⑧:** زید نے اپنا بچھڑا بکر کو دیا کہ تو اس کو پرورش کر بعد جوان ہونے کے اس کی قیمت کر کے ہم دونوں میں سے جو چاہے گا نصف قیمت دوسرے کو دے کر اسے رکھ لے گا، یا زید نے خالد کو ریوڑ سونپا اور معاہدہ کر لیا کہ اس کو بعد ختم سال پھر پڑتال لیں گے، جو اس میں اضافہ ہوگا وہ ہم تقسیم کر لیں گے، یہ دونوں عقد شرعاً جائز ہیں یا قفیز طحان کے تحت میں ہے، جیسا کہ عالمگیری جلد پنجم ص/۲۷۱، مطبوعہ احمدی میں ہے، دفع بقرة الی رجل علی ان یعلفها وما یکون من اللبن والثمن بینهما انصافا فالاجارة فاسدة۔

**الجواب:** کتب الی بعض الاصحاب من فتاوی ابن تیمیہ کتاب الاختیارات ما نصہ ولو دفع دابۃ او نخلۃ الی من یقوم لہ ولہ جزء من نمائہ صح وھو روایۃ عن احمدؒ: ج/۴ص/۸۵ میں ۱۴، پس حنفیہ کے قواعد پر تو یہ عقد ناجائز ہے، کما نقل فی السوال عن عالمگیریۃ لیکن بنا بر نقل بعض اصحاب امام احمدؒ کے نزدیک اس میں جواز کی گنجائش ہے پس تحرز احوط ہے، اور جہاں ابتلاء شدید ہو توسع کیا جا سکتا ہے۔ (۲۵/ جمادی الاخری ۱۳۳۴ھ: ق جلد: ۳ص/ ۳۴۳،۳۴۲)

## باب الشرکۃ

### تکریر الفصل الثانی بعبارۃ اخری استکتبتہ من بعض اعزتی:

**سوال⑨:** تکریر الفصل الثانی بعبارۃ اخری استکتبتہ من بعض اعزتی اورد فیہ من الروایات الکثیرۃ التی لم تکن فی جوابی، کیا فرماتے ہیں علماء دین صورت ذیل میں کہ

(۱) قانون کمپنی کے موافق دس یا دس سے زیادہ اشخاص کچھ روپیہ اپنے پاس سے فراہم کر کے کمپنی کا کوئی نام تجویز کرتے ہیں، اور کمپنی کے مقاصد واغراض تحریر کر کے اس نام سے ان اغراض کے لیے کمپنی کو رجسٹری کراتے ہیں، رجسٹری کے وقت ان کو اختیار ہے کہ جس قدر سرمایہ کے لیے چاہیں رجسٹری کرالیں، اور جو سامان بھی ان کو بنانا ہے فروخت کرنا ہے وہ تحریر میں پیش کر دیں، اگر ایک لاکھ روپیہ سرمایہ کے لیے اور بجلی فروخت کرنے اور دیگر اشیاء کے لیے رجسٹری کرائی گئی تو یہ ضروری نہیں کہ اسی وقت ایک لاکھ روپیہ موجود ہو، بلکہ اس وقت تھوڑا سا روپیہ فراہم ہونا بھی کافی ہے، جس پر کام کرنے کا سرٹیفکٹ مل جاتا ہے، مثلاً ایک لاکھ روپے سے کام کرنے والوں کو دس ہزار روپیہ فراہم کر لینے پر کام کرنے کا سرٹیفکٹ مل جاوے گا، اور یہ لوگ جنھوں نے اول

Scanned by CamScanner

روپیہ فراہم کر کے کمپنی کو رجسٹری کرایا ہے، کمپنی کو ترقی دینے والے کہلاتے ہیں، اب یہ لوگ ایک لاکھ روپیہ کے ایک ہزار حصص فی حصہ سو روپے (مثلا) قائم کرتے ہیں، اور حصص فروخت کرنا شروع کرتے ہیں یہ ہے آج کل کمپنیوں کی ہیئت ترکیبی۔

اس کے متعلق سوال یہ ہے کہ جو لوگ کمپنی کے شیرز (حصص) خریدتے ہیں، شرعا ان کی اس خریداری کی حقیقت کیا ہے؟

نیز یہ بات بھی قابل غور ہے کہ کمپنی قائم ہو جانے کے بعد جو لوگ اس کے حصص خریدتے ہیں وہ اعیان ونقود دونوں میں شریک ہوتے ہیں، یعنی کمپنی میں اس وقت جو سامان از قسم مال تجارت اور اس کے لیے جس قدر عمارت ہے ہر خریدار اس میں شریک ہے، اور جو نقد سرمایہ کمپنی کے پاس ہے اس میں بھی شریک ہے، غرض یہ شرکت اعیان میں بھی ہے، اور نقود میں بھی یہ صورت شرعا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** واللّٰہ الموفق للحق والصواب:

بظاہر اس عقد کی حقیقت شرکت عنان ہے، کیوں کہ جو لوگ کمپنی قائم کرتے ہیں، وہ دوسروں کو شریک کرتے وقت خود کو بھی کمپنی کا ایک حصہ دار قرار دیتے اور اپنی عمارات مملوکہ متعلقہ کمپنی اور جملہ سامان و مال تجارت کو نقد کی طرف محمول کر لیتے ہیں، مثلا ان لوگوں نے دس ہزار روپیہ کمپنی قائم کرنے کے عمارات وسامان وغیرہ میں لگایا تو وہ اپنے کمپنی کے سو حصوں کا حصہ دار ظاہر کریں گے، البتہ اس صورت میں کمپنی قائم کرنے والوں کی طرف سے شرکت بالنفقه نہ ہوگی، بلکہ بالعروض ہوگی، سو بعض ائمہ کے نزدیک یہ صورت جائز ہے۔

فیجوز الشركة والمضاربة بالعروض يجعل قيمتها وقت العقد رأس المال عند احمد فی رواية وهو قول مالك وابن ابی ليلى كما ذكره الموفق فی المغنی (ج/۵ص/۱۲۵)

پس ابتلاء عام کی وجہ سے اس مسئلہ میں دیگر ائمہ کے قول پر فتوی دے کر شرکت مذکورہ کے جواز کا فتوی دیا جاتا ہے۔(ق: ج ۳ ص ۴۹۳ تا ۴۹۵)

# مذہب حنفی کے قول ضعیف پر مبنی حضرت تھانوی کے فتاوی

## کتاب النجاسة والطهارة

### تین سوڈول بقول امام محمد نکالنے کی تحقیق:

**سوال ⑩:** طہارت بیر میں امام محمد صاحب کا قول تین سوڈول کا جو منقول ہے وہ معلول بعلت ثابت ہوتا ہے کہ ان کے دیار میں اسی قدر پانی کنوؤں میں ہوتا تھا، اب ہمارے دیار کے لوگ خواہ کم ہمتی سے یا بے سامانی سے کل پانی کے اخراج میں بہت نالاں ہیں، سودر یافت طلب یہ امر ہے کہ جو کنوے ایسے ہیں کہ جن کا پانی بدقت تمام یا بسہولت کل نکل سکتا ہے ان کے طہارت کا حکم بھی تین سوڈول پر دے دینا ثابت ہے یا نہیں، پھر اگر امام محمد صاحب کے قول کی حجت لی جائے تو اس علت پر نظر کیوں نہیں ہوتی جو ان کو ملحوظ تھی۔

**الجواب:** واقع میں علی الاطلاق تین سوڈول کا فتوی مسلک ضعیف ہے راجح یہی ہے کہ علت پر نظر کی جاوے، لیکن چونکہ بعض کا فتوی علی الاطلاق ہے عوام کی آسانی کے لیے مرجوح قول لے لینا بھی جائز ہے، کما صرحوا بہ اس لیے زیادہ تنگی ضروری نہیں۔(الامداد: ج ۱ ص ۳)

شامی وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کل پانی نکل سکے تو کل نکالا جاوے اور اگر کل نہ نکل سکے تو اب تقدیر کی ضرورت ہوگی اور تقدیر میں اختلاف ہے بعض نے قول عدلین کا اعتبار کیا ہے اور بعض نے بوجہ تیسیر کے تین سوڈول پر فتوی دیا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ جن کنوؤں کے متعلق سائل سوال کرتا ہے یہ تقدیر ان سے

Scanned by CamScanner

متعلق نہیں ہے، اور نہ اس پر کسی کا فتوی ہے، پس قول مذکور محل تامل ہے، فقط واللہ اعلم۔ (یکم ربیع الثانی: ۱۳۲۱ھ/ ج ر ا ص ر ۷۰)

## باب النجاسات

### پڑیہ کے رنگ کا حکم:

**سوال ⑪**: ولایتی رنگ جو بالعموم عورتوں کے کپڑا رنگنے کے کام میں آتا ہے، اس کی نسبت محقق طور پر کوئی شہادت اس بات کی معلوم نہیں کہ اس کے اندر کوئی نجس شئ کی آمیزش ہے، البتہ فتاوی رشیدیہ سے پتہ چلتا ہے کہ بوجہ اختلاط شراب کے ناجائز ہے، اگر کپڑا رنگنے کے بعد دھوڈالا جاوے تو پھر سارے کا سارا رنگ ہی نکل جاوے اس کی نسبت حضرت کا ارشاد کیا ہے اور کوئی صورت جواز کی بھی ہے یا نہیں؟

**الجواب**: بجز اشربہ اربعہ مذکور فی کتب الفقہ کے دوسرے اشربہ شیخین کے نزدیک نجس نہیں اور پڑیہ میں جن اشربہ کا اسپرٹ محتمل ہے، وہ غالبا اربعہ کا غیر ہے، لہٰذا شیخین کے نزدیک گنجائش ہے، اور اگر اسپرٹ کا اختلاط ہی خود مشکوک ہو تو شرع میں شک کا اعتبار نہیں۔ فقط (۲۹ر ذی الحجہ: ۱۳۳۰ھ/ ج ر ۴ ص ر ۹۴)

### پڑیہ کے رنگ کا حکم:

**سوال ⑫**: ایک مشہور اور معتبر عالم نے فتوی دیا ہے کہ پڑیا کا رنگ جو کپڑا رنگنے کے واسطے یورپ سے آتا ہے وہ باوجود اختلاط نجاست اسپرٹ وغیرہ کے عموم بلوی کی وجہ سے پاک ہے، اس وجہ سے کہ ولایتی ہر قسم کے اونی سوتی ریشمی کپڑے سب انہیں رنگوں سے رنگے ہوئے آتے ہیں، اور ان سے احتیاط سخت مشکل ہے، اس مسئلہ میں جناب والا کو جو کچھ تحقیق ہو اس سے پرچہ ثانی پر شرف اطلاع بخشا جائے، آیا ہم عوام کو اس فتوی پر عمل درست ہے یا نہیں، جواب جس قدر جلد عنایت ہوگا باعث ممنونی وشکر گذاری ہے۔ فقط

Scanned by CamScanner

**الجواب:** چونکہ ضرورت شدید ہے اس فتوی پر عمل درست ہے مگر اسی شخص کو جس کو ضرورت ہو اور وہ میرے نزدیک عورتیں ہیں، کیونکہ مرد اس سے باسانی بچ سکتے ہیں، اور اس پر عمل کرنے کے جواز کی ایک اور شرط ہے، وہ یہ کہ جس شراب سے وہ اسپرٹ حاصل کی ہے وہ انگور اور کھجور اور کشمش کی نہ ہو۔ (۹ رشعبان: ۱۳۳۱ / ج ۴ ص ۹۴)

## پڑیہ کی طہارت ونجاست کا حکم:

**سوال⑬:** اکثر عورتیں پڑیوں کے رنگے ہوئے کپڑوں میں نماز پڑھتی ہیں، اور سنا جاتا ہے کہ شراب بھی پڑیوں میں داخل ہوتی ہے، اس امر مسموع کے متعلق جناب والا کی کیا تحقیق ہے، آیا صحیح ہے یا نہیں، اور بر تقدیر صحت بوجہ عموم بلوی حکم جواز صلوۃ فرماتے ہیں، یا حکم فساد و بطلان؟ فقط

**الجواب:** بہت مشہور ہے کہ پڑیوں میں شراب پڑتی ہے، غایت شہرت سے مظنون ہوتا ہے کہ یہ امر صحیح ہے، مگر چونکہ تحقیق سے یہ معلوم ہوا کہ وہ شراب جس کو اسپرٹ کہتے ہیں خلاصہ جن شرابوں کا ہے، وہ اشربہ محرمہ مذکورہ فی کتب الفقھیۃ کے علاوہ ہیں، جو کہ امام محمدؒ کے نزدیک مطلقاً حرام ونجس ہیں، اور شیخین کے نزدیک طاہر اور قدرے مسکر سے کم حلال بھی ہیں، اس لیے عموم بلوی کی وجہ سے صحت صلوۃ کا حکم دیا کرتا ہوں، مگر خلاف احتیاط سمجھتا ہوں۔ فقط (۶ ربیع الاول: ۱۳۲۷ھ / ج ۴ ص ۹۵، ۹۶)

# کتاب الصلوۃ

## عورت کی ہتھیلی کا پشت ستر میں داخل ہے یا نہیں:

**سوال⑭:** قبل ازیں یہ لکھا گیا تھا کہ جب عورت پشت کف دست کھول کر نماز پڑھ لے تو اس کا اعادہ کرنا پڑے گا یا نہیں، اس کا جواب جناب عالی نے یہ تحریر فرمایا کہ نماز اس کی صحیح ہے اعادہ نہ کرے، اب دریافت طلب یہ بات ہے کہ جب

Scanned by CamScanner

درمختار میں یہ لکھا ہے **فظهر الكف عورة على المذهب** تو جب نماز میں ستر عورت نہ ہوا تو نماز نہ ہوئی، لہذا اس کا اعادہ ضروری ہوا لہذا اس تردد کو رفع فرمایے؟

**الجواب:** ظہر کف کا عورت ہونا چونکہ مختلف فیہ ہے، میں نے سہولت وابتلائے عام کے لیے دوسرا قول لے لیا۔ (۲۱ جمادی الاولی ۱۳۳۲ھ / ج ۱ / ص ۲۱۹)

## سری قراءت کا ادنیٰ درجہ:

**سوال ⑮:** نماز میں قرأت کو قاری نہ سنے نماز نہیں ہوتی بہشتی زیور میں لکھا ہے اس کا کیا مطلب ہے، اکثر نمازی اپنے پڑھنے کو بوجہ شور وغل کے نہیں سن سکتا یا بہرا ہے کیوں کہ ہر چیز کے دو درجے ہیں، ایک اعلیٰ اور ایک ادنیٰ مثلاً جہر کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ قاری کی قرأت کو دور کے لوگ بھی سن لیں، اور ادنیٰ یہ ہے کہ قریب جو کھڑا ہے وہ سن سکے اور سری قراءۃ کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ قاری کی قرأت قاری ہی سنے اور دوسرا نہ سنے اگر چہ برابر کھڑا ہو اور ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ قاری کی زبان اور حلق کو حرکت ہو اور قاری خود نہ سنے مگر قلبی دھیان رہے کہ میں پڑھ رہا ہوں، چونکہ حنفیہ کرام کے یہاں جن نمازوں میں جہر نہیں ہے بہت آہستہ پڑھنا اولیٰ ہے وہ کون سا درجہ ہے ادنیٰ یا اعلیٰ اور اس طرح سے نمازی کے حلق اور زبان کو حرکت ہو اور کان نہ سنے تو نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

**الجواب:** **فی الدر المختار فصل القراءة وادنی الجهر اسماع غيره وادنی المخافة اسماع نفسه**۔ اور رد المختار میں اس قول کو ہندوانی کی طرف منسوب کر کے اصح وارجح کہا ہے، اور چونکہ اس میں احتیاط تھی لہذا بہشتی زیور کے مولف نے اس کو اختیار کیا اور ایک قول کرخی کا ہے صرف تصحیح حروف کافی ہے، گو خود بھی نہ سنے اور بعض نے اس کی بھی تصحیح کی ہے، کذا فی المختار بس احوط تو ہندوانی کا قول ہے باقی نماز کرخی کے قول پر عمل کرنے والے کی بھی ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

(۲۷ ربیع الاول: ۱۳۲۵ھ / ج ۱ / ص ۲۳۴، ۲۳۵)

Scanned by CamScanner

جس مسجد کی چھت پر دکانیں ہوں اعتکاف کرنے والے کا اسکے نیچے نکلنا:

**سوال (۱۶)**: جن مساجد کا اندر کا درجہ تو بھراؤ پر بنا ہوا اور صحن دو کانوں پر ہو یہ تو معلوم ہے کہ صحن میں نماز پڑھنے سے مسجد کا ثواب تو نہیں ملے گا، دریافت کرنا یہ ہے کہ جو شخص اندر کے درجہ میں اعتکاف کرے اس کو جماعت سے نماز ادا کرنے کو صحن مسجد میں آنا (کیوں کہ جماعت اکثر اوقات آج کل باہر ہی ہوتی ہے) مفسد اعتکاف ہوگا یا نہیں اور صاحبین اور امام صاحب سے جو اختلاف مفسد اعتکاف مسجد سے نکلنے میں ایک ساعت اور ایک وقت نماز کامل خارج مسجد سے رہے، اس میں کونسا قول راجح تر ہے؟

**الجواب**: اول تو اگر دکانیں مسجد کے لیے وقف ہوں تو بعض روایات فقہیہ کی رو سے اس سطح کو مسجد کہنے کی گنجائش ہے ضرورت جماعت میں اس روایت پر عمل جائز ہے، اور دوسرے اگر قول راجح ہی لیا جاوے کہ اس کا حکم مسجد کا نہیں تاہم معتکف کو ضرورت کی وجہ سے خروج عن المسجد جائز ہے، خواہ وہ ضرورت طبعی ہو یا دینی اور ادراک جماعت مثل ادراک جمعہ ضرورت دینیہ ہے، اس لیے خروج جائز ہے، تیسرے جب پہلے سے معلوم ہے کہ مجھ کو یہاں تک آنا پڑے گا تو گویا نیت استثناء ہوگئی اور استثناء کے وقت خروج جائز ہے۔

چوتھے صاحبین کے قول کو بعض نے ترجیح دی ہے۔ کما فی الدر المختار۔ (۲۰/ رمضان: ۱۳۲۵ھ/ ج/۲ ص/۱۵۱، ۱۵۲)

## باب احکام المسجد

### محض واسطے خدا کے بنیت ثواب کافر کا تعمیر مسجد میں چندہ دینا:

**سوال (۱۷)**: علی ہذا القیاس اگر کافر بہ نیت ثواب محض خدا کے واسطے تعمیر مسجد میں چندہ دے تو لینا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب**: تیسری صورت یہ ہے کہ کافر مسجد میں چندہ دے اس میں تفصیل یہ ہے کہ اگر کافر اس کو قربت سمجھتا ہے تو لینا درست ہے اور اگر قربت نہیں سمجھتا تو درست نہیں، ہدایہ کی کتاب الوصیۃ میں یہ تفصیل ہے مگر گفتگو اس میں ہے کہ آیا صرف دینے والے کی رائے معتبر ہے یا اس کے مذہب کا حکم، مشہور اول ہے، لیکن احقر کے نزدیک راجح ثانی ہے، یہ حکم تو نفس اعطاء کا ہے لیکن نظرا الی بعض العوارض الخارجیۃ کالامتنان علی اہل الاسلام من اہل الکفر قبول کرنا مناسب نہیں، فان الاسلام یعلو ولا یعلی والید العلیا المعطیۃ السفلی السائلۃ. ہذا عندی واللہ تعالیٰ عندہ علم الصواب۔ (۱۴/ ذی الحجہ: ۱۳۲۸ھ/ ج/ ۲ص/ ۶۶۷، ۶۶۸)

**ضرورت کی وجہ سے مسجد کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا:**

**سوال ⑱**: اگر کسی مسجد میں کچھ جائداد وقف کردہ شدہ ہو اس کی آمدنی سے اس کے نقل وحرکت کے خرچ اور مسجد جدید کے اخراجات مانند مسجد اول کے ادا کرنا واقف یا اس کے متولی کو جائز ہوگا یا نہیں اگر کوئی روایت فقہی نقل کی جا سکے تو بہت بہتر ہے یہ سوال فرضی نہیں ہے بلکہ واقعی ہے بعض مولوی منع کرتے ہیں بانی مسجد ومتولی سخت پریشان ہیں احناف کے مذہب کے مطابق اس بستی میں جمعہ نہیں ہوگا، اگر پنجگانہ بھی نہ ہو تو وہ مسجد کس کام کی؟

**الجواب**: فی رد المحتار وَفِي جَامِعِ الْفَتَاوَى لَهُمْ تَحْوِيلُ الْمَسْجِدِ إلَى مَكَانٍ آخَرَ إنْ تَرَكُوهُ بِحَيْثُ لَا يُصَلَّى فِيهِ. وَلَهُمْ بَيْعُ مَسْجِدٍ عَتِيقٍ لَمْ يُعْرَفْ بَانِيهِ وَصَرْفُ ثَمَنِهِ فِي مَسْجِدٍ آخَرَ. اھ. سَائِحَانِيٌّ. (ج/ ۳ص/ ۵۷۲) فی الدر المختار (فی صورۃ الاستغناء) فَيُصْرَفُ وَقْفُ الْمَسْجِدِ وَالرِّبَاطِ) وَالْحَوْضِ (إلَى أَقْرَبِ

Scanned by CamScanner

مَسْجِدٍ أَوْ رِبَاطٍ أَوْ بِئْرٍ) أَوْ حَوْضٍ وفي رد المحتار لَكِنْ عَلِمْتَ أَنَّ الْمُفْتَى بِهِ قَوْلُ أَبِي يُوسُفَ. أَنَّهُ لَا يَجُوزُ نَقْلُهُ وَنَقْلُ مَالِهِ إِلَى مَسْجِدٍ آخَرَ كَمَا مَرَّ عَنِ الْحَاوِي: (ج/۲ص/۵۷۴)

روایت بالا سے معلوم ہوا کہ اصل اور راجح تو عدم جواز نقل ہے لیکن بعض علماء ضرورت میں جواز کے قائل ہوئے ہیں، سو بلا ضرورت شدیدہ تو اصل مذہب چھوڑنا جائز نہیں، اور ضرورت شدیدہ میں گنجائش ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جب ایک مسجد مستغنی عنہ ہو جاوے اس کا وقف دوسری مسجد میں صرف کرنا بھی جائز ہے۔

(۱۲ربیع الاخر: ۱۳۳۴ھ/ج/۲ص/۶۹۹)

## کتاب البیوع

### بیع بالوفاء کا حکم:

**سوال ⑲:** ایک شخص زید اپنا گاؤں فروخت کرتا ہے لیکن اس شرط پر کہ ایک میعاد معین کے اندر اگر زرثمن واپس کر دے، تو گاؤں مبیعہ واپس لے لے ایسا معاملہ اور استفادہ اس گاؤں سے مشتری کو شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

(۲) ایک شخص اپنے گاؤں کو واسطے اطمینان قرضہ کے دائن کے قبضہ میں دیتا ہے اور یہ معاہدہ ہوتا ہے فریقین میں کہ تا ادائیگی قرضہ کے وہ اس گاؤں پر قابض اور متصرف رہے اور اس کا انتظام اور حفاظت اور سرکاری مطالبہ اور جملہ نفع ونقصان جو کچھ بھی ہو وہ ذمہ دائن کے ہوگا، مدیون کو نفع ونقصان سے کچھ سروکار نہ ہوگا، اور حال یہ ہے کہ ایسی صورت میں بظاہر اکثر فائدہ اور گاہے نقصان ہوتا ہے، مثلاً خشک سالی ہو جاوے، مزارعان فرار ہو جائیں، سرکاری مطالبہ دینا پڑے، لہٰذا ایسا معاملہ شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** صورت مندرجہ سوال اول ظاہراً بیع وقصداً رہن ہے، اور صورت مندرجہ سوال ثانی صریح رہن ہے، سو رہن صریح میں تو اگر انتفاع مرتہن کا مشروط یا

معروف ہو بلا اختلاف حرام ہے، فِي الدر المختار ثُمَّ نُقِلَ عَنْ التَّهْذِيبِ أَنَّهُ يُكْرَهُ لِلْمُرْتَهِنِ أَنْ يَنْتَفِعَ بِالرَّهْنِ وَإِنْ أَذِنَ لَهُ الرَّاهِنُ قَالَ الْمُصَنِّفُ: وَعَلَيْهِ يُحْمَلُ مَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْلَمَ مِنْ أَنَّهُ لَا يَحِلُّ لِلْمُرْتَهِنِ ذَلِكَ وَلَوْ بِالْإِذْنِ لِأَنَّهُ رِبًا. قُلْتُ: وَتَعْلِيلُهُ يُفِيدُ أَنَّهَا تَحْرِيمِيَّةٌ فَتَأَمَّلْ قلت ہذا فی المشروط وقد تقرران المعروف کالمشروط اور رہن قصدا وبیع ظاہرا کو بیع الوفاء کہتے ہیں، سو اصل قواعد مذہب کی رو سے یہ بھی رہن ہے، اور انتفاع اس سے حرام ہے، اور اگر وہ بیع ہے تو بوجہ مشروط ہونے کے بیع فاسد ہے، تب بھی حرام ہے، لیکن بعض متاخرین نے اجازت دی ہے، پس بلا اضطرار شدید تو اس کا ارتکاب نہ کرے، اور اضطرار شدید میں بائع کو اختیار ہے کہ فتوی متاخرین پر عمل کرے، اگر چہ مشتری کو کوئی اضطرار نہیں، والتفصیل فی الدر المختار قبیل کتاب الکفالۃ۔ (یکم ذی الحجہ: ۱۳۲۰ھ/ ج/ ۳ص/ ۱۰۸،۷)

**بیع وفاء میں عقد سے پہلے ذکر کی گئی شرط کا اعتبار:**

**سوال⑳:** فتاوی قاضی خان: ج/ ۲ص/ ۳۴۸، مطبوعہ نول کشور میں ہے، واختلفوا فی بیع الوفاء او البیع الجائز الی ان قال وان ذکر البیع من غیر شرط ثم ذکر الشرط علی وجہ المواعدۃ جاز البیع ویلزمہ الوفاء بالوعد لان المواعد قد تکون لازمۃ لحاجۃ الناس، اس عبارت کا مطلب کیا ہے، آیا یہ بھی جائز ہے کہ بائع سے مشتری کہہ دے کہ تم بیع تو ہمارے ساتھ بلا شرط کردو، مگر ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ اتنی مدت میں اگر تم چاہو گے تو ہم تمہاری شئی اسی قیمت میں واپس کردیں گے، یا اس قدر نفع کے ساتھ تمہارے ہاتھ بیچ ڈالیں گے اس پر بائع رضامند ہوجاوے،

اور کہہ دے کہ میں نے بلا شرط تمہارے ہاتھ فلاں شئ اتنی قیمت میں بیچی، مشتری قبول کرے اور وعدہ کی پختگی کے لیے دستاویز لکھ دے یا صرف یہی جائز ہے کہ بیع بلا شرط بلا کسی قرارداد کے ہو اور بعد البیع مشتری بائع کی درخواست پر یا بلا درخواست واپس کر دینے کا وعدہ کرے، صرف دوسری صورت کے جواز سے حاجت ناس مندفع نہیں ہوتی، کیوں کہ اول تو بائع کا واپسی کی درخواست کرنا ہی مستبعد ہے جب کہ وہ بلا توقع واپسی کے بیع کر چکا ہے، دوسرے مشتری کا ایسی درخواست کو مان لینا یا اپنی طرف سے وعدہ میں پیش قدمی کرنا اور بھی مستبعد ہے، اس سے حاجت ناس مندفع نہیں ہوتی۔

**الجواب:** آپ کا شبہ صحیح ہے واقعی بدون اس کے کہ عقد کے قبل یا عقد کے ساتھ شرط وفا کا ذکر کیا جاوے، حاجت مندفع نہیں ہوتی، اور ان دونوں صورتوں میں اصل مذہب فساد عقد ہے، کما فی الدر المختار ثم ان ذکرا الفسخ فیه او قبله او زعماه غیر لازم کان بیعا فاسدا ولو بعده علی وجه المیعاد جائز ولزم الوفاء به، اور بعض کے نزدیک عقد کے قبل ذکر کی ہوئی شرط کا اعتبار ہی نہیں اور عقد فاسد نہ ہوگا، لیکن وہ بیع بشرط الوفاء نہ ہوگی، کما فی الدر المحتار لو تواضعا علی الوفاء قبل العقد ثم عقدا خالیا عن شرط الوفاء فالعقد جائز ولا عبرة للمواضعة: ج/۴ص/۳۸۱ ہے، بضرورۃ الناس وفی رد المحتار وقد سئل الخیر الرملی عن رجلین تواضعا علی بیع الوفاء قبل عقده وعقدا البیع خالیا عن الشرط فاجاب بانه صرح فی الخلاصة والفیض والتتارخانیه وغیرہا بانه یکون علی ماتواضعا: ج/۴ص/۱۸۷۔ (۱۷/رمضان: ۱۳۳۳ھ/ ج/۳ص/۱۰۹،۸)

## باب الربوٰ

### سرکاری ضمانت کی رقم پر زیادہ لینے کی تحقیق:

**سوال (۲۱)**: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید سرکاری ملازم تھا اس کے وقت ملازمت کچھ روپیہ بطور ضمانت ڈاکخانہ میں جمع کردیا گیا تھا، اب زید ملازمت سے ترک تعلق کرتا ہے تو اس زرضمانت کے ساتھ پچیس روپے سرکار سے سود کا ملتا ہے، زید اس کو اپنے تحت تصرف میں لانا نہیں چاہتا تو اس کو کیا کرے آیا خیرات کرسکتا ہے یا چندہ روم میں دے سکتا ہے یا نہیں، کس مصرف میں صرف کرے، ثواب مرتب ہوگا یا نہیں، اگر نہیں ثواب مرتب ہوگا تو گنہگار تو نہیں ہوگا؟

**الجواب**: بعض علماء کے نزدیک اس کا لینا جائز ہے، اگر اس قول پر عمل کرلیا جاوے گنجائش ہے، اور بہتر ہے کہ امداد مجروحین ترک میں دے دیا جاوے، ان شاء اللہ تعالیٰ گناہ نہ ہوگا۔ (۱۲ر جمادی الاولی: ۱۳۳۱ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۱۷۱)

### آموں کی خرید وفروخت کے جائز ہونے کا وقت:

**سوال (۲۲)**: آموں کی بیع کے جائز ہونے کا وقت آم کے باغ کی خریداری کے جائز ہونے کا آخری وقت کیا ہے؟ یعنی جس وقت کہ آم درخت پر ظاہر ہوجائے کہ اس بات کا اندازہ کیا جاسکے کہ فی درخت اتنا پھل ہوگا، اس وقت بیع جائز ہے یا یہ کہ پھل پکنا شرط ہے؟ یہی حکم فالسہ وغیرہ تمام پھلوں کا ہے یا ہر ایک کا الگ الگ ہے؟

**الجواب**: فی الدر المختار وَمَنْ بَاعَ ثَمَرَةً بَارِزَةً أَمَّا قَبْلَ الظُّهُورِ فَلَا يَصِحُّ اتِّفَاقًا ظَهَرَ صَلَاحُهَا أَوْ لَا صَحَّ فِي الْأَصَحِّ وَلَوْ بَرَزَ بَعْضُهَا دُونَ بَعْضٍ لَا يَصِحُّ. فِي ظَاهِرِ الْمَذْهَبِ وَصَحَّحَهُ السَّرَخْسِيُّ وَأَفْتَى الْحَلْوَانِيُّ بِالْجَوَازِ لَوْ الْخَارِجُ أَكْثَرَ (وَيَقْطَعُهَا الْمُشْتَرِي فِي الْحَالِ (وَإِنْ شَرَطَ تَرْكَهَا عَلَى الْأَشْجَارِ فَسَدَ الْبَيْعُ

وَقِيلَ: قَائِلُهُ مُحَمَّدٌ. لَا يَفْسُدُ إِذَا تَنَاهَتِ الثَّمَرَةُ اه مختصرا وفي رد المحتار تحت قوله وافتى الحلوانی قال فِي الْفَتْحِ: وَقَدْ رَأَيْتُ رِوَايَةً فِي نَحْوِ هَذَا عَنْ مُحَمَّدٍ فِي بَيْعِ الْوَرْدِ عَلَى الْأَشْجَارِ فَإِنَّ الْوَرْدَ مُتَلَاحِقٌ، وَجَوَّزَ الْبَيْعَ فِي الْكُلِّ الی قوله وَالْأَصَحُّ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ؛ لِأَنَّ الْمَصِيرَ إِلَى مِثْلِ هَذِهِ الطَّرِيقَةِ عِنْدَ تَحَقُّقِ الضَّرُورَةِ وَلَا ضَرُورَةَ هُنَا؛ لِأَنَّهُ يُمْكِنُهُ أَنْ يَبِيعَ الْأُصُولَ الخ: ج/۴ ص/۵۹، اس روایت سے چند باتیں معلوم ہوئیں۔

(۱) پھل کے ظاہر ہونے کے وقت ان کی بیع جائز ہے لیکن عرف کے مطابق درختوں پر چھوڑنے کی شرط جائز نہیں ہے۔

(۲) جس وقت پھلوں کی بڑھوتری ختم ہوجائے ان کی بیع چھوڑنے کی مذکورہ شرط کے ساتھ بقول امام محمدؒ جائز ہے، جیسا کہ بعض لوگوں نے اس پر فتوی نقل کیا ہے۔

(۳) پھل دو طرح کے ہوتے ہیں: کچھ تو ایسے ہوتے ہیں کہ اکٹھا ظاہر ہوتے ہیں، جیسے آم وغیرہ اور کچھ اکٹھا نہیں ہوتے بلکہ آگے پیچھے ظاہر ہوتے ہیں جیسے امرود وغیرہ لہٰذا جو حکم مذکور ہوا ہے وہ پہلی قسم کا ہے رہا دوسری قسم تو اس کی بیع کے جواز کی شرط صرف بعض پھلوں کا ظاہر ہونا ہے۔ (ق: ج/۳ ص/۶۶، ۱۶۷)

## سرکاری سود کے عنوان سے مقدمہ کے خرچہ کو وصول کرنے کا حکم:

**سوال ۲۳**: مدیون پر نالش کرنے پر (خواہ زمیندارہ حیثیت سے ہو یا بلا لین دین کے نالش ہو) خود ڈگری شدہ اس مقدار سے جو مدعی اپنے حقوق کے ثبوت میں خرچ کرتا ہے لازمی طور پر بہت کم ہوتا ہے، زائد خرچ کے وصول کی مدیون سے کوئی صورت نہیں، نہ عدالت ڈگری دیتی ہے، البتہ عدالت سود لگانے کی اجازت دیتی ہے، مذہبا ناجائز ہے کیا یہ جائز ہوگا کہ مدعی سود لگا کر دعوی دائر کرے اور مقدار

Scanned by CamScanner

سود میں اپنا زائد خرچ محسوب کرلے، اگر تعداد سود خرچ سے زیادہ ہو تو مدعی اس زائد سود کو مدیون کو ادا کردے؟

**الجواب:** جن اہل علم کے نزدیک خرچہ لینا جائز ہے وہ اس کی بھی اجازت دیتے ہیں۔(۱۹ر جمادی الاخری: ۱۳۳۳ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۱۷۱)

## باب الرهن

### کافر کی مملوکہ مرہونہ زمین میں کاشت کا حکم:

**سوال ۲۴:** ایک ہندو کی زمین مسلمان کے پاس رہن ہے، اب مرتہن سے مزارعت پر لے لی جاوے یا نہ، یہ بھی معلوم ہے کہ نفع یہ شخص ہی اٹھاوے گا؟

**الجواب:** بعض علماء کے قول پر (یباح مال الحربی برضاہ ولو بعقد فاسد) جائز ہے۔(۲۲ر رجب: ۱۳۳۱ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۴۶۶)

## باب الحظر والاباحة

### اشربہ اربعہ کے علاوہ کوئی چیز آٹے میں گوندھی جائے تو اس سے آٹے کی روٹی کا کیا حکم ہے؟

**سوال ۲۵:** خاکسار نے بچشم خود دیکھا ہے کہ ایک نانبائی مسلمان نے تاڑی جو نشہ کی چیز اور حرام ہے، آٹے میں خمیر کے واسطے ملائی، اور اس سے پاو روٹی اور بسکٹ بنا کر فروخت کئے اس قسم کی روٹی بسکٹ وغیرہ کھانا جائز ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** نہیں، مگر جہاں اس سے نہ بچ سکتے ہوں وہاں پر بناء بعض روایات اجازت ہے۔(۱۳ر رمضان: ۱۳۲۱ھ/ ج ر ۴ ص ر ۱۱۸)

### معاہدہ کی خلاف ورزی کی صورت میں بائع سے جرمانہ وصول کرنا:

**سوال ۲۶:** یہاں پر ایک مسجد ہے محلہ والوں نے چندہ جمع کر کے اسکی مرمت شروع کی ہے، ایک ہندو سے کچھ پتھر مسجد کیلئے خریدا، بہت روز پیشتر اس کی قیمت دے

Scanned by CamScanner

دی، اور معاملہ ہوگیا، بائع کا بہت سا پتھر ایک جگہ پڑا ہوا ہے، اس میں کچھ خریدا ہے لہذا اس نے یہ کہا کہ تم اپنے پتھروں کی سلوں پر نشان لگا دو، اور پھر جب چاہو اٹھا لے جاؤ، ہم نے نشان پتھروں پر لگا دیئے اور کچھ دنوں تک اس وجہ سے پتھر نہ اٹھا سکے کہ بائع نشان شدہ پتھروں کو دیکھ لے، چنانچہ اس نے دیکھ بھال لیے، اب جو اٹھانے گئے تو اس نے اور اس کے کارندوں سے بدنیتی سے ہمارا نشان شدہ پتھر سب بیچ ڈالا، اور خراب پتھر دیتا ہے، اس معاملہ میں ہم لوگوں کو سخت جاں کا ہی محنت اور بار برداری کا خرچہ دینا پڑا، اور بائع بدمعاملگی سے پیش آتا ہے، اگر عدالت میں مقدمہ دائر کیا جاتا ہے، تو بوجہ خیانت مجرمانہ کے اس قیمت سے جو بائع کو دی گئی ہے، دوگنا روپیہ عدالت دلواتی ہے، لہذا اصل سے زائد وصول شدہ روپیہ مسجد میں لگانا جائز ہے یا نہیں، میں نے مفصل حال لکھ دیا ہے، امید ہے کہ آپ کی سمجھ میں آجاوے گا، ہاں اس قدر اور عرض ہے کہ اگر بائع اپنی خوشی سے علاوہ اس قدر پتھر کے جس قدر کی قیمت وہ لے چکا ہے، مفت زائد کچھ پتھر بطور ہرجانہ یا مجرمانہ خیانت کے دے تو وہ لے کر مسجد میں لگا دیا جاوے، یا ناجائز ہے، جیسی کچھ صورت اگر پڑے براہ نوازش مفصلاً مطلع فرما کر ممنون فرماویں۔

**الجواب:** بائع سے بلا رضامندی اصل حق سے کچھ زائد لینا جائز نہیں، عدالت کے دلوانے سے تو ناراضی اس کی ظاہر ہے، اور بدون عدالت بھی ہرجانہ یا جرمانہ دینا اس کا خوف ودباؤ سے ہوگا، وہ بھی جائز نہیں، بس اپنا حق لے لیا جاوے، اور جو مزدوری و بار برداری میں واقعی صرف ہوا ہے وہ بھی بعض علماء کے نزدیک لینا جائز ہے۔ (۱۲/ رجب: ۱۳۳۱ھ/ ج ۴ ص ۱۴۱)

## بیمہ کی شرعی حیثیت:

## جواب التنقیح:

**سوال (۲۷):** بہ سلسلہ استفتائے مرسلہ سابقہ دریافت طلب امر کے متعلق گذارش

ہے کہ بیمہ کرانے والا بطور حصہ داری کے شریک نہیں ہوتا بلکہ سوال کے مطابق اپنا روپیہ بیمہ کمپنی میں جمع کرتا رہتا ہے، جس کو بیمہ کمپنی اپنے یہاں قرض میں درج نہیں کرتی بلکہ اپنے قانون کے مطابق عمل کرتی ہے، جیسا کہ سوال سابق میں عرض کیا گیا بیمہ کرانے والوں کا جو روپیہ بیمہ کمپنی میں جمع ہوتا ہے اس کو بیمہ کمپنی دوسرے کاموں میں لگاتی ہے، اور اس سے نفع حاصل کرتی ہے، لیکن بیمہ کرانے والوں کو ان دوسرے کاموں کے نقصان سے کوئی تعلق نہیں ہے، بیمہ کمپنی اپنے قانون کے مطابق ہر سال بیمہ کرانے والوں سے مقررہ رقم مذکورہ سوال لیتی رہتی ہے، اور بیمہ کرنے والا جب بھی مر جائے خواہ معاملہ ہو جانے سے ایک ہی دن کے بعد، تو وہ کمپنی اپنے قانون کے مطابق بیس ہزار روپیہ مع مقررہ منافع جیسا کہ سوال میں عرض کیا گیا ہے، بیمہ کرنے والے کے ورثہ کو ادا کرے گی، لیکن اس کے ساتھ بیمہ کرانے والوں کا جمع کیا ہوا روپیہ واپس نہیں ملتا خواہ ایک سال کا ہو یا زیادہ کا، بیمہ کمپنی کے سب ارکان کافر ہیں، مسلمان کوئی نہیں۔

**الجواب**: جواب تنقیح میں جو حالات لکھے ہیں، ان کی بنا پر یہ قرض ہے، جو ربوا اور قمار دونوں پر مشتمل ہے، اور چونکہ معاملہ کافر غیر ذمی سے ہے، اس لیے مختلف فیہ ہے، اگر کوئی شخص بعض علماء کے قول پر جواز کی شق اختیار کرے گنجائش ہے۔ (۲۲/ ذیقعدہ: ۱۳۵۴ھ/ ج/ ۴ ص/ ۱۵۷)

## جب روپیہ بدون نالش کے وصول ہو جائے تو زر خرچہ مقدمہ کی واپسی لازم ہے:

**سوال (۲۸)**: چند روز ہوئے کہ ہندو کاریگر کو ہمارے منیجر نے ۲۰۰/ روپے کچھ سامان بنانے کے لیے پیشگی دس روز کے وعدے پر دیئے تھے، مگر کاریگر نے اپنی بد دیانتی سے روپیہ دوسرے کاموں میں صرف کر ڈالے، اور دو ماہ کے بعد بھی ہمارا مال بنا کر نہ دیا، اسے نوٹس دیا گیا کہ ہمارا روپیہ مع خرچہ کے واپس کر دو، ورنہ نالش کر دی جاوے گی، چنانچہ منیجر نے اس سے اپنے طور سے سمجھا بجھا کر علاوہ اصل دو سو روپے

Scanned by CamScanner

کے بارہ روپیے خرچہ کے بھی وصول کیے، اور اس میں سے چھ روپیہ اپنی محنت کاٹ کر باقی چھ روپیے ہمیں دیئے، کہ یہ تمہارا حصہ ہے، لیکن میں نے اسے سود سمجھ کر لینے سے انکار کیا، تو اس نے کہا اچھا یہ رقم غریبوں کو تقسیم کر دینا، لیکن میں نے اسے بطور امانت کے رکھ دیا ہے، اس کے متعلق جو حکم شرعی ہو اس سے آگاہ فرمایا جاوے؟

**الجواب:** نالش وغیرہ میں اگر کچھ صرفہ ہوا حسب فتوی بعض علماء اس کو تو آپ رکھ سکتے ہیں، اور اس میں جو زاید ہو اصل مالک رقم کو واپس کر دینا ضروری ہے، اگر صریحا واپسی خلاف مصلحت ہو تو اور کسی ذریعہ سے اور کسی عنوان سے واپس کر دینا چاہیے۔ (قریب: ۱۳۳۸ھ/ تتمہ ۴ ص ۱۶۵)

### حرام دوا کا استعمال:

**سوال ۲۹:** گلِ ارمنی، گل مختوم، افیون دوا میں شرباً و ضماداً اور شیر زنان طلاء اطباء استعمال کراتے ہیں، آیا وہ عنداللہ ماخوذ ہوں گے، اور مریض ہندو ہو یا مسلمان دونوں کا حکم یکساں ہے یا فرق؟

**الجواب:** متقدمین دوائے محرم کو ضرورت میں بھی جائز نہیں کہتے، اور متاخرین ضرورت میں اجازت دیتے ہیں، اور شیر زنان دوا محرم ہے، اس لیے مختلف فیہ ہوگا، احوط قول متقدمین ہے اور عامل بقول متاخرین پر بھی دار و گیر نہیں، باقی ادویہ فی نفسہ مباح ہیں اور نہی بعض آثار و عوارض سے ہے، اگر وہ عوارض نہ ہوں مثلاً مٹی میں ضرر اور افیون میں سکر تو حرام نہیں ہیں، اور ہندو اور مسلمان کا ان سب میں ایک حکم ہے، جیسا کہ سوال سابق کے جواب میں مذکور ہوا۔ (امداد: ج ۲ ص ۱۶۳ / ج ۴ ص ۲۰۵)

### چیچک کا ٹیکہ:

**سوال ۳۰:** ایام گرما میں یا سرما میں اس ملک میں بعض گاؤں وغیرہ میں اکثر لوگ بلائے چیچک میں مبتلاء ہو جاتے ہیں، ملازم انگریزی یہ تدبیر کرتے ہیں کہ جن

Scanned by CamScanner

کے چیچک نہیں نکلی ان کو جبراً پکڑ کر ہر ایک کی کلائی پر باریک استرے سے دو دو جگہ کاٹ کر کچھ دوائی پیپ سا لگاتے ہیں، ایک دو روز کے بعد بخار ہو کر بعض بعض کو دو چار چیچک بھی نکل آتا ہے، اور بعض کو فقط بخاری ہی بخار، لیکن بعض بعض مر بھی جاتے ہیں، یہ فعل کرنا اور کرانا کیسا ہے، کیوں کہ بہت لوگ یوں کہتے ہیں کہ شریعت کے برخلاف اگر ہو تو دلیل مل جانے سے ہم بھی جبراً ان سے یعنی ان لوگوں سے بچ رہیں گے، اور شریعت کی پابندی کریں گے، ماہیت دوا کی اسی ملازم سے اگر کوئی پوچھے یہ کہتے ہیں کہ آدمی کا اور بیل کا جب چیچک آبلہ سا ہو کر اس میں پانی پیدا ہو جاتا ہے تب اس کو توڑ کر وہی پانی شیشی بھر کر رکھتا ہوں اور وہی دوا آدمی کی کلائی کا ٹیکہ لگا دیتا ہوں، مگر بیل سے جولاتا ہوں وہ نہیں لگاتا ہوں، آدمی سے جولاتا ہوں لگاتا ہوں؟

**الجواب:** جس رطوبت سے وضو ٹوٹ جائے وہ رطوبت ناپاک ہے اور ناپاک چیز سے دوا کرنا اصل مذہب میں حرام ہے، اور بعض متاخرین نے جائز رکھا ہے، اس لئے خوش تدبیری سے بچنا بہتر ہے، لیکن سورش مناسب نہیں۔ واللہ اعلم۔ (۱۳۲۵ھ/ ج ر ۴ ص ر ۲۰۷، ۲۰۸، ۲۱۲)

## ہومیو پیتھک دوا کا استعمال:

**سوال ۳۱:** چونکہ جدید طریقہ ہومیو پیتھک بہت زیادہ سریع التاثیر ہے اور سہل الاصول ہے لہٰذا اگر کوئی شخص ایسے دیہات میں جہاں ہر وقت کوئی حکیم یا ڈاکٹر میسر نہ ہو سکتا ہو، دوسرے طریقہ علاج کو دوسرے مرضی پر برتے تو اس معالج کے لیے شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** یہ حالت ضرورت کی ہے، اور ضرورت میں متاخرین نے تداوی بغیر الطبیب کی اجازت دی ہے، اگر کوئی اس پر عمل کرے گنجائش ہے۔ (۲۴ ر جمادی الاولیٰ: ۱۳۳۱ھ/ ج ر ۴ ص ر ۲۰۸، ۲۰۹)

Scanned by CamScanner

# عرف عادت پر مبنی حضرت تھانوی کے فتاوی

## باب الزکوۃ والصدقات

### مدرسہ کے دوسرے مد کے لیے زکوۃ کی مد سے قرض لینا اور ایک مد کو دوسرے مد میں خرچ کرنا جائز نہیں:

**سوال ⑭٢**: ایک مدرسہ میں دو مد قائم ہیں، ایک مد میں زکوۃ اور صدقات اور فدیہ وغیرہ کی آمدنی جمع ہوتی ہے، دوسرا مد عام اغراض کیلئے ہے، جس میں یکمشت امدادی رقم اور دوامی چندہ اور تقریبات شادی وغیرہ کی رقومات آتی ہیں، مذکورہ صدقات فدیہ وغیرہ میں سے یتامی اور مساکین کی خوراک اور پوشاک وغیرہ کی ضروریات پوری کی جاتی ہیں، اور عام اغراض میں سے تنخواہ مدرسین ودیگر ملازمین اور کرایہ مکان مدرسہ اور فرش وصفائی وچھپائی اشتہارات وطبع کیفیت وڈاک وغیرہ میں خرچ ہوتا ہے، مدرسہ کے ذمہ بابت خریداری زمین کچھ روپیہ قرض ہے، جس کا قرض ہے اس نے اپنا روپیہ طلب کیا، اور مدرسہ میں عام اغراض میں اس قدر روپیہ نہیں جو اس کے قرض کو پورا کرے، اور جو روپیہ مد زکوۃ میں موجود ہے، وہ اس قدر ہے کہ قرضدار کا قرض دے کر کسی قدر روپیہ بھی بچتا ہے، صرف یہ دریافت طلب ہے کہ مد عام اغراض میں جس قدر روپیہ موجود ہے اول وہ روپیہ دیا جاوے، اور باقی جو کسر رہے اگر مد زکوۃ میں سے قرض لے کر دیا جاوے درست ہے یا نہیں، اور تحویلدار نے بوجہ اس قدر معلوم ہونے کے کہ شاید مد زکوۃ میں سے لینا درست نہ ہو زکوۃ میں سے روپیہ دینے میں تامل کرنا چاہا، بلکہ اراکین کے سامنے یہ بھی کہا کہ یہ درست نہ ہوگا، نہ مانا بلکہ یہ کہا کہ درست ہے تم زکوۃ میں سے قرض دیدو ان کے اصرار کرنے سے تحویلدار نے روپیہ مد زکوۃ سے دیدیا یہ گناہ تحویلدار کے ذمہ ہوا یا

Scanned by CamScanner

نہیں، اور یہ امر درست ہے یا نہیں، یعنی زکوۃ میں سے قرض لینا درست یا نادرست؟ لہذا براہ عنایت جواب عنایت فرمائیے۔

**الجواب:** باذن معطین درست ہے کیوں کہ اموال مذکورہ ہنوز ان کے ملک سے خارج نہیں ہوئے، رہی یہ بات کہ صورت مسئولہ میں اذن معطین دلالۃ ہے یا نہیں یہ ایک واقعہ ہے، اور ظاہر یہ ہے کہ اذن ہے کیوں کہ جب چندہ والے چندہ دیتے ہیں تو عادت یہی ہے کہ وہ اس سے اپنا تعلق تصرف منقطع کر دیتے ہیں اس لیے صورت مسئولہ میں تصرف مذکور جائز ہے، واللہ اعلم (امداد: ج ۱ ص ۱۶۳ / ج ۲ ص ۱۶، ۱۷)

## باب النکاح

### زوجہ کو سفر میں لے جانے کے متعلق احکام:

**سوال (۳۳):** زید اپنی بیوی زبیدہ کو اپنے پاس سفر میں لے جانا چاہتا ہے، اور وہ انکار کرتی ہے، کسی نے فتوی دیا ہے کہ زید کا حق کسی طرح زبیدہ پر نہیں، اور زبیدہ کو اختیار ہے کہ اپنا جہیز واپس کرے اور یہ دونوں لشکری ہیں، سیر و سفر کرنا ان میں کچھ عیب نہیں یہ درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر مہر پورا یا جس کا سردست دینا یا کسی مدت پر دینا مشروط ٹھہرا تھا دے چکا ہے یا بعد طلاق و موت کے مہر مانگنے کا اور اس سے پہلے نہ مانگنے کا دستور ہو اور کچھ مہر نہ دیا ہو تب تو زید کو اختیار ہے جہاں چاہے لے جائے، بشرطیکہ دق کرنے کے ارادہ سے نہ لے جائے، اور اگر مہر باوجود شرط سردست دینے کے کلا یا بعضا ادا نہیں کیا یا بقصد تنگ کرنے کے اس کو لے جاتا ہے، تب سفر میں لے جانے کا اختیار نہیں۔

(وَلَهَا مَنْعُهُ مِنَ الْوَطْئِ) (وَالسَّفَرُ بِهَا وَلَوْ بَعْدَ وَطْءٍ وَخَلْوَةٍ رَضِيَتْهُمَا) (لِأَخْذِ مَا بَيْنَ تَعْجِيلِهِ) مِنَ الْمَهْرِ كُلِّهِ أَوْ بَعْضِهِ (أَوْ) أَخْذِ (قَدْرَ مَا يجعل لِمِثْلِهَا عُرْفًا) بِهِ يُفْتَى. لِأَنَّ الْمَعْرُوفَ

Scanned by CamScanner

كَالْمَشْرُوطِ (إِنْ لَمْ يُؤَجَّلْ) أَوْ يُعَجَّلْ (كُلُّهُ) فَكَمَا شَرطا لِأَنَّ الصَّرِيحَ يَفُوقُ الدَّلَالَةَ إِلَّا إِذَا جُهِلَ الْأَجَلُ جَهَالَةً فَاحِشَةً فَيَجِبُ حَالًّا غَايَةٌ. إِلَّا التَّأْجِيلُ بِطَلَاقه أَوْ مَوْتٍ فَيَصِحُّ لِلْعُرْفِ بَزَّازِيَّةٌ. (وَيُسَافِرُ بِهَا بَعْدَ أَدَاءِ كُلِّهِ) مُؤَجَّلًا وَمُعَجَّلًا (إِذَا كَانَ مَأْمُونًا عَلَيْهَا وَإِلَّا) يُؤَدِّ كُلَّهُ. أَوْ لَمْ يَكُنْ مَأْمُونًا (لَا) يُسَافِرُ بِهَا وَبِهِ يُفْتَى درمختار۔ اور جہیز کی واپسی مبنی عرف پر ہے، اگر دختر کی ملک ہوا اختیار ہے اگر داماد کی ملک ہوا اختیار نہیں، اگر دونوں کی ملک ہو بعد تقسیم اختیار ہے۔ واللہ اعلم۔ (۲۷/شوال: ۱۳۰۴ھ/امداد: ج/۲ص/۶/ج/۲ص/۷۵، ۱۷۶)

## جوان بیوی کو اپنے والدین سے ملنے کی حد:

**سوال** (۳۴): فلاں شخص یعنی خسر اپنی لڑکی کو لے گئے، تو حضور میرا نقصان ہوا بلا میری مرضی کے لے گئے، اور یوں کہتے ہیں کہ کیا ہمارا حق نہیں رکھنے کا اور اب خبر نہیں کہ وہ کب تک رکھیں، اب حضور یہ کمترین یہ بات دریافت کرتا ہے کہ ماں باپ کو کتنا حکم ہے اپنے گھر رکھنے کا یا یہ ہے کہ اگر چار مہینے خاوند کے یہاں تو آٹھ مہینے باپ کے گھر اور حضور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی لڑکی کوئی بیع نہیں کردی ہے؟

**الجواب**: فی الدر المختار (وَلَا يَمْنَعُهَا مِنَ الْخُرُوجِ إِلَى الْوَالِدَيْنِ) فِي كُلِّ جُمُعَةٍ إِنْ لَمْ يَقْدِرَا عَلَى إِتْيَانِهَا عَلَى مَا اخْتَارَهُ فِي الِاخْتِيَارِ الٰی قوله (وَلَا يَمْنَعُهُمَا مِنَ الدُّخُولِ عَلَيْهَا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ. وَفِي غَيْرِهِمَا مِنَ الْمَحَارِمِ فِي كُلِّ سَنَةٍ) لَهَا الْخُرُوجُ وَلَهُمُ الدُّخُولُ زَيْلَعِيٌّ فی ردالمحتار فَإِنْ قَدَرَا لَا تَذْهَبُ وَهُوَ حَسَنٌ. وَإِلَّا يَنْبَغِي أَنْ يَأْذَنَ لَهَا فِي زِيَارَتِهِمَا فِي الْحِينِ بَعْدَ الْحِينِ عَلَى قَدْرٍ مُتَعَارَفٍ. أَمَّا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ فَهُوَ بَعِيدٌ. فَإِنَّ فِي كَثْرَةِ

Scanned by CamScanner

الْخُرُوجِ فَتْحُ بَابِ الْفِتْنَةِ خُصُوصًا إِذَا كَانَتْ شَابَّةً وَالزَّوْجُ مِنْ ذَوِي الْهَيْئَاتِ. بِخِلَافِ خُرُوجِ الْأَبَوَيْنِ فَإِنَّهُ أَيْسَرُ. اھ. (ج ر ۲ ص ر ۱۰۹۳) اس سے معلوم ہوا کہ جس جوان عورت کے ماں باپ اس کے پاس خود آ سکتے ہوں، شوہر اگر اس کو بالکل نہ جانے دے تو ماں باپ کو کچھ اختیار نہیں بلکہ خود آ کر مل جایا کریں اور اگر آ سکتے ہوں تو موافق عرف اور رواج کے کبھی کبھی اس عورت کو جائز ہے کہ ماں باپ کے گھر چلی جاوے اور بار بار جانا زیادہ رہنا جائز نہیں۔ (۳ ر جمادی الثانی: ۱۳۳۱ھ/ ج ر ۲ ص ر ۱۷۸، ۱۷۹)

## نکاح خواں اور قاضی کا اجرت دینا:

**سوال ۳۵**: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ اس دیار میں موجود حکومت سے بھی پہلے قدیم زمانے سے ایک عرف بلاچوں وچرا جاری ہے، اور وہ یہ کہ ہر گاؤں اور ہر محلہ میں ایک مولوی نکاح خواں مقرر ہے، اور لوگ بھی اس کی تقرری پر راضی ہیں، اور اس مولوی کو نکاح کی مجلس میں آنے جانے شرائط ایمان کی تجدید وتلقین کرنے، ایجاب وقبول کا طریقہ بتلانے اور رجسٹر میں درج کرنے کے بدلے میں ایک روپیہ چار آنے یا کم وبیش رقم نکاح خوانی کے طور پر دیتے ہیں، موجود حکومت میں سرکار کی جانب سے ایک تحصیل کے تمام مولویوں پر قاضی کے نام سے ایک افسر مقرر ہوتا ہے، وہ قاضی تمام مولویوں کو رجسٹر میں اندراج کرنے کے طریقے بتلاتا ہے، نیز نقشہ اور تحریری یا تقریری طلاق ونکاح کے بارے میں شرعی ہدایات کی تلقین کرتا ہے، اور ان مولویوں کے رجسٹر کی اصلاح کرتا ہے، اور ان کی اصلاح کے لیے ہر مولوی کے پاس جاتا ہے تاکہ کوئی بھی مولوی غیر شرعی امر کا مرتکب نہ ہو، قاضی کو اس خدمت کے بدلے میں ہر مولوی کی ہر نکاح خانی کی رقم کا چوتھا حصہ ملتا ہے، یا فی نکاح چار فیصد مقرر ہے، جو رقم

Scanned by CamScanner

قاضی مذکور ہر مولوی سے لیتا ہے، سرکار یہ مکمل انتظام مسلمانوں کے فائدے کے لیے کرتی ہے، تا کہ جب نکاح کا کوئی مقدمہ آئے تو خصومت کے وقت اصلیت ظاہر ہو جائے، اور شریعت کے رو سے نکاح صحیح طور پر منعقد ہو جائے، براہ کرام یہ بتلائیں کہ ملا کے لیے نکاح خوانی کہ رقم لینا اور قاضی کا فی نکاح چوتھا حصہ یا چار فیصد لینا شرعا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو فبہا ورنہ بہت بڑی مصیبت کھڑی ہو جائے گی، کیوں کہ ہمارے دیار کے تمام علماء اس میں مبتلاء ہیں، اور تمام مسلمانوں کو حرام خوری سے بچانا ضروری ہے؟ بینوا تو جروا۔

**الجواب:** مندرجہ بالا صورت ایک قسم کا اجارہ ہے، اور جس طرح تعلیم قرآن، تعلیم فقہ امامت اور اذان پر بلحاظ ضرورت کے اجرت مقررہ یا اجرت مثل کا دینا یا لے لینا درست ہے اسی طرح ملائے نکاح خواں کو حرمت وحلت نکاح کے مواقع اور مشروع صورت میں نکاح کے ایجاب وقبول اور تقرر مہر وغیرہ کے شرعی طریقے بتلا دینے کی اجرت مقررہ یا اجر مثل لینا اور عقد کرنے یا کرانے والوں کو دینا شرعا درست ہے، جس طرح مثلا تعلیم فقہ پر اجرت کے لینے اور دینے کے بند ہو جانے میں نکاحوں کے شرعا فاسد اور باطل ہو جانے اور دیگر مفاسد پیدا ہو جانے کا سخت خطرہ ہے، اسی طرح قاضی کو جوان ملاؤں کو رجسٹروں کے نقشے اور ان کے اندراج کے طریقے اور نکاح وطلاق کے احکام اور ہدایات کی تعلیم دیتا ہے، اجرت مقررہ یا اجر مثل جیسی کہ صورت ہو لے لینا درست ہے، اور تعلیم فقہ کے جواز میں اس کا بھی جواز شامل ہو سکتا ہے، علاوہ برین جب عام مسلمانوں میں مدت مدید سے اس کا تعامل اور تعارف چلا آتا ہے اور کسی نص شرعی اور صریح حکم مذہبی کے برخلاف بھی نہیں ہے، تو اب اس کے جواز میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی، شیخ الاسلام علاء الدین حصکفی کتاب درمختار میں فرماتے ہیں وَيُفْتَى الْيَوْمُ بِصِحَّتِهَا

Scanned by CamScanner

لِتَعْلِيمِ الْقُرْآنِ وَالْفِقْهِ وَالْإِمَامَةِ وَالْأَذَانِ.
وَيُجْبَرُ الْمُسْتَأْجِرُ عَلَى دَفْعِ مَا قِيلَ) فَيَجِبُ الْمُسَمّٰى بِعَقْدٍ وَأَجْرُ الْمِثْلِ إِذَا لَمْ تُذْكَرْ مُدَّةٌ شَرْحٌ وَهْبَانِيَّةٌ مِنَ الشَّرِكَةِ وَيُحْبَسُ بِهِ) بِهِ يُفْتَى ۔ (ج ۵ ص ۳۷ / نیز ایک اور موقع پر فرماتے ہیں وجاز اجرة الحمام لِأَنَّهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ دَخَلَ حَمَّامَ الْجُحْفَةِ وَلِلْعُرْفِ وقال عليه الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَمَا رَآهُ الْمُسْلِمُونَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ. قلت والمعروف وقفه على ابن مسعود كما ذكر ابن الحجر: (ج ۵ ص ۳۵)

علامہ سید محمد امین کتاب ردالمحتار میں فرماتے ہیں کہ (قَوْلُهُ وَلِلْعُرْفِ)؛ لِأَنَّ النَّاسَ فِي سَائِرِ الْأَمْصَارِ يَدْفَعُونَ أُجْرَةَ الْحَمَّامِ وَإِنْ لَمْ يُعْلَمْ مِقْدَارُ مَا يَسْتَعْمِلُ مِنَ الْمَاءِ وَلَا مِقْدَارُ الْقُعُودِ. فَدَلَّ إِجْمَاعُهُمْ عَلَى جَوَازِ ذَلِكَ وَإِنْ كَانَ الْقِيَاسُ يَأْبَاهُ لِوُرُودِهِ عَلَى إِتْلَافِ الْعَيْنِ مَعَ الْجَهَالَةِ إِتْقَانِيٌّ: (ج ۵ ص ۳۵، ہذا واللہ اعلم بالصواب)

کتبہ العبد المذنب المفتی محمد عبداللہ عفی عنہ

دستخط علمائے مستشار العلماء لاہور

الجواب الصحیح
اصغر علی مدرس عربیہ مدرسہ لاہور

المجیب مصیب
احمد علی عفی عنہ

قد اصاب من اجاب
محمد عالم امام مسجد گمٹی بازار

المجیب مصیب فی ہذا الجواب
محمد یار عفی عنہ امام مسجد طلائی لاہور

(ج ۲/ ص ۲۷۱، ۲۷۳)

Scanned by CamScanner

## کفاءت میں حرفت اور چال وچلن کا معتبر ہونا:

**سوال(۳۶)**: مسلمانوں میں جو تفریق ذاتوں کی ہے، مثلاً شیخ، سید، مغل، پٹھان، جولاہہ، تیلی، گوجر، جاٹ وغیرہ معاملہ اخری میں اگر کچھ تفریق نہیں، عمل کی ضرورت ہے، مگر امور دنیوی میں مثلاً نکاح وغیرہ یہ سب ایک سمجھے جاویں گے، یا کچھ تفاخر کو اس میں دخل ہے، زید کہتا ہے کہ شیخ سید کے سوا سب ایک ذات ہے، کچھ تمیز نہ کرنی چاہیے، عمرو کہتا ہے کہ علاوہ شیخ سید دیگر اقوام جو شریف ہیں مثلاً پٹھان، مغل وہ ہم پلہ ہرگز ذلیل قوم مثل جولاہہ، تیلی کے نہیں ہیں، نکاح وغیرہ میں سب کا معاملہ ایک سا نہ ہونا چاہیے، اور کفو وغیرہ ہونا علاوہ شیخ سید دوسری قوموں میں باعتبار پیشہ اور چال چلن دنائت وغیرہ کے دیکھا جاوے گا، اور ایسا تفاخر اور چھوٹی قوم سے نکاح وغیرہ میں عار کرنا شرعاً جائز ہے، اب علماء شرع سے سوال ہے کہ ان دونوں میں کون حق پر ہے اور نسب اور حسب میں کیا فرق ہے، جیسا فخر نسب پر ہوسکتا ہے کیا شرعاً حسب پر بھی جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

**الجواب**: اخرج الدار قطنی ثم البیهقی فی سننها عَنْ جَابِرِ بن عبدالله قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكِحُوا النِّسَاءَ إِلَّا مِنَ الْأَكْفَاءِ الحدیث كذا فی تخریج الزیلعی فی فتح القدیر لكنه حجة بالنظائر والشواهد ثم قال بعد ذكر الشواهد فوجب ارتفاعه إلى الحجة بالحسن لحصول الظن بصحة المعنى وثبوته عنه صلى الله عليه وسلم اھ وفی فتح القدیر عن الدار قطنی عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما مرفوعاً الناس اكفاء قبيلة بقبيلة وعربی بعربی ومولی بمولی الاحائكا او حجاما وفيه وَبَعْضُ طُرُقِهِ كَحَدِيثِ

بَقِيَّةَ (هو الذى روى انفا) لَيْسَ مِنَ الضَّعْفِ بِذَاكَ. فَقَدْ كَانَ شُعْبَةُ مُعَظِّمًا لِبَقِيَّةِ وَنَاهِيكَ بِاحْتِيَاطِ شُعْبَةَ. وَأَيْضًا تَعَدُّدُ طُرُقِ الْحَدِيثِ الضَّعِيفِ يَرْفَعُهُ إِلَى الْحَسَنِ ه. فى الدر المحتار وحرفة الخ فِي ردالمحتار ذَكَرَ الْكَرْخِيُّ أَنَّ الْكَفَاءَةَ فِيهَا مُعْتَبَرَةٌ عِنْدَ أَبِي يُوسُفَ وَأَنَّ أَبَا حَنِيفَةَ بَنَى الْأَمْرَ فِيهَا عَلَى عَادَةِ الْعَرَبِ أَنَّ مَوَالِيَهُمْ يَعْمَلُونَ هَذِهِ الْأَعْمَالَ لَا يَقْصِدُونَ بِهَا الْحِرَفَ. فَلَا يُعَيَّرُونَ بِهَا وَأَجَابَ أَبُو يُوسُفَ عَلَى عَادَةِ أَهْلِ الْبِلَادِ وَأَنَّهُمْ يَتَّخِذُونَ ذَلِكَ حِرْفَةً. فَيُعَيَّرُونَ بِالدَّنِيِّ مِنْهَا فَلَا يَكُونُ بَيْنَهُمَا خِلَافٌ فِي الْحَقِيقَةِ بَدَائِعُ فَعَلَى هَذَا لَوْ كَانَ مِنَ الْعَرَبِ مِنْ أَهْلِ الْبِلَادِ مَنْ يَحْتَرِفُ بِنَفْسِهِ تُعْتَبَرُ فِيهِمُ الْكَفَاءَةُ فِيهَا وَحِينَئِذٍ فَتَكُونُ مُعْتَبَرَةً بَيْنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ (ج/۲ص/۵۲۶،۵۲۷) وفى رد المحتار بعد الكلام فى التكافؤ حرفة عن الفتح ان الموجب هو استنقاص اهل العرف فيدور معه (ج/۲ص/۵۲۷) وفى ردالمحتار إِنَّ الْمُعْتَبَرَ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ مَا اقْتَضَاهُ الدَّلِيلُ مِنَ الْبِنَاءِ عَلَى أَحْكَامِ الْآخِرَةِ وَعَدَمِ إلى قوله قُلْت: وَلَعَلَّ مَا تَقَدَّمَ عَنِ الْمُحِيطِ مِنْ أَنَّ تَابِعَ الظَّالِمِ أَخَسُّ مِنَ الْكُلِّ كَانَ فِي زَمَنِهِمُ الَّذِي الْغَالِبُ فِيهِ التَّفَاخُرُ بالدين والتقوى دون زماننا الغالب فيه التفاخر بالدنيا فَافْهَمْ (ج/۲ص/۲۱۸)

ان روایات حدیثیہ وفقہیہ سے ثابت ہوا کہ قول عمرو کا صحیح ہے، اور یہ کہ مبنی اس کا عرف پر ہے، جس کا حدیث میں بھی اعتبار کیا گیا ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ باہم

Scanned by CamScanner

عجم میں جونسباً کفاءت معتبر نہ ہونا فقہاء نے لکھا ہے، یہ بھی مقید ہے، اس کے ساتھ کہ جب عرف میں اس تعارف کا اعتبار نہ ہو ورنہ ان میں بھی باعتبار نسب وقومیت کے معتبر ہوگا، کما مر من الاستثناء فی الحدیث من مولی بمولی (ای عجمی بعجمی) لقوله الاحائکا اور حجاما ومر من قول الفتح ان الموجب ہو استنقاص اھل العرف الخ چنانچہ خود عرب میں باہم وجود تشارک فی شرف النسب کے ان ہی عوارض عرفیہ کے سبب بنو باہلہ کو تکافو سے مستثنیٰ کیا گیا ہے، کما فی الھدایه وَالْعَرَبُ بَعْضُهُمْ أَكْفَاءٌ لِبَعْضٍ إلى قوله وبنو باهلة ليسوا بأكفاء لعامة العرب لأنهم معروفون بالخساسة. اور اسی عوارض عرفیہ کے مدار ہونے سے صاحب فتح نے اس اطلاق استثناء میں نظر کی حیث قال وَقَدْ أَطْلَقَ. وَلَيْسَ كُلُّ بَاهِلِيٍّ كَذَلِكَ بَلْ فِيهِمْ الْأَجْوَادُ وَكَوْنُ فَصِيلَةٍ مِنْهُمْ أَوْ بَطْنٍ صَعَالِيكَ فَعَلُوا ذَلِكَ (ای اخذ عظام الميتة واطبخها واخذ دسوماتها) لَا يَسْرِي فِي الْكُلِّ اور اسی اعتبار عرف کی بناء پر اس قول متون وَالْعَرَبُ أَكْفَاءٌ أَيْ فَلَا يُكَافِئُهُمْ غَيْرُهُمْ کے اطلاق کو اہل فتاوی نے مقید کیا، چنانچہ ردالمحتار میں ہے وَلَكِنْ قَيَّدَهُ الْمَشَايِخُ إلى قوله وَكَيْفَ يَصِحُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَقُولَ إنَّ مِثْلَ أَبِي حَنِيفَةَ أَوْ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ وَغَيْرِهِمَا مِمَّنْ لَيْسَ بِعَرَبِيٍّ أَنَّهُ لَا يَكُونُ كُفُؤًا لِبِنْتِ قُرَشِيٍّ جَاهِلٍ. أَوْ لِبِنْتِ عَرَبِيٍّ بَوَّالٍ عَلَى عَقِبَيْهِ. (ج ۲/ ص ۵۳۰/)

اور نسب نسبت الی الآباء ہے، اور حسب لغۃً عام ہے، کما فی القاموس لیکن عرفاً خاص ہے، شرف نسب کے ساتھ خواہ دنیوی ہو یا دینی اور کفاءت میں یہ بھی معتبر ہے، مثل نسب کے چنانچہ فقہاء کا دیانۃً ومالاً وحرفۃً کہنا اس کی صریح دلیل ہے، اور مدار اس کا

Scanned by CamScanner

بھی عرف ہی پر ہے۔ کما یظھر من التصریحات الفقھیة۔ واللہ اعلم۔
(۲۵ رمضان: ۱۳۲۷ھ/ج ۲/ص ۳۵۵ تا ۳۵۷)

## مہر معجل بالموت کی تحقیق:

**سوال (۴۷):** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اندریں بابت کہ مسمی زید کا نکاح پانچ چھ سال ہوئے مسماۃ ہندہ کے ساتھ، بعوض دو ہزار دین مہر مؤجل ہوا تھا، مہر کا کوئی جزو پیشگی ادا ہونا بروقت نکاح نہیں قرار پایا تھا بعد نکاح زوجہ ہمیشہ اپنے شوہر کے پاس رہی، اور اس کے دو تین بچے پیدا ہوئے جو فوت ہو گئے، اب زوجہ بوجہ رنجش باہمی اپنے والدین کے یہاں بلا رضامندی اپنے شوہر کے چلی گئی ہے، اور اپنے عزیزوں کے اغوا سے اپنا کل زرمہر طلب کرتی ہے اور شوہر کے یہاں آنے سے انکار ہے، درانحالیکہ شوہر اس کے بلانے پر رضامند ہے اب تک کسی قسم کی طلاق وغیرہ بھی نہیں ہوئی ہے، ایسی صورت میں زوجہ کا مہر طلب کرنا شرعا جائز اور درست ہے یا نہیں، اور مسماۃ کو استحقاق وصولی زرمہر کا موجودہ صورت میں حاصل ہے یا نہیں، زید کی برادری کا رواج مہر مؤجل کا ہی ہے، اور آج تک کسی مسماۃ کو قبل طلاق شوہر کی حیات میں مہر نہیں ادا کیا گیا اور نہ کسی نے طلب کیا، اور نہ ایسا رواج ہے البتہ بعد طلاق بالموت وفات شوہر مہر کے لین دین کا رواج ہے۔

**الجواب:** مؤجل وہ ہے جس میں تاجیل شرط ہو اور جس میں کوئی شرط نہ ہو وہ معجل ہے، گو تعجیل شرط نہ ہو پس اگر یہ شرط ٹھہر جاوے کہ طلاق اور موت تک کی مہلت ہے تب مؤجل ہوگا، اور اگر یہ شرط نہیں ٹھہری گو یہ بھی نہیں ٹھہرا کہ پہلے ہی لیں گے تو وہ معجل ہی ہوگا، غالبا سائل نے جیسا کہ طرز عبارت سے معلوم ہوتا ہے تعجیل کی شرط نہ ٹھہرانے سے مہر کو مؤجل سمجھ لیا ہے سو یہ صحیح نہیں ہے، اور فقہاء نے جو تاجیل بالطلاق والموت کو جائز کہا ہے، معنی اس کے یہی ہیں، کہ اس طرح تاجیل کی

شرط ٹھہر جاوے اور اگر شبہ ہو کہ واقعی تاجیل شرط ہی سے ہوتی ہے مگر عرف بمنزلہ شرط ہی کے اور سوال میں تصریح ہے کہ ہندہ کا فعل خلاف رواج ہے، پس عرف سے مؤجل بالطلاق والموت ہو جانا چاہیے، جیسا شرط سے ہوتا، جواب یہ ہے کہ اس کا عرف علی الاطلاق ہونا غیر مسلم ہے، یہ عرف اسی وقت تک ہے جب تک کہ ہم موافقت رہے ورنہ رنجش میں مطالبہ کا بھی عرف ہے، پس میرے نزدیک شرعاً ہندہ کو استحقاق مطالبہ مہر کا حاصل ہے۔ (۱۹ رجب: ۱۳۳۱ھ / ج ۲ / ص ۹۵، ۲۹۶)

## کتاب الطلاق

### یہ بات زبان سے کہنا کہ واسطہ نہیں اس سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں:

**سوال ۳۸**: الفاظ مستعملہ میں ایک لفظ ہے، مجھ سے تجھ سے کچھ واسطہ نہیں، اس سے بہ نیت طلاق، طلاق واقع ہوگی یا نہیں، عالمگیری میں اس کی دو نظیریں لکھی ہیں، ولو قال لم یبق بینی وبینك شئ ونوی به الطلاق لا یقع. وفی الفتاوی لم یبق بینی وبینك عمل ونوی یقع کذا فی العتابية اھ۔ عمل اور شئ میں کیا فرق ہے اور صورت مسئولہ کس کے مشابہ ہے، بحر الرائق میں ہے وَفِي جَمْعِ بُرْهَانٍ قَالَ: لَمْ يَبْقَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ عَمَلٌ وَنَوَى الطَّلَاقَ لَا يَقَعُ. وَفِي فَتَاوَى الْفَضْلِيِّ خِلَافُهُ اس سے معلوم ہوتا ہے لفظ عمل میں بھی اختلاف ہے؟

**الجواب**: القاء ربانی سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان الفاظ کا حکم مبنی ہے عرف پر، پس جہاں حقیقی اور مجازی معنی میں عرفاً تلبس اور تعلق سمجھا جاتا ہے، وہاں نیت صحیح ہوگی، ورنہ نہیں اسی بنا پر شئ اور عمل میں فرق ہو گیا کہ ایک میں عرفاً تلبس تھا دوسرے میں نہ تھا، پھر تبدیل زمانہ سے لفظ عمل میں اختلاف ہو گیا، کیوں کہ اگر تلبس شرط نہ ہو لازم آتا ہے، کہ زید قائم سے اگر طلاق کی نیت کرے، تو درست ہو، وھو باطل

Scanned by CamScanner

جب یہ معلوم ہو گیا تو اب اپنا عرفاً غالباً یہ ہے کہ اس لفظ کو بکثرت بہ نیت تطلیق استعمال کرتے ہیں، لہٰذا میرے نزدیک اگر نیت کرے گا طلاق ہو جائے گا۔ واللہ اعلم۔ (۲۹ ربیع الثانی: ۱۳۲۴ھ/ امداد: ج ۲ ص ۶۸، ج ۲ ص ۲۱۷)

## آزاد کردی کا لفظ صریح طلاق ہے:

**سوال (۳۹):** میرے خاوند نے چند اشخاص کے مواجہہ میں یہ لفظ کہے مجھ کو اس کی ضرورت بالکل نہیں، اور میں نے تو اس کو آزاد کر دی تھی، لوگ خواہ مخواہ میرے سر ہوتے پھرتے ہیں، نہ میرے کہنے کی تھی نہ میں نے رکھی، اب کہیں جاؤ میں نہیں لیتا یہ الفاظ کہے، اور ان الفاظوں کے گواہ تیتروں کے لوگ ہیں، اب آپ اس امر میں کیا فرماتے ہیں، کہ میری والدہ پر افلاس آ گیا ہے، کب تک نباہ ہو سکے، مجبوراً احکام شرعی کی نیت کی ہے، اگر اجازت ہو تو نکاح کر لوں میری ایام گذاری مشکل ہے، دنیا حرام وحلال کو کم دیکھتی ہے۔ فقط

**الجواب:** یہ کہنا کہ آزاد کر دی ہمارے عرف میں طلاق کے لیے مستعمل ہے، لہٰذا اس سے طلاق صریح واقع ہو جاوے گی، پس اگر اس کہنے کے بعد اس عورت کو تین حیض آ چکے ہیں، تو یہ نکاح سے نکل گئی، جس سے چاہے نکاح کرے، فی ردالمحتار فَإِذَا قَالَ رِہا کردم أَيْ سَرَّحْتُك يَقَعُ بِهِ الرَّجْعِيُّ مَعَ أَنَّ أَصْلَهُ كِنَايَةٌ أَيْضًا. وَمَا ذَاكَ إلَّا لِأَنَّهُ غَلَبَ فِي عُرْفِ الْفُرْسِ اسْتِعْمَالُهُ فِي الطَّلَاقِ وَقَدْ مَرَّ أَنَّ الصَّرِيحَ مَا لَمْ يُسْتَعْمَلْ إلَّا فِي الطَّلَاقِ مِنْ أَيِّ لُغَةٍ كَانَتْ. (ج ۳ ص ۱۲۸، ۱۲۹)

## اگر یہ کہے کہ اپنے باپ کے گھر جائے گی تو تین طلاق تو باپ کے مرجانے کے بعد یہ حلف باقی رہے گی یا نہیں:

**سوال (۴۰):** ایک شخص مثلاً زید نے اپنی زوجہ ہندہ سے کہا کہ اگر تو اپنے باپ

عمرو کے گھر جائے گی تو تجھ پر تین طلاق لیکن قبل جانے ہندہ کے اپنے باپ عمرو کے گھر عمرو مر گیا، باوجود ممات عمرو کے عرف میں باپ کا گھر کہا جاتا ہے اس صورت میں اگر ہندہ اپنے باپ کے گھر جائے گی تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** فی ردالمحتار لو مات مالك الدار فدخل لا يحنث لانتقالها للورثة ألى قوله لم تكن مملوكة له من كل وجه۔ اھ ملخصاً (ج/۳ص/۱۲۸، ۱۲۹)

اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہ ہوگی، البتہ اگر کہیں عرف یہ ہو کہ باپ کے مرنے کے بعد بھی یہ کہا جاتا ہو کہ وہ عورت اپنے باپ کے گھر گئی ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ فی الدر المحتار وعندنا على العرف فی ردالمحتار لان المتكلم ألى قوله ما عهد انه المراد بها فتح، (صفحہ ۱۱۰، جلد ثالث/ ۲۰ ذی الحجہ/ ج/ ۲ص/ ۴۳۱)

## نکاح باطل کے ساتھ معلق کرنے کا حکم اور اس کے تحریراً معلق کرنے کی صورتوں کی تفصیل:

**سوال (۴۱):** ایک شخص نے اپنا نکاح اس شرط پر کیا کہ اگر میں کہیں بے رائے اپنی بی بی یا خسر کے چلا جاؤں گا، تو نکاح باطل ہے، ایک بار ایسا بھی ہوا کہ ایک روز کے واسطے اپنے خسر و بی بی سے اجازت لے کر مکان پر چلا گیا، اور پندرہ روز کے بعد آیا، اور ایک مرتبہ ایسا بھی ہوا کہ اپنے خسر بی بی کے والد سے کہا کہ آپ کی مرضی ہو تو میں اپنی بی بی کو لے کر علیحدہ رہوں، یہیں یا اپنے مکان پر لے جاؤں، اس پر نہ اس کی بی بی اور نہ اس کا خسر راضی ہوا، کچھ شخصوں نے اس کے خسر کو سمجھایا، مگر جب بھی راضی نہیں ہوا، جو لوگ کہ سمجھانے آئے تھے کہ تمہاری بی بی ہے، جس طرح سے چاہو لے جاؤ، بہر کیف اس شخص نے اپنی بی بی کو بلا رضا مندی اپنے خسر

Scanned by CamScanner

اور اپنی بی بی کے کھینچ کر اٹھا کر زبردستی لے گیا، اور کچھ روز سے اپنے مکان پر وہ شخص ہے، اور اس کا مکان چار کوس کے قریب پر ہے، آیا یہ نکاح باطل ہوا یا نہیں، اور نکاح کے وقت جو شرط لکھی گئی تھی، اس کی نقل یہ ہے کہ بنام فلاں ولد فلاں از طرف فلاں کے ہم نے فلاں صاحب کی لڑکی مسماۃ فلاں سے نکاح کر لیا ہے، اگر بے رائے زوجہ یا خسر صاحب کے ہم چلے جائیں تو نکاح باطل ہو جائے اگر چلے جائیں تو مہر دین دیں اور از طرف خسر کے یہ ہے کہ بعد ہمارے کل کا اختیار مسماۃ فلاں (یعنی دختر) کا ہے اور فلاں فلاں گواہ شرط کے وقت ہیں۔

**الجواب:** الرواية الاولى فى الدرالمختار باب الصريح: وَمِنَ الْأَلْفَاظِ الْمُسْتَعْمَلَةِ: الطَّلَاقُ يَلْزَمُنِي. وَالْحَرَامُ يَلْزَمُنِي. وَعَلَيَّ الطَّلَاقُ، وَعَلَيَّ الْحَرَامُ فَيَقَعُ بِلَا نِيَّةٍ لِلْعُرْفِ. الرواية الثانية فى ردالمحتار باب الكنايات ما نصه وَسَيَأْتِي وُقُوعُ الْبَائِنِ بِهِ اى بقوله حرام بِلَا نِيَّةٍ فِي زَمَانِنَا لِلتَّعَارُفِ. إلى اخر ما قال واطال وختمه على قوله وَكَوْنُهُ اُلْتُحِقَ بِالصَّرِيحِ لِلْعُرْفِ لَا يُنَافِي وُقُوعَ الْبَائِنِ بِهِ. فَإِنَّ الصَّرِيحَ قَدْ يَقَعُ بِهِ الْبَائِنُ كَتَطْلِيقَةٍ شَدِيدَةٍ وَنَحْوِهِ: كَمَا أَنَّ بَعْضَ الْكِنَايَاتِ قَدْ يَقَعُ بِهِ الرَّجْعِيُّ. مِثْلَ اعْتَدِّي وَاسْتَبْرِئِي رَحِمَكِ وَأَنْتِ وَاحِدَةٌ. وَالْحَاصِلُ أَنَّهُ لَمَّا تُعُورِفَ بِهِ الطَّلَاقُ صَارَ مَعْنَاهُ تَحْرِيمَ الزَّوْجَةِ. وَتَحْرِيمُهَا لَا يَكُونُ إلَّا بِالْبَائِنِ. الرواية الثالثة فى درالمختار التعليق (شَرْطُهُ الْمِلْكُ) (كَقَوْلِهِ لِمَنْكُوحَتِهِ أَوْمُعْتَدَّتِهِ (إنْ ذَهَبْت فَأَنْتِ طَالِقٌ) (أَوْ الْإِضَافَةُ إلَيْهِ) (كَإِنْ نَكَحْت امْرَأَةً أَوْ إنْ (نَكَحْتُك فَأَنْتِ طَالِقٌ) (كَمَا لَغَا إيقَاعُهُ)

Scanned by CamScanner

الطَّلَاقَ (مُقَارِنًا لِثُبُوتِ مِلْكٍ) كَأَنْتِ طَالِقٌ مَعَ نِكَاحِكِ.

پس شرط نامہ میں جو لفظ باطل لکھا گیا ہے، عرف میں اس سے طلاق مفہوم ہوتی ہے، اس لیے یہ صیغہ طلاق کا ہوگا، دلت علیه الروایة الاولی اور طلاق میں بھی بائن کو مفید ہوگا، دلت علی الروایۃ الثانیۃ لیکن چوں کہ یہ طلاق معلق ہے، غیر نکاح کے ساتھ اور اس صورت میں نکاح کے بعد تعلیق موثر ہوسکتی ہے، دلت علیه الروایۃ الثالثۃ اور کاغذ لکھنا یا اسکا حوالہ کرنا بمنزلہ تکلم بالطلاق کے ہے، اس لیے دیکھنا چاہیے کہ کاغذ کب لکھا اور کب دیا اگر نکاح کے بعد لکھا ہے تو حکم یہ ہے کہ بلا اجازت چلے جانے سے طلاق بائن ہوجائے گی، اور اگر لکھا تو ہو نکاح سے پہلے لیکن دیا ہے نکاح کے بعد تو بھی یہی حکم ہے کہ طلاق بائن ہوجائے گی، اور اگر نکاح کے قبل دیدیا تو اس کا کوئی اثر نہ ہوگا، اور اصلا طلاق نہ پڑے گی، اور اگر بالکل لفظ قبول کے ساتھ ہی دیا ہے گو عادۃ یہ مستبعد ہے تب بھی طلاق واقع نہ ہوگی، روایت ثالثہ اس پر بھی دال ہے۔

خلاصہ جواب یہ ہے کہ اگر یہ کاغذ نکاح کے بعد لکھا ہے یا نکاح کے بعد دیا ہے، تب تو طلاق بائن ہوگئی اور اگر نکاح کے قبل دیدیا ہے یا معا دیا ہے تو طلاق نہ ہوگی، فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمه اتم واحکم۔ (۲۰؍ذی الحجۃ ۱۳۲۳ھ/ ج؍۲ ص؍۴۵۹ تا ۴۶۱)

## باب الایمان والنذر

### کسی نے قسم کھایا کہ فلاں عالم نہیں ہوگا تو وہ اپنی قسم میں کب حانث ہوگا تمام درسی کتابوں کے پورا کرنے پر یا اکثر کے پورا کرنے پر:

**سوال (۴۲)**: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، زید نے قسم کھائی ہے کہ واللہ عمرو کبھی عالم نہ ہوسکے گا، یہ فی الواقع قسم ہوئی یا نہیں، اگر ہوئی تو عمرو کے کتنا بڑا عالم ہونے سے زید کی قسم حنث ہوجائے گی، اور کفارہ لازم آجاوے گا، اور اگر قسم نہ

ہوئی تو وجہ کیا ہے؟

**الجواب:** السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، قسم میں عرف کا اعتبار ہوتا ہے، عرف میں اس شخص کو عالم کہنے لگتے ہیں، جس کی دینیات درسیہ کل یا اکثر ہوجاویں، اس مرتبہ میں زید حانث ہوجاوے گا۔ (۴/ جمادی الثانی: ۱۳۳۲/ ج/ ۲ ص/ ۵۵۹)

## اردو میں نذر کا صیغہ:

**سوال ۴۳:** صرف اظہار ارادہ سے نذر منعقد ہوجاتی ہے یا نہیں، مثلاً کسی نے کہا کہ ہمارا ارادہ ہے ایک بکرا ذبح کراویں اور صدقہ کردیں، اور شاید اس سے ہمارا لڑکا اچھا ہوجاوے، یا یوں کہا کہ ہر مہینہ دو چار مسکین کھلا دیا کریں گے، تو اس سے نذر ہوگی یا نہیں، اردو میں نذر کا صیغہ کیا ہے؟

**الجواب:** فی الرد المختار فَإِنَّ الْأَيْمَانَ مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْعُرْفِ. فَمَا تُعُورِفَ الْحَلِفُ بِهِ فَيَمِينٌ وَمَا لَا فَلَا.

اور نذر حکم یمین میں ہے، چنانچہ علی نذر کو صیغہ ایمان سے درمختار میں لکھا ہے، اس بناء پر جو صیغے عرفاً نذر کے سمجھے جاتے ہیں، ان سے نذر منعقد ہوگی، اور جو صیغے عرفاً اس میں مستعمل نہیں ہیں، ان سے نذر نہ ہوگی، اس لیے صیغہ اول کہ ہمارا ارادہ ہے الخ نذر نہیں ہے، اور دوسرا صیغہ کہ ہم ہر مہینہ الخ نذر ہے، واللہ اعلم۔ (۱۸/ ربیع الاول: ۱۳۲۱ھ/ ج/ ۲ ص/ ۵۵۲)

## ذبح کے نذر کے حکم کی تحقیق:

**سوال ۴۴:** نذر ماننے ذبح حیوان میں اختلاف ہے، بعض نے ماجنسہ واجب کو عام رکھ کر کہا ہے نذر منعقد ہوجاتی ہے، اور بعض نے کہا ہے واجب سے مراد فرض ہے، تو نذر منعقد نہ ہوگی، صاحب درمختار نے قول ثانی اور شامی نے قول اولی کی تصحیح کی ہے، بنا بر تصحیح شامی آیا صرف ذبح سے ایفا ہوجائے گا، مثل قربانی کے

یا کہ تصدق لحم وجلد ضروری ہے، ظاہر یہ ہے کہ ضرور ہو مگر تصریح نہیں ملتی۔

**الجواب:** تصریح میں نے بھی نہیں دیکھی لیکن فقہاء نے تصریح کی ہے کہ ذبح کرنا غیر ایام اضحیہ میں قربت مقصودہ نہیں، اور یہ بھی تصریح کی ہے کہ منذور بہ قربت مقصودہ ہونا چاہیے، پس اگر نذر بالذبح میں صرف ذبح سے پوری ہو جائے تو لازم آتا ہے منذور بہ غیر قربت مقصودہ ہو۔ وھو باطل۔ اس سے معلوم ہوا کہ تصدق کو لازم کیا جائے گا، تاکہ اس کے انضمام سے وہ قربت مقصودہ ہو جائے، اس قاعدہ سے یقینا معلوم ہوتا ہے کہ تصدق واجب ہوگا، نیز ناذر کا قصد اس تصدیق کا ہوتا ہے پس عرفا نذر بالذبح کا لفظ مستعمل نذر لمجموع الذبح والتصدق میں ہے، اور اس مجموع کے نذر میں فقہاء نے انعقاد نذر کی تصریح کی ہے۔ واللہ اعلم۔ (۵ رجمادی الاولی: ۱۳۲۴ھ/ ج ر ۲ ص ر ۵۵۶، ۵۷)

## باب الحدود

### جرمانہ:

**سوال (۴۵):** اپنی رعایا یا کاشتکاروں سے بعلت کسی قصور کے تاوان لینا جائز ہے، یا نہیں، مثلا کسی کاشتکار نے بلا استحقاق بغیر علم و رضامندی مالک زمیندار کے کوئی درخت کاٹ لیا یا مکان بنا لیا تو اگر زمیندار اس قصور پر کوئی جرمانہ یا تاوان برضامندی ملزم کے اس پر عائد کر کے وصولی کرے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** نہیں صرف درخت کی قیمت اور مکان کا کرایہ حسب عرف لے سکتے ہیں۔ (ج ر ۲ ص ر ۵۴۳)

## باب الوقف

### مسجد کی زمین کے پھلوں کا حکم:

**سوال (۴۶):** مسجد کی زمین میں کچھ میوہ جات کے درخت ہیں، جن کے پھل

مسجد کے نمازیوں کو تقسیم کر دیے جاتے ہیں، تو یہ تقسیم کر دینا جائز ہے یا انہیں فروخت کر کے مسجد کے اخراجات میں صرف کرنا ضروری ہے؟ فقط

**الجواب:** اگر یہ درخت لگانے والے کی نیت معلوم ہو تو اس کے موافق حکم ہوگا، اور اگر کچھ معلوم نہ ہو تو بوجہ عرف کے نمازیوں کو تقسیم کر دینا درست ہوگا۔

(۵ ر رجب: ۱۳۲۹ھ/ ج ر ۲ ص ر ۶۱۱)

## تنخواہ دار امام کے واقف کی اجازت کے بغیر ایام غیر حاضری کی تنخواہ کے استحقاق کے متعلق سوالات:

**سوال ⑰:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس صورت میں کہ زید واقف نے ایک جائداد مصارف ووارد وصادر مسجد کے واسطے وقف کی اس کے بعد ورثہ متولیان کی غفلت سے وہ رہن وغیرہ ہو کر نیلام وبیع ہو گئی، ایک عرصہ تک بقبضہ مشتری نیلام ودیگر مشتریان رہی، من بعد بارجاع نالش منجاب مسلمانان وہ کل جائداد مسجد کو واپس ہوئی، اور عدالت نے اس کے اہتمام وانتظام کے لیے جدید متولیان مقرر کئے تا کہ آئندہ وہ خطرہ زوال سے محفوظ رہے، اور قواعد وضوابط در بارہ انتظام مقرر کر دیے، متولیان نے منجملہ دیگر انتظامات کے خالد کو امام تنخواہ دار واسطے پڑھانے نماز پنجگانہ وجمعہ وغیرہ کے مقرر کیا، اب جب امام مذکور کو ضرورت اپنے خانگی کام کی ہوتی ہے تو وہ باوجود تنخواہ دار ہونے کے بعض وقت بلا اجازت اور اکثر ایام میں اجازت متولیان سے غیر حاضر ہو جاتا ہے، اس کی غیر حاضری میں بعض وقت بلا تقرر متولیان کوئی غیر شخص عوضی نماز پڑھاتا ہے، اب اس کیفیت کے بعد سوالات مفصلہ ذیل کا جواب شرعی مطلوب ہے، تا کہ متولیان اس پر کاربند ہوں۔

(۱) خالد امام مقرر کردہ متولیان تنخواہ دار اس وقت یا ان ایام کی تنخواہ پانے کا مستحق ہے یا نہیں، جس وقت یا جن ایام میں بلا اجازت متولیان وہ غیر حاضر رہا ہے؟

(۲) خالد امام تنخواہ دار اگر ذریعہ درخواست رخصت اجازت لے کر غیر حاضر رہے تو ان ایام غیر حاضری کی تنخواہ پانے کا شرعاً وہ مستحق ہے یا نہیں؟

(۳) جو شخص بلا اجازت متولیان خالد امام مذکور کے بجائے ایام غیر حاضری میں نماز پڑھائے تو خالد امام مذکور ان ایام غیر حاضری کی تنخواہ پانے کا مستحق ہے یا نہیں؟

(۴) جو شخص بلا اجازت متولیان اور بے اجازت خالد امام ایام غیر حاضری خالد امام صاحب میں نماز پڑھائے تو خالد امام کو ان ایام کی تنخواہ پانے کا حق ہے یا نہیں؟

(۵) متولیان نے ایام کی غیر حاضری میں کسی شخص کو تنخواہ دار عوض امام مقرر کیا تو امام صاحب ان ایام غیر حاضری کی تنخواہ پانے کے مستحق ہوں گے یا دیگر عوض مقرر کردہ؟

(۶) ۱۳۲۸ھ کے جلسہ کمیٹی متولیان میں یہ قانون پاس ہوا تھا کہ آئندہ کے واسطے یہ قاعدہ مقرر کیا جاتا ہے، کہ رخصت اتفاقیہ ایک سال کے اندر دس یوم سے زیادہ نہیں مل سکتی، خواہ اس دس یوم کو کوئی ملازم متفرق طور سے حاصل کرے یا ایک دفعہ اور دیگر اقسام رخصت کی، اگر کسی ملازم کو ضرورت ہو تو بوضع تنخواہ و بمنظوری کمیٹی متولیان حاصل کر سکے گا، سو یہ قاعدہ مقرر کردہ متولیان شرعاً قابل نفاذ ہے، یا نہیں، اور جو دس یوم قانون مذکور کے موافق رخصت میں شمار کئے جاتے ہیں، شرعاً ان ایام کی تنخواہ امام کو لینا اور متولیان کا دینا کیسا ہے، ان کا جواب مع دلائل و عبارت کتب فقہ معتبرہ مفتی بہ ارقام ہو، **بینوا توجروا۔**

**الجواب:** چونکہ فتوی جواز استیجار علی الامامۃ پر ہے، امام کو اجیر کہا جاوے گا، اور اجارہ کا حکم یہ ہے کہ اس میں جو شروط مباحہ موافقہ للشرع مقرر کر لی جاویں، وہ لازم اور مدار احکام ہو جاتی ہیں، اور جن شروط کی تصریح نہ ہو اس میں بقاعدہ المعروف کالمشروط اس عمل کے متعلق جو عرف ہو اس کا اعتبار ہوگا، پس جو شرائط وضوابط

سوال ر ٦ کے ذیل میں مذکور ہیں، چونکہ انکی تصریح کردی گئی ہے، اوران میں سے کوئی شرط خلاف شرع نہیں ہے، اس لیے وہ شروط توبعینہا لازم اور نافذ ہیں، ان کی مخالفت کرنے کی صورت میں امام مستحق تنخواہ کا نہیں ہے، اگر آمدنی وقف میں سے دی جاوے گی یا لی جاوے گی، آخذ و معطی دونوں گنہگار ہوں گے، اور جو بعض صورتیں دوسرے بعض نمبروں میں مذکور ہیں مثلاً امام کا دوسرے شخص کو اپنی جگہ مقرر کر جانا ونحو ذلک اگر اس کی نسبت متولی نے امام سے اذناً یا نہیاً تصریح کر دی ہے، تو اس کا اعتبار ہوگا، اور اذن کی صورت میں اس کو مقرر کرنے کا اختیار ہوگا، اور نہی کی صورت میں مقرر کرنے کا اختیار نہ ہوگا، پھر جس صورت میں اس کا اختیار امام کو دیا گیا ہے، اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر یہ معاہدہ ہوگیا ہے کہ وہ دوسرا امام منجانب امام اول کے ہوگا، گویا امام کے ذمہ اقامت جماعت کا انتظام ہے، خواہ خود کرے یا کسی اور کے ذریعہ سے کرے، تب تو امام متولی سے پوری تنخواہ لے گا، اور دوسرے امام کو امام اول کی طرف سے سمجھا جاوے گا، خواہ وہ متبرع ہو یا اس سے کچھ لے، اور اگر امام اول سے کہہ دیا گیا ہے کہ وہ امام ثانی بھی منجانب متولی ہوگا تو پھر امام اول اس تنخواہ کا مستحق نہ ہوگا، بلکہ امام اول جس تنخواہ پر اس کو ٹھہرایا گیا ہے اتنی تنخواہ کا وہ امام ثانی ہی مستحق ہوگا، بشرطیکہ متولی کی اجازت دادہ مقدار سے زیادہ نہ ہو، اور جس صورت میں متولی نے امام اول کو اس انابت سے منع کر دیا ہے، اگر وہ کسی کو مقرر کر جاوے گا، اگر وہ متبرع ہے تو ظاہر ہے کہ اس کو کوئی استحقاق تنخواہ کا نہیں اور اگر تنخواہ دار ہے تو یہ تنخواہ امام اول کے ذمہ لازم ہوگی، باقی اس نہی کی صورت میں امام اول کا مستحق تنخواہ ہونا اس میں شرط مصرح سوال ر ٦ پر عمل ہوگا، جس کا بیان شروع جواب میں گزر چکا۔

اور جس صورت میں خود متولیوں نے عوضی مقرر کیا، اس کا حکم ظاہر ہی ہے، کہ وہی مستحق تنخواہ کا ہوگا، اور اگر بعض امور کی تصریح نہیں ہے، تو زمانہ عدم تصریح تک تو

عرف پر عمل ہوگا، اور جس وقت تصریح ہو جاوے گی، جس کا اختیار متولیوں کو ہر وقت ہے اور جس کے بعد امام کو بھی اختیار ہے، کہ اگر نوکری کرنا ہو تو قبول کرے ورنہ نوکری چھوڑ دے، اس تصریح کے وقت سے تصریح پر عمل ہوگا، اور اس تقریر سے سب نمبروں کا جواب ظاہر ہو گیا، اور تفصیل مذکور جن کلیات شرعیہ پر مبنی ہے معلوم و مشہور ہیں، چنانچہ درمیان میں ان کی طرف اشارہ بھی کرتا گیا ہوں مگر تقویۃً للدعویٰ بعض جزئیات خاصہ بالمقام بھی نقل کئے دیتا ہوں، وَهَلْ يَأْخُذُ (ای المدرس) أَيَّامَ الْبَطَالَةِ كَعِيدٍ وَرَمَضَانَ لَمْ أَرَهُ وَيَنْبَغِي إِلْحَاقُهُ بِبَطَالَةِ الْقَاضِي وَاخْتَلَفُوا فِيهَا وَالْأَصَحُّ أَنَّهُ يَأْخُذُ، لِأَنَّهَا لِلِاسْتِرَاحَةِ أَشْبَاهٌ مِنْ قَاعِدَةِ الْعَادَةُ مُحَكَّمَةٌ. وَسَيَجِيءُ مَا لَوْ غَابَ فَلْيُحْفَظْ فی ردالمحتار تحت قوله وینبغی الحاقه بعد کلام طویل مانصه فَحَيْثُ كَانَتِ الْبَطَالَةُ مَعْرُوفَةً فِي يَوْمِ الثُّلَاثَاءِ وَالْجُمُعَةِ وَفِي رَمَضَانَ وَالْعِيدَيْنِ يَحِلُّ الْأَخْذُ. وَكَذَا لَوْ بَطَلَ فِي يَوْمٍ غَيْرِ مُعْتَادٍ لِتَحْرِيرِ دَرْسٍ إِلَّا إِذَا نَصَّ الْوَاقِفُ عَلَى تَقْيِيدِ الدَّفْعِ بِالْيَوْمِ الَّذِي يُدَرِّسُ فِيهِ كَمَا قُلْنَا الخ (قَوْلُهُ وَسَيَجِيءُ) أَيْ عَنْ نَظْمِ الْوَهْبَانِيَّةِ بَعْدَ قَوْلِهِ مَاتَ الْمُؤَذِّنُ وَالْإِمَامُ (ج/۳ص/۵۸۸)

اقول یعتبر فی کل عقد عرف ذلك العقد فكما یعتبر فی التدریس عرف التدریس یعتبر فی الامامة ثم فی الدر المختار بعد قوله مات الموذن والامام ما نصه ونظم ابن الشحنة الغیبة الخ فی ردالمحتار تحت هذا القول ما نصه قَالَ الطَّرَسُوسِيُّ: وَمُقْتَضَاهُ أَنَّ الْمُدَرِّسَ وَنَحْوَهُ إِذَا أَصَابَهُ عُذْرٌ

مِنْ مَرَضٍ أَوْ حَجٍّ بِحَيْثُ لَا يُمْكِنُهُ الْمُبَاشَرَةُ لَا يَسْتَحِقُّ الْمَعْلُومَ لِأَنَّهُ أَرَادَ الْحُكْمَ فِي الْمَعْلُومِ عَلَى نَفْسِ الْمُبَاشَرَةِ فَإِنْ وُجِدَتْ اسْتَحَقَّ الْمَعْلُومَ وَإِلَّا فَلَا وَهَذَا هُوَ الْفِقْهُ اهـ مُلَخَّصًا. قُلْتُ: وَلَا يُنَافِي هَذَا مَا مَرَّ مِنَ الْمُسَامَحَةِ بِأُسْبُوعٍ وَنَحْوِهِ لِأَنَّ الْقَلِيلَ مُغْتَفَرٌ۔

فِي الدر المختار عن الْمَنْظُومَةِ الْمُحِبِّيَّةِ لَا تُجِزْ اسْتِنَابَةَ الْفَقِيهِ لَا ... وَلَا الْمُدَرِّسِ لِعُذْرٍ حَصَلَا كَذَالِكَ حُكْمُ سَائِرِ الْأَرْبَابِ ... أَوْ لَمْ يَكُنْ عُذْرٌ فَذَا مِنْ بَابٍ في ردالمحتار وَسَكَتَ عَمَّا يُعَيِّنُهُ الْأَصِيلُ لِلنَّائِبِ كُلَّ شَهْرٍ فِي مُقَابَلَةِ عَمَلِهِ وَالظَّاهِرُ أَنَّهُ يَسْتَحِقُّ لِأَنَّهَا إِجَارَةٌ وَقَدْ وَفَّى الْعَمَلَ بِنَاءً عَلَى قَوْلِ الْمُتَأَخِّرِينَ الْمُفْتَى بِهِ مِنْ جَوَازِ الِاسْتِئْجَارِ عَلَى الْإِمَامَةِ وَالتَّدْرِيسِ وَتَعْلِيمِ الْقُرْآنِ إلي اخر ما قال واطال۔ (ج ۳ ص ۶۳۱/ ص ۶۳۲/ ص ۶۳۳، وفيه التصريح لاكثر ما حررت-

(۱۹ رذیقعدہ: ۱۳۳۳ھ/ ج ۲ ص ۶۱۷ تا ۶۲۰)

## باب احکام المسجد

### مسجد کو بڑھانے اور اضافہ کی غرض سے عام راستے کے حصے کو مسجد میں داخل کرنا:

**سوال ۴۸**: قریب کے ایک گاؤں میں ایک مسجد ہے، جس کی جانب جنوب قدیم الایام سے شارع عام واقع ہوا ہے، جس میں آمدورفت لوگوں کی و بہلی وغیرہ کی ہمیشہ سے ہوتی چلی آتی ہے، اب لوگوں نے اسی جانب سے ازدیاد مسجد کا قصد کیا اور اس سڑک کا کچھ حصہ دبالیا، اب سوال یہ ہے کہ شارع عام کا حصہ دبالینا زیادتی مسجد کے واسطے جائز ہے یا نہیں، سڑک پہلے تو دس ہاتھ کی تھی، اب پانچ ہاتھ

رہ گئی، جس میں آمد ورفت گاڑیوں کے معاً تو ہو نہیں سکتی، البتہ نوبت بنوبت ہوا کرے گی، اس میں گونہ حرج ہونا ظاہر ہے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر کوئی سڑک دس بیس ہاتھ کی قدیم سے ہو تو بغرض زیادتی مسجد وغیرہ ساتھ ہاتھ چھوڑ کر باقی دبالیا جاسکتا ہے یا نہیں، اور حدیث اذا خالفتم فی الطریق الخ اس کے لیے محل استناد ہو سکتا ہے یا نہیں، طحاوی نے تو اس کو بیان کیا ہے کہ بلاد مفتوحہ میں ابتداء جو طریق بنائے جائیں، تو رفع اختلاف کے واسطے یہ حدیث کذا فی حاشیہ البخاری؟

**الجواب:** فی الدر المحتار جُعِلَ شَيْءٌ مِنَ الطَّرِيقِ مَسْجِدًا لِضِيقِهِ وَلَمْ يَضُرَّ بِالْمَارِّينَ (جَازَ) فی رد المحتار (قَوْلُهُ: لِضِيقِهِ وَلَمْ يَضُرَّ بِالْمَارِّينَ) أَفَادَ أَنَّ الْجَوَازَ مُقَيَّدٌ بِهَذَيْنِ الشَّرْطَيْنِ۔

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر طریق کا کوئی جزو مسجد میں داخل کر دینے سے اہل طریق کو ضرر ہو تو جائز نہیں، اور ضرر کا مدار عرف پر ہے، اور یقینی بات ہے کہ بجائے اس کے کہ دو گاڑیاں آمنے سامنے آنے والیاں نکل جائیں ایک ہی گاڑی کی جگہ رہنا عرفاً ضرر اور موجب حرج ہے، جیسا کہ اہل ذوق سلیم پر مخفی نہیں، اس لیے صورت مسئولہ میں راستہ کا مسجد کے اندر دبالینا جائز نہیں، اور اگر مسجد میں بالفعل تنگی نہ ہو تو عدم جواز کی دو علتیں جمع ہو جائیں گی۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي الطَّرِيقِ جُعِلَ عَرْضُهُ سَبْعَةَ أَذْرُعٍ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) قوله سَبْعَةَ أَذْرُعٍ يعنی اذا کان طریق بین ارض قوم ارادو عمارتها فان اتفقوا علی شئ فذاك فان اختلفوا فی قدره جعل سبعة اذرع هذا مراد الحديث اما اذا وجد طريق

Scanned by CamScanner

مسلوك وهو اكثر من سبقة اذرع فلا يجوز لاحد ان يستولى على شئ منه لكن له عمارة ماحواليه من الموات وتملكه بالاحياء بحيث لا يضر بالمارين اهـ لمعات وطيبى وسيد۔

تفسیر مذکور میں حدیث کی مراد معلوم ہوگئی، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مسئلہ کو ث عنہا میں اس سے اسناد نہیں ہو سکتا، باقی اس کا جواز و ناجواز ضرر و عدم ضرر پر دائر ہے، جیسا کہ سوال اول کے جواب میں لکھا گیا۔ واللہ اعلم۔ (۲۸ ربیع الثانی: ۱۳۲۲ھ/ ج ر ۲ ص ر ۶۸۹، ۶۹۰)

## مسجد کے صحن میں چارپائی بچھانا:

**سوال ۴۹**: کیارائے ہے اس مسئلہ میں ایک طالب علم نے اتفاقاً نواڑ کا پلنگ اپنی مسجد کے صحن میں جہاں لوگ وضو کیا کرتے ہیں وہاں پر بچھایا، اب بعض شخص نے اعتراض کیا کہ جائز نہیں، اب گزارش ہے کہ طالب علم کی معذوری کو دیکھئے کہ کہاں تک ہے ارشاد فرمائیے کہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: فی نفسہ جائز ہے، اگر پاک ہو مگر چونکہ عرفاً یہ خلاف ادب ہے، اس لیے مناسب نہیں جیسے جوتہ پہن کر مسجد کے اندر چلا جانا۔ (۲۷ ر رجب: ۱۳۲۹ھ/ ج ر ۲ ص ر ۷۲۶)

## مسجد میں جوتے کے ساتھ داخل ہو کر نماز پڑھنے کی تحقیق:

**سوال ۵۰**: متعلق فقرۂ ذیل مندرجہ خط عزیزی بہ نسبت امیر کابل جوتوں سمیت سب ان کے آدمی مسجد میں آئے اور جوتوں سمیت نماز پڑھی۔

**الجواب**: اس مقام پر تین امر ہیں دو نہایت جلی اور ایک خفی، امر اول یہ بات یقینی اور متفق علیہ و ثابت بالدلیل اور مسلم ہے، کہ نعال اگر طاہر: وں تو ان کو پہنے ہوئے مسجد میں آنا یا نماز پڑھنا فی نفسہ قطع نظر عوارض خارجیہ سے جائز اور مباح ہے

Scanned by CamScanner

عام اس سے کہ عوارض کی وجہ سے کہیں مستحسن ہو جاوے، اور کہیں مستقبح ہو جاوے۔

امر دوم یہ بات بھی یقینی اور متفق علیہ اور محقق ہے کہ اگر نعال نجس ہوں تو ان کو پہنے ہوئے مسجد میں آنا یا نماز پڑھنا ناجائز وحرام اور معصیت ہے جس میں جواز یا اس سے بڑھ کر استحسان کا اصلا شائبہ بھی نہیں یہ دونوں امر تو جلی ہیں، جو محل اشتباہ نہیں ہو سکتے۔

امر سوم جو کہ خفی اور محل اشتباہ ومعرض بحث ہے یہ ہے کہ عوارض خارجیہ کے اعتبار سے بصورت طہارت آیا اس میں کوئی استقباح ہے یا نہیں یا اس سے ترقی کر کے استحسان کا حکم کیا جاوے۔

سو اول یہ سمجھنا چاہیے کہ جو حکم کسی عارض کی وجہ سے ہوتا ہے وہ عارض کی وجہ سے بدل جاتا ہے اور جو حکم شارع کو فی نفسہ مقصود ہوتا ہے وہ کسی حالت نہیں بدلتا اس کے شواہد ونظائر علم فقہ میں بکثرت پائے جاتے ہیں دوسرے یہ جاننا چاہیے کہ یہ یقینی ہے کہ صلوۃ فی النعال شارع کے نزدیک کوئی حکم مقصود نہیں کیوں کہ مقاصد شرعیہ میں سے کوئی غرض اس کے ساتھ متعلق نہیں اب اس کا مدار عوارض پر رہا، پس جہاں کوئی عارض مانع نہ ہوگا وہاں منع نہ کیا جاوے گا، بلکہ جہاں کوئی عارض موثر فی الاستحسان ہوگا وہاں مستحسن کہا جاوے گا، اور جہاں کوئی عارض مانع ہوگا وہاں منع کیا جاوے گا۔

تیسرے یہ معلوم کرنا چاہیے کہ مسجد اور صلوۃ دونوں چیزیں واجب الاحترام والادب ہیں اور ادب کے بعض طرق محض عرف پر مبنی ہیں پس جس ملک میں مع النعال کسی کے فرش پر آنا اور آ کر ملنا عرفا خلاف ادب شمار کیا جاتا ہے، وہاں صلوۃ ودخول مسجد مع النعال اس عارض بے ادبی کی وجہ سے واجب المنع ہوگا جس کا پتہ قرآن سے لگتا ہے، کہ موسی علیہ السلام کو حکم ہوا فاخلع نعليك اور اس کی علت یہ فرمائی إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى۔

خواہ ان کے نعال طاہر ہوں یا نجس ہوں لیکن عموم علت ادب سے حکم معلول میں عموم ہو جائے گا، جہاں نعل نجسہ کے ساتھ جانا خلاف ادب ہوگا نہی اس کے ساتھ خاص ہوگی، اور ہمارے دیار ہند کا عرف اس بارے میں ظاہر ہے، پس بنا بریں اثر پر المذکور یہاں اس کی ممانعت ضروری ہے، اور جس ملک میں یہ عرفاً خلاف ادب نہ ہو وہاں منع نہ کیا جاوے گا، سو اہل کابل کا عرف ایسا ہی ہوگا اور یہاں کے عرف کی ان کو اطلاع نہ ہوگی، یا خاص وردی کے نعال میں ایسا عرف ہوگا، یا دوسرے ملک میں ہونے کی وجہ سے بے اطمینانی اس کا عذر ہوگا، اور اخیر درجہ یہ کہ فعل غیر نبی کا فی نفسہ حجت نہیں اور اگر کوئی عارض موثر فی الاستحسان کا حکم کیا جاوے گا جیسا بعض روایات میں اس کی ترجیح کی یہ علت فرمائی ہے کہ اہل کتاب نعال میں نماز نہیں پڑھتے لیکن یہ عارض متحقق نہیں بلکہ اصل علت کہ نہی عن التشبہ ہے، خود مقتضی منع کو ہے کیوں اس ہیئت میں تشبیہ ہے اب درایۃً وروایۃً اس میں کوئی اشکال نہ رہا۔ (۱۲ محرم ۱۳۳۲ھ / ج ۲ ص ۳۰۷ تا ۳۲۲)

## باب البیوع

### بائع سے مبیع کو جگہ تک پہونچانے کی شرط کے ساتھ بیع کرنا:

**سوال ⑤①:** یہاں دستور ہے کہ جب بقال سے ایک روپیہ زائد کا غلہ خریدا جاوے تو وہ مشتری کے مکان تک پہنچا دیتا ہے، یا مزدوری اس کی دیدیتا ہے، یہ بیع صحیح ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اصل قاعدہ سے بائع کا پہنچانا درست نہیں مگر جہاں عام عادت ہو جاوے وہاں تعامل کے سبب جواز کی گنجائش ہے، اور مزدوری دیدینا ایک تاویل سے جائز ہے، اور وہ تاویل حط ثمن ہے۔ (ق: ج ۳ ص ۲۲ / ج ۶ ص ۲۸۷)

### بعض صورتوں میں صفقہ کا جواز:

**سوال (۵۲)**: نہی عن صفقتہ فی صفقتہ کے ظاہری معنی کے لحاظ سے بعض امور ناجائز معلوم ہوتے ہیں، حالانکہ بکثرت خاص وعام میں شائع ہیں، مثلاً گھڑی کی مرمت کی ٹوٹے ہوئے پرزے کو نکال کر صحیح پرزہ لگادے گا، تو اس پرزہ کی تو بیع ہے اور لگانے کا اجارہ۔ (۲) چارپائی بنوانا اور بان اپنے پاس سے نہ دینا اس میں بان کی بیع ہے اور بننے کا اجارہ (۳) سقہ سے پانی لینا کہ جب اس نے کنوئیں سے پانی نکال کر اپنے ظروف میں لیا تو اس کی ملک ہوگیا سو پانی کی بیع ہوئی اور وہاں سے لانے کا اجارہ نیز بیع مالیس عندہ بھی ہے۔ (۴) کوئی زیور یا انگوٹھی جڑنے کو دینا یہ نگینوں کی بیع ہے، اور لگانے کا اجارہ وغیر ذلک من المعالات الرابحۃ؟

**الجواب**: تعامل کی وجہ سے بلانکیر شائع ہے، جو ایک نوع کا اجماع ہے، یہ سب معاملات جائز ہیں، پس نص عام مخصوص البعض ہے جیسا فقہاء نے صباغی وخیاطی میں اس کی اجازت دی ہے، کہ صبغ اور خیط صانع کا ہوتا ہے اور اس میں اجارہ بھی ہوتا ہے۔ (ق: ج/۳ ص/۶۳، ۶۴ / ج/۶ ص/۸۰،۷۹ ۳)

## صفائی معاملات:

**سوال (۵۳)**: صفائی معاملات ص/۱۷ سطر/۸ پر تحریر ہے، اسی طرح جس جگہ چاندی کو چاندی کے بدلے یا سونے کو سونے کے بدلے کم وزیادہ کر کے بیچتا ہو مگر حیلہ جواز کے لیے کم جانب میں ایک پیسہ یا ایک پائی مثلاً ملالیں کہ جس کی قیمت اس قدر نہ ہو جس قدر دوسری طرف زیادہ مال ہے یہ بھی مکروہ ہے، کذا فی الہدایۃ اور بہشتی زیور میں کسی جگہ درباب بیان سود یہ تحریر ہے کہ کم جانب پیسہ ملالیں یا دونوں شخص ایک ایک پیسہ ترازو کے پلڑے میں رکھ دیں تو جائز ہوگا، ان دونوں عبارتوں کا مطلب اور فرق کیا ہے؟

**الجواب**: اس میں تفصیل یہ ہے کہ بدلین کی قیمت عرفاً اگر متقارب ہو اس

رت تو یہ حیلہ جائز ہے، اور اگر متفاوت بتفاوت فاحش ہو تو ناجائز ہے، ہدایہ میں دوسری صورت ہے کما یدل علیہ قولی جس قدر دوسری طرف زیادہ مال ہے، اور بہشتی زیور میں پہلی صورت۔ (ق: ج/۳ ص/۷۴، ۷۵/ ج/۶ ص/۴۰۸)

## خوراک خریدنے کے لیے پیشگی قیمت دیدینا جمع بین العمل والصنع:

**سوال ۵۴**: مدرسہ میں طلبہ سے خوراکی جو لی جاتی ہے یہ کس عقد میں داخل ہے، آیا بیع ہے؟ تو پیشگی معاوضہ لینا کراہت سے خالی نہ ہوگا، یا کہ یہ استصناع ہے کسی اور عقد میں تو داخل ہونا دشوار معلوم ہوتا ہے، نیز گھڑی بنوانا، یا چارپائی بنوانا جن میں بیع اور عمل دونوں شامل ہیں، آیا ان کے جواز کی گنجائش ہے کہ استصناع میں داخل کر کے جائز کہہ دیا جاوے، اور بلا نکیر سب کا کرنا تعامل سمجھا جاوے گا، یا عقد فی عقد کے سبب سے منع کیا جاوے، آج کل بکثرت ایسے معاملات ہیں جن میں عقد فی عقد یا کہ بیع اور عمل دونوں شامل ہوتے ہیں؟

**الجواب**: طلبہ کی خوراکی بیع استجرار میں داخل ہے، شامی نے اس کے جواز میں مبسوط بحث لکھی ہے، اور فقہاء نے بیع اور عمل کے جمع کرنے کی بعض صورتیں متعارف لکھ کر اجازت دی ہے، یہ بھی اسی میں داخل ہے، جیسے خیاط کہ عمل اور تاگہ دونوں اس کے ذمہ ہوں، یا صباغ کہ عمل اور صبغ دونوں اس کے ذمہ ہوں۔ (۱۷/ جمادی الاولیٰ/ حوادث اول وثانی: ص/۲۳/ ق: ج/۳ ص/۹۲/ ج/۶ ص/۴۴۷)

## پھلوں کی بیع میں بعض رائج شرطیں:

**سوال ۵۵**: باغ کا غیر پختہ پھل کسی کو قیمت کر کے بیچ دیا جائے، اس شرط پر کہ پختہ ہونے تک پانی صاحب باغ دیا کرے گا، باقی پرداخت مشتری کرے گا، مدت معروفہ پختہ ہونے تک مہلت ہوتی ہے، یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: فی الدر المختار (وَإِنْ شَرَطَ تَرْكَهَا عَلَى الْأَشْجَارِ

Scanned by CamScanner

فَسَدَ) الْبَيْعُ كَشَرْطِ الْقَطْعِ عَلَى الْبَائِعِ حَاوِي. (وَقِيلَ:) قَائِلُهُ مُحَمَّدٌ. (لَا) يَفْسُدُ (إِذَا تَنَاهَتْ) الثَّمَرَةُ لِلتَّعَارُفِ فَكَانَ شَرْطًا يَقْتَضِيهِ الْعَقْدُ (وَبِهِ يُفْتَى) بَحْرٌ عَنِ الْأَسْرَارِ. الخ في ردالمحتار قبل القول المذكور تحت قوله وَأَفْتَى الْحَلْوَانِيُّ بِالْجَوَازِ لو الخارج اكثر بعد بحث طويل قُلْتُ: لَكِنْ يَخْفَى تَحَقُّقُ الضَّرُورَةِ فِي زَمَانِنَا وَلَا سِيَّمَا فِي مِثْلِ دِمَشْقَ الشَّامِ كَثِيرَةُ الْأَشْجَارِ وَالثِّمَارِ إلى اخر ما قال واطال۔ ج/۴ص/۵۹/ في الدرالمختار ولا بيع بشرط إلى قوله...... ولم يجر العرف به الخ.وفيه أَوْ (جَرَى الْعُرْفُ بِهِ إلى قوله اسْتِحْسَانًا لِلتَّعَامُلِ بِلَا نَكِيرٍ في ردالمحتار بعد كلام طويل وَمُقْتَضَى هَذَا أَنَّهُ لَوْ حَدَثَ عُرْفٌ فِي شَرْطٍ غَيْرِ الشَّرْطِ فِي النَّعْلِ وَالثَّوْبِ وَالْقَبْقَابِ أَنْ يَكُونَ مُعْتَبَرًا إِذَا لَمْ يُؤَدِّ إِلَى الْمُنَازَعَةِ۔

ان روایات سے معلوم ہوا کہ فی نفسہ یہ معاملہ خلاف قاعدہ ہے، لیکن اگر کہیں عرف عام ہوجاوے تو درست ہے، اور جو عرف عام نہ ہو درست نہیں۔

(۲۸/رمضان:۱۳۳۱ھ، تتمہ ثانیہ:ص/۷۹/ق:ج/۳ص/۹۶/ج/۶ص/۵۸،۴۵۶)

## پھل خریدنے والے سے کچھ مقدار جنس (پھل) کی مقرر کرنا:

**سوال (۵۶)**: کیا حکم ہے شرع شریف کا اس مسئلہ میں کہ لوگ اپنا باغ پھل ظاہر ہونے پر جس وقت فروخت کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ یہ قیمت لیں گے، اور اس قدر یعنی ہزار پانسو انبہ ہم لیں گے، خریدار اپنا سمجھوتہ بابتہ قیمت کر کے خرید لیتا ہے اور انبہ دینے پر بھی راضی ہوجاتا ہے، اب دریافت طلب یہ بات ہے کہ یہ انبہ لینے جائز ہیں یا نہیں، اگر ناجائز تو صورت جواز کیا، اور جائز ہے تو مطلقا یا کسی

Scanned by CamScanner

خاص درخت کے انبہ کی تعیین کرے، اکثر باغ والے اس صورت سے فروخت کرتے ہیں کہ ہم باغ سے خود تو کھا نہیں سکتے اس صورت سے کھا بھی لیتے ہیں، اور فروخت بھی کر دیتے ہیں، دیوبند کو لکھا تھا مفتی صاحب نے لکھا کہ تعداد انبہ ہزار پانچ سو کرے خاص درخت کی تعیین نہ کرے یہ جائز ہے، درمختار میں ہے حسب اتفاق مراد آباد کے نوجوان علماء یہاں ایک تقریب میں آئے انکے سامنے بھی ذکر ہوا تو انہوں نے فرمایا ناجائز ہے، بیع مجہول ہے، صفقہ فی صفقتین ہے، اس سے خلجان ہو گیا لہذا گذارش ہے کہ حضرت بھی اس کا جواب تحریر فرمادیں تا کہ کسی امر کا وثوق ہو جاوے۔ فقط

**الجواب:** اول اس عقد کی حقیقت سمجھنا ضروری ہے، سو اس میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ انبہ معہودہ کو بدل قرار دیا جاوے، یعنی مشتری بدل میں دو چیزوں کے دینے کا وعدہ کرے، ایک اتنا روپیہ دوسرا اتنا انبہ، یہ تو ظاہر ہے کہ ناجائز ہے، دوسرا احتمال یہ کہ اتنی تعداد کے انبہ بیع سے مستثنی سمجھے جاویں سو اس میں بھی یہ خدشہ ہے کہ اول تو انبہ مقدار میں متفاوت کوئی چھوٹا کوئی بڑا، اس میں نزاع کا احتمال دوسرے ممکن ہے کہ کل انبہ اتنے ہی پیدا ہوں، تو استثناء کہاں صحیح ہوگا، تیسرے جب مستثنی ہوا تو غیر مبیع ہوگا، پھر مشتری کے ذمہ اس کی حفاظت کیسے ہوگی، لیکن تعامل عام کے سبب یہ کہہ سکتے ہیں کہ جب عادۃً نزاع نہ ہو اور غالباً انبہ زیادہ ہو، تو جائز کہہ دیں گے، اور اگر کسی خاص درخت کو پورا مستثنی کر لیں تو اس کے جواز میں کوئی شبہ نہیں۔

(۲۲ ذیقعدہ: ۱۳۲۹ھ/ تتمہ خامسہ: ص ر ۱۹۸/ ق: ج ر ۳ ص ر ۹۷، ۹۸/ ج ر ۶ ص ر ۶۰ ۴)

## سکہ غالبہ کا عرف کے ساتھ مقید ہونا:

**سوال ۵۷:** مئو میں اکثر گورکھپوری پیسہ چلتا ہے، کبھی تو ایک روپے کا بیس گنڈہ ملتا ہے، تو ایک آنے کے پانچ پیسے ہوئے، اور کبھی اکیس گنڈے تو ایک آنہ

Scanned by CamScanner

کے ۵ لہ پیسے ہوئے، اور مئو کے خریداروں کا قاعدہ ہے کہ ہر صورت میں ایک آنہ کے پانچ پیسے دیں گے، اور کوڑی ہرگز نہ دیں گے، البتہ اگر تین دو کوڑے سے زیادہ کوڑی ہو جاوے تو ایک پیسہ مسلّم دیں گے، اور اگر اس سے کم ہو تو کچھ نہیں دیں گے، اور یہ بات درمیان بائع اور مشتری کے پنچائتوں میں طے ہو چکی ہے، ساتھ ہی اس کے اکثر بیچنے والوں کو بوجہ کوڑی نکل جانے کے افسوس ہوتا ہے، بعض دفعہ تو کچھ کہہ بھی دیتے ہیں، تو آیا اس کوڑی لینے سے معاوضہ قیامت کے روز کا باقی رہے گا یا نہیں، اور یہ سلب حق الغیر ہے یا نہیں، اور المعروف کالمشروط کے قاعدہ سے یہ بیع کیسی ہے؟

**الجواب:** اگر یہ عرف مشہور عام ہے، تو المعروف کالمشروط کے قاعدے سے یہ بیع اسی طریق کے ساتھ جائز ہے، اور کچھ مواخذہ نہیں، اور اگر مشہور عام نہیں ہے، تو قبل بیع اس کا ظاہر کر دینا واجب ہے۔ (۹ر شوال: ۱۳۳۲ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۱۳۷)

## مشتری مرجائے تو رقم بیعانہ کی واپسی:

**سوال ⑸⑻:** اب ایک اور بات دریافت طلب ہے کہ ایک شخص دانت تیار کرنے کو کہہ گیا اور پانچ روپیہ پیشگی بطور بیعانہ دے گیا تھا، اور دانت تیار ہونے پر آیا اور منہ میں لگوائے، مگر دانتوں میں ایک نقص رہ گیا تھا، دانت درست کرنے کی غرض سے پھر اتار لیے گئے، چنانچہ درست شدہ دانت لینے آنے سے پہلے وہ شخص فوت ہو گیا، اب اس جگہ کیا مسئلہ ہے، روپیہ وارثوں کو واپس کروں یا نہ کروں؟

**الجواب:** میرے نزدیک جب وہ بنے ہوئے دانت لے چکا اور وہ موافق فرمائش کے تھے اور ایسی خفیف کمی جو عرف کی موافق ہو موافقت فرمائش کے خلاف نہیں ہے، تو وہ بیع کامل ہو گئی، اور بنوانے والا دانت کا مالک ہو گیا، اس لیے بنانے والا بقیہ دام کا مستحق ہے، اور بقیہ کا وہ مطالبہ کرے گا۔ (قرب: ۱۳۳۸ھ/ ج ر ۳ ص ر ۱۴۱، ۱۴۲)

Scanned by CamScanner

## باب الوکالۃ

### توکیل مذکور میں وکیل کو کمی بیشی ثمن کا اختیار ہے یا نہیں:

**سوال ۵۹**: اور اسی مال کی قیمت میں اگر کمی بیشی کرنے کا اختیار بھی دے تو آیا یہ اختیار بھی حاصل ہو جاوے گا یا نہیں؟

**الجواب**: غبن یسیر کا اذن ہے یعنی جو عرف کے خلاف نہ ہو۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۳۱۵)

### مہتمم کا مدرس کی رعایت کرنا:

**سوال ۶۰**: جو مدرس مدرسہ باوجود تقرر اوقات تعلیم و تعلم میں وقت پورا نہ کرے یا بانی یا مہتمم یا سرپرست مدرسہ چشم پوشی کرے تو شرعا کتنا گناہ ہے؟

**الجواب**: متعارف چشم پوشی جائز ہے، زیادہ نا جائز ہے۔ (۲۰ ر جمادی الاولی: ۱۳۳۱ھ/ ج ر ۳ ص ر ۳۱۷)

### مدرسہ کا مہتمم چندہ دینے والوں کی طرف سے وکیل ہے اور زکوۃ کا روپیہ مدرسین کی تنخواہ میں صرف نہیں کرسکتا اور اس کے لیے حیلہ متعارف ناجائز ہے:

**سوال ۶۱**: مہتمم مدرسہ کا طلبہ کی جانب سے نائب ہے، یا معطی چندہ کی طرف سے وکیل ہے، اگر ثابت ہے تو قبضہ مہتمم کا خود طلبہ کا ہے، اس صورت میں ہر ایک طرح کا مال زکوۃ وغیر زکوۃ مخلوط کرنا اور مدرسہ کی ہر ایک ضرورت تنخواہ مدرسین وخرید کتب میں صرف کرنا جائز ہونا چاہیے، اور کسی حلیہ حوالہ کی ضرروت نہیں، مثل ولی صغیر کے ہوگا، اور اگر مہتمم معطی کا وکیل ہے تو بیچارے مہتمم کو بڑے تکلیف کا سامنا ہوگا، اس لیے کہ مدارس میں اکثر مال زکوۃ اور صدقہ واجبہ کا آتا ہے، اور ہر ایک مال علیحدہ رکھنا اور کسی طرح مخلوظ نہ کرنا نہایت مشکل ہے، اس سے برأت کی کیا شکل ہے، بعض جگہ جو یہ حیلہ کیا جاتا ہے کہ کسی ایک طالب علم کو دوسو پانچ سو روپیہ دیدیا، اور پھر وہ اس کو مدرسہ میں داخل کر دیتا ہے، کیا یہ حیلہ کافی ہے، اور اس سے ہر

ایک طرح کے مال مخلوط کرنا اور مدرسہ کی ہر ایک ضرورت میں صرف کرنا جائز ہوگا، یا مہتمم بعض وجوہ میں وکیل (جیسا کہ تذکرۃ الرشید کے ص: ۱۶۴، میں حضرت مولانا قدس سرہ کے جواب سے مفہوم ہوتا ہے) تو وجوہ نیابت و وکالت کی تعین فرمادیں کہ کس صورت میں مہتمم نائب ہے اور کس صورت میں وکیل ہے، **بینوا توجروا؟**

**الجواب:** ظاہراً مہتمم وکیل معطی کا ہے اس لیے اس کو مال زکوۃ تنخواہ وغیرہ میں صرف کرنا جائز نہ ہوگا، رہا مخلوط کرنا تو باذن مالکین جائز ہے اور جہاں مہتمم معتمد امین سمجھا جاتا ہے وہاں غالب عادت ناس سے یہی ہے کہ ایسے امور کا اذن ہوتا ہے، البتہ احتیاط یہ ہے کہ رقوم واجبۃ التملیک وغیر واجبۃ التملیک کو باہم مخلوط نہ کرے، اور اگر وکیل طلبہ کا بھی فرض کیا جاوے تو اس کے قبضہ کو مثل قبضہ طلبہ کے سمجھا جاوے گا، لیکن اگر طلبہ کے قبضہ میں یہ مال جاتا تو کیا وہ تنخواہوں وغیرہ میں صرف کرتے اسی مہتمم کو بھی بجز طلبہ کی خاص حوائج کے دوسری جگہ صرف نہ کرنا چاہیے، جس طرح امیر المسلمین نائب فقراء کا ہے، مگر بیت المال سے رقم زکوۃ دوسری مدات میں خرچ نہیں کر سکتا، اور یہ حیلہ متعارفہ لاشئ ہے، فقط۔ (۲۷/رمضان: ۱۳۲۹ھ/ ج/۳ ص/۱۶، ۳۱۵)

## کتاب الاجارۃ

### رضامندی کے وقت اجرت متعین نہ کرنے کا حکم:

**سوال (۶۲):** ہمارا کام جو سلائی کا ہے اگر کپڑا بغیر سلائی ٹھہرائے سی دیں، اور جو کچھ سلائی وہ دے اس پر خوش ہو جائیں وہ جائز ہے یا ناجائز؟

**الجواب:** جائز ہے، وقد ذکر الفقہاء نظیرہ عقد البیع بعد استھلاك المبیع والتاویل التاویل۔ (ق: ج/۳ ص/۴۰، ۳۴۱)

### رخصت کے دنوں میں تنخواہ کاٹنا:

**سوال (۶۳):** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید

Scanned by CamScanner

کو عمرو نے بمشاہرہ بیس روپے ماہوار پر ملازم رکھا، لیکن زید ملازم کو اپنی ضروریات کی وجہ سے رخصت کی ضرورت ہوئی، تو زید اپنے آقا عمرو سے اجازت حاصل کر کے گیا، جب مہینہ ختم ہوا اور تنخواہ ملنے کا وقت ہوا تو عمرو آقا نے زید ملازم کی تنخواہ سے ان ایام کی تنخواہ کہ جن ایام میں وہ اجازت حاصل کر کے گیا تھا، وضع کر لی، جب زید نے اس بارہ میں کچھ کہنا چاہا تو عمرو نے یہ جواب دیا کہ ہمارے یہاں سال میں ایک ماہ کی رخصت ملتی ہے، خواہ بیماری ہو یا شادی ہو یا غمی یا دیگر خانہ داری کی ضرورت ہو اس سے زیادہ رخصت نہیں مل سکتی، اور عمرو نے زید کو ملازم رکھتے وقت کوئی قاعدہ طے نہیں کیا، اور چند سال تک کسی قسم کی کوئی بات ظہور میں بھی نہیں آئی، لیکن چند سال کے بعد عمرو اسی زید کے ساتھ متذکرہ بالا قواعد کی پابندی شروع کر دی، جب زید نے عمرو آقا سے یہ عذر پیش کیا کہ سالہائے گذشتہ میں اس قاعدہ کا آپ نے کیوں نہیں برتاؤ کیا، تو عمرو نے یہ جواب دیا کہ ہم کو اختیار ہے اب ہم رعایت نہیں کرتے، جب ہم رعایت کرتے تھے یہ صورت شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** جائز ہے، اور رخصت کی تنخواہ دینا جب کہ کوئی شرط نہ ٹھہری ہو تبرع اور احسان ہے، البتہ اگر کچھ شرط ٹھہر جاوے یا ایسا عرف عام ہو کہ سب اس میں متفق ہوں کہ وہ بھی بمنزلہ شرط کے ہے، تو اس وقت اس شرط پر عمل کرنا واجب ہے۔ (۲۹: رجب/ ۱۳۳۱ھ/ ج/ ۳ ص/ ۳۴۹)

## مدرس کو بجائے کھانے کے اگر نقد روپیہ دیا جائے تو ایام رخصت میں بھی یہ روپیہ دیا جائے گا یا نہیں:

**سوال (۶۴):** ایک مدرس عربی کی دس روپیہ تنخواہ ہے، اور کھانا بھی مدرسہ کے ذمہ ہے، کھانے کی بدنظمی کی وجہ سے مدرس مذکور نے یہ درخواست کی کہ مجھ کو کھانے کی عوض نقد دیا کرو، اس کو اہل مدرسہ نے قبول کر کے تین روپے ماہوار مثلاً بغرض

Scanned by CamScanner

طعام معین کر دیا، اب بجائے دس کے تیرہ روپے مدرسہ دیتا ہے، اب مقصود سوال سے یہ ہے کہ جیسا قاعدہ مقررہ مدارس کا ہے کہ ماہ رمضان کی تعطیل میں مدرسین مکان کو چلے جاتے ہیں، ان کو تنخواہ ماہ رمضان المبارک کی مدرسہ سے دی جاتی، اب مدرس مذکور کو یہ تین روپے تنخواہ میں متصور ہوں گے یا نہیں، اور رمضان المبارک کی تنخواہ دس دیئے جائیں گے یا تیرہ؟

**الجواب:** اس کا مدار عرف پر ہے، جب کہ کوئی خاص تصریح نہ ہو، اور میرے نزدیک عرف یہ ہے کہ جب بجائے کھانے کے نقد اس طرح معین ہو جاوے کہ وہی مستقل ہو جاوے اس طور پر کہ پھر عود طعام کا احتمال بعید ہو جاوے تو مثل نقد دوسرے جزو تنخواہ کے ہو جاوے گا، اور ایام تعطیل میں بھی تیرہ روپے دیئے جاویں گے، البتہ اگر کسی شخص کو اس کے خلاف عرف محقق ہو جاوے تو اس کے موافق حکم ہو گا۔ (۱۸/رجب: ۱۳۲۷ھ)

## مقررہ وقت کے لیے سواری وغیرہ کرایہ پر دینے اور وقت سے پہلے واپس کر دینے کا حکم:

**سوال ⑥⑤:** بندہ نے ایک دوکان بائیسکل کی کھولی ہے، یعنی بائیسکلیں کرایہ پر چلتی ہیں، اور لوگ ۴/ فی گھنٹہ کے حساب سے بائیسکلیں بندہ سے لے جاتے ہیں، سو اگر کوئی شخص ۱۵/ منٹ میں مثلاً بائیسکلیں واپس لاوے تو اس سے ۴/ بندہ کو لینا جائز ہے یا ایک آنہ مفصل ارشاد ہو؟

**الجواب:** یا تو رواج ہو اس کے موافق کیا جاوے، یا اگر رواج معین نہ ہو تو وقت دینے کے کہہ دیا جاوے کہ گھنٹہ اور جزو گھنٹہ کا کرایہ مساوی ہے۔ (۲۲/ذی الحجہ: ۱۳۳۱ھ)

## مدرسین اور طلبہ بیماری کے دنوں میں تنخواہ اور وظیفہ کے حقدار ہیں یا نہیں:

**سوال (۶۶)**: کیا فرماتے ہیں کہ علماء دین اس مسئلہ میں کہ جو طلب اور مدرس مدرسہ اسلامیہ کے بیمار ہو جاویں ان کو ایام بیماری کی تنخواہ یا وظیفہ لینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: ظاہراً یہ سوال متعلق چندہ کے ہے، سو اصل یہ ہے کہ ایسے اموال میں تصرف کا جواز وعدم جواز معطین اموال کی اذن ورضاء پر موقوف ہے، اور مہتمم مدرسہ ان معطین کا وکیل ہوتا ہے، پس وکیل کو جس تصرف کا اذن دیا گیا ہے، وہ تصرف اس وکیل کو جائز ہے، سو جس مہتمم نے مدرسین کو مقرر کیا ہے اگر اس مہتمم کو معطین نے اس صورت کے متعلق کچھ اختیارات دیئے ہیں، اور مہتمم نے ان مدرسین سے اس اختیار کے موافق کچھ شرائط کر لئے ہیں، تب تو ان شرائط کے موافق تنخواہ لینا جائز ہے، اسی طرح جو اختیارات وظیفہ کے متعلق مہتمم کو دیئے گئے ہیں ان کے موافق اس کا دینا لینا بھی جائز ہوگا، اور اگر تصریحاً اختیارات وشرائط نہیں ہوئے، لیکن مدرسہ کے قواعد مدون ومعروف ہیں تو وہ بھی مثل مشروط کے ہوں گے، اور اگر نہ مصرح ہیں اور نہ معروف ہیں، تو دوسرے مدارس اسلامیہ میں جو معروف ہیں، ان کا اتباع کیا جاوے گا، اور اگر یہ آمدنی کسی وقف جائداد کی ہے تو اس کا حکم دوسرا ہے۔ فقط (۱۹ر صفر: ۱۳۳۷ھ/ ج ر ۳ ص ر ۳۴۷، ۳۴۸)

## باب القضاء

### عرف کے سبب ایلاء اور قاضی کے اس میں قسم لینے کا حکم:

**سوال (۶۷)**: میاں بیوی میں کسی وجہ سے تکرار ہوگیا، میاں نے حالت غصہ میں بیوی سے کہا کہ میرے گھر کا کھانا تجھ کو حرام ہے، اگر میں تیرے اوپر ازار بند کھولوں تو اپنی لڑکی پر ازار بند کھولوں اور اپنی ران پر ہاتھ مار کر کہا جا مردوں کے بھی بول ہیں، یہ مذکورہ بالا بیان عورت کا ہے، اور مرد اس بیان سے انکار کرتا ہے کہ میں نے نہیں کہا، فقط حالت غصہ میں یہ کہا تھا کہ میرے گھر کا کھانا تجھ کو حرام ہے،

اوراس میں میری کوئی نیت طلاق وغیرہ کی نہیں تھی، عورت کے پاس گواہ نہیں ہیں
دونوں میاں بیوی اگر کسی عالم کے پاس رجوع کریں تو کس طرح فیصلہ کرنا چاہیے
اگر عورت کا قول صحیح مانا جاوے تو مرد کا یہ کہنا کہ تجھ کو میرے گھر کا کھانا حرام ہے
اگر میں تیرے اوپر ازار بند کھولوں تو اپنی لڑکی پر ازار بند کھولوں، عورت کے حق میں
ایلاء ہوگا، یا طلاق، اس بارہ میں جو حکم شرعی شریف ہو اس سے مطلع فرمایا جاوے،
تاکہ اس کے مطابق ان کا فیصلہ کردیا جاوے، اور ان کو شرعی حکم سنایا جاوے کیا
البینة علی المدعی والیمین علی من انکر پر عمل کیا جاوے؟

**الجواب:** (وَمَنْ حَرَّمَ) أَيْ عَلَى نَفْسِهِ شيئا ثم فعله (كَفَّرَ) لِيَمِينِهِ، لِمَا تَقَرَّرَ أَنَّ تَحْرِيمَ الْحَلَالِ يَمِينٌ. إلى قوله (كُلُّ حِلٍّ أَوْ حَلَالِ اللهِ أَوْ حَلَالِ الْمُسْلِمِينَ (عَلَيَّ حَرَامٌ) (فَهُوَ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ. وَالْفَتْوَى فِي زَمَانِنَا عَلَى أَنَّهُ تَبِينُ امْرَأَتُهُ بتطليقة. في ردالمحتار. وَالْحَاصِلُ أَنَّ الْمُعْتَبَرَ انْصِرَافُ هَذِهِ الْأَلْفَاظِ عَرَبِيَّةً أَوْ فَارِسِيَّةً إِلَى مَعْنَى المتعارف بِلَا نِيَّة فِيهِ. فَإِنْ لَمْ يَتَعَارَفْ سُئِلَ عَنْ نِيَّتِهِ وَفِيمَا يَنْصَرِفُ بِلَا نِيَّةٍ لَوْ قَالَ أَرَدْتُ غَيْرَهُ لَا يُصَدِّقُهُ الْقَاضِي، وَفِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللهِ تَعَالَى هُوَ الْمُصَدَّقُ۔ (ج۳ص۹۵تا۱۰۰)

وفی الدر المختار وَأَلْفَاظُهُ (ای الایلاء) صَرِيحٌ وَكِنَايَةٌ وَفِي ردالمحتار عن الْبَحْرِ: لَوْ ادَّعَى فِي الصَّرِيحِ أَنَّهُ لَمْ يَعْنِ الْجِمَاعَ لَا يُصَدَّقُ قَضَاءً وَيُصَدَّقُ دِيَانَةً. الْكِنَايَةُ: كُلُّ لَفْظٍ لَا يَسْبِقُ إِلَى الْفَهْمِ مَعْنَى الْوِقَاعِ مِنْهُ وَيَحْتَمِلُ غَيْرَهُ. وَلَا يَكُونُ إِيلَاءً بِلَا نِيَّةٍ وَيُدَيَّنُ فِي الْقَضَاءِ وَفِيهِ عن الْمُنْتَقَى: لَا أَنَامُ مَعَكِ

Scanned by CamScanner

إيلاء بلا نية. وكذا لا ينقص فراجع إلى قول الشامي مؤيد
للمحقق أن الصراحة منوطة بالتبادر العرفي والمتبادر من
قوله: فلان نام مع زوجته هو الوطء الخ. (ش ج۲ ص ۹۰۰) ان
روایات سے تو اس جملہ کا (اگر میں تیرے اوپر آئی) معنی ایلاء ہونا ثابت ہوا کہ
عرفاً متبادر اس سے یہی ہے اور چونکہ عرفاً یہ صریح ہے، اس لیے متکلم اگر دعوی کرے
کہ صحبت کرنا مراد نہ تھا، تو قضاءً اس کی تصدیق نہ کی جاوے گی، البتہ اگر کسی جگہ عرفاً
اس سے یہ معنی متبادر نہ ہوں تو اس صورت میں قضاء بھی تصدیق کیا جاوے گا، اور اگر
کسی جگہ عرفاً یہ طلاق میں لزوماً مستعمل ہوتا ہو تو اس سے طلاق بائن ہو جاوے گی،
اگرچہ نیت نہ کی ہو، اور نیت خلاف کے دعوی میں قضاءً مصدق نہ ہوگا، اور اگر طلاق
وغیر طلاق دونوں میں مستعمل ہوتا ہو تو جس کی نیت کی ہو وہی ہوگا، خلاصہ یہ کہ اس
جملہ کے مفہوم کی تعیین کا مدار عرف پر رہا، پس اول اس کی تعیین کی جاوے، اس کے
بعد اگر زوجین میں سے ایک یعنی زوج انکار کرے اور زوجہ دعوی کرے اور دونوں
متفق و رضامند ہو کر کسی عالم کو حکم بناویں، تو وہ مثل قاضی کے ذیل کے موافق فیصلہ
کرے، اور اگر حکم نہ بناویں تو محض افتاء اس فیصلہ ذیل کے موافق نہ ہوگا، بلکہ اس کا حکم
روایات بالا کے ضمن میں جا بجا جو مذکور ہوا ہے وہ بتلا دیا جاوے گا، اور وہ فیصلہ بصورت
تحکیم یہ ہے کہ اگر مدعیہ بینہ پیش نہ کر سکے تو مدعی علیہ یعنی زوج سے حلف لیا جاوے گا،
اور اگر وہ حلف کرے تو حکم کر دیا جاوے گا کہ اس نے یہ جملہ نہیں کہا، اور اگر حلف سے
انکار کرے تو حکم کر دیا جاوے گا کہ اس نے کہا ہے، پھر بعد فرض اس تقدیر کے اس
جملہ کے مفہوم میں جو تفصیل لکھی گئی ہے اس کے موافق حکم کر دیا جاوے گا، والحلف
**لان الایلاء ومن الاشیاء التی اختلف فی التحلیف فیها وهی**
**النكاح والرجعة والفئ عن الایلاء والاستیلاء والرق**

اوراس میں میری کوئی نیت طلاق وغیرہ کی نہیں تھی، عورت کے پاس گواہ کوئی ...
دونوں میاں بیوی اگر کسی عالم کے پاس رجوع کریں تو کس طرح فیصلہ کرنا چاہیے،
اگر عورت کا قول صحیح مانا جاوے تو مرد کا یہ کہنا کہ تجھ کو میرے گھر کا کھانا حرام ہے،
اگر میں تیرے اوپر ازار بند کھولوں تو اپنی لڑکی پر ازار بند کھولوں، عورت کے حق میں
ایلاء ہوگا، یا طلاق، اس بارہ میں جو حکم شرعی شریف ہو اس سے مطلع فرمایا جاوے،
تاکہ اس کے مطابق ان کا فیصلہ کر دیا جاوے، اور ان کو شرعی حکم سنایا جاوے کیا
البینة علی المدعی والیمین علی من انکر پر عمل کیا جاوے؟

**الجواب:** (وَمَنْ حَرَّمَ) أَيْ عَلَى نَفْسِهِ شَيْئًا ثم فعله (كَفَّرَ) لِيَمِينِهِ. لِمَا تَقَرَّرَ أَنَّ تَحْرِيمَ الْحَلَالِ يَمِينٌ. إلى قوله (كُلُّ حِلٍّ) أَوْ حَلَالِ اللهِ أَوْ حَلَالِ الْمُسْلِمِينَ (عَلَيَّ حَرَامٌ) (فَهُوَ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ. وَالْفَتْوَى فِي زَمَانِنَا عَلَى أَنَّهُ تَبِينُ امْرَأَتُهُ بتطلقة. في ردالمحتار. وَالْحَاصِلُ أَنَّ الْمُعْتَبَرَ انْصِرَافُ هَذِهِ الْأَلْفَاظِ عَرَبِيَّةً أَوْ فَارِسِيَّةً إِلَى مَعْنَى المتعارف بِلَا نِيَّة فِيهِ. فَإِنْ لَمْ يَتَعَارَفْ سُئِلَ عَنْ نِيَّتِهِ وَفِيمَا يَنْصَرِفُ بِلَا نِيَّةٍ لَوْ قَالَ أَرَدْت غَيْرَهُ لَا يُصَدِّقُهُ الْقَاضِي. وَفِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللهِ تَعَالَى هُوَ الْمُصَدَّقُ۔ (ج/۳ص/۹۵تا۱۰۰)

وفی الدرالمختار وَأَلْفَاظُهُ (ای الایلاء) صَرِيحٌ وَكِنَايَةٌ وَفِي ردالمحتار عن الْبَحْرِ: لَوْ ادَّعَى فِي الصَّرِيحِ أَنَّهُ لَمْ يَعْنِ الْجِمَاعَ لَا يُصَدَّقُ قَضَاءً وَيُصَدَّقُ دِيَانَةً. الْكِنَايَةُ: كُلُّ لَفْظٍ لَا يَنْسَبِقُ إِلَى الْفَهْمِ مَعْنَى الْوِقَاعِ مِنْهُ وَيَحْتَمِلُ غَيْرَهُ. وَلَا يَكُونُ إِيلَاءً بِلَا نِيَّةٍ وَيُدَيَّنُ فِي الْقَضَاءِ وَفِيه عن الْمُنْتَقَى: لَا أَنَامُ مَعَكِ

متعلق جو اخراجات ہوتے ہیں ان کی قدر ان اہل مصالح سے وصول کرنا اسلامی مشروع ہے، اور دستک بھی اس میں داخل ہو سکتی ہے کہ یہاں لے لیا ہے وصول کیا، اور بالاذن اجرت میں قبضہ کر لیا ہے تو جواب تھا شاہی رقوم کی دستک کا، باقی ساہو کاروں اور جاگیرداروں کی رقوم کی دستک، وہ اس کلیہ مذکورہ میں تو داخل نہیں ہے، اب دیکھنا چاہیے کہ ان ساہوکاروں اور جاگیرداروں کا ان مکلفین سے کس عقد کا معاملہ ہوا ہے، اگر وہ معاملہ معاوضات میں سے ہے، مثل اجارہ کے تو اگر شرط یا عرف اس رقم دستک کو اس رقم اجارہ کا جزو بنانے کا ہو تب تو جائز ہے، بشرطیکہ تمام شروط اس عقد مثلاً اجارہ کے پائے جاویں جن میں سے ایک تعیین مقدار بھی ہے، یعنی مثلاً سال بھر میں پانچ روپے ایسی تعیین ہونا چاہیے اور یہ تعیین شرعاً صحیح نہیں کہ جب تک رقم وصول نہ ہو تب تک ۳ر تین یا ۴ر چار روزانہ یہ درست نہیں، اور اگر وہ جزو نہ بن سکے مثلاً عقد معاوضہ ہی نہ ہو تب جائز نہیں۔ (۱۲ر ربیع الاول: ۱۳۴۴ / ج ۴ ص ۸۷، ۸۸)

## بخیل پر وعید کے متعلق شبہ کا حل:

**سوال ۶۹**: بخل کی تعریف لکھتے ہیں کہ جو صرف شرعاً و مروۃً ضروری ہیں وہ کون سے ہیں، اس کے واسطے کوئی قاعدہ کلیہ جس سے جزئیات معلوم ہو جائیں حضور تحریر فرمائیں۔

دوم: جو شخص صرف مصارف شرعیہ ضروریہ بجا لائے وہ بخیل اور اس وعید اور مذمت کا جو قرآن و حدیث میں آتی ہیں، مورد ہے یا نہیں، اگر وہ بخیل اور مورد وعید ہے تو کیوں جو صرف مباح یا مستحب ہو اس کے ترک پر تو وعید اور مذمت نہیں، اور اگر مصارف مروۃ شرعاً بھی ضروری ہیں تو مروۃ کی قید کی کیا ضرورت؟

**الجواب**: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! مصارف جو مروۃ ضروری ہیں ان کا مدار

Scanned by CamScanner

عرف اور طبع سلیم پر ہے، اس کے سوا کوئی ضابطہ معلوم نہیں اور ایسے مصارف کا تارک بخیل تو ہے مگر یہ وہ بخل نہیں جس پر وعید ہے، البتہ برکات سخا سے ضرور یہ شخص محروم ہے۔ (۲۵/جمادی الاولیٰ ۱۳۳۱ھ/ج/۴ ص/۳۸۱)

## فقہاء کرام کے ید کے ذریعہ کل مراد نہ لینے پر ہونے والے شبہ کا جواب:

**سوال (۷۰)**: کوئی صاحب یہ فرماتے ہیں کہ ولا تلقوا الخ کے معنی یہ ہیں کہ تم باعث ہلاکت نہ بنو، اور یہ اس موقع پر ہے کہ صاحب کنز الدقائق یہ فرماتے ہیں کہ یداور رجل اور دبر کو بول کر تمام جسم مراد نہیں لے سکتے، اس پر یہ سوال عائد ہوسکتا ہے کہ ولا تلقوا آہ کے موقع پر ید بول کر تمام جسم مراد لیا ہے تو اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ اس کے معنی ولا تلقوا بایدیکم تک یہ ہیں کہ باعث مت بنو، اور الی التہلکہ کے معنی ظاہر ہیں، پس تمام آیت کے یہ معنی ہوئے کہ مت باعث ہلاکت بنو، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ آیا یہ معنی صحیح ہیں یا غیر صحیح؟ اطلاع دیجئے؟

**الجواب**: آیت کی یہ تفسیر صحیح نہیں، اور نہ اس سوال کا جواب اس پر موقوف ہے، بلکہ جواب یہ ہے کہ فقہاء کی یہ تفصیل اس قاعدہ میں باعتبار لسان کے نہیں تا کہ اہل لسان کے کلام میں واقع ہونے سے اشکال ہو، بلکہ باعتبار عرف بلد متکلم کے ہے، پس یہ کہنا کہ ید سے مراد ذات نہیں، مراد اس سے یہ ہے کہ عام میں متعارف نہیں، چنانچہ اگر عام میں متعارف ہو گا تو معتبر ہو گا۔ (کذا حققہ الشامی: ج/۲ ص/۱۵۷ / ۵/جمادی الثانی ۱۳۳۱ھ/ج/۴ ص/۳۸۷)

## باب العقائد

## اللہ تعالیٰ کے لیے ذوق ولمس اور شم کے عدم ثبوت کی وجہ:

**سوال (۷۱)**: یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جمیع اقسام معلومات کے منکشف ہیں، پھر باوجود اس کے اس کی کیا وجہ ہے کہ نصوص میں علم وبصر وسمع کو تو ان کے لیے ثابت کیا

Scanned by CamScanner

گیا ہے، مگر ذوق ولمس وشم کو ان کے لیے ثابت نہیں کیا گیا، حالانکہ مذوقات وملموسات ومشمومات کا بھی ان کو انکشاف ہے، اس کے لیے صرف علم کا اثبات کافی سمجھا گیا۔

**الجواب:** اصل مدار تو اس کا توقیف ہے لیکن خود اس توقیف کی حکمت میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ علم وبصر وسمع سے عرفاً استیلاء وعظمت کی شان سمجھی جاتی ہے، اس لیے ان سے تسمیہ کیا گیا، اور ذوق ومس سے کوئی عظمت نہیں معلوم ہوتی بلکہ خود ان کے مفہومات ایک گونہ انتفاع وتلذذ وافتقار پر دال ہیں، جو ایک قسم کی دناءت ہے اس لیے ان اشیاء کے ادراک کو ان اسماء سے موسوم نہیں کیا گیا۔ (ج ۶ ص ۴۲)

### اسماء الٰہیہ توقیفیہ کے علاوہ دوسری زبان میں تسمیہ وتوصیف کا جواز:

**سوال ⑥٢:** جب اسمائے الٰہیہ توقیفی ہیں جیسا اس کے قبل کے سوال وجواب میں محقق ہوا تو دوسری زبان کے لغات سے تسمیہ یا توصیف جائز نہ ہوگی، جیسے خدا اور پروردگار وغیرہما۔

**الجواب:** تعامل امت سے معلوم ہوا کہ مترادفین کا حکم یکساں ہیں، پس یہ لغات جب ترجمہ ہوں اسماء منقولہ بلسان شرع کا ان کا استعمال بھی جائز ہے، اور یمین وغیرہ میں یہ مثل اصل کے ہوں گے، یعنی جو لفظ اللہ کی قسم کا حکم ہے وہی لفظ خدا کی قسم کا حکم ہے۔ (ج ۶ ص ۴۳)

## باب البدعات

### بعض حرام اعمال کے متعلق بعض احکام شرعیہ کی وضاحت:

**سوال ⑥٣:** مسجد کے صحن میں اگر صحیح قبر موجود ہو اور مسجد کا صحن بڑھانے کی غرض سے اس کو زمین کے برابر کر کے قبر کا نشان مٹا دیا جائے تو ایسا جائز ہے یا کیا اور اس کا نشان مٹا کر صحن مسجد میں لے کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

**الجواب:** مسجد کے صحن میں اگر صحیح قبر موجود ہو اور مسجد کا صحن بڑھانے کے

Scanned by CamScanner

لیے اس قبر کو زمین سے برابر کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس کے لیے یہ دیکھنے کی ضرورت ہوگی کہ مالک زمین نے وہ جگہ جس میں قبر ہے مسجد کے لیے وقف کی تھی یا قبر کے لیے اگر اس کا صحیح حال معلوم ہو سکے تب تو اس کے موافق عمل کیا جاوے اور اگر وقف کی اصلیت کا پتہ حسب شرح صدر نہ مل سکے تو عام رواج کے موافق قیاس پر عمل کرنا ہوگا، اور عام رواج اور عمل یہی معلوم ہوتا ہے کہ زمین تو مسجد کے لیے وقف کی جاتی ہے، لیکن بعض لوگ تبرکاً احاطہ مسجد میں دفن ہونے کی متولیان مسجد سے اجازت لیتے ہیں، اگر یہی صورت ہو تو مسجد کا صحن بڑھانے کے لیے اس قبر کو زمین کے برابر کر دینے اور اس پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ زمین دراصل مسجد کی ہے، اور متولی یا کسی خادم مسجد کے اجازت سے کسی میت کے احاطہ میں دفن ہو جانے سے قبر کی جگہ مسجد کی ملکیت سے خارج نہیں ہو سکتی، بلکہ مسجد کی ملکیت اس پر بدستور قائم رہتی ہے، بہر حال اگر قبر کے لیے جداگانہ وقف کا ہونا ثابت نہ ہو تو عرف عام کے لحاظ سے وہ جگہ جس میں قبر بنی ہوئی ہے مسجد ہی کی سمجھی جاوے گی؛ اور گو کسی متولی سابق نے اس کے دفن کے لیے اجازت بھی دیدی ہو، لیکن متولیان حال اس قبر کو زمین کے برابر کر کے مسجد کی توسیع کے مجاز ہیں، اس لیے کہ جو چیز جس کام کے لیے وقف ہو اس کے سوا دوسرے کام میں لانے کا کوئی متولی مجاز نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

(ج ۵ ص ۳۳۱ تا ۳۳۸ / ۴ ربیع الاول: ۱۳۴۳ھ)

# توجیہ وتاویل پر مبنی حضرت تھانوی کے فتاوی

## کتاب الصلوٰۃ

### سورۂ نور میں رجال لا تلھیھم کے رجال پر وقف کی تحقیق:

**سوال (۴۳)**: سورۂ نور کے رکوع پنجم يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ ایک شخص نے لکھا ہے کہ رجال کے بعد سجاوندی نے وقف (ط) لکھا ہے، اور اکثر قرآن شریف مطبوعہ میں (لا) بنا ہے یہ غلط ہے، ابوبکر وغیرہ جو لوگ یسبح بصیغہ مجہول پڑھتے ہیں، ان کے نزدیک الاصال پر (ط) ہونا چاہیے، اور رجال پر لا اور جو معروف پڑھتے ہیں ان کے نزدیک رجال پر ط ہونا چاہیے، اور الاصال پر لا حفص کی قراءت میں رجال پر لا لکھنا غلط اور سہو کاتب ہے، میں کہتا ہوں کہ اگر اکثر قرآن شریف میں رجال پر لا لکھا ہے، اور بعض میں کچھ نہیں جو قریب المعنی ہے، لا کے اور تبادر معنی بھی مشعر ہے، کہ رجال پر حفص کے لیے وقف قبیح ہو جس کی علامت لا ہے، اس لیے جملہ لا تلھیھم صفت ہے، لہذا رجال پر وقف کرنے سے فصل بین الموصوف والصفت ہوگا، جو قبیح ہے اور آیت بھی نہیں ہے، پس رجال پر ط بنانا مناسب ہے، یا لا بہر حال تمام قرآن شریف مطبوعہ کا اتفاق مواقف قیاس کے معتبر ہوگا، اور رسالہ سجاوندی میں رجال پر وقف مطلق سہو کاتب یا اختلاف نسخہ وغیرہ کا محمول ہوگا یا رسالہ سجاوندی معتبر ہوگا؟

**الجواب**: میرے نزدیک دونوں توجیہ صحیح ہو سکتی ہیں مشہور مصاحف کی تقدیر پر تو ظاہر ہے، اور سجاوندی کی تقدیر پر اس طرح کہ رجال کو موصوف نہ کہا جاوے بلکہ بمعنی بعض کے لے کر کلام کو ختم کر دیا جائے، آگے جملہ استینافیہ بطور سوال کے کہا جاوے کہ وہ رجال کیسے ہیں، ایسے ایسے ہیں، فارتفع الاشکال۔

Scanned by CamScanner

(۱۲ر ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ/ ج ۱/ ص ۲۱۱)

**عطاء کی جگہ عذاب اور عذاب کی جگہ عطاء کے الفاظ پڑھنے سے فساد نماز کا حکم:**

**سوال (۷۵):** کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ الفاظ عطاء جو قرآن میں آیا ہے، وہ مواقع انعام و جزائے اعمال صالحہ میں آیا ہے، اگر کوئی شخص اس لفظ کو غلطی سے مواقع عذاب میں پڑھے تو نماز فاسد ہوگی یا نہ یا اعادہ نماز مستحب ہوگا یا نہ؟

**الجواب:** فی فتاوی قاضی خان وان تغیر المعنی بان قرأ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي جَحِيمٍ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي نَعِيمٍ او قرأ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ او قرأ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ أُولَئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا تفسد صلوته لانه اخبر بخلاف ما اخبر الله به چونکہ صورت مسئولہ میں بھی ظاہراً تغیر فاحش ہوگیا، لہذا اقتضاء قاعدہ کا فساد ہے، لیکن احقر کے نزدیک اس کی یہ تاویل ہوسکتی ہے کہ اس کو تہکم پر محمول کیا جاوے، جیسے فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ اور اس کا مقتضاء عدم فساد ہے، اول کا مقتضاء وجوب اعادہ ہے نہ کہ ثانی کا الاول احوط والثانی اوسع۔ (۲۱ر رمضان ۱۳۲۵ھ/ ج ۱/ ص ۴۴۳، ۴۴۴)

**مواضع غضب وعذاب میں ممانعت نماز اور اس کی حکمت:**

**سوال (۷۶):** کئی ایام سے ایک شبہ دل میں واقع ہو رہا ہے اب تک بدستور ہے اس لیے عرض کر کے حل چاہتا ہوں، وہ یہ کہ بندہ چونکہ ضعیف وناتواں ہے، ایک ضد سے تاثر کے وقت دوسری ضد کا تحمل نہیں کرسکتا، مگر حق تعالی چونکہ قادر مطلق ہیں وہ متاثر ومنفعل نہیں ہوتے، پھر مواضع غضب وعذاب میں جانے آنے یا نماز پڑھنے سے نہی کیوں فرمائی گئی ہے، چنانچہ اصحاب حجر کے متعلق ارشاد ہے،

لا تدخلوا علی هولاء القوم الا ان تکونوا باکین فان لم

تکونوا باکین فلا تدخلوا علیهم ان یصیبکم مثل ما اصابکم الحدیث. اس کی حکمت ارشاد فرمائی جاوے؟

**الجواب:** ایک توجیہ یہ خیال میں آئی تھی مگر اس احتمال پر کہ شاید کسی نے اس سے اچھی توجیہ لکھی ہو کتابوں کا مطالعہ کیا بحمد اللہ تعالیٰ فتح الباری میں تغیر الفاظ وہی توجیہ نکلی جو خیال میں آئی تھی، اس میں شبہ مذکورہ فی السوال کا جواب بھی ہے اس لیے اس کو نقل کر دینا کافی سمجھتا ہوں۔ فقال وَوَجْهُ هَذِهِ الْخَشْيَةِ أَنَّ الْبُكَاءَ يَبْعَثُهُ عَلَى التَّفَكُّرِ وَالِاعْتِبَارِ فَكَأَنَّهُ أَمَرَهُمْ بِالتَّفَكُّرِ فِي أَحْوَالٍ تُوجِبُ الْبُكَاءَ مِنْ تَقْدِيرِ اللّٰهِ تَعَالَى عَلَى أُولَئِكَ بِالْكُفْرِ مَعَ تَمْكِينِهِ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِمْهَالِهِمْ مُدَّةً طَوِيلَةً ثُمَّ إِيقَاعِ نِقْمَتِهِ بِهِمْ وَشِدَّةِ عَذَابِهِ وَهُوَ سُبْحَانَهُ مُقَلِّبُ الْقُلُوبِ فَلَا يَأْمَنُ الْمُؤْمِنُ أَنْ تَكُونَ عَاقِبَتُهُ إِلَى مِثْلِ ذَلِكَ وَالتَّفَكُّرُ أَيْضًا فِي مُقَابَلَةِ أُولَئِكَ نِعْمَةَ اللّٰهِ بِالْكُفْرِ وَإِهْمَالِهِمْ إِعْمَالَ عُقُولِهِمْ فِيمَا يُوجِبُ الْإِيمَانَ بِهِ وَالطَّاعَةَ لَهُ فَمَنْ مَرَّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يَتَفَكَّرْ فِيمَا يُوجِبُ الْبُكَاءَ اعْتِبَارًا بِأَحْوَالِهِمْ فَقَدْ شَابَهَهُمْ فِي الْإِهْمَالِ وَدَلَّ عَلَى قَسَاوَةِ قَلْبِهِ وَعَدَمِ خُشُوعِهِ فَلَا يَأْمَنُ أَنْ يَجُرَّهُ ذَلِكَ إِلَى الْعَمَلِ بِمِثْلِ أَعْمَالِهِمْ فَيُصِيبَهُ مَا أَصَابَهُمْ وَبِهَذَا يَنْدَفِعُ اعْتِرَاضُ مَنْ قَالَ كَيْفَ يُصِيبُ عَذَابُ الظَّالِمِينَ مَنْ لَيْسَ بِظَالِمٍ لِأَنَّهُ بِهَذَا التَّقْرِيرِ لَا يَأْمَنُ أَنْ يَصِيرَ ظَالِمًا فَيُعَذَّبَ بِظُلْمِهِ اھ (جلداول باب الصلوۃ فی مواضع الخسف والعذاب)

میری توجیہ کے یہ الفاظ ہیں کہ جس طرح مواضع طاعت میں نور ہوتا ہے، اور وہ نور حاصل ہوتا ہے طاعات پر اسی طرح مواضع معصیت میں ظلمت ہوتی ہے اور وہ

ظالمین سے مال ہو [illegible] پہنچا اور [illegible] سے [illegible]
ظلمات و معصیت کا اور اس پر [illegible]
سے مانع ہو جاتا ہے [illegible] ظالمین کو اپنے اعمال سے سبب ہوگی [illegible]
ان کے اعمال سے ولعل هذا العنوان اسهل فكان في قوله عليه الصلوٰة والسلام ان يصيبكم مثل ما اصابهم دون ان يقول يصيبكم ما اصابهم اشارة واضحة إلى ذلك والله اعلم۔ (۲ محرم ۱۳۵۶ھ/ ج/ ۱ص/ ۲۲۵، ۲۲۶)

## باب الزکوٰة والصدقات

**نوٹ کے ذریعہ زکوٰۃ صرف اس وقت ادا ہوگی جب کہ مسکین اس نوٹ کو نقد کرے یا اس جیسی کوئی چیز خریدے:**

**سوال (۷۷):** زکوٰۃ میں نوٹ دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟ اسی طرح دوسری رقوم واجب التملیک مثل فدیہ صلوٰۃ وصوم وغیرہ۔

**الجواب:** چونکہ وہ مال نہیں محض سند مال ہے، اس لیے نوٹ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی اور یہی حکم ہے دوسری رقوم واجب التملیک کا، بلکہ ان صورتوں میں زکوٰۃ وغیرہ ادا ہو جاتی ہے۔

(الف) یا تو خود مسکین کو نقد دے یا کوئی چیز از قسم مال اتنی قیمت کی دے کر۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک زکوٰۃ غیر جنس سے بھی ادا ہو جاتی ہے۔

(ب) یا مسکین کو نوٹ دیا، اور اس مسکین سے اس کو نقد یا کسی جنس کے بدلے فروخت کر کے اس نقد یا جنس پر قبضہ کر لیا، اب قبضہ کے وقت زکوٰۃ وغیرہ ادا ہو گئی اور اگر یہ دونوں صورتیں نہ ہوئیں مثلاً اس مسکین کے پاس سے وہ نوٹ ضائع ہو گیا یا اس نے اپنے قرض میں کسی کو دے دیا ان صورتوں میں زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی۔ (۵ صفر

۱۳۳۷ھ/ج/۲ص/۱۰۵)

**بدون تملیک رقوم زکوۃ کی ادائیگی درست نہیں:**

**سوال (۷۸):** (دوم) زرزکوۃ تعلیم اطفال مسلمانان میں صرف کرنا درست ہے یا نہیں، عام اس سے کہ تعلیم علوم دینی ہو یا دنیوی مثلاً زکوۃ دینے والے کو محض ہمدردی قومی اور حب اسلامی سے یہ مقصود ہے کہ مسلمان جو بوجہ عام عدم حصول ان علوم میں ماہر ہو جائیں اور ان پر نوکری گورنمنٹ اور معاش کا دروازہ کھل جائے، اور اس ذریعہ سے ان کی ہلاکت و تنگدستی دور ہو پھر حاجات دنیوی سے فارغ البال ہو کر اگر توفیق ایزدی رفیق ہو تو ان سے دینی امور کی امداد کی بھی امید ہے، پس زرزکوۃ بے مایہ اطفال کے خورد ونوش کتابوں کی خرید یا معلموں مدرسوں و ماسٹروں کی تنخواہ یا مدرسہ کی تعمیر یا ضروری سامان نشست و برخاست واسباب استراحت اطفال واہل مدرسہ میں صرف کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** اداء زکوۃ میں چونکہ تملیک شرط ہے، لہذا مصارف زکوۃ میں صرف کرنے سے زکوۃ ادا نہیں ہو سکتی، البتہ جواز کا یہ حیلہ ہے کہ اولاً کسی مستحق کی تملیک کر دی جاوے، پھر وہ اپنی طرف سے ان مصارف میں صرف کر دے، لیکن اس مستحق کو صرف نہ کرنے کا بھی اختیار ہے، (یصرف إلى كلهم او بعضهم تمليكا لا الى بناء مسجد و كفن ميت وقضاء دينه وثمن ما يعتق لعدم التمليك وهو الركن وقدمنا ان الحيلة ان يتصدق على الفقير ثم يأمره ان يفعل هذه الاشياء وهل له ان يخالف امره لم اره والظاهر نعم. والله اعلم (ج/۲ص/۲۰)

**کمپنی میں جو روپیہ لگائے اصل و نفع پر زکوۃ کا حکم:**

**سوال (۷۹):** زید نے ایک میل کمپنی کے حصے خریدے ایک حصہ ۷۰۰/ میں

خریدا آج وہ حصہ ۴۰۰ر میں بکتا ہے، اصل حصہ سو روپیہ کا ہے، اس کی آمدنی سالا
کبھی سو کبھی زیادہ ہے، زید زکوۃ کس طرح دے اور مفصل گزارش یہ ہے کہ
یعنی عمارت اور اس کی مشینیں سانچے وغیرہ یہ کل ۲۵ر لاکھ روپیہ کی ہیں، اور روپیہ
۲۵ر لاکھ ہیں، زید کے حصہ میں اگر یہ جائداد اور روپیہ جمع ہوا تقسیم ہوئے تو دو سو
روپے آنے کی امید ہے، یہ تو جواب ہے اب بندہ پھر تفصیل سے عرض کرتا ہے
شروع کمپنی جب ہوئی تو ایک حصہ ایک سو روپیہ کا تھا ایسے دس ہزار حصے کے خریدار
لوگ ہوئے، جس سے دس لاکھ روپیہ جمع ہوگیا، اس کی ایک عمارۃ بنائی اور کچھ مشینیں
لاکر اس میں نصب کر دی گئیں، پہلے سال میں پہلے خریدار سے عمر نے خرید لیا،
دوسرے سال بیس روپے ایک حصہ جو کہ ۱۰۰ر سو کا تھا اس پر تقسیم کئے جس کی وجہ
سے حصہ کی قیمت ۳۰۰ر تین سو کی ہوگئی، عمر سے ایک حصہ بکر نے ۳۰۰ر میں خریدا
ایسے ہی زیادہ نفع ہونے سے قیمت بڑھ گئی، اور بکر سے خالد نے ۴۰۰ر میں خریدا
پھر خالد سے زاہد نے ۶۰۰ر سو میں پھر زاہد سے اب زید نے ۷۰۰ر سو میں خریدا،
اب اس سال وہی حصہ ۴۰۰ر سو میں بکتا ہے، سرمایہ اور عمارت وغیرہ جمع کی
جاوے تو زید کو ۲۰۰ر سو روپے حصہ میں آسکتے ہیں، اور سالانہ نفع کبھی سو روپے کبھی
دو سو روپے کبھی ڈیڑھ سو روپے اب سوال یہ ہے کہ آمدنی سالانہ پر زکوۃ دے یا
سرمایہ وجائدا کی قیمت کر کے جو حصہ جس قدر زید کے حصہ میں آوے اس مقدار پر
زکوۃ دے، یا اصل حصہ سو کا تھا اس مقدار پر زکوۃ دے، یا آج کل اس کی قیمت
۴۰۰ر سو کی ہوگئی ہے اس مقدار پر زکوۃ دے تحریر فرمادیں۔

**الجواب:** جواب سے پہلے یہ مقدمات سن لینا چاہئیں۔

(۱) تجارت کی اصل اور نفع دونوں پر زکوۃ واجب ہے۔

(۲) عمارات وآلات حرفہ پر زکوۃ واجب نہیں۔

Scanned by CamScanner

(۴) مال حرام پر اگر وہ اپنی ملک میں مخلوط ہو جاوے زکوۃ ہے، مگر بقدر حق غیر دین ہونے کے سبب زکوۃ سے مستثنیٰ ہو جاوے گا۔

ان مقدمات کے اب سمجھنا چاہیے کہ ابتدائی شرکت میں اصل شریک کا جو مثلاً ۱۰۰/روپیہ کا تھا، اس میں سے کچھ حصہ تو عمارات وآلات میں لگ گیا، اس کی زکوۃ واجب نہیں، اور کچھ حصہ تجارت میں لگا اس پر مع نفع کے زکوۃ واجب ہوئی، خواہ وہ نفع پورا اس شریک کو مل گیا خواہ کچھ تقسیم ہو کر بقیہ سرمایہ میں شامل ہو گیا، مثلاً سو روپے میں بیس تو عمارات وآلات میں لگ جاویں اور اسی تجارت میں لگ جاویں، اور اس ۸۰/اسی پر پندرہ روپیہ نفع ہو جس میں سے دس تو شریک کو ملے اور پانچ سرمایہ میں داخل کر دیئے گئے، اب زکوۃ ۹۵/روپیہ پر واجب ہوگئی، پھر جب یہ حصہ مثلاً کسی نے خریدا تو حقیقت عقد کی یہ ہوگی کہ ۸۵/روپے تو ۸۵/روپے کے عوض ہو گئے، اور ایک سو پندرہ روپے حصہ آلات وعمارات کے عوض میں، کیوں کہ بدون اس تاویل کے یہ بیع جائز نہ ہوگی، اب شبہ رہا تقابض کا سو آلات وعمارات کے حصہ میں تو تقابض شرط ہی نہیں، اب حصہ پچاس کا رہا سو بیع صرف کی بناء پر تو تقابض فی المجلس ضرور تھا، جو یہاں ممکن نہیں، اس لیے اس کی صحت کا یہ حیلہ ہو سکتا ہے کہ جو شخص صورۃ وعرفا بائع ہے وہ مشتری کے حصہ سے پچاسی روپے قرض لے لے، پھر اس پچاسی روپے کا حوالہ اس پچاسی روپے پر کر دے، جو کہ کارخانہ میں اس کے امین یعنی منیجر کے قبضہ میں ہے، اور اب اس کو یہ مشتری اپنی طرف سے وکیل وامین بناتا ہے، پس حوالہ مع قبض الامین سے وہ ۸۵/روپے اس مشتری کے حصے کی ملک میں آ گیا، اور معاملہ مکمل ہو گیا، اب یوم ملک سے حولان حول ہونے پر حساب کرنے سے دیکھا جائے گا کہ علاوہ آلات وعمارات کے کل سرمایہ کتنا ہے، اور اس ۸۵/روپے والے کا اس میں اصل اور نفع ملا کر کتنا ہے، اس مجموعہ پر زکوۃ

Scanned by CamScanner

واجب ہوگی اور اس قیمت کا اعتبار نہ ہوگا، جس کے عوض میں یہ حصہ خریدا ہے، اسی طرح اگر یہ حصہ کسی اور سے خریدا ہی تفصیل و تاویل احکام کی اس میں ہوگی، اور اگر بلا اس تاویل کے خریداری ہوئی تو اگر قیمت کی مقدار حصہ سے زائد ہے، تو گو یہ عقد ناجائز ہے، مگر اس حصہ میں کسی کا حق نہیں، اس لیے زکوۃ صرف حصہ میں ہوگی، اور اگر قیمت کی مقدار حصہ سے کم ہے، تو عقد بھی ناجائز ہے، اور زائد حصہ دوسرے شخص یعنی بائع کا حق ہے، مگر چونکہ اس مشتری کے قبضہ میں اور اس کی ملک میں مخلوط ہے اس لیے زکوۃ مجموعہ میں ہوگی، مگر بقدر حق مذکور کے یہ شخص مدیون ہے، اس لیے اس حیثیت سے یہ مقدار زکوۃ سے مستثنیٰ ہوگی، البتہ اگر صاحب حق معاف کردے تو پھر باوجود خبث مال کے بوجہ دین نہ ہونے کے پھر مجموعہ پر زکوۃ ہوگی، اور یہ بائع حربی ہے، تو بناء بر روایت اباحت زیادہ من الحربی یہ زائد حصہ حق غیر بھی نہ ہوگا، امید ہے کہ تقریر سے سوال کے سب اجزاء کا جواب ہوگیا۔ واللہ اعلم۔ (۳/شوال: ۱۳۳۹ھ/ ج/۲ ص/۲۰ تا ۲۲) دوسرے علماء کو دکھلا لینا یا خود غور کر لینا بھی ضروری ہے۔

## ایک مشترک چیز نا قابل تقسیم کا حصہ زکوۃ میں دینا:

**سوال ⑧٠**: مدرسہ دیوبند میں ایک پریس آہنی ۲۲+۲۹ ڈبل کی ضرورت ہے، میرے پاس موجود ہے، ۱۳۰/روپیہ اس پر لاگت میری ہے، ایک وقت ۱۴۰/روپے ایک صاحب اس کے دیتے تھے، میرے یہاں وہ بوجہ کام کم ہونے کے خالی ہے، اگر غرض مندا آجاوے تو ۲۵۰/تک فروخت ہوسکتا ہے، اگر اسے اس صورت سے دوں کہ کچھ روپیہ نقد لے لوں اور کچھ روپیہ بمد زکوۃ مدرسہ میں دیدوں تو زکوۃ کتابوں کی ادا ہوجائے گی؟

**الجواب:** بدون تملیک مسکین کے زکوۃ ادا نہ ہوگی، اگر حصہ غیر مبیعہ کو ان پر وقف کیا، تب تو زکوۃ ادا ہوگی، اور اگر مالک مطبع کو بلا قیمت دیا تو ان کا مسکین ہونا

Scanned by CamScanner

شرط ہے، اس کی تحقیق کیجئے صرف یہ صورت ہو سکتی ہے کہ خود یا بذریعہ وکیل معتمد کے وہ حصہ غیر مبیعہ کسی مسکین کو ملک کر دیجئے پھر اس مسکین سے صاحب مطبع خرید لیں خواہ مسکین ایسا طالب علم ہو جس کو بقدر قیمت اس حصہ کے نفع مالی پہونچانا مقصود ہو پھر خواہ ایک ہو یا متعدد۔ (۲رصفر: ۱۳۳۲ھ/ ج ر ۲ ص ر ۴۰)

## کتاب النکاح

### زوجہ سے یہ شرط کرنا:

**سوال (۸۱)**: زید نے کہا کہ اگر نکاح کروں میں کسی عورت سے بعد نکاح کے ان پر طلاق ہے، اس صورت میں نزدیک حنفی کے طلاق واقع ہوگا یا نہیں، باوجود ایسے کہنے کے وہ بغیر نکاح کے زنا میں مبتلا ہونے کا نہایت اندیشہ ہے، اس حالت میں نزدیک حنفی کے کوئی صورت ہے یا نہیں اور اگر نہیں تو دوسرے امام کی تقلید جائز ہے یا نہیں؟

**سوال (۸۲)**: زید نے کسی عورت سے نکاح کرنے کے بعد اس سے اس طرح وعدہ کیا کہ تمہاری وفات کے بعد اگر کسی سے میں نکاح کروں تو اس پر طلاق ہوگا، اس صورت میں اس کی منکوحہ کا انتقال ہوگیا اور زید کو بغیر نکاح کے زنا میں مبتلا ہونے کا نہایت اندیشہ ہے اس حالت میں اس کو کسی سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں، نزدیک حنفی کے اور اگر نہیں تو کسی دوسرے امام کی تقلید جائز ہے یا نہیں؟ **بینوا توجروا۔**

**الجواب**: دونوں سوالوں کا جواب ایک ہی ہے وہ یہ کہ ان تینوں صورتوں میں حنفیہ کے نزدیک نکاح کرتے ہی طلاق واقع ہوجاوے گی لیکن اگر کسی شخص کو اس قدر غلبہ شہوت کا ہو کہ بدون نکاح زنا کا اندیشہ ہو تو اس کو جائز ہے، شافعیؒ کے مذہب پر عمل کر لے بعد تحریر یہاں یہ صورت ہو سکتی ہے کہ فضولی اس شخص کا نکاح کر دے اور یہ شخص اس کو اجازت بالقول سے نافذ نہ کرے بلکہ اس عورت سے جا کر صحبت کرے اس سے وہ نکاح نافذ ہوگا۔ (۲۱رذیقعدہ: ۱۳۳۰ھ/ ج ر ۲ ص ر ۲۹۲،۹۱)

Scanned by CamScanner

## باب الطلاق

### بیان حیلہ نکاح جب کہ یہ حلف کرے کہ اگر کسی عورت سے نکاح کروں تو اس کو طلاق:

**سوال (۸۳):** مندرجہ ذیل مسئلہ میں حکم شرعی جو ہو تحریر فرمایا جاوے ایک شخص نے ایسی عورت کو طلاق دیتے ہوئے یہ کہا کہ تجھے طلاق ہے اور اگر کسی اور عورت سے نکاح کروں تو اس کو بھی طلاق ہے یا یوں کہا کہ اگر چار یا پانچ (عدد مطلق کے یہاں بھی یاد نہیں) اور کروں تو ان کو بھی طلاق ہے ایسی حالت میں جب کہ اس شخص کو یہ یاد نہیں کہ ان دونوں قولوں میں سے اس نے کون سا قول اختیار کیا اگر وہ نکاح ثانی کرنا چاہے تو اس کے جواز کی کیا صورت ہوگی؟

**الجواب:** جب جواز کی صورت ہر حال میں نکل سکتی ہے، اس لیے کسی خاص قول کے یاد کرنے یا اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہر صورت میں اس تدبیر پر عمل کر کے نکاح ثانی ثالث رابع کر سکتے ہیں وہ صورت یہ ہے کہ نہ خود نکاح کرے نہ کسی کو نکاح کا وکیل بناوے بلکہ کسی فہیم آدمی کے سامنے یہ کہے کہ میں نے ایسا حلف کر لیا ہے، اور مجھ کو نکاح کی حاجت ہے اور اس کے جواز کی یہ صورت ہو سکتی ہے، کہ کوئی شخص اگر بلا میری اجازت کے میرا نکاح کر دے اور پھر مجھ کو خبر کر دے اور میں اس کو سن کر اس کو جائز رکھوں تو نکاح درست ہو جائے گا اور طلاق واقع نہ ہوگی اور یہ مضمون سن کر کوئی شخص یہی عمل کرے اور یہ شخص سن کر جائز رکھ دے تو طلاق واقع نہ ہوگی۔

دلیل المسئلة مافی ردالمحتار ونصه فِي الْبَحْرِ عَنْ الْبَزَّازِيَّةِ: وَالتَّزَوُّجُ فِعْلًا أَوْلَى مِنْ فَسْخِ الْيَمِينِ فِي زَمَانِنَا. وَيَنْبَغِي أَنْ يَجِيءَ إلَى عَالِمٍ وَيَقُولَ لَهُ مَا حَلَفَ وَاحْتِيَاجَهُ إلَى نِكَاحِ الْفُضُولِيِّ فَيُزَوِّجُهُ الْعَالِمُ امْرَأَةً وَيُجِيزُ بِالْفِعْلِ فَلَا

Scanned by CamScanner

يَحْنَثُ، وَكَذَا إِذَا قَالَ لِجَمَاعَةٍ لِي حَاجَةٌ إِلَى نِكَاحِ الْفُضُولِيِّ فَزَوَّجَهُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ. أَمَّا إِذَا قَالَ لِرَجُلٍ اعْقِدْ لِي عَقْدَ فُضُولِيٍّ يَكُونُ تَوْكِيلًا اهـ (باب التعليق من كتاب الايمان تحت قول الدر المختار بل افتاء وعدل الخ۔(۲۸/رجب:۱۳۵۰/ ج/۲ص/۴۵۹)

## باب الحدود

### مدارس کے جرمانہ کا حکم:

**سوال ۸۴:** انگریزی قانون کے مطابق اگر طلبہ سے کوئی غلطی مثلاً غیر حاضری وغیرہ سرزد ہوجائے تو جرمانہ لیا جاتا ہے، کیا یہ معاملہ درست ہے؟

**الجواب:** حنفیہ کے نزدیک بلا تاویل جائز نہیں ہے، مگر اس صورت میں یہ تاویل ہوسکتی ہے کہ اس مہینہ میں جرمانہ کی مقدار کے برابر عمل کی اجرت زائد مقرر کردی جائے۔(۴/ربیع الثانی:۱۳۳۱ھ/ ج/۲ص/۵۳۶)

### معاہدہ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کا حکم:

**سوال ۸۵:** میں نے حصول معاش کے لیے ایک چھوٹی سی مشین آٹا پیسنے والی لگائی ہوئی ہے اس پر دو ملازم کام کرنے کے لیے رکھے ہوئے ہیں، ان میں سے اگر کوئی یک لخت بغیر مجھے اطلاع دیئے نوکری چھوڑ دے تو مجھے ذیل کی تکالیف کا سامنا ہوتا ہے۔

(۱) کچھ وقت کے لیے کام رک جاتا ہے۔(۲) سردست آدمی تلاش کرنا پڑتا ہے۔

(۳) جلدی اگر ملازم تلاش کر کے رکھا جاوے تو گاہے گراں یا خلاف مرضی ملتا ہے۔

(۴) آدمی ملازم اگر نہ ملے تو مجبوراً روزانہ مزدوری پر مزدور لگانا پڑتا ہے، جو مقررہ ماہوار تنخواہ سے گراں پڑتا ہے۔(۵) چونکہ مزدور یا ملازم جدید کام سے ناواقف ہوتا ہے اس لیے مجھے خود اس کو سکھانے اور نیز کل کام کی طرف مزید غور رکھنے کی

ایک عرصہ تک ضرورت رہتی ہے جس سے مجھے خود زیادہ تکلیف ہوتی ہے وغیرہ۔

الغرض ان واقعات کو دیکھ کر میں اب جو ملازم نیا رکھتا ہوں تو اس سے یہ یا اس طرح کا عہد کر لیتا ہوں کہ جب تمہارا ارادہ یہ ملازمت چھوڑ دینے کا ہو تو اس سے پندرہ دن پہلے مجھے اس کی بابت اطلاع دینا تا کہ میں اپنا اور انتظام کر لوں، اور اگر تم یک لخت بغیر اطلاع دینے کے ہٹ گئے تو چونکہ اس سے میرا حرج ہوتا ہے اس لیے یہ جرمانہ ایک روپیہ یا دو روپیہ (جو زبانی مقرر کر لیتا ہوں) اس یک لخت ہٹ جانے سے جو تکلیف اور حرج مجھے پہنچے گا اس کے عوض تم سے لوں گا جس کو ملازم تسلیم کرے تو یہ مقررہ جرمانہ اس سے یعنی ملازم سے مجھے لینا جب کہ وہ اپنے عہدہ پر قائم نہ رہے یک لخت ہٹ جاوے جس سے مجھے تکلیف اور حرج پہنچے جائز ہے یا نہیں؟

**نوٹ:** ہر بار حرج کا اندازہ کہ اس ملازم کے یک لخت ہٹنے سے مجھے کس قدر حرج پہنچا ہے، ایک نہایت دشوار امر ہے سب سے زیادہ مشکل مجھے وہ ہوتی ہے جو میں نے ۵ر میں بیان کی اور ساتھ ہی بقیہ مشکلات بھی جو سابق عرض کر دی گئیں تو اس حرج میں نظر عمیق کرنے کے بجائے میں نے یہ آسان امر دیکھا کہ ایک تعداد جرمانہ کی مقرر کر کے آپس میں عہد کر لیں اور فریقین تسلیم کر لیں اگر یہ صورت جائز نہ ہو تو اور جس طرح جائز ہو اس سے مجھے مطلع فرما دیں تا کہ اس طرح عملدرآمد کر لوں؟

**الجواب:** چونکہ تعزیر بالمال حنفیہ کے نزدیک منسوخ ہے، یہ اس لیے بھی اور نیز اس فعل کا ماعلیہ التعزیر ہونا بھی صریح نہیں اس لیے بھی یہ قواعد کی رو سے ناجائز اور رشوت ہے مگر ضرورت کے سبب ایک حیلہ سے اس میں ایک خاص گنجائش ہو سکتی ہے، وہ یہ کہ فقہاء نے دو مختلف صورتوں میں دو مختلف اجرتیں مقرر کرنے کو جائز لکھا ہے، سو اگر یوں کہہ لیا جاوے کہ اگر ٹھیک ٹھیک موافق معاہدہ کے کام کرتا ہے اور نوکری بھی اگر چھوڑی تو موافق معاہدہ چھوڑی تب تو تمہاری اجرت تمام ایام

کی اس حساب سے ہوگی، مثلاً دس روپے ماہوار ہوگی، تو حاصل وہی نکل آیا اور قواعد منطبق ہوگا، احتیاطاً دوسرے علماء سے بھی تحقیق فرمالیجئے۔ (قرب: ۷/۱۳۳۲ھ/ ج ۲ ص ۵۳۹ تا ۵۴۱)

## طالب علم کی غیر حاضری پر جرمانہ کا حکم:

**سوال (۸۴):** ایک مدرسہ میں قاعدہ ہے کہ جب کوئی طالب علم وہاں داخل ہوتا ہے تو مہتمم مدرسہ اس کے وارث سے یا اس سے کہتا ہے کہ یہ بچہ یا تم اگر غیر حاضر ہوگے یا کوئی تقصیر کروگے تو تم آدھ آنہ یا زیادہ حسب قواعد مدرسہ علاوہ وظیفہ معہودہ کے بطریق جرمانہ دینا ہوگا اور اس واسطے ہے کہ تم خود حاضری ہونے یا اپنے بچہ کے حاضر کرنے میں غفلت نہ کرو، اور یہ بھی کہہ دیتا ہے کہ یہ زر جرمانہ ہم نہیں کھاسکتے بلکہ بچوں کے حوائج مثلاً فرش وغیرہ میں صرف کردیتے ہیں اس ذرا سی قید پر بہت فائدہ مرتب ہوتا ہے کہ بچے غیر حاضر نہیں ہوتے مگر بضرورت اور باجازت اور تعلیم و تعلم کا کام چستی و چالاکی سے ہوتا ہے اس قاعدہ میں کوئی قباحت شرعیہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** تعزیر مالی یعنی جرمانہ تو حنفیہ کے نزدیک جائز نہیں اور حدیث لا یحل مال امرئ مسلم الا بطیب نفس منہ اس کی موید بھی ہے، پس جرمانہ کے طور پر تو یہ لینا درست نہ ہوگا، البتہ اس کا اور طریق ہوسکتا ہے وہ یہ کہ اس غیر حاضری پر اس طالب علم کو خارج قرار دیا جائے غیر حاضری کی سزا تو یہ ہو اور آئندہ کو داخل کرنا بذمہ اہل مدرسہ واجب تو ہے نہیں مباح ہے، مباح میں جو کہ متقوم ہو مال کی شرط لگانا جائز ہے، اور یہاں مدرسہ کے مکان سے انتفاع مدرسین سے تعلیم یہ سب امور ایسے ہیں جن پر متولی کو اجرت لینا جائز ہے پس اس اجرت میں وہ پیسے لے لئے جاویں اور اس تقریر کی تصریح کردی جایا کرے تاکہ عقد مبہم نہ رہے۔ (۲۹ ذیقعدہ: ۱۳۳۲ھ/ ج ۲ ص ۵۴۲، ۵۴۳)

Scanned by CamScanner

## باب الوقف

### وقف کی آمدنی سے زکوۃ ادا کرنے کا حکم:

**سوال (۸۷):** کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک آدمی ایک گاؤں کے کسی قدر حصے غیر منقسم کا مالک ہے مثلاً چار آنہ کا، اب وہ چاہتا ہے کہ اس حصہ کو اس طرح وقف کردیا جائے اور اس کی آمدنی واقف کی طرف سے بمد زکوۃ دی جایا کرے تو یہ وقف اس طرح درست ہے یا نہیں، اور اس کی صحت کا کیا طریق ہے؟

**الجواب:** چوں کہ زکوۃ مال مملوک میں اپنے مال مملوک کا دینا شرط ہے، اور منفعت مطلق وقف کی ملک واقف سے خارج ہوجاتی ہے، اس لیے اس آمدنی سے زکوۃ نہیں ادا ہوسکتی، ونیز وجوب زکوۃ مخصوص ہے حیات مکلف کے ساتھ پس بعد وفات واقف کے اس میں وقف کے وقت یہ شرط کرلے کہ اس میں اس قدر آمدنی میں لیا کروں گا یہ شرط جائز ہے، اور اس قدر آمدنی لینے سے اس کی ملک ہوجائے گی، پھر اس کو زکوۃ میں دے سکتا ہے، اور یہی صورت ہوسکتی ہے اس کی صحت کی اسی طرح اگر اپنے بعض ورثا کے لیے کوئی جزو منفعت کا مقرر کردے اور وہ اس کو لے کر اپنے اموال کی زکوۃ میں دے دیا کریں اس طور سے بعد وفات بھی دینا صحیح ہے۔ (وھذہ الامور کلھا ظاھر۔ واللہ اعلم۔ (یکم جمادی الاولی: ۱۳۲۲ھ/ ج/۲ص/۵۷۲)

## کتاب البیوع

### زمیندار اپنی رعایا کے قصابوں سے ارزاں نرخ پر گوشت خریدیں اس کا حکم:

**سوال (۸۸):** قصاب رعایا میں ہمیشہ سے یہ دستور ہے کہ بمقابلہ دیگر اشخاص کے زمیندار کو کم نرخ پر گوشت دیتے ہیں، اور بعض جگہ ایک آنہ سیر معین ہے خواہ نرخ کچھ ہو یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** ایک طرح جائز ہے کہ وہ قصاب اس زمیندار کے مکان میں مثلاً

رہتا ہو یا اور کوئی انتفاع اس سے ایسا حاصل کرتا ہو جس کی اجرت لینا شرعاً جائز ہو اور اس اجرت میں یہ بات ٹھہر جاوے کہ ہر ماہ اس قدر گوشت ہم اتنے نرخ پر لیں گے اور مہینے میں اس مقدار سے زیادہ نہ بڑھیں گے، کم رہے تو مضائقہ نہیں، اس طرح درست ہے جتنا احتمال مہینہ بھر میں ہو اس سے کچھ زیادہ مقدار ٹھہرا لینے میں خطرہ نہ رہے گا، مگر حساب یاد رکھنا ہوگا۔(ق: ج ر ۳ ص ر ۶۱، ۶۲ / ج ر ۶ ص ر ۳۷۵)

## کھڑی ہوئی گھاس کی بیع بعض اعذار کی حالت میں:

**سوال ⑧⑨:** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں فقہ کی کتابوں میں بیع باطل وفاسد کے بیان میں لکھا ہوا ہے، کہ کھڑی ہوئی گھاس بیچنا درست نہیں ہے، جب کہ زمیندار نے قبل جمنے کے پانی نہ دیا ہو اور خود رو ہو، جو زمین قابل مزروعہ کے نہیں ہوتی، فراز نشیب ہوتی ہے، اور بارش میں ڈوب بھی جاتی ہے، اس زمین پر علی العموم گھاس جما کرتی ہے، اور زمیندار لوگ پانی تو نہیں دیتے، مگر اس کی نگرانی وحفاظت کرتے ہیں، اور سرکار مزروعہ سے کم لگان تشخیص کر کے مال گذاری بھی لیتی ہے، اور زمیندار کو اس کی مالگذاری دینی پڑتی ہے، اور جب کہ زمیندار کو چرائی لینا ناجائز ہے، تو ایسی صورت میں زمیندار بلاوجہ نقصان اٹھاتا ہے، اور گردونواح کے لوگ مویشیاں تجارتی رکھتے ہیں، یعنی گائے بھینس بکثرت پالتے ہیں، اور اس کا گھی اور دودھ اور بیل وبھینسا جو اس سے پیدا ہوتا ہے فروخت کرتے ہیں، اور چند روز کے بعد وہی مالکان مویشیاں اپنا استحقاق قائم کرتے ہیں، کہ عرصہ دراز سے بلا معاوضہ چراتے ہیں، مالک زمین کو روکنے کا کوئی حق نہیں ہے، زمیندار دو نقصان اٹھاتا ہے، ایک تو سرکار کو مالگذاری ادا کرتا ہے، دوسرے بعد چندے زمین پر اس کا کوئی استحقاق خاص بہ نسبت اور لوگوں کے باقی نہیں رہتا، بلکہ کسی وقت میں اگر زمین قابل مزروعہ کے ہوجاتی ہے، اور زمیندار

اس کو مزروعہ کرنا یا کرانا چاہتا ہے تو وہی مالکان مویشیان ناحق فوجداری بھی کرتے ہیں، اور بیچارہ بلاوجہ مفت پریشانی میں مبتلا ہو جاتا ہے، اور جس قدر ایسی زمین پرتی کے گردونواح میں کھیت رہتے ہیں، ان کھیتوں کو بھی مویشیان نقصان پہنچاتے ہیں، زمیندار مالگذاری سرکار کہاں سے ادا کرے، ایسی صورت میں زمیندار کو کیا چارہ کار ہے، یعنی اس زمین پرتی کی چرائی لینا اور بغرض تحفظ استحقاق آئندہ مویشیوں کو روکنا جائز ہے یا ناجائز، اور ایسی قسم کی زمین پرتی پر گھاس جمتی ہے، اور مویشیوں کو چرنے وغیرہ سے روکا جاتا ہے، اور حفاظت کی جاتی ہے، مگر زمیندار پانی نہیں دیتا، اور جب وہ گھاس بڑی ہو جاتی ہے اس کو گھاس کلاں اور کھر بھی کہتے ہیں، اور وہ دیہاتوں میں نہایت کارآمد ہوتی ہے، یعنی کل مکانات آدمیوں کے رہنے اور مویشیوں کے رہنے کے اور کل ضرورتوں کے مکانات اسی سے چھائے جاتے ہیں، علاوہ اس کے اور کوئی شیٔ ایسی نہیں ہے، کہ جس سے مکانات دیہات کے چھائے جائیں، اور وہ گھاس کلاں یعنی کھر قیمتی ہوتا ہے، تو ایسی صورت میں پرتی زمین کی گھاس کی حفاظت کرنا اور بیع کرنا جائز ہے یا ناجائز، اور اگر علی العموم پرتی زمین کی گھاس ہر شخص چروادیا کرے، اور حفاظت نہ کرے تو دیہات میں مکانات چھانے کی ضرورت کیوں کر رفع ہو سکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب:** جو گھاس سیدھی کھڑی ہو جاوے یعنی تنہ دار ہو جیسے پولا جس میں سینکیں نکلتی ہیں، وہ ہر حال میں زمیندار کی ملک ہے، اور جو ایسی نہ ہو بلکہ زمین پر پھیلتی ہو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر وہ اس شخص کے پانی دینے سے پیدا ہوئی ہے، تب بھی اس کی ملک ہے، اور جو از خود پیدا ہوئی وہ ملک نہیں، اور محض حفاظت سے ملک نہیں ہوتی، پس ایسی گھاس کا بدون کاٹے ہوئے بیچنا یا کسی کو اس کے لینے سے روکنا جائز نہیں اور مالگذاری دینے سے اس کا جواز لازم نہیں آتا، لان اخذ

الخراج ان کان بحق مظاہر وان کان بغیر حق فلان المظلوم لا یظلم غیرہ۔

البتہ اگر مویشی کو اس میں چرنے کی اجازت دینے سے کوئی ضرر بین ہو جیسا سوال میں لکھا ہے فی قولہ: وہی مالکان مویشیان، الخ، تو اس صورت خاص میں اس سے تو روکنا جائز ہے، لیکن بیع یا اجارہ جائز نہیں، بلکہ اگر مواشی والوں کو گھاس کی ضرورت ہو اور قریب موقع پر مفت گھاس میسر نہ ہو تو اس مالک گھاس سے کہا جاوے گا کہ یا تو گھاس چرانے کی اجازت دو یا گھاس کٹوا کر دو، البتہ اگر اجازت میں زمیندار کا کوئی معتد بہ ضرر ہو اور ممانعت میں عامہ کا معتد بہ ضرر نہ ہو تو امید ہے کہ فقہاء کے لکھے ہوئے حیلہ پر عمل کرنے میں ملامت نہ ہوگی، اور وہ حیلہ یہ ہے کہ جس زمین میں گھاس ہے اس کو کسی شخص کے ہاتھ کسی اور کام کے لیے اجارہ پر دیدیں، مثلاً اس میں مواشی کو کھڑا کیا کریں گے، ومثل ذلک، پس وہ دام کرایہ کے ہوں گے، گھاس کے نہ ہوں گے، کذا فی الدر المختار ورد المحتار باب البیع وباب الشرب۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۶۲، ۶۳ / ج ر ۶ ص ر ۳۷۷، ۳۷۸)

**پیسوں کا بدلہ روپیہ سے:**

**سوال (۹۰):** بقال نقد روپیہ $\frac{1}{2}$ ۱۳ ساڑھے تیرہ لے کر پیسے گنڈے دیتے ہیں اور ادھار ہو تو $\frac{1}{4}$ ۱۳ دیا کرتے ہیں، چوانی نہیں دیتے، اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** پیسے مبیع اور روپیہ ثمن قرار دینے سے یہ صورت جائز ہے۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۷۵ / ج ر ۶ ص ر ۴۰۹)

**کاغذی نوٹ کی ادائیگی میں کمی بیشی اور اعانت گئو سالہ:**

**سوال (۹۱):** بندہ کے یہاں نمک کی تجارت ہوتی ہے، اور تین جگہ کارخانہ ہے، ایک آڑتی بہت معتبر مل گیا ہے، اس نے روپے بھیجنے کی سبیل یہ رکھی ہے کہ جب مال

Scanned by CamScanner

فروخت ہو جاوے تو نوٹ بھیج دیتا ہے، ایک بار میرے ذمہ اس کے روپے چاہئے تھے، بوجہ دیر میں پہونچنے روپے کے اس نے سود لگایا تو بندہ نے اس کو سود نہیں دیا اور یہ لکھا کہ ہمارے مذہب میں سود لینا اور دینا دونوں ناجائز ہیں، اس لیے ہم معاملہ سود کا ہرگز نہیں کر سکتے، اس نے لکھا کہ ہم سود نہیں لیں گے، اور یہ بھی معاملہ طے ہوگیا کہ سود کا لین دین کبھی نہ ہوگا، البتہ جب نوٹ بھیجتا ہے تو کمی کے ساتھ بھیجتا ہے، ہر فی سیکڑہ دو آنے یا تین آنہ کاٹتا ہے، ان کے یہاں کٹ کی شرح مختلف اوقات میں مختلف طور سے معین ہوتی ہے، اور کچھ حصہ ہمارے روپے سے گئو سالہ کے نام کا بھی کاٹتا ہے، اور ہماری ہی تخصیص نہیں، بلکہ ان کے یہاں کا قاعدہ ہر ایک سے یہی ہے، سو بندہ یہ بات دریافت کرتا ہے کہ یہ امر دونوں جائز نہیں معلوم ہوتے، اس کے بارے میں کیا کیا جاوے، اگر اس سے یہ کہا جاوے کہ یہ معاملہ ہم نہیں کریں گے تو وہ ہرگز نہ مانے گا، کیوں کہ نوٹ میں کمی ان کے یہاں سود میں شمار نہیں، اور گئو سالہ کی نسبت بھی نہیں مان سکتا، کیوں کہ صرف ہمارے لیے قانون جدید نہیں معین کرے گا، تو اب کیا حیلہ کیا جاوے جس سے معاملہ شریعت کے موافق رہے، اور یہ بھی تحریر فرمایئے کہ اگر وہ یہ معاملہ رکھے تو مجھ پر مواخذہ اخروی رہے گا یا نہیں، اور نوٹ میں کمی زیادتی صرف مسلمانوں کے درمیان ناجائز ہے، یا جب ایک جانب مسلم ہو اور دوسری جانب کافر تو بھی جائز ہے یا نہیں؟ جملہ امور کو مفصلاً تحریر فرما دیجیے؟

**الجواب:** نوٹ کی حقیقت حوالہ ہے، اور حوالہ میں کمی بیشی جب معروف یا مشروط ہو ربو ہے، البتہ اگر بلا شرط و عرف ہو تو بعض صورتوں میں تاویل صلح کی ہو سکتی ہے، مگر اب ممکن نہیں، میری سمجھ میں تو اس کی تدبیر بجز اس کے کہ نقد روپیہ اس سے لیا جاوے اور کچھ نہیں آتی، یا اس پر یہ بات ثابت کر دی جاوے کہ ہمارے مذہب میں یہ سود ہے، یا اس کی کچھ آڑھت بڑھا کر حق ٹھہرا دیا جاوے، اور یہ کہہ

Scanned by CamScanner

دیا جاوے کہ نوٹ برابر سرابر لیا جاوے گا، اور تمہاری کمی اس اضافہ سے پوری کر دی جاوے گی، اور یہ تدبیر غالباً سہل ہے، رہا گئوسالہ کا قصہ سو اگر وہ آڑھتی آپ کا مشتری ہوتا اور آپ اس کے بائع ہوتے تب تو تاویل حط ثمن کے یہ جائز ہوسکتا تھا گویا اپنا روپیہ وہاں دیتا ہے اور آپ کو ثمن کم لیکن آڑھتی وکیل ہوتا ہے، وہاں یہ تاویل ممکن نہیں، اس لیے میرے نزدیک اسے یوں سمجھا دیا جاوے کہ حق آڑھت اور حصہ گئوسالہ یہ اب مجموعہ حق آڑھت میں شمار کرنا چاہیے، پھر خواہ وہ بہی میں کسی طرح لکھے کچھ حرج نہیں۔ (ق: ج/ ۳ ص/ ۸۷ / ج/ ۶ ص/ ۱۹، ۴۱۸)

## نوٹ سے گوٹہ خریدنے کے جواز کی تدبیر:

**سوال (۹۲):** عرض یہ ہے کہ آج کل نقد روپیہ نہیں ملتا ہے، ہر جگہ نوٹ کا چلن ہوگیا ہے، ہم لوگوں کو اکثر گوٹہ کناری خریدنا ہوتا ہے، جس کے عوض بجز نوٹ کے اور کوئی صورت نہیں ہوسکتی، نہ اس شخص کے پاس روپیہ ہوتا ہے، کہ اس سے لے کر خرید لیں، اور یہ روپے کی عوض میں اس کو نوٹ دے دیں، جیسا کہ آپ نے کسی کتاب میں لکھا ہے، اس لیے دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس کے سوا اور کیا صورت کی جاوے، جس سے یہ معاملہ عندالشرع صحیح ہوجاوے؟

**الجواب:** یا تو تھوڑی دیر کے لیے کسی اور سے نقد روپیہ لے لیا جاوے، اور یا اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو کسی ایسی چیز کے عوض میں دست بدست گوٹہ کناری خریدا جاوے، جس کی قیمت اتنے روپیوں کی ہو مثلاً کسی کپڑے کے عوض میں، پھر اس کپڑے کو بعوض نوٹ کے خرید لیا جاوے، اگر دوسرے عاقد کو پہلے سے سمجھا دیا جاوے تو وہ اس طرح کرنے پر راضی ہوجاوے گا۔ (ق: ج/ ۳ ص/ ۷۹ / ج/ ۶ ص/ ۴۲۱)

## نوٹ کے بدلہ چاندی خریدنے کا حکم:

**سوال (۹۳):** اگر پانچ روپیہ کی چاندی مجھ کو خریدنا منظور ہے اور میں نے

Scanned by CamScanner

بجائے پانچ روپیے کے پانچ روپے کا نوٹ دے دیا، اور یوں کہا کہ اس نوٹ کو جو پانچ روپیے کا ہے، مجھ کو چاندی دیدو، اس نے نوٹ لے کر وزن میں ساڑھے سات روپیے بھر چاندی مجھ کو دی، یہ سود نہ ہوگا؟

**الجواب:** نوٹ سے چاندی خریدنا درست نہیں، اول اس نوٹ کو کسی سے بھنالے، پھر روپیہ سے چاندی خریدے، اور ربو سے بچنے کی وہی مشہور تدبیر کرے کہ کم چاندی کی طرف پیسے ملائے۔ (ق: ج/ ۳ ص/ ۸۰/ ج/ ۶ ص/ ۲۳، ۴۲۴)

## نوٹ کے بدلے گنی فروخت کرنے کا عدم جواز اور جواز کا حیلہ:

**سوال (۹۴):** ایک مسئلہ درپیش ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ مثلاً بمبئی میں ایک گنی رائج ہے، پندرہ روپے کی، اور اس گنی کا نرخ دہلی میں مثلاً سترہ روپیے ہے، اور کلکتہ میں چودہ روپیے، اور ایک نوٹ ہے پندرہ روپیے کا جو کہ سب جگہ ایک ہی طرح پر چلتا ہے، اب ایک شخص نے کلکتہ میں ایک گنی چودہ روپیے میں خریدی اور دہلی میں اس کو بعوض سترہ روپیے نوٹ کے بیچ ڈالا، یہ صورت جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** قاعدہ سے تو جائز نہیں معلوم ہوتا، البتہ نوٹ والا اپنے نوٹ سترہ روپیے کے بیچ کر خواہ اسی گنی والے ہی کے ہاتھ بیچ ڈالے پھر ان روپیوں سے گنی دست بدست لے لے یہ درست ہے۔ (ق: ج/ ۳ ص/ ۸۰، ۸۱/ ج/ ۶ ص/ ۴۲۵)

## سونے کے تاروں سے بنے ہوئے کپڑوں اور گوٹے کی بیع ادھار ناجائز ہے۔

**سوال (۹۵):** میرے سچے گوٹے کی دکان ہے، جس میں بعض میں چاندی زائد ہوتی ہے، اور بعض میں ریشم زائد ہوتا ہے، تحقیق طلب یہ گذارش ہے کہ اس کو قرض اور تفاضلا بیچنا اور خریدنا جائز ہے یا نہیں، یہاں کے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کو قرض وغیرہ بیچنا ناجائز ہے، اس کا حکم مطلقا چاندی کے مثل ہے، اور ریشم تو علیحدہ رہتا ہے، اس میں ملتا نہیں ہے، اور بعض فرماتے ہیں کہ گوٹہ کی بیع قرض اور کم

وبیش اس لیے جائز ہے کہ اس کی تکمیل ریشم سے ہوتی ہے، اور اس کو قرض اور نقد ہر طرح بیچنا جائز ہے، اب تردد ہے کہ کس پر عمل کروں حضور اقدس کے ارشاد گرامی کا منتظر ہوں اور اس پر آمادہ ہوں کہ اگر فی الحقیقت اس کو قرض خریدنا وغیرہ جائز نہیں تو گوٹہ کی دکان چھوڑ کر کوئی اور کام شروع کروں گا؟

**الجواب:** فی الدر المختار وَالْأَصْلُ أَنَّهُ مَتَى بِيعَ نَقْدٌ مَعَ غَيْرِهِ كَمُفَضَّضٍ وَمُزَرْكَشٍ بِنَقْدٍ مِنْ جِنْسِهِ شُرِطَ زِيَادَةُ الثَّمَنِ. فَلَوْ مِثْلَهُ أَوْ أَقَلَّ أَوْ جُهِلَ بَطَلَ وَلَوْ بِغَيْرِ جِنْسِهِ شُرِطَ التَّقَابُضُ فَقَطْ فی ردالمحتار عن التَّاتَارْخَانِيَّة بِخِلَافِ عَلَمِ الثَّوْبِ وَالْإِبْرَيْسَمِ فِي الذَّهَبِ فَإِنَّهُ لَا يُعْتَبَرُ رأی لا يعتبر العلم فی الاول فیجوز. ولا یعتبر الابریسم فی الثانی فلا یجوز. لانه تبع محض. وفیه ایضا. حاصل هذا كله اعتبار المنسوج قولا واحدا. إلى قوله ومثله المنسوج بالذهب. فانه قائم بعينه غير تابع بل هو مقصود بالبيع۔

یہ روایات صریح ہیں عدم جواز میں، اور تصریح فقہاء کے مقابلہ میں ہمارا قیاس معتبر نہیں، لیکن اگر کم وبیش یا نسیئہ معاملہ کرنے کا موقع پیش آ جاوے تو اس کا ایک حیلہ ہوسکتا ہے، کم وبیش میں تو دونوں طرف دو دو پیسے مثلاً ملا لئے جاویں اور نسیہ کی صورت میں اپنے پاس خریدار کو روپیہ قرض دے کر قیمت میں لے لیا، پھر وہ قرض اس کے ذمہ رہا۔ (ق: ج/۳ص/۸۲، ۸۳/ج/۶ص/۲۸، ۲۲۹)

## سنار کو زیور بنانے کے لیے روپیہ دے دینا:

**سوال (۹۶):** احقر نے ایک شخص کو سونے کی بالیاں پرانی بغرض فروخت دی تھیں، اور ذکر تھا کہ از سرنو بنیں گی، انہوں نے ان کو ۳۵/روپے کو فروخت کر کے

Scanned by CamScanner

سنار کو روپیہ دے دیا، اور کہہ دیا کہ اس میں تھوڑا سونا اور ڈال کر دا تولہ کی نئی بالیاں بنادے حساب بعد میں کر دیا جائے گا، چنانچہ اس نے اتنے ہی وزن کی بنادیں یہ صورت ناجائز ہوتی ہے، ایک صاحب یہ تاویل کرتے ہیں کہ یہاں ۳۵ر جو پیشگی دے گئے ہیں وہ سنار کے پاس امانت یا قرض سمجھے جائیں، اور زیور دست بدست ۴۵ر کو خرید ا جائے، اس میں نسیہ نہ ہوگا، اب چونکہ ۳۵ر بذمہ سنار واجب الاداء ہیں، اس لیے وہ مقدار ساقط کر کے ۱۰ر اور اس کو دیدو، یا یوں کرو کہ ۴۵ر روپے نقد دے کر دست بدست اس سے زیور لے لو، پھر اپنے ۳۵ر کا مطالبہ اس سے کرو، اور ایک صاحب یہ تاویل کرتے ہیں کہ سنار تمہاری طرف سے ۴۵ر روپیہ کا سونا خریدنے کے لیے وکیل ہے، ۳۵ر تم سے پیشگی لے چکا ہے، اور اس کا سونا اپنے پاس سے خرید لایا ہے، اس کا مطالبہ اب کرتا ہے، حضور اس میں کیا فتوی دیتے ہیں؟

**الجواب:** تاویل ثالث تو چل نہیں سکتی، کیوں کہ وکالت بلا توکیل کیسے ہوگی، اور توکیل یہاں ہے نہیں، لہذا یہ بالیاں جدید سنار کی ملک ہوں گی، اور اب ان کی بیع جدید ہوگی، پس اگر وہ ۳۵ر بعینہ سنار کے پاس موجود ہیں، تو قرض کی تاویل نہیں ہوسکتی، کیوں کہ نہ تصریحا قرض دیا ہے نہ تصرف کی وجہ سے اس کے ذمہ دین ہوا، پس لابد امانت ہوگی، اور امانت میں روپیہ معین ہوتا ہے، تو عقد متعلق اس روپیہ سے ہوگا، اور وہ مجلس میں موجود نہیں تو نسیہ لازم آنے سے ناجائز ہوگا، پس جب نہ قرض ہوا نہ امانت سے عقد کا متعلق ہونا جائز ہوا، اس صورت میں صرف یہ صورت جائز ہوسکے گی کہ اپنی امانت اول واپس کر لے اور اس میں دس روپیہ اور ملا دے، اور دست بدست خرید لے، اور اگر وہ ۳۵ر اس کے ضمان میں داخل ہوگیا ہے، خواہ بوجہ صرف کر ڈالنے کے یا بوجہ مخلوط کر دینے کے، تو البتہ وہ دین ہوگیا ہے، اس صورت میں تاویل اول چل سکتی ہے، اور تاویل ثانی بتکلف صحیح ہے۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۸۵ / ج ر ۶ ص ر ۳۱، ۳۳۲)

Scanned by CamScanner

## بیع میں دھرم کھاتہ کی شرط:

**سوال ۹۷:** زید نے خالد کے ہاتھ کوئی شئ فروخت کی بایں الفاظ کی میں نے یہ صندوق مثلاً تمہارے ہاتھ فروخت کیا اس شرط پر کہ ہر سیکڑے پر ایک یا دو پیسہ للہ خرچ کے واسطے ہم کو دو ورنہ میں نہیں دوں گا، اس قسم کی بیع وشراء شرعاً درست ہے یا نہیں، اگر درست ہے تو دینے والے کا ثواب زیادہ ہے، یا خرچ کرنے والے کا، اور درصورت جائز ہونے کے یہ بھی علی التفصیل بیان فرمائیے، کہ یہ لینا دینا کسی خاص قوم کے ساتھ ہے یا عام ہے، کہ ہنود ہو یا مسلمان ہو یا کوئی کتابی ہو؟ مفصل بیان سے ممنون ومشکور فرمائیے۔ اوراس مال کے مصارف مسجد و گورستان و مدرسہ ہو سکتے ہیں یا نہیں، اگر نہیں تو کس کس مقام میں صرف ہو سکتے ہیں؟

**الجواب:** چونکہ بیع میں بعد طے ہو جانے ثمن کے بھی ثمن میں زیادت درست ہے، اس لیے یہ صورت اس تاویل سے جائز ہو سکتی ہے، مگر اس تاویل کی بنا پر یہ ایک پیسہ یا دو پیسہ اس بائع کی ملک ہوں گے، اس کو اختیار ہوگا، خواہ اس مصرف میں صرف کرے یا صرف نہ کرے، اس پر کسی کا جبر نہ ہو سکے گا، اور جب اس کی ملک ہے تو ثواب اس کے صرف کا صرف بائع کو ہوگا، مشتری کو نہ ہوگا، اور جب ملک ہے تو یہ اختیار بھی بائع کو ہے کہ جہاں چاہے صرف کرے، بشرطیکہ مصرف معصیت نہ ہو۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۹۱، ۹۲ / ج ر ۶ ص ر ۴۵، ۴۴۶)

## سنار کو قیمت چاندی کی دینا:

**سوال ۹۸:** اگر کسی ہندو سنار کو دس روپے نقد اور آٹھ آنہ کے پیسے دے کر کہا کہ اس کی جس قدر چاندی آوے لا کر فلاں قسم کا زیور بنا دینا، اور اس زیور کی مزدوری بعد تیاری بارہ آنے دے دیں گے، اس معاملہ میں کوئی گناہ تو لازم نہیں آوے گا؟

**الجواب:** اگر دو امر کا یقینی اطمینان ہو تو جائز ہے، ایک یہ کہ سنار چاندی

اپنے پاس سے نہ لگاوے گا، دوسرے یہ کہ انہیں داموں سے خریدے گا بدلے گا نہیں، مگر چونکہ اس کا اطمینان مشکل ہے، اس لیے یہ بہتر ہے کہ ان دس روپے اور پیسوں کی چاندی خود خرید کر خواہ اس سنار سے یا دوسرے کسی سے خرید کر پھر اس سنار کو دیدے، اور بنوائی ٹھہرائے۔ (یکم جمادی الاولی: ۱۳۲۹ھ، تتمہ اولی، ص۱۷۱/ ق: ج/۳ ص/۸۵،۸۶/ ج/۶ ص/۳۳،۳۴)

## روئی کا مبادلہ کتے ہوئے سوت کے ساتھ ناجائز ہے:

**سوال (۹۹):** اکثر عورتیں چرخہ چلانے لگی ہیں، اور سوت کو روئی سے بدلتی ہیں، اس طور پر کہ سیر بھر سوت دے کر ڈیڑھ سیر روئی اس کے بدلہ میں لیتی ہیں، اور فاضل روئی ان کو جو آدھا سیر بدلہ میں ملتی ہے وہ اپنی مزدوری سمجھتی ہیں، اور جو اس طور کا معاملہ کرتے ہیں وہ بخوشی ادلا بدلا کرتے ہیں، اس طور کے ادلے بدلے میں سود تو نہیں ہوتا ہے، اور اگر سود ہوتا ہے تو پھر کون سی صورت اس سے بچنے کی اختیار کریں، اور اپنی محنت کس طور سے وصول کریں؟ اس کی کوئی صورت بچنے کی سہل بتلائی جاوے تا کہ ان کو اس مسئلہ سے آگاہ کر دیا جاوے، چونکہ اس طرف اس طور سے سوت کو روئی سے بدلنے کا رواج ہے، اس لیے چرخہ جو چلاتی ہیں ایسا ہی کرتی ہیں، اس میں ان کو نفع ہوتا ہے۔

**الجواب:** فی الهداية وَاخْتَلَفُوا فِي الْقُطْنِ بِغَزْلِهِ. قال العينى اى فى بيع القطن بغزل القطن متساويا وزنا قال بعضهم يجوز لان أصلها واحد وكلاهما موزون وقال بعضهم لا يجوز واليه ذهب صاحب خلاصة الفتاوى لان القطن ينقص اذا غزل فصار كالحنطة مع الدقيق۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ صورت مسئول عنہا جائز نہیں، صرف ایک حیلہ جواز کا ہو سکتا ہے، کہ سوت اور روئی کا مبادلہ نہ کریں، بلکہ سوت کو داموں کے عوض میں بیچیں، پھر ان داموں کے عوض روئی لے

Scanned by CamScanner

لیں، یا روئی کو داموں کے عوض بیچیں پھر ان داموں کے عوض سوت لیں۔ (۱۸ رمضان: ۱۳۳۹ھ، تتمہ خامسہ: ص ر ۱۹۵ / ق: ج ر ۳ ص ر ۹۳ / ج ر ۳ ص ر ۴۹، ۵۰)

## بیع معدوم کا عدم جواز:

**سوال⑩٠**: علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے دو آنہ کی ایک چیز خریدی اس نے ایک روپیہ بائع کو دیا، اور بائع آٹھ آنے مشتری کو دیئے، بائع نے کہا کہ باقی چھ آنہ کچھ دیر کے بعد لوں گا، اور بائع غیر مسلم ہے، اب یہ بیچنا اور مابقیہ پیسوں کا لینا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** فلوس مبیع ہیں، اور بیع معدوم جو چیز موجود نہ ہو اس کا فروخت کرنا شرعی اعتبار سے جائز نہیں ہے، مگر بیع سلم میں چند شرطوں کے ساتھ جائز ہے، البتہ اگر فلوس موجود ہوں گو قبضہ بعد میں ہو تو جائز ہے، لیکن عوام ان شرطوں کی رعایت نہیں کرتی، لہذا اس کو سرے سے منع کر دینا بہتر ہے۔ (۴ ر ذی الحجہ: ۱۳۳۱ھ / ج ر ۳ ص ر ۹۵)

## پھل خریدنے والے سے کچھ مقدار جنس (پھل) مقرر کرنا:

**سوال⑩١**: جناب کے بہشتی زیور میں میں نے یہ مسئلہ دیکھا ہے کہ اگر بہار باغ بیع کی جاوے تو نقد قیمت کے ہمراہ کچھ مقدار آم کی بطور جنس لینے کے طے کر لی جاوے تو جائز ہے، پیشتر سے مجھ کو یہ علم تھا کہ قیمت کے ہمراہ جنس ناجائز ہے، لہذا مثلاً کسی شخص نے اپنا باغ بیع کیا مبلغ سو روپے کو، یعنی مشتری سے یہ کہا کہ کل بہار کے سو روپے لوں گا، اور دس من آم بھی اسی باغ کے تم سے بغیر قیمت کے لوں گا، گویا بالکل قیمت سو روپے نقد اور دس من آم ہوئے تو یہ جنس علاوہ نقد جائز ہوگی یا نہیں، امید کہ جواب باصواب سے مطلع فرمایا جاوے گا، بینوا توجرا؟

**الجواب:** میں نے یہ مسئلہ ایک تاویل سے لکھا تھا کہ گویا یہ مقدار بیع سے مستثنیٰ ہو گئی، اور استثناء مبیع سے مقدار معلوم ومعین کا جائز ہے، اور اس کو لکھ کر ایک

Scanned by CamScanner

محقق عالم صاحب الفتاوی کو بھی دکھلا لیا تھا، انہوں نے بھی موافقت فرمائی، مگر بعد چندے ایک دوسرے گذشتہ بزرگ کا فتوی اس کی ممانعت کا مجھ سے ایک ثقہ نے نقل کیا، اور وہ ممانعت بھی ایک قاعدہ پر مبنی معلوم ہوئی، وہ یہ کہ یہ کیا معلوم کہ پھل اتنا ہاتھ آ جاوے گا کہ اس میں سے اس قدر دے سکے گا تب سے اس مسئلہ میں تردد ہو گیا، بہتر یہی ہے کہ یہی سوال و جواب دیوبند سہارنپور بھیج کر مسئلہ کی تنقیح کر لی جاوے، اس وقت تو یوں سمجھ میں آ رہا ہے کہ اگر یہ مقدار اس قدر ہو کہ یقیناً مل جاوے گی اور کوئی نزاع نہ ہوگا، تو کچھ حرج نہ ہوگا، ورنہ منع کیا جاوے۔ (۲۷ر جمادی الثانیہ: ۱۳۳۲ھ تتمہ ثانیہ: ص ر ۱۵۰/ ق: ج ر ۳ ص ر ۹۷/ ج ر ۶ ص ر ۴۵۹)

## پھلوں کی بیع میں بعض پھل کی شرط کا جواز:

**سوال** (۱۰۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے بہار باغ سو روپیہ میں فروخت کی مشتری نے پچاس روپیہ نقد وقت بیع کے دیدئے، اور پچاس روپیہ کا اختتام بہار پر وعدہ کیا، یہ روپیہ جو اختتام بہار پر دیا جائے گا اس پر بائع مشتری سے روپیہ سیکڑہ ڈالی کے آم لے گا یہ آم لینے جائز ہیں یا نہیں؟

دوسری صورت یہ ہے کہ کل روپیہ بوقت بیع لے لیا، اس پر بھی کسی قدر آم مشتری سے لیے جاتے ہیں، لیکن اس صورت میں روپیہ سیکڑہ نہیں لیا جاتا ہے، بلکہ اس سے کم جو طے ہو جائے یہ جائز ہے یا نہیں، ڈالی کے قائم کرنے نہ کرنے میں ثمن کی کمی بیشی بھی ہوتی ہے۔

**الجواب:** یہ اس تاویل سے جائز ہو سکتا ہے کہ جتنے انبہ مقرر ہوئے ہیں، گویا یہ بیع سے مستثنی ہیں اور استثناء میں مستثنی کا اسی طرح معلوم ہونا چاہیے، کہ متبایعین میں نزاع نہ ہو، سو اگر ایسی ہی تعیین ہو جاوے تو گنجائش ہے، اور ہر چند کہ آم ذوات القیم ہیں، لیکن بضرورت تعامل ان کے اشجار کی تعیین سے جو تقارب ان کے احاد

میں ہے اس سے وہ ملحق بذوات الامثال ہوسکتا ہے۔ (۲۹ رجب ۱۳۳۱ھ: حوادث اول وثانی: ص ر ۱۰۸ / ق: ج ر ۳ ص ر ۹۸، ۹۹ / ج ر ۶ ص ر ۲۶۱)

## جو کتاب اپنے پاس نہ ہو اور فہرست میں درج کردی جائے اس کا حکم:

**سوال ⑩③**: کتاب موجود نہ ہو فہرست میں اس کا نام ڈال دینا کہ اہتمام کر کے فرمائش پر دیدیں گے، جائز ہے یا ناجائز؟

**الجواب**: یہ معاملہ اس تاویل سے صحیح ہوسکتا ہے کہ فرمائش کو ایجاب نہ کہا جاوے، کیوں کہ اس وقت مبیع ملک بائع سے معدوم ہے، بلکہ بائع کی روانگی کو ایجاب اور صاحب فرمائش کے وصول کو قبول کہا جاوے، البتہ اس پر یہ التزام کرنا پڑے گا کہ اگر صاحب فرمائش وصول نہ کرے بلکہ واپس کردے تو بائع اس پر جبر نہیں کرسکتا۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۱۳۵)

## سرکاری درختوں کا ملازم سرکار کو نیلام میں خریدنا:

**سوال ⑩④**: سرکاری درخت جو سڑک کے کناروں پر کھڑے ہوتے ہیں جس وقت خشک ہوجاتے ہیں نیلام کردیئے جاتے ہیں اور ان کی قیمت بحق سرکار داخل خزانہ ہوجاتی ہے، ایسے درخت یا عام طور پر کل سرکاری چیزوں کے لیے قانونا ممانعت ہے کہ کوئی سرکاری ملازم خواہ کسی مرتبہ اور حیثیت کا ہو نیلام نہ خریدے، اگر کسی افسر نیلام کنندہ نے بلا رورعایت ایک درخت کو نیلام کیا، اور جلسہ عام میں جتنی قیمت اس کی بولی میں آسکتی تھی، وہ بولی گئی، اور پھر اس نے اخیر قیمت پر کچھ اضافہ کرکے دوسرے کے نام سے بولی بلوائی اور خود خرید لیا یعنی اتنی قیمت پر خریدا کہ پھر اس سے زیادہ کسی نے نہیں قیمت بڑھائی تو کیا اس نیلام کنندہ کا یہ فعل شرعی طور پر جائز ہوگا یا نہیں، اور اگر وہ ایسا کرچکا ہے تو اس درخت خرید شدہ کے ساتھ اب اس کو کیا کرنا چاہیے؟

**الجواب**: جب ممانعت ہے تو خریدنا جائز نہیں، البتہ یہ درست ہے کہ کوئی

اور خرید لے ... [illegible] اس سے خرید ... اس خریدار کے ساتھ رعایت درست
نہیں ہے کہ ... [illegible] ... اس کے ساتھ رعایت ہے ... (۱۸ ذیقعدہ
۱۳۲۹ھ/ ج ۳ ص ۱۱۳)

## باب الربوٰ

### منی آرڈر کی تحقیق:

**سوال (۱۰۵):** منی آرڈر کے ذریعہ سے جو روپیہ روانہ کیا جاتا ہے اگر یہ معاملہ تو اجارہ ہے، کیوں کہ یہ روپیہ بعینہٖ نہیں پہونچتا، اور نہ قرض اس صورت میں منی آرڈر کرنا کیوں کر درست ہوگا، اور اگر منی آرڈر کرنا درست نہ ہو تو اس میں حرج عظیم ہے کیوں کہ ہنڈی اگر لکھائی جاوے تو اولاً اس کا لکھانا مکروہ ہے، اور اگر ہنڈی ہو تو وہ بوجہ سے اکثر ملتی ہے علیٰ ہذا القیاس نوٹ اور اکثر دفعہ بھی نہیں ملتی ہے پس اس صورت میں نہایت مشکل ہے، اور اگر تھوڑی رقم مثلاً پانچ روپیہ سے کم روانہ کرنا ہو تو اس کا نوٹ مل سکتا ہے نہ ہنڈی، اس صورت میں بجز اس کے اور کیا صورت ہوگی کہ بھیجنے والا خود روپیہ لے کر جاوے، اور اس میں نہایت تنگی ہے تو اس صورت میں کیا کیا جاوے؟

**الجواب:** منی آرڈر مرکب ہے دو معاملوں سے، ایک قرض جو اصل رقم سے متعلق ہے، دوسرے اجارہ جو فارم کے لکھنے اور روانہ کرنے پر بنام فیس کے دی جاتی ہے، اور دو معاملے جائز ہیں، پس دونوں کا مجموعہ بھی جائز ہے، اور چونکہ اس میں ابتلائے عام ہے اس لیے یہ تاویل کر کے جواز کا فتویٰ مناسب ہے۔

(۹ شوال ۱۳۳۲ھ/ ق: ج ۳ ص ۱۴۶)

### ربوٰ کے باب میں عموم بلویٰ موثر نہیں:

**سوال (۱۰۶):** بمبئی سے مال منگانے کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں، (۱) خود جا کر خرید لایا جاوے (۲) مالک دوکان سے بذریعہ خط منگایا جاوے (الف) روپیہ پیشگی بھیج

Scanned by CamScanner

کر (ب) بذریعہ وی پی پہلی صورت میں تو وہاں کے ایام قیام و آمدورفت میں اس قدر خرچ وحرج ہوتا ہے کہ نفع اس قدر محتمل نہیں، یہ صورت بوجہ فوت غرض تجارت نہیں اختیار کی جاسکتی، دوسری صورت میں مالک دوکان فرمائش کی سماعت نہیں کرتا، کیوں کہ اس کا رواج نہیں ہے کہ ان لوگوں سے اس ذریعہ سے کوئی چیز خریدی جاوے، لہذا صرف تیسری صورت متعین ہوگئی، اس کی صورت (الف) میں اکثر نقصان ہوتا ہے، کیوں کہ جب روپیہ ان کے ہاتھ میں پہونچ جاتا ہے تو جیسا مال چاہتے ہیں بھیج دیتے ہیں، اور وہ خواہ مخواہ لینا پڑتا ہے، اس میں بھی نقصان ہوتا ہے، جس سے تجارت کی غرض (نفع) فوت ہوجاتی ہے، صورت (ب) میں کوئی تجارتی خدشہ نہیں کیونکہ مال آنے پر دام دینا پڑے گا، واپس کردینے کا اختیار باقی رہتا ہے، لیکن اس صورت میں بینک میں منجملہ دوسرے مدوں کے ایک مد آڑھت اور ایک سود کی بھی ہوتی ہے، کیوں کہ دلال یا تو قرض لے کر یا مالدار ہوئے تو اپنے پاس سے مال روانہ کرتے ہیں، اور اس روپے کا سود لگا لیتے ہیں، آج کل علی العموم جس قدر بڑی بڑی تجارتیں ہیں ان میں ضرور سود دینا پڑتا ہے، اور کوئی صورت بجز ترک تجارت اس سے مفر کی نہیں ہے، آیا اس صورت میں بوجہ عموم بلوی اس طرح کا سود لینا جائز ہوگیا یا نہیں، بینوا توجروا۔

**الجواب:** عموم بلوی حلال وحرام میں موثر نہیں ہوتا، محض اس وجہ سے سود دینا جائز نہیں ہوسکتا، اگر ایسا حیلہ کیا جاوے کہ دلال سے سمجھا دیا جاوے کہ ہم کو بجائے سود کے عنوان سے اطلاع دینے کے اس عنوان سے لکھا کرے کہ ہم اصل میں اس قدر زیادت کرتے ہیں، اور یہ تاجر اس کو قبول کرلیا کرے، تو اس میں جواز کی گنجائش ہے، کیوں کہ بعد تمام عقد کے زیادتی فی الثمن بتراضی متعاقدین جائز ہے، مگر شرط اس میں یہ ہے کہ دلال مال خرید کر اس تاجر کے ہاتھ فروخت کیا کرے۔

(۸/ جمادی الاخری: ۱۳۳۲ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۷۶، ۱۷۷)

## جن محکمہ میں ملازمین کی تنخواہ کا کوئی حصہ کٹ جاتا ہے اور پھر سود کے ساتھ ملتا ہے اس کا حکم:

**سوال (۱۰۷)**: بعض محکموں میں گورنمنٹ جبراً تنخواہ سے کچھ کاٹ لیتی ہے، اور جتنا کاٹتی ہے، قریب قریب اتنا ہی اپنے پاس سے بنام سود جمع کرتی رہتی ہے، پھر پنشن کے بعد وہ سب روپیہ ملتا ہے، درمیان میں اگر کوئی ضرورت واقع ہو تو تین ماہ کی تنخواہ کی مقدار تک مل سکتا ہے، جس کو ۲۴ ماہ میں باقساط وصول کرلیا جاتا ہے، لیکن سود بھی دینا پڑتا ہے، لیکن وہ سود بھی اسی کے حساب میں لگا دیا جاتا ہے، تاکہ روپیہ نکالنے کی وجہ سے جو سود میں کمی واقع ہوگئی تھی، وہ پوری ہوجاوے، اور روپیہ نکالنے کی وجہ سے اس رقم میں کوئی فرق واقع نہ ہو جو پنشن کے ملے گی، شرعاً اس طرح روپیہ نکالنا جائز ہے یا نہیں، کیوں کہ اس میں سود دینا پڑتا ہے، گو وہ اپنے ہی حساب میں جمع ہوجاتا ہے؟

**الجواب**: اس سوال میں دو جز قابل تحقیق ہیں، ایک اپنی تنخواہ کی رقم پر گورنمنٹ سے سود لینا، سو یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، اس لیے ایسے شخص کو خصوصیت کے ساتھ گنجائش ہے، جس کی تنخواہ جبراً وضع کرلی جاوے، دوسرا جز و جو رقم درمیان میں لی جاتی ہے، اس پر سود دینا سو یہ اس مسئلہ مختلف فیہا میں تو داخل نہیں، کیوں کہ وہ مسئلہ اخذ سود کا ہے، اور یہ اعطاء سود ہے، جس کی حرمت متفق علیہا ہے، لیکن اس میں ایک تاویل ہوسکتی ہے، وہ یہ کہ یہ شخص گورنمنٹ سے قرض نہیں لیتا، بلکہ اس کا جو قرض گورنمنٹ کے ذمہ ہے، اس کے ایک حصہ کا مطالبہ کرتا ہے، جس کا اس کو شرعاً حق ہے، پھر جس وقت اس رقم کو واپس کرتا ہے، یہ واپسی ادائے قرض نہیں بلکہ مثل دیگر رقم جمع شدہ کے یہ بھی گورنمنٹ کو قرض ہی دیتا ہے، اور جب واپس کردہ رقم خود اس کی ملک ہے اور سود ہوتا ہے، دوسرے کی مملوکہ رقم پر، اس لیے یہ جو سود کے نام سے دیا گیا ہے، سود نہیں ہے، پس اس کا دینا سود بھی نہیں اس لیے اس کو ناجائز نہ کہا

Scanned by CamScanner

جاوے گا، بلکہ اخذ مذکورہ کی حلت تو مختلف فیہ بھی ہے، اوراس اعطاء کی حلت اس تاویل پر متفق علیہ ہوگی، البتہ پھراس رقم پر جو اخیر میں گورنمنٹ سے سودلیا جاوے گا وہ پھر اخذ مختلف فیہ ہوگا، کما سبق واللہ اعلم۔ (۱۲رشوال: ۵۲ ۱۳ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۱۵۲)

## ڈگری کوفروخت کرنا جائز ہے یانہیں:

**سوال (۱۰۸)**: شکل مندرجہ نمبر: ۱ر کے ڈگری کو مدعی بقدر اصل ڈگری یعنی اسی روپے کوایک دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کرتا ہے، خودتو سود نہیں لیتا ہے، لیکن اس کے علم میں یہ بات ہے کہ وہ سود لے گا یا اس سے نفع لیوے کسی سبب سے اس کے ہاتھ یہ ڈگری فروخت کرتا ہے آیا اس بائع پرکوئی مواخذہ ہے یانہیں؟

**الجواب**: اگر یہ بائع مشتری سے حکم شرعی سے اطلاع کر کے خیرخواہانہ منع کر دے پھر بائع سبکدوش ہوجاوے گا، مگر خود ڈگری کا فروخت کرنا ہی محل کلام ہے، کیوں کہ روپیہ روپیہ کا مبادلہ بیع مشروط ہے، دست بدست ہونے کے ساتھ، اور یہ یہاں مفقود ہے، اس کی تدبیر یہ ہے کہ یہ بائع اس مشتری سے اسی روپے قرض لے، اور مشتری سے کہے کہ ہمارا اتنا قرض فلاں مدعی علیہ کے ذمہ آتا ہے، ہم تم کو اس پرحوالہ کرتے ہیں، تم اس سے وصول کرلو، اس طرح درست ہے، مگر اس میں ایک مشکل شرط یہ ہے کہ وہ مدعی علیہ بھی بخوشی اس معاملہ سے رضامند ہو، اور اگر وہ رضامند نہ ہوتو ایک اور تدبیر یہ ہے کہ یہ بائع اس مشتری سے قرض لے کر اس کو وکیل بنادے کہ تم مدعیٰ علیہ سے وصول کرلو، اور وصول کرنے کے بعد تم اپنے قرضہ میں رکھ لو اس طرح درست ہے۔ (۱۰رصفر: ۱۳۲۹ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۱۶۹)

## موروثی کاشتکار سے زیادہ کرایہ کی شرط لگانا:

**سوال (۱۰۹)**: جہاں میں ملازم ہوں اس ریاست میں لین دین سود کا ہوتا ہے، اور مجھ کوبھی حسابات سود کے مرتب کرنے ہوتے ہیں، اور بسااوقات وصول کرنا بھی

Scanned by CamScanner

ہوتا ہے، اس وجہ سے غالبا یہ ملازمت میرے واسطے جائز نہیں ہو سکتی، سوال یہ ہے کہ اگر محض کا شتکاران دخیل کاران ہی سے زائد رقم بقدر گنجائش وصول کی جاوے تو جائز کی صورت نکل سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** ایک طرح درست ہے وہ یہ کہ ان دخیل کاروں سے قبل تخم ریزی زبانی ہی یہ کہہ دیا جاوے کہ آج سے ہم اپنی زمین کا کرایہ اتنا لیں گے، اگر منظور نہ ہو چھوڑ دو مثلاً وہ زمین اس وقت پچاس روپیہ لگان پر ہے ہم اس سے یوں کہیں کہ آپ سے سو روپیہ لگان لیں گے، بس اس کے بعد اگر اس نے کاشت کیا تو شرعاً اس پر سو روپیہ واجب ہوں گے، یہ سو روپیہ جس نام سے بھی ہم وصول کر سکیں حلال ہے۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۳۰۵)

## حربیوں کو سود دینا:

**سوال ⑩۱۱:** حربیوں کو سود دینا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** کتب فقہیہ مین عبارتیں عام واقع ہوئی ہیں، جو سود لینے اور دینے دونوں کو شامل ہے، مثلاً لا ربوا بین المسلم والحربی فی دار الحرب اور قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمہ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ (توجیہ) میں سود دینے کو بھی لکھا ہے، اس وقت فقیر کو یاد نہیں ہے، لیکن اس قدر ظاہر ہے کہ حربیوں سے سود لینا اس وجہ سے حلال ہے کہ مال حربی مباح ہے، اگر اس دوران عہد شکنی نہ ہو اور حربی چونکہ خود بخود دیتا ہے، اس لیے بلا شبہ حلال ہے، اور حربی کو سود دینا اس وجہ سے حلال ہے کہ مسلمان کو حرام کھلانا درست نہیں ہے، اور ان کو بذریعہ سود کوئی چیز دے کر حرام کھلانا اس سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا کہ وہ حرام کھائے۔ (ج ر ۳ ص ر ۳۱۲)

## منی آرڈر کا حکم اور منی آرڈر کے متعلق بعض شبہات کا حل:

**سوال ⑪۱۱:** زید اور عمرو میں منی آرڈر کے ذریعہ سے روپیہ بھیجنے میں گفتگو

ہے،زید کہتا ہے کہ منی آرڈر کے ذریعہ سے روپیہ بھیجنا جائز ہے،اور جواز کی دلیل یہ
بیان کرتا ہے کہ ہر چیز میں اصل اباحۃ ہے،عمرو کہتا ہے کہ چونکہ منی آرڈر کے ذریعہ
سے بھیجنا کسی معاملہ شرعی کے تحت میں داخل نہیں اس لیے ناجائز ہے،زید کہتا ہے کہ
یہ معاملہ شرعی کے تحت میں داخل ہے،اور داخل ہونے کو اس طرح بیان کرتا ہے کہ
اگر کوئی کسی حمال سے کام لے اور اجرت پیشگی دیدے تو جائز ہے عمرو کہتا ہے کہ منی
آرڈر کے ذریعہ سے روپیہ بھیجنے میں اور حمال سے کام لینے میں اور پیشگی اجرت
دینے میں فرق ہے،پہلی صورت کو دوسری صورت پر قیاس کرنا صحیح نہیں،کیوں کہ منی
آرڈر میں تو شرط ہے کہ روپیہ پہنچانے کی اجرت پیشگی لے لی جاوے،اور حمال کو
پیشگی اجرت دینا شرعا یا عرفا تقاضہ نہیں کرسکتا،اور منی آرڈر تو اس وقت تک روانہ ہی
نہیں ہوسکتا جب تک پیشگی اجرت نہ دے،اس کے علاوہ ناجائز ہونے کی وجہ عمرو
ایک اور بھی بیان کرتا ہے،وہ کہتا ہے حمال پر قیاس کرنا اس وجہ سے بھی صحیح نہیں کہ
حمال کے پاس جب تک وہ بوجھ ہے وہ اس کا امین ہے،اگر حمال سے وہ بوجھ کھو
جاوے تو تاوان نہ لیا جاوے گا جیسا کہ امین سے نہیں لیا جاتا،اور منی آرڈر کا روپیہ
ڈاک خانہ والوں کے پاس سے کھو جاوے تو اس کا تاوان لیا جاتا ہے،اور ڈاکخانہ
سے گویا شرط ہے کہ اگر روپیہ کھوجاوے تو تاوان دے گا، اس کے علاوہ
ناجائز ہونے کی وجہ ایک اور بھی بیان کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ حمال پر قیاس کرنا اس
وجہ سے بھی نہیں صحیح کہ حمال کے پاس جب تک وہ بوجھ ہے وہ اس کا امین ہے،اور
امین پر واجب ہے کہ جو چیز امانت میں دی جائے بعینہ وہی واپس کرے،اور منی
آرڈر میں سب جانتے ہیں کہ وہی روپیہ بعینہ نہیں ملتا بلکہ اس کے مثل دوسرا روپیہ
ملتا ہے،زید کہتا ہے کہ عموم بلوی ودفع حرج اور تعامل علماء وصلحاء کی وجہ سے بعض
ناجائز چیزیں بھی جائز ہوجاتی ہیں،اور یہ تو مباح الاصل ہے یہ کیوں کرنا جائز ہوگا،

Scanned by CamScanner

مثلاً غلہ کی بالیوں کو بیلوں سے پامال کراتے ہیں اور بیل اس میں بول و براز کرتے ہیں، اس کو سب جانتے ہیں، پھر عموم بلوی دفع حرج اور تعامل علماء وصلحاء یا تعامل خلائق کی وجہ سے اس کو سب حلال جانتے ہیں اور اس غلہ کا سب استعمال کرتے ہیں، اسی طرح اگر منی آرڈر بھی بالفرض ناجائز ہو تو جائز ہو جائے گا، اب از روئے شرع شریف اس گفتگو کا فیصلہ فرمائیے، اور قول فیصلہ ارشاد فرمائیے، تاکہ قلب کو تسکین ہو۔

**الجواب:** قاعدہ کلیہ ہے الاقراض تقضی بامثالہا، اور منصوص ہے کہ قرض میں کمی بیشی کی شرط ربوا ہے، اب سمجھنا چاہیے کہ منی آرڈر کا روپیہ جو ڈاک خانہ میں داخل کیا جاتا ہے وہ امانت ہے اور اہل ڈاک اجیر، یا قرض ہے اور اہل ڈاک مستقرض سو چونکہ یقینا معلوم ہے کہ وہ روپیہ بعینہ نہیں بھیجا جاتا، اور نیز قانون ہے کہ اگر ڈاک خانہ سے وہ روپیہ اتفاقا ضائع ہو جاوے تو اہل ڈاک اس کا ضمان دیتے ہیں، ان دونوں امر سے معلوم ہوا کہ وہ امانت نہیں بلکہ قرض ہے، جو دوسری جگہ ادا کیا جاتا ہے، پس فیس بھی جزو قرض ہوا، اور مقام وصول پر چونکہ بوضع فیس ادا کیا جاتا ہے، اس لیے قرض میں کمی بیشی لازم آئی، یہ وجہ اس کے ممنوع ہونے کی ہے بلکہ اگر یہ فیس بھی نہ ہو تب بھی حسب قاعدہ کلیہ کل قرض جر نفعا فہو ربوا بوجہ منفعت سقوط خطر طریق کے داخل **سفتجہ** ہو کر مکروہ ہے، فی الدر المختار کتاب الحوالة و کرهت السفتجة اور چونکہ یہ عقد اجارہ نہیں ہے، جیسا اوپر مذکور ہوا لہذا اس کو کوئی مس نہیں، **کما ہو ظاہر اور عموم بلوی** طہارت ونجاسات میں موثر ہے نہ حلت وحرمت میں اور **تعامل اس کو نہیں کہتے ہیں،** بلکہ وہ ایک قسم اجماع کی اور اس میں شرائط اجماع کا پایا **جانا ضروری ہے، منجملہ** اس کے یہ بھی کہ علماء عصر واحد بلا نکیر اس کو قبول کرلیں، متنازع **فیہ میں یہ امر مفقود ہے،** اس لیے یہ تعامل نہیں ہے، ایک رواج عامیانہ ہے جو شرعا حجت نہیں، اس سے سب **نظائر** مذکور زید کا جواب نکل آیا، واللہ اعلم، البتہ بہت عرق

Scanned by CamScanner

ریزی سے اس قدر تاویل کی گنجائش ہوسکتی ہے، کہ فیس کو اجرت کتابت وروانگی فارم کی کہا جاوے، اس سے حرمت تفاضل تو دفع ہو جاوے گی، مگر کراہت سفتجہ کی باقی رہے گی۔ واللہ اعلم۔ (۱۸/ذیقعدہ: ۱۳۲۰ھ/ج/۳ص/۱۴۳ تا ۱۴۴)

## قرضۂ جنگ میں دوسرے سے روپیہ داخل کرانے کی ایک صورت:

**سوال (۱۱۲):** میرے سے قرضۂ جنگ میں دوسو روپیے کی طلبی ہے ایک بقال نے یہاں یہ کر رکھا ہے کہ بیس روپیے فی صدی لے کر دینے والے کی طرف سے روپیہ سرکار میں داخل کر دیتا ہے اور وہاں سے خود ہی وصول کر لے گا، یعنی سرکاری دستاویز اپنے نام کی لیتا ہے اس کی بابت کیا حکم ہے، یہ عقد کر کے اس سے روپیہ داخل کرادوں تو کوئی حرج تو نہیں ہے؟

**الجواب:** یہ عقد ایک تاویل سے آپ کے لیے جائز ہے، وذلك التاويل عن هذا الدفع وانكان ربوا صورة لكنه رشوة ويجوز دفعها للتوقى عن مثل هذا الاستقراض الذى هو الزام لما لا يلزم وايجاب للتبرع۔ (۳/شعبان: ۱۳۳۵ھ/ج/۴ص/۳۶۶)

## ادھار روپیہ کے بدلہ میں ادھار غلہ کا معاملہ:

**سوال (۱۱۳):** ایک کاشتکار کے ذمہ کسی کا روپیہ چاہتا تھا اس کاشتکار نے یہ کہا کہ میں بعوض روپیہ کے فصل میں اس نرخ سے غلہ دیدوں گا، جس کی مقدار دس من پختہ ہوئی، جب فصل آئی تو اس نے غلہ نو من دیا، باقی کو کہہ دیا کہ فصل آئندہ میں دوں گا تو یہ درست ہے یا نہیں، اور بعوض اس غلہ کے دوسرا غلہ دیدے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بیع الکالی حدیث وفقہ میں منہی عنہ ہے، اس لیے وہ عقد اول ہی جائز نہیں ہوا کہ میں بعوض روپے کے فصل میں اس نرخ سے غلہ دیدوں گا، بلکہ اس مبادلہ کے جواز کی صورت صرف ایک ہی ہوسکتی ہے، کہ جتنے روپے کے عوض میں

جس قدر غلہ ٹھہرا ہے وہ اسی مجلس میں تسلیم کردیا جاوے، ورنہ ناجائز ہے، جب عقد اول ہی صحیح نہیں تو عقد ثانی تو اسی پر مبنی ہے وہ کیسے جائز ہوگا۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۳۰۲)

## کاشتکار موروثی سے سود لینے کے جواز وعدم جواز کا حکم:

**سوال ⑪⑭**: یوپی کے اضلاع میں قانون موروثی جاری ہے یعنی کاشتکار کو حق دیا جاتا ہے کہ زمیندار کی زمین سے اپنی کاشت نہ چھوڑے، لیکن اس کا لگان غیر موروثی زمین کے مقابلہ میں بہت ہی کم دلایا جاتا ہے، لیکن نالش کی صورت میں گورنمنٹ لگان پر سود دلاتی ہے، پس اگر زمیندار موروثی زمین کے لگان کی کمی کو سود کے نام سے کاشتکار پر نالش کرکے کاشتکار سے وصول کرے تو شرعا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: منافع کا تقوم موقوف ہے عقد اجارہ پر اور صورت مسئول عنہا مین عقد پایا نہیں گیا، لہذا ابناء مذکور فی السوال پر لینا جائز نہیں، صرف ایک صورت جواز کی ہوسکتی ہے وہ یہ کہ کاشتکار سے تصریحا کہہ دیں کہ موجودہ لگان پر (مثلا دس روپئے) ہم زمین دینے پر راضی نہیں اگر اتنا لگان (مثلا بیس روپئے) دینا ہو تو زمین کاشت کرو ورنہ چھوڑ دو، اگر اس کے بعد وہ کاشت کرے گا، تو بیس روپئے کے لگان کو وہ تسلیم کرلے گا، اور اس پر بیس روپئے واجب ہوجاویں گے، اس وجوب کے بعد پھر اپنا حق واجب جس عنوان سے بھی ہو وصول کرے گا، وہ رقم مباح ہوگی۔

(۴ر جمادی الاولی: ۱۳۰۳ھ/ ج ر ۳ ص ر ۵۲۵)

# باب الوکالۃ

## قرض وصول کرنے والے وکیل سے پہلے ہی مقدار قرض قبضہ کرلینا:

**سوال ⑪⑮**: کسی شخص کو اپنے قرض وصول کرنے کو ایک شخص کو وکیل بنایا اور اطمینان کے واسطے اول اس سے روپیہ لے لیا، بعد وصول ہونے کے وہ مجرا دیا یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بایں تاویل جائز ہے کہ اسں وکیل سے اس نے قرض لے لیا پھر اس نے وصول کر کے محسوب کر دیا۔ (۲/شعبان:۱۳۳۱ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۲۱۷، جدید: ج/ ۷ ص/ ۲۳۹)

## وکالت کے پیشہ کے جواز کی توجیہ اور شرائط:

**سوال (۱۱۶):** حضور نے دربارہ وکالت احقر کے استفسار پر تحریر فرمایا تھا کہ اگر موکل سچا ہے، تو مظلوم ہے مظلوم کی نصرت واجب ہے، واجب پر اجرت لینا ناجائز ہے، اور اگر جھوٹا ہے تو ظالم ہے، ظالم پر نصرت حرام ہے، اور حرام پر اجرت لینا بھی حرام ہے، لیکن اگر وکالت کی فیس کو واجب یا حرام کی اجرت نہ کہا جاوے بلکہ مثل نفقہ قاضی یا حاکم کے اس کو بھی نفقہ کہا جاوے، تو جواز کی گنجائش ہوسکتی ہے یا نہیں، اور اگر یہ تاویل نہ چل سکے تو پھر یہ تاویل ہوسکتی ہے کہ وکیل نصرت کی اجرت نہیں لیتا ہے، کیوں کہ غایت مافی الباب وکیل پر موکل کو قانونی مشورہ دے دینا واجب ہوگا، اب موکل کو چاہیے کہ اس کے مشورہ کے موافق عمل کرے، اگر خود عمل کرنے پر قادر نہیں ہے، تو وکیل اس کا ذمہ دار نہیں ہوسکتا، باوجود اس کے وکیل کو عدالت میں لے جانا اور اپنے کام کے لیے محبوس رکھنا یہ غالبا متقوم عندالشرع ہوسکتا ہے، اس میں بھی کسی قدر اس کی تائید ہوسکتی ہے کہ بسا اوقات ایک مقدمہ میں کئی کئی وکیل کرتے ہیں، جن میں سے بعض گفتگو کرتے ہیں اور بعض خاموش بیٹھے رہتے ہیں، جب عدالت کا وقت ختم ہوجاتا ہے چلے جاتے ہیں، اب ان وکیلوں نے جنھوں نے خاموشی کی حالت میں عدالت کے وقت کو پورا کر دیا، باوجویکہ مقدمہ میں نصرت نہیں کی مگر فیس لے لی، اس سے معلوم ہوا کہ محض حبس کی فیس لی ہے، ورنہ ان کو کچھ نہیں ملنا چاہیے تھا، کیوں کہ مقدمہ میں نصرت نہیں کی، آیا اس تاویل سے وکالت جائز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ فقط بینوا توجروا۔

**الجواب:** سائل نے جو توجیہات اس کے حبس کی لکھی ہے وہ کافی ہیں، اور

ہاں سب سے سہل تر توجیہ یہ ہے کہ فقہاء نے تصریح کی ہے کہ حرمت استیجار مخصوص ہے طاعت مختصہ بالمسلم کے ساتھ، اور نصرت مظلوم منجملہ طاعات عامہ کے ہے، پس اس میں اس حرمت کا حکم نہ کیا جاوے گا، حاصل یہ کہ پیشۂ وکالت فی نفسہ جائز ٹھہرا، مگر شرط یہ ہے کہ سچے مقدمات لیتا ہو۔ (ق: ج/ ۳ ص/ ۳۱۹/ جدید: ج/ ۷ ص/ ۲۴۶،۴۷)

## باب الحوالہ

### نقد کم روپے کو ادھار زیادہ روپے کے بدلہ میں دینا:

**سوال (۱۱۷)**: زید نے بعوض کچھ اپنے گذشتہ حساب کتاب کے مثلاً چارسو پچاس روپیہ نقد کے دلا پانے کی ڈگری ایک انگریز پر باقاعدہ حاصل کر لی ہے، انگریز چند ماہ میں بالاقساط مبلغان مذکور ادا کرے گا، زید چونکہ کسی دور دراز جگہ کا باشندہ ہے، یہاں مقیم نہیں رہ سکتا، لہٰذا وہ کسی دوسرے شخص مثلاً خالد کو جو یہاں کا مقیم ہے، وہ ڈگری مذکور بدیں شرط حوالہ کرتا ہے، کہ خالد اس کو مثلاً دوصد روپیہ نقد یکمشت ابھی ادا کردے اور بعد میں دوصد پنجاہ روپیہ بالاقساط وصول کر کے اپنے قبضہ وتصرف میں لاوے زید کو اس رقم سے کوئی واسطہ نہ ہوگا، آیا خالد جو یہاں مقیم ہے، زید کی شرط مذکورہ بالا کو شرعاً لینے کا مجاز ہے، یا نہیں، اس دادوستد کاروائی میں کوئی امر خلاف شریعت تو نہیں ہے؟

**الجواب**: یہ تو جائز نہیں، مگر یوں کرے کہ خالد کو وکیل بنادے کہ تم اس انگریز سے تقاضا کر کے وصول کرو، اور اڑھائی سو روپے اس کام پر تمہاری اجرت ہے، اور دوسو روپیہ تم ہم کو قرض دیدو، وہ بھی وصول کر کے اپنے قرضہ میں رکھ لینا۔

(۶/ ربیع الاول: ۱۳۳۱ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۳۲۲)

## باب الاجارة

### شاگرد سے شیرینی یا اس کا پیسہ وصول کرنے کا حکم:

**سوال (۱۱۸)**: ہمارے یہاں جتنے سینے والے ہیں سب نے یہ مقرر کر رکھا ہے

کہ جو کوئی شاگرد کرے اس شاگرد سے دس روپیہ کی مٹھائی لے کر سب سینے والوں کو تقسیم کرے چاہے وہ خوشی سے دے یا ناراضی سے دے، مگر ضرور لینا چاہیے، یہ روپیہ لینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اس طرح جائز نہیں البتہ اگر یہ ٹھہر جاوے کہ اتنے روز تک اور اتنے وقت تک سکھانے کی اجرت ہم دس روپے یا دس روپے کی چیز لیں گے، اس طرح جائز ہے، پھر اتنے دنوں سکھلانا پڑے گا، مگر پھر یہ روپیہ یا چیز اس شخص کی ملک ہوگی، تقسیم کرنا واجب نہیں ہے، چونکہ دوسروں کا مانگنا ظلم ہے، اور تقسیم اس ظلم کی اعانت ہے، اس لیے تقسیم کے جواز میں بھی شبہ ہے۔ (قرب: ۷، ۱۳۳۳ھ/ ج/ ۳ص/ ۲۷، ۳۲)

## کھیتی کے کٹائی کی اجرت اسی میں دینا:

**سوال ⑪⑨:** کھیتی کٹوانے میں آج کل یہی عرف ہے کہ کاٹنے والے کو اسی کھیت کٹے ہوئے سے کچھ دیتے ہیں، پس یہ اجارہ بسبب جہالت اور اجرت ہونا اس چیز کا جو اجرت لینے والے کے ہاتھ سے تیار ہوتی ہے فاسد ہونا چاہیے، پس اس کے متعلق امور ذیل کا جواب ارشاد فرمائیں۔

(۱) یہ اجارہ فاسد ہے یا نہیں اگر نہیں تو دلیل کیا ہے۔

(۲) بنا بر فاسد ہونے اجارہ مسطورہ کے وہ اجرت کرنے والا اس اجرت کا بعد القبض مالک ہوجاتا ہے یا نہیں۔

(۳) بنا بر فاسد ہونے اجارہ مذکورہ کے کوئی حیلہ جواز کا ہے یا نہیں، اس میں جو عموم بلوی ہے اس کا کچھ اعتبار ہوگا یا نہیں۔

**الجواب:** جہالت کی نسبت تو یہ توجیہ ہوسکتی ہے کہ مجہول محض نہیں ہوتا، ایک انداز ہوتا ہے اور جہالت یسیر کو فقہاء نے مواضع کثیرہ میں عفو کیا ہے، اور قفیز طحان کے شبہ کی یہ توجیہ ہوسکتی ہے، بلکہ واقع بھی ہے، کہ خواہ عملاً اسی محصور میں سے

Scanned by CamScanner

دیدیتے ہوں مگر اس کی شرط نہیں ہوتی حتی کہ اگر یوم سابق کے محصود میں سے کوئی اسی انداز سے دینے لگے کوئی انکار نہیں کرتا۔ اس لیے میں اس عمل کو جائز سمجھتا ہوں۔

(۸ر جمادی الاخری: ۱۳۴۴ھ/ ق: ج ر ۴ر ۳۴۲/ جدید: ج ر ۷ر ص ر ۳۰۰)

## منافع میں شرکت کی شرط پر پرندوں کی پرورش کا حکم:

**سوال (۱۲۰)**: ہمارے ملک سندھ میں لوگ دریائی سفید پرندے پالتے ہیں، اس کی پشت کے پر تیس روپیہ فی تولہ بیچتے ہیں، جو لاکھوں روپیہ کی تجارت ہوتی ہے، اور ان پرندوں میں اس طرح شرکت کرتے ہیں کہ کسی نے دوسو روپیہ کے پرند خرید کر کے کسی کو اس شرط پر دیئے کہ ان کا پالنا تیرے ذمہ یعنی فقط خدمت گذاری باقی خورش ان کی، پیدائش (آمدنی) سے اول نکال کر جو باقی پیداوار رہے گی، اس سے پہلے میرے دوسو ادا کئے جائیں گے، بعدہ جو ہوگا وہ دونوں کا نصفا نصف ہوگا، باقی پرندے روپیہ والے ہی کی ملک رہیں گے، (۲) یا بعد ادا دوسو کے خود پرندوں پر مع پیدائش (آمدنی) کے نصفا نصف مالک کر دے تو جائز ہے یا نہیں، اگر ناجائز ہے تو کوئی صورت اس کے جواز کی بن سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب**: یہ دونوں صورتیں اجارہ ہیں نہ شرکت، لفقدان شروطهما اور دوسرے عقود کا احتمال ہی نہیں، اس لیے ناجائز ہیں، البتہ اس طرح جواز ہوسکتا ہے کہ مالک ان پرندوں کا نصف یا کم وبیش اس عامل کے ہاتھ فروخت کردے، اور جو منافع پیدا ہوں گے وہ دونوں میں مشترک ہوں گے، اس عامل کے حصہ کی قیمت یہ مالک اپنے ثمن میں لے لیا کرے، اور جب سب ثمن ادا ہوجائے پھر منافع باہم تقسیم ہوجایا کرے، لیکن اس صورت میں عامل پر جبر نہ ہوگا، کہ وہی خدمت کرے، وہ ہر وقت انکار کرسکتا ہے، اور اپنی خوشی سے کرتا رہے تو جائز ہے۔

(۲۸ر رمضان: ۱۳۳۱ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۳۴۳/ جدید: ج ر ۷ ص ر ۳۰۳)

Scanned by CamScanner

## کسی حیلہ سے رقم دے کر اپنی زمین خود چھوڑا لینا:

**سوال(۱۲۱):** اگر کوئی شخص موروثی زمین نکالنے کی وجہ سے مجبوراً کاشتکار کو روپیہ دے کر اپنی زمین کو اس سے علیحدہ کرے تو اس شخص کو حق ہے کہ اتنا روپیہ کسی ذریعہ سے وصول کرے یا نہیں، آیا اس روپیہ دینے کو ہبہ بالاکراہ میں داخل کر کے مثل بیع صحیح کہا جاوے گا یا نہیں؟

**الجواب:** یہ رشوت میں داخل ہے، اور درمختار میں ہے الرشوۃ لا تملك بالقبض اس لیے اس روپیہ کا استرداد کسی حیلہ سے جائز ہے۔ (۲۰ رشعبان: ۱۳۳۳ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۳۵۲)

## موروثی کاشکار سے اپنا حق واجبی وصول کرنا:

**سوال(۱۲۲):** بعد سلام مسنون، والا نامہ ارسال خدمت ہے اور اس کے جواب میں التماس ہے کہ (سوال) مالک زمین اپنا حق جس کو انہوں نے غصب کر رکھا ہے الخ (جواب) حق مالک زمین جس کو کاشتکار موروثی نے غصب کر رکھا ہے وہ یہ ہے کہ موروثی کاشتکار کے پاس مثلاً جو زمین ایک روپیہ فی بیگھہ کرایہ پر ہے واقع میں وہ زمین اگر اس کے پاس موروثی نہ ہوتی تو چار روپیہ فی بیگھہ اس سے وصول ہوتا، تو صورت مذکورہ میں مالک زمین کے تین روپیہ فی بیگھہ کا حق کاشتکار موروثی نے غصب کر رکھا ہے، (سوال) اور وہ وصول کس طرح ہو جاوے گا؟

(جواب) صورت وصول یہ ہے کہ مثلاً اگر کسی کاشتکار موروثی نے تین سال تک روپیہ لگان ادا نہیں کیا تو مالک زمین کو یہ جائز ہے یا نہیں کہ وہ تین سال کا اس قدر روپیہ کہ درصورت سود ہوتا، بعنوان سود خود یا بذریعہ عدالت وصول کر لے، اور سود مقصود نہ ہو، بلکہ اپنے اس حق کا وصول کرنا مقصود ہو جو کہ کاشتکار مذکور نے غصب کر رکھا ہے جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے۔ بینوا توجروا؟

**الجواب:** اس طرح سے وصول کرنا درست نہیں، کیوں کہ کوئی عقد نہیں پایا گیا جس سے تعیین ہوجاوے کہ اس قدر حق واجب ہے، البتہ اس کی ایک صورت ہے وہ یہ کہ صورت مذکورہ میں مالک اس کاشتکار سے ایک دفعہ یہ کہہ دے کہ میں ایک روپیہ فی بیگھہ کرایہ زمین پر راضی نہیں ہوں، بلکہ چارروپے فی بیگھہ لوں گا، یا تو چھوڑ دے، اور نہیں تو چارروپیہ بیگھہ لوں گا، اس کے بعد اگر وہ نہ چھوڑے گا تو اس کے ذمہ یہ کرایہ واجب ہوجاوے گا، پھر بطریق مذکورہ سوال اس سے وصول کرنا جائز ہے۔(ق:ج/۳ص/۵۳، ۳۵۴/ جدید:ج/۷ ص/۳۳۱)

## اجیر خاص کے لیے اجرت پر عمل کرنا جائز نہیں:

**سوال⑫۳:** السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مولانا.........انبہٹوی نے مولانا .........صاحب صدرالمدرسین مدرسہ ہذا سے زبانی کہا تھا کہ میرے ایک شاگرد اسلام نگر کے رہنے والے نے جو معزز عہدہ پر حیدرآباد دکن میں ملازم ہیں کہا تھا کہ میں تمہارے لیے ۲۵ /ماہوار کچھ اوراپنے پاس سے اور کچھ چندہ کر کے بھیجتا رہوں گا، آپ کسی جگہ تشریف نہ لے جائیں، ایک جگہ رہ کر تعلیم دیں، اور یہ روپیہ ماہوار کسی امین کے پاس جمع ہوتا رہے گا، آپ کو اختیار ہوگا کہ جس قدر مناسب ہوگا آپ اس میں سے ماہوار خرچ لیتے رہیں چنانچہ شاگرد صاحب یہ رقم قصبہ انبہٹہ میں امین کے پاس جمع کرانے لگے ہیں، اور میں اس میں سے موافق ضرورت کے خرچ لیتا رہتا ہوں، اگر مدرسہ کے سرپرستاں کی رائے ہووے تو میں اس میں سے رقم کو مدرسہ میں منتقل کردوں اور یہیں رہ کر تعلیم دوں اور بچوں کی نگرانی کروں، اس کے بارے میں مولانا....صاحب زبانی حضرت مولانا صاحب سے کہا تھا، زبانی شاہ صاحب نے منظور فرمالیا تھا، پھر ایک عریضہ بھیجا گیا، اس پر مولانا صاحب نے یہ تحریر فرمائی ہے، جو خدمت والا میں ارسال ہے، مولانا صاحب کو ابتدائی تعلیم کا

Scanned by CamScanner

اخلاق اچھا آتا ہے، اور اس کے ساتھ بہت دلچسپی ہے، اگر مناسب ہو تو مقرر فرمائے جاویں، اور علاوہ رقم موصولہ کے مدرسہ سے صرف دس روپیہ ماہوار ملتے رہیں، اور رقم کے اندر ان کو اختیار خرچ کا رہے گا، جس طرح چاہیں گے خرچ کریں، جیسے ارشاد ہو تعمیل کی جاوے؟

**الجواب:** مخدومی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مجھ کو اس میں ایک شبہ ہے، اگر وہ رفع ہو جاوے تو یہ صورت بہت مستحسن ہے، پھر مکرر مجھ سے پوچھنے کی ضرورت نہیں، اس میں احتمال غالب یہ ہے کہ یہ خدمت بمقابلہ تعلیم کے کرنا، اوراس عمل کی اس سے اجرت لینا جائز نہیں، اگر مدرسہ کی جانب سے تبرعا دیا جاوے تو یہ مدرسہ والوں کو جائز نہیں، اس کی اصلاح ہو سکتی ہے، ان صاحب کو اس تمام تر تجویز کی اطلاع کردی جاوے، اور لکھ دیا جاوے کہ تعلیم کا کام مثلاً اس ۲۵ر میں کروں گا، اور نگرانی کا کام مثلاً مدرسہ کی جانب سے کروں گا، اور اس کا عوض مدرسہ سے لوں گا، اور وہ صاحب بھی شرکاء چندہ کو اس کی اطلاع کردیں، یا ان کی طرف سے وہ وکیل مطلق کردئے جاویں، اور میرے نزدیک قطع نظر اس شبہ فقہیہ کے ان کو اطلاع کرنے میں یہ بھی مصلحت ہے کہ اگر اور کسی ذریعہ سے ان صاحب کو خبر پہونچی کہ اس کے علاوہ مدرسہ سے بھی لیتے ہیں، تو خواہ مخواہ بزرگوں پر گمان حرص ہوگا، جس کا اثر اور ثمرہ سب کے لیے برا ہے۔ والسلام (۴رصفر: ۱۳۳۲ھ/ امداد الفتاویٰ: ج ۳ ص ۳۵۷) (ت: ج ۳ ص ۵۶، ۳۵۷/ جدید: ج ۷ ص ۳۸، ۳۲۷)

## کاشتکار کا زمیندار سے بحالی کے لیے رشوت لینا:

**سوال (۱۲۴):** میں نے تین کاشتکاروں کو آراضی سے بیدخل کرنے کے لیے نالش تیار کی، کہ باضابطہ بے دخل کردیا جاوے، ورنہ دو تین سال میں موروثی ہو جاتی ہے، اور اس زمیندار میں چند شرکاء بھی ہیں، جب ان میں سے ایک کاشتکار کو خبر

ہوئی تو اس نے مجھے دس روپیہ نذرانہ دیئے ہیں کہ مجھ کو بیدخل نہ کرو، چنانچہ میں نے دس روپیے لے لئے اور نالش نہیں کی، اور یہ سوچ لیا ہے کہ اگر آئندہ اس پر نالش کروں گا تو اس کا روپیہ واپس کر دوں گا ورنہ نہیں اس میں مجھے شبہ ہے کہ جائز ہے ناجائز اگر ناجائز ہے تو ابھی واپس کر دوں گا۔

**الجواب:** یہ ناجائز ہے مگر ایک تاویل سے جواز ہو سکتا ہے، وہ یہ کہ اس سے جو اجرت زمین کی ٹھہری ہوئی ہے، اس اجرت میں اتنی زیادتی کر دے خواہ ایک ہی سال کے لیے۔ (قرب: ۱۳۳۷ھ/ق: ج/۳ ص/۶۱، ۳۶۰/ جدید: ج/۷ ص/۴۸، ۳۴۷)

## زمیندار اور اس کے کارندوں کا کاشتکار سے دودھ لینا:

**سوال ⑫⑤:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئولہ میں کہ زید بکر کا ملازم باختیار مختار عام ہے، اور بکر کی طرف سے اس کے گاؤں زمیندار کو روپیہ کی تحصیل کے واسطے جاتا ہے، دو چار دن ہفتہ عشرہ موضع مذکور میں رہ کر روپیہ تحصل کرتا ہے، اور جنس خوردنی کا انتظام تو بطور خود کرتا ہے، لیکن دودھ دہی کاشتکاروں کی گھر سے بقدر ضرورت باری باری سے منگاتا ہے، کوئی کاشتکار خوشی سے ناخوشی سے دیتا ہے، لیکن جبر وتعدی ناخوشی سے دینے والے پر بھی نہیں کیا جاتا، دیہات میں فروخت ہونے کا دستور نہیں ہے، زمیندار کارندہ عموماً دودھ دودھ دہی کاشتکاروں سے بلا قیمت حسب ضرورت لیتے ہیں، کاشتکاروں سے کوئی معاوضہ گاؤں میں رہنے اور مویشی کے گھاس چرانے کا نہیں لیا جاتا، یہ بھی لحاظ فرمایا جاوے کہ کھانا روزمرہ کا زید کا بکر کے ذمہ ہے، سفر وحضر میں اسی کے ذمہ کھاتا ہے، تو ایسی حالت میں یہ دودھ دہی اس کو حلال ومباح ہے یا نہیں؟

**الجواب:** قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ حقوق واجبہ کے سوا جو آمدنی بواسطہ حکومت کے ہو وہ اقسام رشوت میں کی ایک قسم ہے، اور زمیندار کاشتکار کا علاقہ شرعاً حاکم ومحکوم کا

نہیں، بلکہ موجر ومستاجر کا ہے، پس جو کچھ کاشتکار سے لیا جاتا ہے، اس کو سکنائی یا زرعی صحرائی زمین کے معاوضہ کا یعنی اجرت کا ایک جز ٹھہرا سکتے ہیں، البتہ اجرت کے شرائط میں سے اجرت کا معین ومعلوم ہونا بھی ہے، پس صورت مسئولہ میں بقاعدہ المعروف کالمشروط یہ دودھ دہی بھی داخل اجرت زمین ہے، اس لیے اصل میں جائز ہے، لیکن اس میں شرعاً اتنا فساد ہے کہ اس کی مقدار معین نہیں، پس اس کی اصلاح اس طرح واجب ہے کہ معاہدہ اجارہ یا اضافہ کے ہر کاشتکار سے تصریحاً کہہ دیا جاوے کہ تم کو سال بھر یا ششماہی میں اس قدر دودھ دہی بھی دینا ہوگا، پھر اس کا حساب ذہن میں یا لکھ کر یاد رکھے کہ سال بھر میں فلاں فلاں کاشتکار سے اس قدر آیا تھا کہ اس کی مقدار سے زائد دودھ دہی نہ آنے پاوے اگر کم آوے تو مضائقہ نہیں، اس طرح مقرر کر لینے میں اگر اس سے ناخوشی کے ساتھ بھی وصول ہوگا تو حلال ہے، اور اگر اس طرح مقرر نہ کیا تو اجارہ فاسدہ کی وجہ سے اس کا لینا اور کھانا درست نہیں خواہ اپنے ذمہ کھاتا ہو، یا اپنے آقا کے ذمہ کھاوے، اور اگر تھوڑی توجہ کی جائے تو شرط جواز کا اہتمام کچھ دشوار نہیں۔ فقط (۱۶ ربیع الاول: ۱۳۲۳ھ/ق: ج ۳ ص ۳۶۸)

## مال حرام سے اجرت لینا اور عورت کو ڈاکٹر کا مس کرنا:

**سوال (۱۳۶):** ایک شخص کا دندان سازی پیشہ ہے، اس سے اجنبی عورت دندان بنوانا چاہتی ہے، اور اس عورت کا فحش وحرام پیشہ ہے، غالباً اجرت بھی اسی حرام کمائی سے دے گی، اس حالت میں دندانہ بنانے کی ضرورت سے غیر عورت کے بدن کو مس کرنا اور حرام کمائی سے اجرت لینا اس شخص کو درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اس میں دو سوال ہیں، مس کرنا، اور ایسی اجرت لینا۔ سو مس اجنبیہ کو بضرورت جائز رکھا گیا ہے، جیسے مداوات مرض میں، پس اگر دانت بضرورت بنوائے جاتے ہیں، تو یہ ایک قسم کی مداواۃ ہے، دندان ساز کو مس

Scanned by CamScanner

جائز ہے، اور اگر بلا ضرورت بنوائے جاتے ہیں تو مس جائز نہیں، جیسا احتقان ضرورت میں جائز رکھا گیا ہے، اور بعض منفعت بلا ضرورت کے لیے حرام کذا فی الشامية الجزء الخامس: ص/ ۲۶۵، اور اجرت لینا مال حرام سے حرام ہے، البتہ اگر وہ قرض لے کر دیدے اور اس کو یقین ہو جائے تو درست ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔ (۲/ ذی الحجہ: ۱۳۲۲ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۲۷۸)

## زمینداری کے حقوق کاشتکار پر سرکاری عطاء ہے:

**سوال ۱۲۷**: برہما کے علاقہ کے دیہات میں ہر پچاس یا زائد گھروں کے اوپر ایک شخص سرکار گورنمنٹ کی طرف سے مقرر ہے، جس کو رواسوگری کہتے ہیں، روا محلہ، سو شخص، گری بڑا یعنی محلہ کا بڑا آدمی، ایسے لوگوں کو اس قدر اقتدار وحکومت دی گئی ہے کہ مختصر چند دفعات فوجداری کے مقدمات کا فیصلہ کریں فقط پانچ روپے تک جرمانہ کریں، اور ایک شبانہ روز تک قید کریں، اور بعض سیاست بھی کریں فریادی سے، فقط ایک روپیہ فیس کا رواسوگری اپنے نفس کے لیے وصول کرے، خواہ آئندہ وہ مقدمہ میں کامیاب ہو یا ہار جائے، مگر درصورت کامیابی یعنی جب فریادی جیتتا ہے تو وہ علاوہ جرمانہ یا تعزیرات کے ایک روپیہ فیس کا مدعا علیہ سے وصول کر کے فریادی کو دلاتے ہیں، بجز ایک روپیہ فیس کے اور کوئی تنخواہ گورنمنٹ کی طرف سے نہیں ہے، اس روپیہ کا نام کوائمیو روپیہ ہے، یعنی پان خرچ کا روپیہ یعنی پان کھا کر یہ کام کوئی انجام کرے، اور یہ ایک روپیہ جب کہ مقدمہ دائر ہوگا، رواسوگریوں کو ملتا رہے گا، خواہ بعد میں صلح ہی ہو جاوے، اس کے متعلق سرکار سے چند رجسٹر بھی (دفتر) دیئے جاتے ہیں، جرمانہ سرکار کو ملتا ہے، ایک روپیہ فی مقدمہ رواسوگری کو ملتا ہے، گویا یہ روپیہ اس کی تنخواہ ہے، چناں چہ کچہری میں کورٹ فیس اسٹامپ لگا کر درخواست کرنا ہوتا ہے، وہ سرکاری میں جمع ہوتا ہے، تنخواہ احکام کی علیحدہ دیتے ہیں،

اور یہاں فقط دفتر میں مرقوم ہوتا ہے، رواسوگری سب لے لیتے ہیں۔

(۱) سوال یہ ہے یہ ایک روپیہ فیس کا فریادی سے وصول کرنا بطور تنخواہ رواسوگری کے لیے حلال ہوگا یا نہیں۔

(۲) اور یہ جرمانہ اور قید کرنا درست ہے یا نہیں، اس کے لیے عنداللہ ماخوذ ہوگا یا نہیں۔

(۳) اگر کوئی فیس نہ لے اور حکومت جاری رکھے، مواخذ سے بچ سکتا ہے یا نہیں۔

(۴) اگر فیس لے لے اور آپس میں صلح کرادے جواز کی گنجائش ہے نہیں۔

(۵) یہ عہدہ کیسا ہے۔

(۶) اسی طرح اگر طرفین کے جھگڑے چکانے کے واسطے مثلاً ایک روپیہ محنتانہ ظاہر وباہر دے کر کسی کو ثالث مقرر کریں حکم بناویں، (بلا اجازت سرکاری) اور حسب شرع حکم کرے وہ ایک روپیہ محنتانہ مثلاً لے سکتا ہے یا نہیں، اب بیت المال نہیں ہے، مفت کام کرنے والے کم ہیں، اس کے ترک میں مفاسد کی زیادتی بے شک ہوگی۔

**الجواب:** یہ نوکری اور فیس جس حد تک کہ سوال میں لکھی ہے، ایک تاویل سے جائز ہے، بشرطیکہ اس کو کسی اور مفسدے کا ذریعہ نہ بنالیا جائے باقی تقوی یہ ہے کہ اس سے بچے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ (۱۰ ررجب المرجب: ۱۳۳۱ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۳۷۹، ۳۸۰)

## زمین دار کا رعایا سے مختلف قسم کی پیداوار میں سے وصول کرنا:

**سوال ⑫⑧:** جب کسی رعایا کی بیٹی یا بیٹے کی شادی ہوتی ہے، تو مبلغ ۲ ر عبہ نقد اور کچھ آٹا یا کھانا جو اس کے یہاں ہوتا لیتے ہیں؟

**الجواب:** یہ چونکہ گاہے ہوتا ہے اور گاہے نہیں ہوتا، اس لیے درست نہیں، البتہ اگر یہ معاہدہ ہو جاوے کہ ہر سال ۲ ر عبہ اور اتنا آٹا بھی لیں گے، اور پھر یوں کریں اگر شادی ہو، لے لے ورنہ معاف کردے، یہ درست ہے۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۳۸۰)

Scanned by CamScanner

## امامت اور وعظ پر اجرت لینا:

**سوال (۱۲۹):** امامت اور وعظ پر اجرت لینی جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** استیجار علی الطاعات جو ناجائز ہے اس میں سے امامت مستثنیٰ ہے اور وعظ کو بھی بعض نے مستثنیٰ کہا ہے، اور بعض نے عدم جواز میں داخل رکھا ہے، تحقیق یہ ہے کہ اگر وعظ کی نوکری کر لی مثل امامت کے تو اجرت لینا جائز ہے، اور اگر نوکری نہیں ہے عین وقت پر وعظ پر اجرت کی شرط کرے تو جائز نہیں، جیسے عین وقت پر امامت پر اجرت مانگنے لگے۔ (۱۱ر شعبان: ۱۳۲۹ھ/ق: ج ۳، ص ۸۸،۸۹ ۳)

## کاشتکاروں کا بغیر کام اور مزدوری مقرر کئے کام میں لگنے کا حکم:

**سوال (۱۳۰):** کیا فرماتے ہیں علماء دین متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے علاقہ میں رواج ہے کہ نجار یا حداد زراعت کاروں سے یہ عقد کر لیتے ہیں کہ مثلاً جو کام زراعت کے متعلق لکڑی یا لوہے کا ہوگا بلا تعیین کرتے رہیں گے، اور زراعت سے جو کچھ کہ پیدا ہوگا، ایک من ہو بیس من مثلاً اس سے چالیسواں حصہ لیں گے تو اول تو اس میں تعیین کام نہیں ہے، اور اسی طرح تعیین اجرت بھی نہیں، کسی موقع پر کام کثرت سے ہو جاتا ہے اور بوجہ آفات کے زراعت سے کچھ پیدا نہیں ہوتا، اور کبھی بحیثیت اجرت کام سے دوگنی بلکہ دس گنی زیادہ ہو جاتی ہے، غرض اس عقد میں نہ تعیین ماجور علیہا کی ہوتی ہے نہ اجرت کی، اور نہ تعیین مدت کی، تو لہٰذا یہ عقد فاسد ہوگا، اور یہ اجرت بوجہ شبہ ربوا کے حرام ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بوجہ ابتلائے عام کے اس عقد کو اس تاویل سے جائز کہا جاوے گا کہ ابتدائے گفتگو کو عقد نہ کہیں گے، اور وعدہ کہیں گے، اور اجرت دینے کے وقت چونکہ عین معقود علیہ چیز وجود میں آنے سے متعین ہو گیا، اجرت کو اس کے مقابلہ میں کہہ کر اس وقت عقد کو منعقد مانا جاوے گا، اب اس میں کوئی محذور نہیں رہا، نظیرہ فی

Scanned by CamScanner

ردالمحتار فِي الْوَلْوَالِجِيَّةِ: دَفَعَ دَرَاهِمَ إِلَى خَبَّازٍ إلى قوله وَلَوْ أَعْطَاهُ الدَّرَاهِمَ. وَجَعَلَ يَأْخُذُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَةَ أَمْنَاءٍ وَلَمْ يَقُلْ فِي الِابْتِدَاءِ اشْتَرَيْتُ مِنْكَ يَجُوزُ وَهٰذَا حَلَالٌ وَإِنْ كَانَ نِيَّتُهُ وَقْتَ الدَّفْعِ الشِّرَاءَ؛ مَعْلُومٌ فَيَنْعَقِدُ الْبَيْعُ صَحِيحًا. الخ قُلت: وَوَجْهُهُ أَنَّ ثَمَنَ الْخُبْزِ مَعْلُومٌ فَإِذَا انْعَقَدَ بَيْعًا بِالتَّعَاطِي وَقْتَ الْأَخْذِ مَعَ دَفْعِ الثَّمَنِ قَبْلَهُ. فَكَذَا إِذَا تَأَخَّرَ دَفْعُ الثَّمَنِ بِالْأَوْلَى۔ (قلت فقياس المنافع على الاعيان باشتراك العلة ج ۴ص ۱۸ /ارشعبان: ۱۳۳۱ھ/ ق: ج ۳ص ۳۹۷/جدید: ج ۷ص ۴۴۱)

**ادھیا اور حصہ پر دیئے ہوئے جانور اگر خدمت کرنے والے سے اصل مالک اس حصہ کو خرید لے تو وہ جانور مالک کے حق میں حلال ہوگا یا نہیں:**

**سوال (۱۳۱):** اصلاح الرسوم کے آخری صفحہ پر گائے بھینس کا بچہ حصہ پر دینے کے معاملہ کو حرام لکھا ہے، اور اگر خدمت کنندہ کی وہ جانور ملکیت ہوجاوے تو وہ ملکیت خبیث اور اس کی قربانی مردود لکھی ہے، اب اس کے متعلق یہ سوال ہے کہ اگر وہ حصہ پر دیا ہوا جانور خدمت کنندہ کے پاس نہ رہے، بلکہ اصل مالک خدمت کنندہ کا وہ حصہ خود خرید لے تو کیا پھر بھی وہ جانور ملک خبیث قرار دیا جا کر قابل قربانی نہ ہوگا؟

**الجواب:** اس صورت میں اس اخیر مشتری کے حق میں خبث نہ ہوگا، نہ فعل کا نہ ملک کا۔ (۵رذی الحجہ: ۱۳۳۶ھ/ ج ۳ص ۴۶، ۴۷)

**مویشی خانہ کا ٹھیکہ:**

**سوال (۱۳۲):** ٹھیکہ مویشی خانہ جیسا کہ جلد سوم امدادالفتاوی کے صفحہ د ۴م میں لکھا گیا ہے وہ بعینہ ضلع چاٹگام میں مردج ہے، اس کا حکم تو امدادالفتاوی میں مذکور ہے کہ بیع حرام اور بیع باطل اور سود اور قمار میں داخل ہے، لیکن ضلع اکیاب میں اس کی صورت دیگر

Scanned by CamScanner

ہے وہ یہ کہ گاؤں کے بڑے آدمی جس کو ہیڈ مین روسوگری کہتے ہیں، پانچ روپیہ جرمانہ اور چوبیس گھنٹہ کی قید کرنے کا اختیار رکھتا ہے، بعض ایسے شخص کو سرکار کی طرف سے یہ پروانہ دیا جاتا ہے کہ تم کو کھٹر دیا گیا، پس تم کو چاہیے کہ جو شخص کسی مویشی کو اس کی زراعت کا نقصان کرنے سے تمہارے پاس لاوے تم اس کو بند رکھو، سات دن تک اگر نہ چھڑا لے جاوے اس کی رپورٹ کر کے نیلام کر دو، فیس حسب ذیل وصول کرنا۔

(۱) ہاتھی کا جرمانہ دو روپے، گھوڑے کا ایک روپے، بھینس کے آٹھ آنے، گائے کے چار آنے، بکری کا ایک آنہ، گائے کے بچے کے دو آنے۔

(۲) پہلے روز سے جب تک بند رہے گا، روز بمقدار جرمانہ چرائی بھی وصول کرو، جرمانہ تو فقط وہی مقدار مقرر ہے، اور چرائی ہر روز کی جداگانہ ہے حکم سرکار یہ ہے کہ

(۱) چرائی کی بابت جس قدر وصول ہو وہ تو صاحب کھٹر کا حق ہے، وہ خود چراوے یا دوسرے سے جس طرح چاہے چروائے۔

(۲) جرمانہ کی بابت جس قدر وصول ہو وہ اگر پانچ روپے تک ایک ماہ میں نہ پہنچے، بلکہ پانچ روپے سے کم رہے، وہ صاحب کھٹر کھالیوے، اس میں سرکار کا کوئی حق نہیں، ہاں البتہ ایک مہینہ کے اندر پانچ روپے یا زیادہ جرمانہ میں آمدنی ہو وہ مقدار زر سرکار میں داخل کر دے پس بیع کی صورت بالکل نہیں ہے، فقط سرکاری آمدنی وصول کرنے کا گویا یہ تحصیلدار ہے، اس تحصیلدار کی تنخواہ یا فیس حسب مرقوم بالا تحصیلدار کو ملتا ہے، اپنی طرف سے کچھ نقد پیشگی یا بعد میں بہ تعیین قسط دینا نہیں ہوتا ہے، نیلام کرنے کی وجہ سے جو قیمت جمع ہوتی ہے یعنی ہر مویشی جانور کی قیمت علیحدہ ہوتی ہے کھٹر کے مجوزہ حق پورے ہو کر اگر کچھ مقدار بچت میں جمع رہے وہ صاحب جانور کو بوقت طلب واپس دیا جاتا ہے اب سوال یہ ہے کہ

(۱) اس کھٹر کی آمدنی جائز ہے یا نہیں اگر تفصیل ہو تو تفصیل وار جواب عنایت ہو۔

Scanned by CamScanner

(۲) اس نیلام میں جانور فروخت ہونے سے مالک جانور کا حق منقطع ہوگا یا نہیں خریدار مالک ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** جو کچھ ان مدات میں وصول ہوتا ہے وہ استیلاء سے سرکار کی ملک ہوجاتا ہے اگر چہ وہ استیلاء بواسطہ نائب کے ہو پس سرکار اپنے مملوک روپیہ سے اس تحصیلدار کو دیتی ہے، جو کہ بوجہ رضا کے مباح ہے، اور بعینہ اسی دلیل سے نیلام ہونے سے حق مالک کا اس سے منقطع ہو جاتا ہے۔ (۲۵ر ذیقعدہ: ۱۳۳۰ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۹۴، ۹۳، ۳۹۳/ جدید: ج ر ۷ ص ر ۴۳۱،۳۲)

## چنگی کی ملازمت:

**سوال (۱۳۲):** اس محکمہ میں افسر سکریٹری و ماتحت افسران سپرنٹنڈنٹ ومحرران وچپراسیان ہوتے ہیں، کام اس محکمہ کا یہ ہے کہ جو مال باہر سے تجارت پیشہ لوگ لائیں ان پر وہ محصول جو کہ گورنمنٹ کی طرف سے لگایا گیا ہے لگا کر وصول کرلیا جاوے، محرر تخمینہ کر کے محصول لگا کر وصول کرتے ہیں، سپرنٹنڈنٹ جانچتا ہے سکریٹری بعض وقت جانچتا بھی ہے اوراحکامات جاری کرتا ہے، چپراسیان تجار وغیرہ کو محصول کے لیے روکتے ہیں وہ اسباب تولتے ہیں، جن پر محصول لگایا جائے گا، محصول کا روپیہ صدر کو لیجاتے ہیں غرض اس محکمہ کے سب لوگ محصول کے متعلق کوئی نہ کوئی کام کرتے ہیں آیا اس محکمہ میں کسی قسم کی ملازمت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** جو قواعد شریعت نے اموال پر محصول لینے کے مقرر فرمائے ہیں جن کو فقہاء نے باب العشر میں ضبط کیا ہے، چونکہ محکمہ مذکور کے قواعد ان پر منطبق نہیں ہیں۔ (۱) اس لیے بوجہ خلاف ما انزل اللہ ہونے کے غیر مشروع ہو گئے ہیں، اور (۲) اس کی اعانت بھی معصیت ہوئی لہذا محکمہ مذکور کی ملازمت ناجائز ہے، حسب ارشاد الٰہی لا تعاونوا علی الاثم والعدوان۔

Scanned by CamScanner

مگر جو تنخواہ ملتی ہے وہ بوجہ اس کے کہ حاکم غیر مومن کا استیلاء اموال پر موجب تملیک ہو جاتا ہے۔

(۱) اور حاکم غیر مومن جو مال برضائے خود کسی مومن کو دیں خواہ کسی عنوان سے ہو وہ مباح ہے اس لیے وہ تنخواہ حلال ہے۔

(۲) غرض خدمت غیر مشروع اور من وجہ مشروع ہے، پس عامل کو صرف عمل کا گناہ ہوگا، اور غیر عامل جو اس تنخواہ سے منتفع ہو مثلاً اس کے اہل وعیال یا اضیاف واحباب ان کو کوئی گناہ نہ ہوگا۔ (ق: ج ر ۳ ص ر ۳۹۶ / جدید: ج ر ۷ ص ر ۴۲۶،۴۲۷)

## مدت پوری ہونے سے پہلے داخلہ خارجہ کی فیس اور پوری تنخواہ لینے کا حکم:

**سوال⑬۴**: ملک بنگال میں دستور ہے جب طالب علم داخل مدرسہ ہوتے ہیں، تو اس سے فیس داخلہ علاوہ اس ماہ کے مشاہرہ کے لیا جاتا ہے، اور مشاہرہ بھی اس ماہ کا اگر ایک دن بھی باقی ہے، تو پورا پورا لیا جاتا ہے، اگر کسی دوسری جگہ کوئی طالب علم جانا چاہیے تو اگر ماہ کا ایک دن بھی گذر چکا ہے، تو پورا مشاہرہ لیا جاتا ہے، اور اس کے علاوہ فیس خارجہ بھی لیا جاتا ہے، اب یہ دونوں مشاہرہ اور دونوں قسم کی فیس لینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**: اس تاویل سے یہ سب جائز ہے کہ معنی عقد کے کہے جاویں گے کہ اگر اتنا کام کریں گے تب بھی اس قدر اجرت لیں گے، اور اگر اس سے کم کریں گے تب بھی اس قدر اجرت لیں گے۔ (۹ ر شوال: ۱۳۳۲ھ / ق: ج ر ۳ ص ر ۴۰۲،۴۰۳)

## غیر حاضری کی اطلاع کے بغیر جو غیر حاضری کے دنوں میں تنخواہ لے لی گئی اسے ادا کرنے کی تدبیر:

**سوال⑬۵**: خادم قصبہ کے مدرسہ سرکاری میں نائب مدرس ہے، اور سکونت قصبہ ہذا سے ۵ ر میل کے فاصلہ پر ہے، ایام تعطیل میں اپنے گھر جانے کا اتفاق

Scanned by CamScanner

ہوا، بارش و دیگر کارخانگی کے سبب ایک یوم زائد علاوہ تعطیل کے صرف ہو گیا جب ایک روز غیر حاضر رہ کر مدرسہ پہنچا تو ہیڈ مدرس نے زبانی فہمائش کر کے سمجھا دیا کہ آئندہ سے غیر حاضری نہ کرنی چاہیے، لیکن غیر حاضری کی رپورٹ نہ مدرس موصوف نے دفتر کو کی اور نہ کسی نے آج تک اس کی تفتیش کی، اب دل میں خیال آیا کہ غیر حاضری کی تنخواہ اپنے صرف میں نہ لانی چاہیے، پھر کیا کیا جاوے، تنخواہ ماہانہ مبلغ بیس روپے ملتی ہے۔

**الجواب:** کبھی ایسا کیجیے کہ کچھ معین ایام کی رخصت لے کر ایک روز قبل حاضر ہو کر کام کیجیے اور وہ دن رخصت ہی میں لکھا رہنے دیجیے۔ (۶ر جمادی الاولی: ۱۳۴۲ھ ق: ج ر ۳ ص ر ۴۰۶)

## اسٹامپ انسپکٹری کی ملازمت جائز ہے:

**سوال (۱۳۶):** از یکے منصف صاحب سائی عہدہ انسپکٹر اسٹامپ کے فرائض یہ ہیں کہ صوبہ بھر میں دورہ کرنا ہوگا، اور ہر عدالت دیوانی وکلکٹری وسرکاری دفاتر کا معائنہ کرنا ہوگا، اور یہ دیکھنا ہوگا کہ مقدمات دیوانی اور مال میں درخواستوں پر سرکاری رسوم یا فیس کافی ادا کی گئی ہے یا کم ہے تو رپورٹ کرنا ہوگا کہ عدالت یا دفتر متعلقہ فریق قاصر سے وصول کرے؟

**الجواب:** یہ حقیقت میں اعانت ہے کہ اسٹامپ کی، اور جواز وعدم جواز میں اس کے تابع ہے، اب قابل تحقیق اسٹامپ کا حکم ہے، سو غور کرنے سے اس میں گنجائش کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ مقدمات کے فیصلہ وغیرہ میں جو عملہ خرچ ہوتا ہے وہ اہل مقدمہ سے بعوض عمل کے جن کا نفع اہل مقدمہ کو پہنچتا ہے وصول کر کے عملہ کی تنخواہ وغیرہ میں صرف ہوتا ہے، گویا اسٹامپ کی قیمت جو احد الفریقین سے وصول کی جاتی ہے، وہ معاوضہ واجرت ہے اس کام کی جو عدالت بواسطہ عملہ کے اس فریق

کا کام کرتی ہے، پھر عدالت عملہ کو اس کام کا عوض و اجرت دیتی ہے، جو عملہ سے کام لیتی ہے، جیسے منی آرڈر کی فیس یا ٹکٹ کی قیمت کی ڈاک خانہ اپنی خدمت کی اجرت لیتا ہے پھر عملہ کو ان کی اجرت دیتا ہے اس توجیہ سے جب اسٹامپ میں جواز کی گنجائش ہے تو اسٹامپ کی انسپکٹری میں بھی اسی طرح گنجائش ہے، اور ہر حال میں منصفی سے غنیمت ہے۔ (۱۶ / ربیع الاول: ۱۳۵۵ھ / النور ص: ۳۰، ذیقعدہ ۵۵ھ / ق: ج / ۳ ص / ۴۰۷ / جدید: ج / ۷ ص / ۷۱، ۴۷۰)

## مقدمات کی فیس:

**سوال (۱۳۷):** گھر کے بعض تعلقات پھر سرکاری بھی کسی قدر تعلقات ہیں، جو کہ حکومت کا معاملہ ہے پانچ روپیہ تک جرمانہ کرنا اور ایک شبانہ روز قید کرنے کی اقتدار ہے اس پر مقدمہ میں ایک روپیہ فریادی سے لیا جاتا ہے، جو کہ بحکم سرکاری ہے اس کا حکم شرعی حضور سے بذریعہ مولوی محمد دریافت کیا تھا، حضور نے یہ جواب لکھا تھا کہ عہدہ اور یہ فیس ایک تاویل سے درست ہے، مگر تصریح اس کی نہیں فرمائی گئی تھی، مولوی محمد نے جو سمجھا تھا وہ بیان کیا تھا، لیکن حضور کی طرف سے اگر اس کی تاویل کی تصریح فرمائی جاوے تو اطمینان کی صورت میں وہ عہدہ رکھا جائے۔

**الجواب:** وہ تاویل وہی ہے جو آج کے فتوی یعنی ص / ۳۹۴، ص / ۳۸۰ میں لکھی ہے کہ استیلاء بواسطہ نائب کے ہے۔ (۲۵: ذیقعدہ / ۱۳۳۰ھ / ق: ج / ۳ ص / ۴۱۰)

## متعین کرایہ پر زمین دینا اور پیداوار سے کچھ نہ لینا:

**سوال (۱۳۸):** ایک شخص کی زمین بیس بیگہ ہے، اس کو اکتالیس روپیہ اس اقرار پر دیئے کہ عرصہ دس برس تک اس کی پیداوار ہم لیتے رہیں، اور جو محصول سرکاری پڑتا ہے اصل مالک ادا کرے گا، مگر روپے اکتالیس بعد دس برس کے مالک زمین سے کھانے والا پیداوار زمین کا واپس نہ لے گا، اور بعد دس برس کے مالک زمین

اپنا زمین پر قابض ہو جائے گا، اس طرح کھانا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** معلوم نہیں کہ اس زمین میں کوئی چیز پیداواری کی موجود ہے، یا یہ کہ بطور کرایہ کی زمین لی ہے کہ اس میں جس طرح چاہے جوتے بووے، اور پیداوار لے، پس اگر دوسری صورت ہے تو یہ عقد اجارہ ہے، دس برس کی میعاد تک وہ زمین بمقابلہ اکتالیس روپے کے اجارہ لی ہے، یہ جائز ہے، کچھ حرج نہیں اختیار ہے، جو چاہے بووے اور حاصل کرے، مگر اس میں شرط یہ ہے کہ اجارہ بدون دباؤ قرض کے ہو اور اگر مقصداً اکتالیس روپے کا قرض لینا تھا، اور قرض دینے والا قرض پر نفع حاصل کرنے کی غرض سے یہ حیلہ کرے کہ یہ زمین جس میں منفعت زیادہ ہے، بمقابلہ اس اکتالیس روپے کے دیدو تو بوجہ اس کے کہ یہ رعایت قرض کے دباؤ میں ہوئی ہے، حرام اور سود ہے، اور اگر اس زمین میں کوئی چیز آمدنی کی مثل باغ وغیرہ موجود ہے، تو یہ عقد جائز نہیں کیوں کہ اجارہ تو ہو نہیں سکتا، کہ اجارہ میں تملیک منافع کی ہوتی ہے، اور یہ تملیک عین ہے، نہ رہن مجری ہو سکے، کیوں کہ رہن مجری میں بعد حصول پیداوار اس کی قیمت لگاتے ہیں، اور یہاں پہلے طے ہو چکی، دوسرے اس میں کوئی مدت نہیں ہوتی، بلکہ جب تک مجرانہ ہو لے وصول کئے جائے پھر چھوڑ دے، یہاں مدت ٹھہری ہے، نہ بیع پیداوار کی ہو سکتی، کیوں کہ وہ معدوم ومجہول ہے، اور بیع موجود و معلوم ہونی چاہیے، پھر زمین پر قبضہ بے معنی ہے، پس جب عقود صحیحہ میں سے کچھ نہیں ہو سکتا تو معاملہ باطل ٹھہرا، حاصل یہ کہ اگر اس زمین میں کوئی چیز پیداواری کی موجود نہیں، اور روپیہ والا دس برس تک بطور اجارہ کے رکھ کر اس سے منفعت حاصل کرے جائز ہے، مگر اس میں وہی شرط ہے جو اوپر مذکور ہوئی اور اگر کوئی چیز موجود ہے، تو یہ معاملہ باطل ہے، اور اگر کچھ زمین بطور اجارہ ہے، اور کسی قدر میں کوئی چیز موجود ہے، پس اگر ہر ایک کا جدا معاملہ کریں تو معاملہ

Scanned by CamScanner

اجارہ کا جائز ہوگا، اور دوسرا معاملہ باطل اور دونوں کا ایک معاملہ کریں تو بسبب شیوع فساد کے سب باطل ہوگا۔ واللہ اعلم فقط۔ (۲ رصفر: ۱۳۰۱ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۸۳، ۳۸۲/ جدی: ج ر ۷ ص ر ۹۸، ۳۹۷)

## سوار اور مالک کے درمیان تنخواہ تقسیم کرنے کا حکم:

**سوال (۱۳۹):** میرا ایک ہمشیرزادہ میرے گھوڑے کا بارگیر ہے، اور میں اس کا سلحدار ہوں، یعنی گھوڑا میرا ذاتی ہے اور وہ نوکری کرنے والا، سلحدار کی ماہوار تنخواہ ر ۶۲ مقرر ہے اس میں دس ر ۱۰ بعوض خدمت سرکار سے بارگیر کو دیئے جاتے ہیں، اور باقی مجھ سلحدار کو، اب عرض یہ ہے کہ میرا بارگیر تارک الصوم والصلوۃ زنا کار، نشہ باز، ریش تراش، گرفتار افعال ممنوعہ ورسوم قبیحہ ہے، میں نے برسوں اس کو زجر وتوبیخ وتنبیہ وسزا ومعطل سازی وترک معاملات وغیرہ کی سزادی، اور اقرار نامے لئے کہ آئندہ نماز، روزہ احکام شرع برابر ادا کروں گا، اور گھوڑے کو اچھی حالت میں رکھوں گا، اور رقم سلحداری ماہ بماہ بھیجوں گا وغیرہ الخ لیکن اس نے جملہ اقراروں کے خلاف عمل آوری کی اور کررہا ہے، کوئی تغیر وتبدل اس کے افعال میں نہیں ہوا، بلکہ روز افزوں حالت شنیعہ میں گرفتار ہے گھوڑے کو لاغر کردیا، اور میری معتد بہ رقم کھا گیا ہے، میں اس کو برطرف کردینے کے ارادہ میں ہوں، لیکن میری والدہ صاحبہ جو میرے بارگیر کی نانی ہیں، اس سے سخت رنجیدہ وبددعاء کناں رہتی ہیں، حضرت چونکہ میرے راہ نمائے دین ودنیا ہیں ان حالات پر نظر فرما کر جو ارشاد فرمادیں گے اس پر عمل کروں گا، اور مزید شکریہ ادا اور غرق بحر ذخار احسان عظیم رہوں گا؟

**الجواب:** اس کے اوپر کے سوال کا جو جواب لکھا گیا ہے اسی کی بناء پر اس تقسیم تنخواہ کی یہ تاویل ہوسکتی ہے، کہ تنخواہ تو کل کی کل بارگیر کا حق ہے، وہ اسی کے گھوڑے کا کرایہ ہے، اگر یہ تاویل کسی وجہ سے نہ چل سکے، تو خود یہ معاملہ ہی جائز

نہیں، اور اگر کوئی امر مانع تاویل نہ ہو تو اس صورت میں ان افعال شنیعہ کا وبال خود اس بارگیر پر ہوگا، آپ کیوں پریشان ہیں، البتہ گھوڑے کی لاغری کے سبب اگر آپ اس کو موقوف کرانا چاہیں تو دوسری بات ہے، اور اس صورت میں ماں کی اطاعت فرض نہیں، کیوں کہ دابہ کا حق تلف کرنا معصیت اور لا طاعة للمخلوق فی معصیة الخالق۔ (۲۳/ جمادی الاخریٰ: ۱۳۳۱ھ/ ق: ج/۳ ص/۴۱۱/ جدید: ج/۷ ص/۸۱،۴۸۰)

## باب الدعوی

## تدبیر اور حیلہ سے غیر جنس چیزوں سے حق وصول کرنا:

**سوال ⑭⓪:** کیا فرماتے ہیں کہ علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے بکر سے کہا کہ فلانی زمین میرے دادا کی تیرے دادا نے بزور اپنے قبضہ وتصرف میں کر کے کچھ غلہ مقرر کر لیا تھا، وہ ملتا بھی رہا، اب عرصہ چالیس پینتالیس سال سے وہ بھی نہیں ملا، بکر نے جواب دیا کہ اس حال کی مجھ کو بالکل خبر نہیں، نہ میں نے کبھی اپنے موروثوں سے سنا نہ کوئی کاغذ ایسا دیکھا، اور نہ کسی سے ثابت ہوا، اور زمانہ حیات وموروث میں کیوں دعویٰ نہ کیا، اور اس زمانہ میں بکر کے دادا کی جائداد ورثہ پر بھی تقسیم ہوگئی ہے، مگر زید کا دعویٰ صرف بکر سے ہے، اس بنیاد پر اگر بفریب وجھوٹ کوئی مقدمہ عدالتی حکام وقت زید بکر پر قائم کر کے نقد روپیہ وصول کرے تو اس کو جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر زید اس دعویٰ میں سچا ہے تو جس حالت میں کہ وہ زمین سب ورثہ میں منقسم ہے فقط بکر پر دعویٰ کرنا جائز نہیں، مدعا علیہم سب ہیں، سب سے دعویٰ کرے اول تو اگر کسی طور پر ممکن ہو تو وہ زمین ہی لے لے، اور اگر نہ ہو سکے تو جھوٹا مقدمہ قائم کر کے تو روپیہ وصول کرنا جائز نہیں، ہاں بقدر اپنے حق کے روپے ورثہ سے چھین لے یا چرا لے یا کسی حیلہ سے لے لے، مثلاً قرض کا بہانہ لے کر پھر نہ

دے یہ جائز ہے، یعنی جتنے جتنے کسی وارث کے پاس ہیں بقدر اس کی قیمت کے اس سے لے لے، مگر احتیاط کرنا یعنی روپیہ نہ لینا جائز ہے، کیوں کہ صاحب حق کا خلاف جنس سے لینا مختلف فیہ ہے، فی کتاب الحجر من الشامی قَالَ الْحَمَوِيُّ فِي شَرْحِ الْكَنْزِ نَقْلًا عَنِ الْعَلَّامَةِ الْمَقْدِسِي عَنْ جَدِّهِ الْأَشْقَرِ عَنْ شَرْحِ الْقُدُورِيِّ لِلْأَخْصَبِ: إِنَّ عَدَمَ جَوَازِ الْأَخْذِ مِنْ خِلَافِ الْجِنْسِ كَانَ فِي زَمَانِهِمْ لِمُطَاوَعَتِهِمْ فِي الْحُقُوقِ. وَالْفَتْوَى الْيَوْمَ عَلَى جَوَازِ الْأَخْذِ عِنْدَ الْقُدْرَةِ مِنْ أَيِّ مَالٍ كَانَ لَا سِيَّمَا فِي دِيَارِنَا لِمُدَاوَمَتِهِمُ الْعُقُوقَ قَالَ الشَّاعِرُ:

عَفَاءٌ عَلَى هَذَا الزَّمَانِ فَإِنَّهُ ... زَمَانُ عُقُوقٍ لَا زَمَانُ حُقُوقِ

وَكُلُّ رَفِيقٍ فِيهِ غَيْرُ مُرَافِقٍ ... وَكُلُّ صَدِيقٍ فِيهِ غَيْرُ صَدُوقِ

(ج/۵ص/ ۹۵) لَيْسَ لِذِي الْحَقِّ أَنْ يَأْخُذَ غَيْرَ جِنْسِ حَقِّهِ وَجَوَّزَهُ الشَّافِعِيُّ وَهُوَ الْأَوْسَعُ. درمختار قَوْلُهُ وَجَوَّزَهُ الشَّافِعِيُّ قَدَّمْنَا فِي كِتَابِ الْحَجْرِ: أَنَّ عَدَمَ الْجَوَازِ كَانَ فِي زَمَانِهِمْ. أَمَّا الْيَوْمَ فَالْفَتْوَى عَلَى الْجَوَازِ. (شامی: ج/خامس/ص/ ۲۷۱ / ۴ ربیع الثانی: ۱۳۰۱ / ق: ج/ ۳ص/ ۴۱۵)

## باب المضاربة

### مضارب کے متعلق سوال وجواب:

**سوال** (۱۴۱): رام لال جو ہمارا پہلا مضارب تھا جس وقت وہ علیحدہ ہونے لگا تو نفع کا حساب کر کے جو رقم اس کے حصہ کی نکلتی تھی وہ اس کے حوالہ کی گئی، حساب اس طور پر جوڑا گیا:

(۱) زرنقد جو تحویل میں تھا۔

(۲) مال چمڑہ سامان وغیرہ جو دوکان وکارخانہ وغیرہ میں تھا۔

(۳) بقایا جو بیوپاریوں وکاریگروں کے ذمہ تھا، ان تینوں کو جمع کرکے نفع نکال لیا گیا، مثلاً جس وقت کام شروع کیا تھا تو دس ہزار روپیہ لگائے گئے تھے، اور جب کام ختم کیا گیا تو از روئے حساب بالا چودہ ہزار ہوگئے، اس سے معلوم ہوا کہ چار ہزار نفع ہے، رام لال کے علیحدہ کرنے کی وجہ یہ تھی، کہ وہ اپنے فرائض ادا کرنے میں کوتاہی کرتا تھا، اور اسی وجہ سے جو نفع ہوا وہ دراصل خدا کا فضل اور بظاہر دوسرے مضارب اور رب المال کی مساعی کا نتیجہ تھا، بقایا میں کچھ اور رقوم بھی تھیں، جو ناقابل وصول سمجھ کر خارج از حساب کردی گئی تھیں، اور اگر وہ بھی شمار کرلی جائیں تو نفع کی مقدار اور بڑھ جاتی، طے شدہ حساب کے بعد دوسرے مضارب اور رب المال کی کوشش اور روپیہ اور وقت خرچ کرنے سے بعض ناقابل وصول رقوم وصول ہوگئیں، جو مضارب اول رام لال کے خیال میں ڈوبی ہوئی تھیں، اور بعض رقوم جو بقایا میں قابل وصول سمجھ کر داخل کی گئی تھیں اور اسی حساب سے رام لال کا حساب کیا گیا تھا باوجود محنت ووقت اور مزید روپیہ خرچ کرنے کے ڈوب گئیں، اس صورت میں مضارب ڈوبی ہوئی رقوم کا ذمہ دار اور وصول شدہ رقوم کا حصہ دار ہے یا نہیں؟ یہ ظاہر ہے کہ جو رقوم وصول نہ ہوتیں اور بعد میں خارج از حساب کرنی پڑتی تو وہ یہ کہہ کر انہیں مجرا دینے سے انکار کرتا کہ ہم تو الگ ہو گئے، اب ہمیں کیا تعلق، اس نے بعض بقایا وصول کرانے میں ایک بددیانتی یہ بھی کی کہ جس پر سو روپیہ آئے تھے اس کا مثلاً اسی کا مال سو روپے میں خرید لیا گو اس مقروض سے اسے کوئی فائدہ نہیں پہونچا، ان صورت میں اس سے کس طرح حساب کیا جائے، جو رقوم ناقابل وصول ہوئیں ان پر روپیہ اور محنت ووقت صرف ہوا ہے، اس وجہ سے ان کی تعداد کسی قدر ڈوبی ہوئی رقوم سے زیادہ ہی ہوگی لیکن حساب میں اندازہ سے مہنگے خریدے ہوئے مال اور صرف شدہ روپے کا اندازہ ہوسکتا ہے مگر جو وقت مضارب ثانی

اور رب المال کا صرف ہوا ہے، اس کی قیمت کا کوئی اندازہ کرنا مشکل ہے، کیوں کہ اسے کسی روز سو اور پانچ سو روپے کی آمدنی ہوتی اور کسی دن کچھ بھی نہیں، اسی طرح سال کی اوسط آمدنی بھی متفاوت ہوتی ہے کبھی کم نفع ہوا کبھی زیادہ؟

**الجواب:** رام لال کے ذمہ ہے کہ سب رقوم یافتنی وصول کرے، اس کو انکار کرنے کا کوئی حق نہیں، لیکن اس کا حصہ دار ہونا اس کے وصول کرنے پر موقوف نہیں یعنی اگر بدون اس کی سعی کے یا رب المال وغیرہ کی سعی سے ہو گئیں تو اگر وہ نفع کی رقم ہے جیسا سوال سے ظاہر ہے تو وہ اس میں حصہ دار ہے اور درصورت وصول نہ ہونے کے اس کو یہ کہنے کا حق نہ تھا کہ ہم الگ ہو گئے ہیں، کیا تعلق اس کو وہ رقوم مجرا دینا پڑتیں اور یہ بددیانتی کی کہ اسی کا مال سو میں خریدا یہ غبن یسیر ہے، جس کا مضارب کو اختیار ہے گو بددیانتی سے وہ گنہگار ہو، مگر عقد نافذ ہو جائے گا، اور اس کے سب احکام مرتب ہوں گے، اور جو رقوم متوقع الوصول تھیں، اور وصول نہیں ہوئیں وہ حساب سے خارج کی جاویں گی، پس اگر رقوم متوقع الوصول جو کہ وصول ہو گئی مقدار میں رقم متوقع الوصول سے جو کہ وصول نہیں ہوئیں زیادہ ہے تو اس زیادہ کی بھی تقسیم حسب شرط مضاربت ہو گی، اور وقت سعی کی کوئی قیمت بدون عقد کے نہیں ہوتی، اس لیے اس کا اعتبار نہیں مقتضی عقد کا تو یہی جواب ہے لیکن اگر اس خلجان سے متعاقدین بچنا چاہیں تو اس کی صورت یہ ہے کہ چڑھی رقوم میں عام اس سے کہ وہ متوقع الوصول ہوں یا غیر متوقع الوصول جتنا حصہ مضارب کا بتراضی متعاقدین قرار پاوے اس مجموعی کے حصہ کے عوض میں رب المال کوئی چیز گو کیسی ہی خفیف قیمت کی ہو مضارب کو دیدے تو وہ تمام چڑھی ہوئی رقوم رب المال کی ملک ہو جاویں گی، اور یہ اشکال مذکور فی السوال اس میں پیش نہ آوے گا، اب بھی ایسا ہی کر لیا جاوے۔ (۱۲ر رمضان المبارک:۹ ۱۳۳ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۲۲۳،۲۲ / جدید: ج ر ۷ ص ر ۵۹۷ تا ۵۱۰)

Scanned by CamScanner

## باب القضاء

### انگریزی عدالت کی تجویز پر حَکَم کی اجرت کا حکم:

**سوال ⑭٢:** مدعی عدالت میں جب دعوی دائر کرتا ہے تو بعض اوقات یہ صورت پیش آتی ہے کہ حاکم ہر دو فریق کو ایک یا دو اشخاص پر رضامند کرتا ہے، کہ وہ اس مقدمہ کی تحقیقات کریں، بعض دفعہ تو ان اشخاص کو صرف تحقیقات کا اختیار ہوتا ہے، اور اس صورت کا نام یا ان اشخاص کا نام کمیشن ہوتا ہے، اور ان کے حسب تحقیق حاکم حکم دیتا ہے، اور بعض دفعہ دونوں صورتوں میں فریقین سے ایک رقم تجویز ہو کر وصول کی جاتی ہے اور وہ اس کمیشن اور ثالث کو دی جاتی ہے، آیا رقم اس کو لینی درست ہے یا نہیں یا دونوں صورتوں میں سے کس کو لینی درست ہے اور کس کو ممنوع ہے؟

**الجواب:** یہ تحقیق اور فیصلہ دونوں باب قضاء سے ہیں، اور قضا پر اجرت لینا جائز نہیں، البتہ بیت المال سے بقدر کفایت نفقہ پانے کا مستحق ہے، بوجہ اس کے کہ یہ شخص محبوس بحق مسلمین ہے، اور بیت المال مال مسلمین ہے، اور محبوس کا نفقہ من لہ الحبس کے مال میں بوجہ جزاء الحبس کے ہوتا ہے، پس اس بناء پر اس مفتش و حکم کو اجرت لینا تو جائز نہیں، لیکن چونکہ یہ ایک وقت خاص تک ان کے کام میں مشغول رہے ہیں، اس وقت کے لیے ان کا ضروری نفقہ اہل معاملہ کے مال میں ہوگا، پس بقدر نفقہ ضرور یہ اس وقت کے رکھ لینا جائز ہوگا، باقی جو زائد ہو وہ اہل معاملہ کو واپس کردیں۔ (۲ رمضان: ۱۳۳۱ھ/ق: ج ۳ ص ۴۲۹ / جدید: ج ۷ ص ۵۲۲)

## بابِ الرهن

### عقد رہن کی مصلحت کو جلدی حاصل کرنا:

**سوال ⑭٣:** رہن لینے میں جو آسانی ہوتی ہے اس کی کوئی صورت شرعاً پیدا ہو سکتی ہے یا نہیں کیونکہ فرض کیجئے کہ ایک موضع میں میرا حصہ پندرہ آنہ ہیں، ایک آنہ

Scanned by CamScanner

والا حصہ دار بضرورت قرض لینا چاہتا ہے، مجھ سے رہن بالقبض یا بلا قبض کی درخواست کرتا ہے، اگر میں نہیں لیتا تو دوسرے کے قبضہ میں جاتا ہے، جس سے پھر ملنے کی امید نہیں، اور گویا مجموعی انتظام میں ہزاروں طرح کے رخنے پڑنے کا احتمال ہے یا مثلاً کوئی زیادہ قیمت کی جائداد تھوڑے روپیوں میں ہمارے پاس رک جاتی ہے، جسے ہم سمجھتے ہیں کہ راہن میں ادا کرنے کی قوت نہیں ہے، پھنس جانے پر رفتہ رفتہ ہم قیمت ادا کر دیں گے، اور اس طرح ہمارے پاس ایک معقول جائداد ہو جائے گی، آسانی صرف اس قدر ہوئی کہ یکمشت قیمت نہ دینی پڑی؟

**الجواب:** صرف اس قدر ممکن ہے کہ مدت رہن کے اندر جو منافع حاصل ہوں ان کو امانۃً جمع رکھے، اور جب وہ زمین فروخت ہو جاوے تب وہ امانت اس راہن کو واپس کردی جائے، زمین بھی آسانی سے آ جاوے گی، اور منافع رہن کے استعمال سے بھی محفوظ رہے گا، البتہ اس صورت میں صرف اتنا امر کھٹکتا ہے کہ اگر اس صورت میں راہن کو اطلاع ہو جاوے کہ اتنا واپس ملے گا تو امید ہے کہ وہ فک کرا سکے، تو اطلاع نہ کرنا یہ ایک قسم کا دھوکہ ہے، جس میں گناہ کا اندیشہ ہے، البتہ سود کھانے کا گناہ اس کو نہیں ہوا۔ واللہ اعلم۔ (۲۴ جمادی الاولی: ۱۳۲۲ھ/ ق: ج/ ۳ ص/ ۵۹، ۴۶۰)

## باب الشرکۃ

### تجارت میں مال حرام کی شرکت:

**سوال (۱۴۴):** والد صاحب قبلہ نے پہلے غلہ کی تجارت کی تھی، اس میں بہت نقصان ہوا، اب بجائے اس کے نمک کی سوداگری کی ہے، اور بفضلہٖ صورت اچھی معلوم ہوتی ہے، ایک شخص شریک ہونا چاہتے ہیں، یہ صاحب پہلے پولیس میں ملازم تھے، اب معزول ہو گئے ہیں، مال ان کا مشکوک بلکہ غالب خراب ہے، ان کی شرکت کی نسبت کیا حکم ہے، نمک کی خریداری اس طرح ہوتی ہے کہ روپیہ سرکاری

Scanned by CamScanner

خزانہ میں ہر جگہ جمع کیا جا سکتا ہے، وہاں سے رسید لے کر سرکاری پرمنٹ گودام پر
جھیل سانبھر بھیج دی جاتی ہے، اور نمک وہاں سے آجاتا ہے، یا نوٹ خرید کر کسی
آڑتی کو بھیج دیئے جاتے ہیں وہ نمک خرید کر بھیج دیتا ہے، ان صورتوں میں خراب
روپیہ شامل کرنے میں کیا حکم ہے؟

**الجواب:** جن کا مال خراب ہے وہ کسی سے قرض لے کر شرکت کر لیں، پھر وہ قرض اپنے ذخیرہ سے ادا کر دیں، اور بدون اس تدبیر کے خزانہ میں جمع کرنا یا نوٹ خریدنا اس خرابی کا رافع نہیں ہوسکتا. لان البدل فی حکم المبدل عنه بخلاف القرض فانه لیس بمبادلة کما لا یخفی۔ (ج ۳ ص ۵۱۸)

## کتاب الحظر والاباحة

### عرفات میں درخت لگانے کا حکم:

**سوال (۱۴۵):** (۱) میدان عرفات میں حجاج بموسم گرما دھوپ اور لو سے بچنے کے خیال سے سایہ دار درختوں کا نصب اور اس میں سعی شرعاً جائز ہے یا ناجائز؟
(۲) اگر نصب یا سعی جائز ہے تو مباح یا مستحب یا سنت یا واجب یا فرض؟

**الجواب:** عرفات اور حد حرم کے اندر سایہ کے لیے درختوں کا لگانا فی نفسہ جائز ہے، اور لغیرہ استحباب کا حکم بھی کیا جا سکتا ہے، اگر چہ افضل اس کا ترک ہے، استحباب لغیرہ کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ یہ حجاج کو راحت پہونچانا ہے اور حجاج کو راحت پہونچانا اقل درجہ مستحب ضرور ہے۔ (بشرین من شعبان: ۵۳ / ۱۳ / ج ۲ ص ۱۷۲، ۱۷۳)

### بادشاہ محی الملة والدین وغیرہ القاب لگا کر پکارنے کا حکم:

**سوال (۱۴۶):** کیا فرماتے ہیں علماء دین متین کہ ایک مسلمان والی ملک جس کی خصوصیات یہ ہیں کہ شراب پیتا ہے اور پی کر عام بدمستی میں اپنے اعیان اور مصاحبین کی ہتک کرتا ہے، چار سے زائد بیبیاں کر کے علی الاعلان شریعت اسلامیہ

کی مخالفت کرتا ہے، اس کی مملکت میں شراب وزنا کے متعلق احکام شرعیہ جاری نہیں ہیں، نہ عدالتہائے دیوانی وفوجداری میں مطابق شرع شریف تصفیہ ہوتا ہے، اور نہ ان عدالتوں کے حاکم دیندار متقی اور علوم دینیہ سے واقف معین کئے جاتے ہیں، سوائے اس امر کے کہ زمانہ حال کی روش کے مطابق بعض مسلمانوں کی انجمنوں اور مدرسوں وغیرہ کو معقول مالی امداد اس والی ملک نے دی ہے، اور کوئی فعل اس کا ایسا نہیں جو دین اسلام کی حقیقی خدمت کہی جاسکے مگر ایک جماعت مسلمانوں کی جو کچھ ذاتی اغراض رکھتی ہے یا بعض قومی انجمنوں کے لیے مزید مالی امداد کی فکر میں ہے اس والی ملک کو جس کے اوصاف مذکور ہو چکے محی الملۃ والدین یا ناصر الملۃ والدین کا خطاب مسلمانان ہندوستان کی طرف سے دینا چاہتی ہے، کیا اس جماعت کا یہ فعل قابل تحسین ہے، اور لائق تائید بھی، اگر نہیں تو کیا اس کی مخالفت ومزاحمت مسلمانوں پر یا اس میں سے بعض خاص لوگوں پر فرض ہے۔ بینوا توجروا؟

**الجواب:** فی الدر المختار ویکرہ تحریما وصفه بمالیس منه اس سے حکم واقعہ کا معلوم ہوگیا، یہ تو خطاب دینے والوں کے متعلق تحقیق ہے، باقی اگر کوئی خطاب دے تو اس کی مزاحمت ومخالفت سے بہتر یہ ہے کہ تاویل کر کے ساکت رہے کہ خود اہل اسلام میں فتنہ وتشویش نہ ہو، اور تاویل ظاہر ہے، آخر ملت ودین کے کسی شعبہ کا تو احیاء ونصرت واقع ہی ہے۔ (۳۰/ ذیقعدہ: ۱۳۳۶ھ/ ج/ ۴ ص/ ۲۸۱، ۲۸۲)

## بزرگوں کے القاب میں کعبہ وقبلہ لکھنا:

**سوال (۱۲۷):** بہشتی زیور میں القاب بزرگان میں قبلہ کعبہ لکھا گیا اور تذکرۃ الرشید میں مکروہ تحریمی لکھا ہے، بدلیل قوله علیه الصلوة والسلام لا تطروني الحدیث، اس کی تاویل کیا ہے؟

**الجواب:** بلا تاویل مکروہ تحریمی ہے اور بتاویل محل اجتہاد کے جائز ہے گو خلاف اولیٰ ہے۔ (۲۰ ربیع الاول ۱۳۲۲ھ / ۵ ... ص ۲۸۵)

**طاعون سے فرار اختیار کرنے کو سبب نجات سمجھنا گناہ کبیرہ ہے:**

**سوال ⑭⑧:** اگر کوئی شخص طاعونی مقام سے بغیر عقیدہ مذکورہ بالا محض بخوف طاعون بلا لحاظ کسی دوسری ضرورت وعوارض کے بھاگ جائے تو وہ مرتکب کبیرہ کا ہے یا نہیں، اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اشعۃ اللمعات میں حدیث الفار من الطاعون کالفار من الزحف کی شرح میں جو فرمایا ہے کہ (ازیں حدیث معلوم می شود کہ گریختن از طاعون گناہ کبیرہ است چناں کہ فرار از زحف، واگر اعتقاد کند کہ اگر نہ گریزد البتہ می میرد، واگر بگریزد بسلامت می ماند آں خود کفر است تو یہ حکم صحیح اور قابل تسلیم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** یہ مرتکب کبیرہ کا ہے اور شیخ کا حکم کبیرہ کا بلا تاویل صحیح ہے، اور کفر کا حکم اس تاویل سے صحیح ہے کہ جب وہ خدا تعالیٰ کو اس کے خلاف پر قادر نہ سمجھے جیسا کہ اہل سائنس کا اصل مذہب ہے۔ (ج ۴ ص ۲۸۵، ۲۸۶)

**طوائف سے چندہ لینا:**

**سوال ⑭⑨:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو چندہ ترکوں کو بھیجا جا رہا ہے اس کی دو مد ہیں، مد اول امداد مجروحین و یتامی و بیوگان، مد دوم: قرض حسنہ، کسی پیشہ عورتیں ان دونوں مد میں چندہ دینا چاہتی ہیں اور ظاہر ہے کہ روپیہ ان کے پاس فعل حرام کے ذریعہ سے حاصل ہوا، محصلین و مہتممین چندہ کو ایسی عورتوں سے مدات بالا میں سے کسی مد کا چندہ لینا جائز ہے یا نہیں، جواب مفصل ومدلل ارقام فرمایا جاوے؟

**الجواب:** جو صورت گنجائش کی ہے وہ عوام کی سمجھ میں نہ آوے گی، اس

Scanned by CamScanner

لیے ایسا کرنا موجب توحش ہے، البتہ ایک طریقہ سے اس کی اصلاح ہوسکتی ہے وہ یہ کہ وہ عورتیں کسی مہاجن سے قرض لے لیں اور ان مدات میں دیدیں، پھر وہ قرضہ اپنے پاس سے ادا کردیں۔ (۱۸ ربیع الثانی: ۱۳۳۱ھ/ ج ۴ ص ۲۸۰)

## ہندو وارث کا میت کے ایصال ثواب کے لیے روپیہ دینا:

**سوال (۱۵۰)**: میرے بھائی کا انتقال ہوگیا ہے اس کا ایک شاگرد ہندو ہے، اس نے پانچ سو روپئے دیئے ہیں، کہ اپنے بھائی کو قرآن پڑھوا کر بخشوادو، کیا کرنا چاہیے؟

**الجواب**: وصول ثواب کے لیے اس عمل پر اول عامل کو ثواب ملنا شرط ہے، اور ثواب ملنے کے لیے ایمان شرط ہے، پس غیر مومن کے اس عمل یعنی اعطاء وانفاق کا ثواب تو پہونچ نہیں سکتا، اور اگر قرآن خوانی کے ثواب کا پہونچنا محتمل ہو تو طے ہو چکا ہے کہ جو قرآن اجرت پر پڑھا جاتا ہے اس کا ثواب بھی نہیں ملتا ہے، پس صورت مسئولہ میں اگر اس شاگرد کو زیادہ اصرار ہو تو صرف یہ صورت ہوسکتی ہے کہ وہ شخص یہ پانچ سو روپیہ کسی مسلمان کی ملک کردے، اور وہ اگر چاہے وہ روپیہ کسی مستحق کو دے کر اس کا ثواب اس میت کو پہونچا دے، لیکن بعد ملک ہو جانے کے اس کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ روپیہ کسی کو نہ دے۔ (۲۷ جمادی الثانی: ۱۳۳۳ھ/ ج ۴ ص ۴۴۴)

## مکتوبات قدسیہ موہمہ مقدوریت ممتنع لذاتہ کی بعض عبارتوں کا حل:

**سوال (۱۵۱)**: آج کل اتفاق سے شیخ عبدالقدوس کے مکتوبات کا مطالعہ کبھی کبھی کرتا ہوں، اس میں دو جگہ قابل دریافت سمجھ کر عرض ہے اگر جواب دینا فضول تصور فرمایا جاوے تو تکلیف فرمانے کی ضرورت نہیں ہے۔

مکتوب صد و ہفتاد و ہفتم میں فرماتے ہیں:

''ممکن الوجود این نیز برسہ قسم است یکے ممکن لغیرہ و ممتنع لذاتہ وآں از جملہ محالات ست کہ وجود آں بنظر حس و عقل ممتنع است واما بنظر قدرت حق ممکن ست''

گذارش یہ ہے کہ ممتنع اور واجب کے تو البتہ عقلاء نے دو قسم بالذات اور بالغیر کیا ہے، مگر ممکن کی بالذات اور بالعرض اب تک سنے نہیں گئے، بلکہ اہل فن عموماً لا امکان بالغیر فرماتے ہیں، گو بطور احتمال عقلی امکان کی بھی دو قسم ہو سکتی ہے، مگر لا طائل تحتہ اور پھر ممتنعات عقلیہ اور ذاتیہ کو تحت قدرت باری داخل کرنا عقل سے بالکل باہر ہے، شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا کیا مطلب ہے؟

**الجواب:** اس قسم کا مضمون میں نے دوسرے اکابر کے کلام میں بھی دیکھا ہے، جو اس وقت مستحضر نہیں، میرے نزدیک اس کی توجیہ یہ ہے کہ مراد اس سے وہ محالات مادیہ ہیں جو عقل متوسط کے نزدیک محال ہے، مگر عقول عالیہ قدسیہ کے نزدیک ممکن ہیں، اس کا اقرار خود حکماء کو بھی ہے کہ بعض حقائق واقعیہ عقول متوسطہ کے احاطہ ادراک سے خارج ہیں، رہا اس کا لقب ممکن لغیرہ و ممتنع لذاتہ کہنا یہ ان کی خاص اصطلاح ہے برخلاف اصطلاح جمہور کے ولا مشاحۃ فیہ اور وجہ تصحیح اس کی یہ ہے کہ غیر سے مراد قدرت حق ہے، یعنی قدرت حق کے اعتبار سے ممکن ہے، لیکن خود اس کی ذات پر اگر نظر کی جاوے یعنی عقل متوسط نظر کرے تو اس پر امتناع کا حکم کرے، اور شیخ کے کلام میں جو یہ ہے کہ وجود آں بنظر حس و عقل (الخ) اس کو محالات کی قید واقعی نہ کہا جاوے گا بلکہ قید احترازی کہا جاوے تو خود بھی تفسیر ہو جاوے گی مراد مذکورہ کی، یعنی سب محالات اس کا مصداق نہیں، بلکہ وہ محالات جو نظر حس و عقل متوسط میں محال ہوں۔ (کتبہ اشرف علی: ۲۲؍ رمضان المبارک: ۱۳۳۵ھ /ج؍۴ ص؍۴۵۲، ۴۵۳)

## نجاست خمر کے استدلال پر شبہ کا جواب:

**سوال ⑮②:** فقہاء نے انما الخمر والمیسر رجس الآیۃ سے نجاست خمر پر استدلال کیا ہے، اور صرف نجاست حکمی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ نجاست حقیقی کے احکام متفرع

گئے ہیں، حالاں کہ انصاب واز لام کی نجاست حکمی ہی ہے، نجاست حقیقی فقہا بھی نہیں کہتے، بخلاف انما المشرکون کے کہ مافی الباب اپنے اطلاق سے وہ بھی نجاست حقیقی اور حکمی دونوں کو شامل ہے، پھر بھی فقہاء مشرکین کے نجس حقیقی ہونے کے قائل نہیں، حتی کہ ان کے لعاب دہن کی آمیزش سے بھی کوئی چیز نجس حقیقی نہیں سمجھی جاتی، حالاں کہ متبادر نجس سے نجس حقیقی ہوتا ہے، پھر اس کو چھوڑ کر نجس حکمی کے ساتھ خصوصیت کے ساتھ کیا وجہ ہے؟

**الجواب:** حقیقی معنی پر جب تک حمل ممکن نہیں ہو مجاز مراد لینا جائز نہیں، اور خمر میں ممکن ہے اس لیے اسی پر محمول کیا جاوے گا، اور پھر یہ حمل متائید بالا جماع ہو گیا، اور میسر واز لام وانصاب میں معنی حقیقی کے متعذر ہونے سے مجاز پر محمول کرنا واجب ہوا، اور دلیل تعذر کی اجماع ہے، طہارت اجماع مذکور پر البتہ مشرکین میں بعض لوگ نجاست حقیقی کے قائل ہو گئے ہیں، مگر جمہور نے اس کا انکار اس لیے کیا ہے کہ بالاتفاق ایمان لے آنے سے وہ نجاست نہیں رہتی، اور ظاہر ہے کہ ایمان لانے سے نہ ماہیت کا تبدل ہوا اور نہ کوئی جرم زائل ہوا، اور بدون اس کے طہارت عین کی خود قواعد شرعیہ کے خلاف ہے، اور اگر آیت خمر میں مجاز وحقیقت کے جمع کا اشکال ہو تو وہ اس طرح مدفوع ہو سکتا ہے کہ رجس مذکور کی خبر خمر کو کہا جاوے، لتقدمہ اور باقیوں کی خبر محذوف کہی جاوے، چناں چہ بعض مفسرین نے اسی ترکیب کو اختیار کیا ہے، پس جب لفظ رجس متعدد ہوا تو جمع بین الحقیقۃ والمجاز لازم نہ آیا۔

(۱۶/ذی الحجہ: ۱۳۳۳ھ/ ج/۵ ص/۲۲، ۲۳)

## ندائے غیر اللہ کا بعض صورتوں میں جواز:

**سوال (۱۵۳):** فیصلہ ہفت مسئلہ میں مذکور ہے، کہ خواص کے لیے ندائے غیر اللہ مثل شیاللہ یا شیخ عبد القادر عبادت ہو جاتا ہے، یہ کس صورت پر محمول ہے؟

Scanned by CamScanner

**الجواب:** حضرت کی تقریر اس بارے میں مستحضر نہیں مگر شاید یہ تاویل ہو کہ جب مظہر پر نظر نہ ہو ظاہر پر ہو اس وقت مخاطب محض واسطہ ہوگا اور مقصود مقصود ہوگا۔

(ج ۵ ص ۱۴۱)

## عشق پر حب عقلی کی فضیلت کی تحقیق:

**سوال (۱۵۴):** ایک بات قابل دریافت ہے وہ یہ ہے کہ صراط مستقیم میں مولانا اسماعیل شہید نے حب ایمانی یا عقلی کو حب نفسانی یا عشق پر بہت کچھ ترجیح دی ہے، اور طریق عشق کو ایک حد تک مذموم ثابت کیا ہے، حالاں کہ بڑے بڑے صوفیائے کرام مولانا روم جامی وغیرہ نے عشق کی مدح سرائی کی ہے، اسباب میں حضرت کی جو تحقیق رائے ہو اس سے مفصل مطلع فرمائیے؟

**الجواب:** حضرات انبیاء علیہم السلام میں جو صفت محبت الٰہی کی ہوتی ہے ان میں ہیجان نفسانی نہیں ہوتا، اس لیے بالیقین یہی نوع محبت کی ہے، فی نفسہ افضل ہوگی، مگر کسی خاص استعداد وصلاحیت کے اعتبار سے تربیت باطن میں دوسرے نوع کا انفع واوفق ہونا ممکن ہے، جیسے کہ گوشت فی نفسہ افضل الاغذیہ ہے، لیکن کسی خاص طبیعت کے اعتبار سے آش جس کو اصلح کہا جاتا ہے، پس مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ فضیلت ذاتیہ کے مرتبہ میں حب ایمانی کو ترجیح دے رہے ہیں، اور بعض آثار مغلوبیت کے اعتبار سے حب نفسانی کو مضر بتلا رہے ہیں، اور دوسرے حضرات صوفیہ رحمہم اللہ فضیلت اضافیہ کے مرتبہ میں عشق کی مدح کر رہے ہیں، کیوں کہ ایسے مضامین اکثر اہل حال کے کلام میں وارد ہیں، جن کو تحقیقات عامہ مقصود نہیں یا مراد ان حضرات کی اصطلاحاً عشق سے مطلق کمال محبت ہو جو شامل ہے، محبت ایمان کو بھی، اور مقصود مذمت کرنا ہو اس شخص کی جس میں یہ کمال نہیں ہے، جیسے حدیث میں ہے لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ الحدیث پس دونوں توجیہ پر مولانا اور صوفیہ کے کلام میں تعارض

نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔ (۱۷ شوال ۱۳۲۲ھ امداد الفتاوی ج ۵ ص ۱۹۱، ۱۹۲)

## مولانا شاہ عبد العزیز کی ایک عبارت سے کھانے پر فاتحہ دینے کا ثبوت مع جواب:

**سوال**: حضور اقدس مد ظلہ اول، از شاہ ولی اللہ صاحب عبارت کیم از کتاب الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، پس دو مرتبہ درود بخوانند ختم تمام کنند و بر قدرے شیرینی فاتحہ بنام خواجگان چشت عموماً بخوانند و حاجت از خدا تعالیٰ نمایند، عبارت دوم، ایک سوال کے جواب میں جیسا کہ مجوزین فاتحہ پیش کر رہے ہیں، اگر ملیدہ وشیر برنج بنا بر فاتحہ بزرگے بقصد ایصال ثواب بروح ایشاں پزند وبخورانند مضائقہ نیست وطعام نذر اللہ اغنیاء را خوردن حلال نیست واگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد پس اغنیاء ہم خوردن جائز است انتہی، از شاہ عبد العزیز صاحب۔ عبارت سوم جواب سوال نہم سوالات عشرہ محرم طعامیکہ ثواب آں نیاز حضرات امامین نمایند براں فاتحہ وقل ودرود خوانند بترک می شود خوردن آں بسیار خوب است لیکن بہ سبب بردن طعام پیش تعزیہ ہا ونہادن آں طعام پیش تعزیہ با تمام شب تشبہ بکفار بت پرستاں می شود پس ازیں سبب کراہت پیدا می کند، واللہ اعلم انتہی، از کتاب جامع الاوراد، عبارت چہارم اگر بر طعام فاتحہ کردہ بفقراء دہند البتہ ثواب می رسد، انتہی۔

اب حضور والا سے بصد ادب یہ گذارش ہے کہ آیا ہر چہار عبارت اصلی اور ان ہی حضرات کی ہیں یا نہیں، اگر ہوں تو مندرجہ ذیل سوالوں کا جواب مع توضیح عبارت زیب قلم فرما کر عند اللہ ماجور عند الناس مشکور ہو جیے۔

(۱) عبارت اول میں الفاظ قدرے شیرینی فاتحہ سے اور عبارت دوم میں اگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد، اور عبارت سوم میں وبرآں فاتحہ وقل ودرود خوانند سے، اور عبارت چہارم کل عبارت سے جواز فاتحہ بر طعام وغیرہ وقبل خوردن نکلتا ہے، لہذا فاتحہ مروجہ بر طعام جائز ہے یا نہیں۔

(۳) عبارت سوم میں الفاظ بترک می شود وخوردن آں بسیار خوب است سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کچھ طعام پر چند آیات اللہ پڑھنے سے وہ طعام بترک بن جاتا ہے، بناء بریں جو طعام بغرض ایصال ثواب پکاویں اس پر فاتحہ وقل درود شریف پڑھنے سے طعام میں کوئی قباحت پیدا نہیں ہوتی ہے، بلکہ بقول شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کے بترک ہو جاتا ہے، پس ہر انسان اپنے طعام ایصال ثواب کو بترک بنا کر کھانا چاہتا ہے، جو شاہ صاحب کے فرمان کے مطابق بسیار خوب ہے، تو فاتحہ مروجہ بقول شاہ صاحب جائز اور مستحسن ہے یا نہیں؟

مذکورہ بالا اقوال سے مجوزین فاتحہ کو بڑی تقویت پہونچ گئی ہے، اس لیے حضور والا سے امید قوی ہے کہ نہایت توضیح سے ارشاد فرماویں، تاکہ ہر دو گروہ کو یعنی مجوزین کو کافی تردید اور مانعین کو شافی تسکین ہاتھ آئے۔ والسلام۔ (۱۱ر جون ۱۳۰۱ھ)

**الجواب:** جب دلائل صحیحہ سے ان رسوم کا خلاف سنت ہونا ثابت ہے پھر اگر کسی ثقہ سے اس کے خلاف منقول ہوگا اس کی تاویل واجب ہے، اور تاویلیں مختلف ہو سکتی ہیں، ایک یہ کہ ثبوت میں کلام کیا جاوے، جیسے اس کے قبل بھی بزرگوں کے کلام میں الحاق کے احتمال سے جواب دیا گیا ہے، دوسرے یہ کہ دلالت میں کلام کیا جاوے جیسا کہ بعض عبارات میں اس کی گنجائش ہے، تیسرے بعد تسلیم ثبوت دلالت یہ کہ یہ مقید ہو عدم مفاسد کے ساتھ اور منع مقید ہو مفاسد کے ساتھ، اور اب چونکہ مفاسد غالب ہیں اس لیے بلا قید منع کیا جاوے گا۔ (۲۱ر محرم ۱۳۰۵ھ/ ج ر۵ ص ر۳۰۵، ۳۰۶)

## قبور اولیاء کے رسوم سے متعلق دو فتووں کے درمیان فیصلہ:

**سوال (۱۵۶):** لوگ اولیاء اللہ کی قبروں پر جو لمبی لمبی اونچی عمارتیں تعمیر کرتے ہیں، چراغ جلاتے ہیں، اور قبیل کی جو چیزیں بھی یہ لوگ کرتے ہیں وہ حرام ہے یا مکروہ؟ اور صاحب تحریر المختار علی رد المحتار، کتاب الجنائز میں روح البیان سے

Scanned by CamScanner

نقل کرتے ہیں۔

قال الشيخ عبد الغنى النابلسى فى كشف النور عن اصحاب القبور ما خلاصته ان البدعة الحسنة الموافقة لمقصود الشرع تسمى سنة فبناء القباب على قبور العلماء والأولياء والصلحاء ووضع الستور والعمائم والثياب على قبورهم امر جائز إذا كان القصد بذلك التعظيم فى أعين العامة حتى لا يحتقروا صاحب هذا القبر وكذا إيقاد القناديل والشمع عند قبور الأولياء والصلحاء من باب التعظيم والإجلال ايضاً للاولياء فالمقصد فيها مقصد حسن. وقذر الزيت والشمع للاولياء يوقد عند قبورهم تعظيماً لهم ومحبة فيهم جائز ايضاً لا ينبغى النهى عنه اھ ثم رأيت المحشى ذكر فى الكراهة عند قوله ولا تكره الرثية نحر عن النابلسى فراجعه وقد اقره عليه۔

احقر کو ان دونوں مذکورہ عبارتوں میں بظاہر تعارض نظر آ رہا ہے، لہٰذا التماس ہے کہ کون سی عبارت صحیح ہے اور کون سی غلط، اور اگر دونوں عبارتیں صحیح ہیں تو تطبیق کی کیا شکل ہوگی، مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں۔

**الجواب:** پہلا فتوی حدیث اور مذہب دونوں کے مطابق ہے، لہٰذا متعین طور پر وہی درست ہے، اور دوسرا فتوی حدیث کی مخالفت کی بناء پر قابل عمل نہیں ہے، اگر کوئی کلام غیر معقول ہوتا تو اس کی تردید ضروری تھی، مگر چونکہ بزرگوں کا کلام مقبول ہوتا ہے، اس لیے اس کی تاویل کرنا لازم ہے، تو اس کی تاویل دو طرح کی جا سکتی ہے، پہلی تاویل اس طرح ہے کہ یہ ایک مغلوب الحال عاشق کا کلام ہے،

دوسری تاویل بایں طور کہ یہ کلام اس شرط کے ساتھ مقید ہے کہ اس پر عمل کرنے سے خرابیاں لازم نہ آتی ہوں، اور اس وقت جو فسادات رونما ہو چکے ہیں وہ بالکل ظاہر ہیں، لہٰذا جب لازمی قید اور شرط نہیں پائی گئی تو مقید جواز کا حکم بھی باقی نہیں رہا۔
(ج/۵ ص/۳۳۰)

## شوہر کو تابع بنانے کے لیے تعویذ وغیرہ کا عمل:

**سوال ⑮۷**: حضرت والا عبدالحی لکھنویؒ نے اپنی کتاب نفع المفتی والسائل کے صفحہ/۵۰ مطبوعہ میں یہ فتوی نقل کیا ہے، کہ عورت کا خاوند کو رضا مند کرنے کے واسطے تعویذ بنوانا حرام ہے؟

**الجواب**: رضا مند کرنے کے دو درجے ہیں، ایک درجہ وہ جس سے حقوق واجبہ میں کوتاہی نہ کرے، دوسرا درجہ وہ کہ حقوق غیر واجبہ میں اس کو مجبور کیا جاوے، پہلے درجہ کی تدبیر مباح ہے اگر چہ اس میں جبر ہی سے کیوں نہ کام لیا جاوے، اور دوسرے درجہ کی تدبیر اگر حد جبر تک نہ ہو جائز ہے، اور اگر حد جبر تک ہو حرام ہے، پس اس مسئلہ میں قواعد شرعیہ سے دو قیدیں ہیں ایک یہ کہ وہ تعویذ یا عمل ایسا ہو جس سے معمول مضطر ہو جاوے، دوسری قید یہ کہ حقوق غیر واجبہ کے لیے یہ تدبیر کی جاوے، اگر ایک قید بھی مرتفع ہو جاوے گی حرمت مرتفع ہو جاوے گی، امید ہے کہ اب اشکال رفع ہو گیا ہوگا۔ (۱۰/محرم: ۱۳۴۶ھ/ج/۶ ص/۱۹۷، ۱۹۸)

## باب العقائد

## ید اللہ اور ان جیسے متشابہات نصوص کے معنی کے متعلق تحقیق:

**سوال ⑮۸**: زید کہتا ہے کہ قرآن شریف میں جہاں کہیں لفظ ید کی اضافت اللہ کی طرف کی گئی ہے جیسے ید اللہ فوق ایدیھم تو وہاں ید سے مراد قدرت ہے، کیوں کہ ید وغیرہ اجزاء جسم سے حق تعالیٰ پاک و منزہ ہے، اور عمرو کہتا ہے کہ قدرت علیحدہ

Scanned by CamScanner

صفت ہے، حق تعالیٰ کی، اور ید دوسری صفت اس کی مستقل ہے، ید سے قدرت مراد لینا اس سے ایک صفت کا ابطال لازم آتا ہے، اور یہ مذہب اہل قدر اور معتزلہ اور امامیہ شیعہ کا ہے، باقی لفظ ید متشابہات میں سے ہے، جو کچھ اس کی مراد ہے، اس کو حق تعالیٰ ہی جانتا ہے، اور ہم اس کے ادراک سے عاجز ہیں، ہکذا فی شرح الفقہ الاکبر لابی المنتہی اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ ہر دو قول مذکورہ میں سے کون سا قول حق مطابق اہل سنت والجماعت ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب:** اصل مذہب سلف کا یہی ہے جو عمرو کہتا ہے لیکن اجراء علی الحقیقۃ کے ساتھ تنزیہ کا محفوظ رکھنا اور اجراء علی الحقیقت کو اجراء علی الظاہر کا مغائر سمجھنا تحمل عقول عامیہ سے ارفع تھا، اس لیے متاخرین نے تاویل مناسب کی اجازت دیدی لیکن حقیقی معنی کی نفی نہیں کی، اور یہی فرق ہے ان ماولین اور اہل بدعت کے درمیان۔ (یکم صفر: ۱۳۴۵/ج ۶ ص ۸۰)

## اللہ تعالیٰ پر جوہر وغیرہ کے اطلاق کا حکم:

**سوال (۱۵۹):** مکتوبات قدوسیہ مطبوعہ مطبع احمدی مکتوب ہشتاد ونہم ۱۳۰۹ھ میں یہ عبارت ہے، چناں چہ بعضے مبتدعہ خدا را جسم وجوہر گویند اگر مجرد لفظ بے معنی اطلاق می کنند خاطئ عاصی اند کہ در اطلاق اسم خطا می کنند واگر بحقیقت جسم وجوہر گویند وترکیب وتحیز مکان والعیاد جائز دارند در حکم آخرت کافر اند امادر احکام دنیا در معاملہ چوں معاملہ با لکفار نکنند وکشتن وغارت کردن مال وبردہ کردن فرزندان واہل ایشان روا ندارند کہ مدعی اسلام اند ودعوی اسلام ایشاں را واہل ایشاں را امروز ایمن گردانیدہ است وھذا قولھم لا نکفّر اھل القبلۃ اب عرض یہ ہے کہ قادیانی لوگوں کے ساتھ بھی یہی معاملہ کیا جاوے کہ دنیاوی اصول میں ان کے ساتھ مسلمانوں کا معاملہ رکھیں۔

**الجواب:** ان دونوں کفر میں فرق ہے جسم وجوہر کا قائل کسی نص قطعی کا مکذب نہیں اس لیے وہ کفر ابتدائی ہے کہ مناظرات میں اس کو کفر کہا جاتا ہے، ورنہ اگر یہ کفر حقیقی ہوتا تو اس کا تلفظ بلا قصد معنی کے بھی کفر ہوتا جیسا دوسرے کلمات کفر کا یہی حکم ہے کہ طوعا بلا قصد معنی ان کا تلفظ کفر ہے، حالاں کہ شیخ اس کو کفر نہیں فرماتے باقی یہ کہ جب یہ دونوں کفر ہیں پھر ان دونوں میں فرق کیوں فرماتے ہیں، سو بدعت بدعت میں فرق کا انکار نہیں کیا جا سکتا، عقیدہ کا فساد قول کے فساد سے احکام آخرت میں اشد ہے، اس اشدیت کی بناء پر شیخ نے اس کو کفر کہہ دیا، اور تلفظ محض کو خطاء ومعصیت اس بناء پر قادیانیوں کو اس جماعت پر قیاس نہیں کر سکتے کہ وہ مکذب قطعیات کے ہیں۔ هذا غاية تاويل كلام الشيخ وان لم يصح هذا التأويل والجواب ان هذا القول ليس بحجة۔ (۲۴ ربیع الاول: ۱۳۵۳ھ/ ج ۶ ص ۱۰۸، ۱۰۹)

## رسالہ اصلاح المعتوہ فی تعریف الحرام والمکروہ:

**سوال (۱۲۰):** بہشتی گوہر کے شروع میں تمہید کے بعد ایک صفحہ میں اصطلاحات ضروریہ کے عنوان سے اقسام احکام کی تعریف لکھی ہیں، ان میں حرام اور مکروہ تحریمی کی تعریف مختلف نسخوں میں مختلف لکھی ہے، چناں چہ ایک قدیم الطبع نسخہ میں اس طرح لکھا ہے، حرام وہ ہے جو دلیل قطعی سے ثابت ہو اس کا منکر کافر ہے، اور اس کا بے عذر چھوڑنے والا فاسق اور عذاب کا مستحق ہے۔

مکروہ تحریمی وہ ہے جو دلیل ظنی سے ثابت ہو اس کا انکار کرنے والا فاسق ہے جیسے کہ واجب کا منکر فاسق ہے، اور اس کا بغیر عذر ترک کرنے والا گنہگار اور عذاب کا مستحق ہے اور جدید طبع نسخہ میں اس طرح لکھا ہے۔

حرام وہ ہے جو دلیل قطعی سے ثابت ہو اس کا منکر کافر اور اس کا بے عذر کرنے

والا فاسق اور عذاب کا مستحق ہے۔ (شامی: ج/۱ص/۹۷)

مکروہ تحریمی وہ ہے جو دلیل ظنی سے ثابت ہو اس کا انکار کرنے والا فاسق ہے، جیسے کہ واجب کا منکر فاسق ہے، اور اس کا بے غیر عذر کرنے والا گنہگار اور عذاب کا مستحق ہے۔ (درمختار وشامی: ج/۵ص/۳۳۳) محل اختلاف دونوں کی تعریفوں میں صرف یہ ہے کہ قدیم نسخہ میں بغیر عذر چھوڑنے والا اور بغیر عذر ترک کرنے والا لکھا ہے، اور جدید نسخہ میں دونوں جگہ بغیر عذر کرنے والا لکھا ہے، مخالفین کے بعض رسائل میں دونوں تعریفوں کو مولف بہشتی گوہر کی طرف منسوب کر کے تعریف اول پر غالب درجہ کے سب وشتم وطعن وتبرا کے پیرایہ میں اعتراض کیا گیا ہے، اور تعریف ثانی کو تعریف اول سے رجوع میں اس لیے کافی نہیں سمجھا کہ تعریف اول کے غلط ہونے کا اعلان نہیں کیا گیا تو اس کے متعلق سوال یہ ہے کہ صحیح تعریف کون سی ہے اور غلط تعریف کے غلط ہونے کا منجانب مؤلف اعلان کیوں نہیں کیا گیا، اور اس واقعہ اختلاف کی حقیقت کیا ہے؟ (افیدونا دمتم مفیدین)

**الجواب:** تعریف صحیح دوسری ہے پہلی تعریف اگر ماول نہ ہو غلط ہے، اور اس کا واقعہ یہ ہے کہ یہ تعریف مؤلف بہشتی گوہر کی لکھی ہوئی نہیں ہے، کسی مہتمم طبع نے اس کا اضافہ کر دیا ہے، اور مؤلف کی طرف سے اس غلطی کا اعلان کیوں نہیں ہوا، وہ وجہ یہ ہے کہ نہ وہ مضمون مؤلف کا تھا، اور نہ اس کو اب تک بھی اس کی اطلاع تھی ورنہ بحمد اللہ تعالیٰ مؤلف کی عادت سب کو معلوم ہے کہ اپنی غلطی کی اشاعت ہی کے لیے ترجیح الراجح کا سلسلہ مدت سے جاری کر رکھا ہے، چناں چہ اب جو اطلاع ہوئی تو باوجود اپنا مضمون نہ ہونے کے تبرعا اس پر تنبیہ کر رہا ہے اور یہ جواب اس تقدیر پر ہے کہ اس پہلی تعریف کو غلط مان لیا جاوے اور یہی اظہر ہے پھر غلطی کا سبب خوار ذلت قلمی یا ذہنی صاحب اضافہ کی ہو یا زیغ نظر یا تحریف ناقل کی ہو اور اگر یہ اضافہ

احقر مؤلف کا ہوتا تو صرف اسی جواب پر اکتفا کرتا کیوں کہ احقر تاویلات وتوجیہات کے استعمال کو اپنے نفس کے لیے پسند نہیں کرتا مگر چونکہ وہ اضافہ کسی دوسرے شخص کا ہے اور یقیناً کسی صاحب علم کا ہے، اور عاقل بالغ کے کلام کو مطلقا محمل صحیح پر محمول کرنا شرعاً مطلوب ہے چہ جائے کہ صاحب علم کے کلام کو اس لیے میں ایک دوسرا جواب بھی عرض کرتا ہوں اس کا حاصل عبارت متکلم فیہا کا ماول ہونا ہے، وہ تاویل یہ ہے کہ حرام اور مکروہ کی تعریف میں جو یہ عبارت ہے کہ اس کا بغیر عذر چھوڑنے والا فاسق اور عذاب کا مستحق ہے یا یہ عبارت ہے کہ اس کو بغیر عذر ترک کرنے والا گنہگار اور عذاب کا مستحق ہے تو ان دونوں عبارتوں میں لفظ اس کا (کہ ضمیر یا اسم اشارہ ہے) مرجع یا مشار الیہ خود فعل حرام اور فعل مکروہ تحریمی نہیں بلکہ اس فعل کا حکم یعنی حرام ہونا اور مکروہ تحریمی ہونا یا بعنوان مختصر حرمت وکراہت ہے، اور معنی یہ ہیں کہ حرمت وکراہت کا جو مقتضاء ہے کہ اس سے اجتناب رکھے اس مقتضا کو ترک کرنے والا اور چھوڑنے والا فاسق وگنہگار ہے اور یہ بالکل صحیح ہے کیوں کہ اس مقتضاء کا ترک اس طرح ہوگا کہ اس فعل حرام ومکروہ تحریمی کا ارتکاب کرنے لگے اور ظاہر ہے کہ حرام اور مکروہ تحریمی کا ارتکاب کرنے والا گنہگار اور فاسق ہے، تو کلام میں ایجاز ہوگا اور متکلم چونکہ صاحب علم ہے اس کا صاحب علم ہونا قرینہ ہوجاوے گا، تعیین مراد کا اس قرینہ کے ہوتے ہوئے یہ ایجاز مخل نہ ہوگا، جیسے متکلم کا موحد ہونا انبت الربیع البقل کو مجاز پر محمول کرنے کے لیے قرینہ کافی سمجھا جاتا ہے اس کے نظائر محاورات میں بکثرت ہیں، چناں چہ اس وقت دو موقع خود قرآن مجید سے نقل کرتا ہوں جن میں بعض مفسرین اسی قبیل کی توجیہہ کے قائل ہوئے۔

موقع اول: قال الله تعالیٰ فی سورۃ الاعراف ما منعك ان لا تسجد فی جامع البیان لشیخ الاسلام والمسلمین الشیخ

Scanned by CamScanner

السید معین الدین المفروغ من تالیفه فی عام سبعین وثمان مأة ما نصه منع بمعنی احوج واضطر لان الممنوع عن شئ مضطر إلی خلافه ای ما احوجك إلی عدم السجدة۔

موقع الثانی: قال الله تعالیٰ فی سورة هود. اصلوتك تامرك ان نترك ما یعبد اٰباءنا او ان نفعل فی اموالنا ما نشاء فی التفسیر المذکور قیل علی ان نترك بتقدیر أصلوتك تامرك بنهیك عن ان نفعل اھ واو ردالتفسیرین فی الکبیر الاول منطوقا والثانی مفهوما اور گو دونوں جگہ دوسری تفاسیر بھی منقول ہیں مگر ان تفسیروں کو بلانکیر نقل کرنا ایسی توجیہات کی صحت کی کافی دلیل ہے، دیکھیے آیت اولی میں جب لا کو غیر زائد مانا گیا تو لا تسجد بمعنی تترك السجدة ہو گیا اور ظاہر ہے کہ اس کا تعلق اس کے سیاق یعنی منعک سے نہیں ہو سکتا بلکہ منعک کے بعد ان تسجد ہونا چاہیے جو بمعنی فعل سجدہ ہے چناں چہ ظاہر ہے اسی طرح آیت ثانیہ میں جب ان نفعل کا عطف ان نترک پر مانا گیا تو ان نفعل تامرک کے تحت میں ہو گیا اور ظاہر ہے کہ اس کا تعلق اس کے سباق یعنی ما نترک سے نہیں ہو سکتا بلکہ تامرک کے بعد ان لا نفعل فی اموالنا ما نشاء ہونا چاہیے جو بمعنی ترک ہے چناں چہ ظاہر ہے غرض ایک آیت میں بجائے فعل کے ترک مذکور ہے، اور ایک آیت میں بجائے ترک کے فعل مذکور ہے، جو ظاہرا صحیح نہیں، اور صحیح اس کا عکس تھا، اگر تصحیح کلام کی ضرورت سے آیت اولی میں (بجائے فعل کے) ترک کی تصحیح تعلق کے لیے اس ترک کے سباق یعنی منعک کی جانب میں تاویل کی گئی اور دوسری آیت میں (بجائے ترک کے) فعل کی تصحیح تعلق کے لیے اس فعل کے سباق یعنی تامرک کی جانب میں تاویل کی گئی اسی قیاس پر تعریف مذکور میں کہا جا سکتا ہے کہ جانب خیر میں جو لفظ ترک واقع

ہے ظاہراً اس کا تعلق اس کے سباق یعنی حرام ومکروہ سے جو کہ مبتداء سے نہیں ہوسکتا بلکہ حرام ومکروہ کے بعد لفظ فعل ہونا چاہیے مگر تصحیح تعلق کے لیے اس ترک کے سباق یعنی حرام ومکروہ کی جانب میں یہ تاویل کی جاوے گی کہ مبتدا متضمن ہے معنی حرمت وکراہت کو، اب اس سے مفہوم ترک کا تعلق ہوسکتا ہے، یعنی حرمت وکراہت کے حکم کوترک کرنے والا الخ جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور اس تاویل میں زیادہ بعد اس لیے نہیں کہ فعل حرام اور مکروہ تحریمی کی تعریف لکھتے ہوئے فعل سے حکم فعل کی طرف ذہن کا منتقل ہو جانا چنداں بعید نہیں، اور ایک دوسری تاویل اس سے بھی بے تکلف اور سہل ہوسکتی ہے وہ یہ ہے کہ تعریفیں مذکورین میں لفظ اس کا مرجع یا مشارالیہ دلیل کو قرار دیا جاوے، مطلب یہ ہے کہ حرام یا مکروہ ہونے کی جو دلیل ہے اس دلیل کا منکر اور اس دلیل کا تارک ایسا ایسا ہے۔

اور دلیل کا انکار یہ ہے کہ اس کے خلاف اعتقاد رکھے اور دلیل کا ترک یہ ہے کہ اس کے خلاف عمل کرے پس کلام بالکل بے غبار ہے، البتہ شارع اور غیر شارع کے کلام میں اتنا فرق ہے کہ شارع کے کلام کوتوسع پر محمول کریں گے، اور غیر شارع کے کلام کوتسامح پر دوسرے شارع کے کلام میں تغیر ممکن نہیں ہے، اس لیے تاویل واجب ہے، اور غیر شارع کے کلام میں تغیر ممکن ہے اس لیے تغیر کوتاویل پر ترجیح ہو گی۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ واجتنب الھوی: (۲۷/ربیع الثانی: ۱۳۴۶ھ/ ج/۶/ص/۲۰۹ تا ۲۱۴)

## کتاب اخبار الاخیار کی ایک عبارت کا صحیح محمل:

**سوال** (۱۶۱): آج کل اخبار الاخیار شیخ عبدالحق محدث دہلوی دیکھ رہا ہوں، حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ کے حالات میں لکھا ہے، فرمود کسیکہ دو رکعت نماز بگذارد بخواند در ہر رکعت بعد از فاتحہ سورہ اخلاص یازدہ بار بعد

ازاں درود فرستد بہ پیغمبر ﷺ از سلام و بخواند آں سرور را ﷺ بعد ازاں یازدہ گام بجانب عراق برود و نام مرا گیرد حاجت خود را از درگاہ خداوندی بخواہد حق تعالیٰ آں حاجت او قضا گرداند بمنہ کرمہ اھ نقل ایں کلام از حضرت غوث الاعظم بغایت مستبعدی نماید و نقل شیخ محدث تعجب خیر رائے حضور متعلق ہمچنیں روایت چیست خدا معاف فرماید بندہ را بغایت مستنکرہ معلوم می شود دل فی قبول نمی کند۔

**الجواب:** حسن ظن تاویل کو مقتضی ہے اس میں خلجان کا موقع ایک تو یہ ہے کہ بخواند آں سرور را ﷺ سوندا، اگر بصیغہ صلوۃ ہو تو کچھ حرج نہیں دوسرا موقع یہ ہے کہ نام مرا گیرد سواس گرفتن کی کیفیت جب نہیں لکھی تو توسل پر محمول کیا جائے کہ دعا خدا تعالیٰ سے کرے، اور مرے نام سے توسل کرے اور یہ جائز ہے، تیسرا موقع اور وہی سب سے اشد ہے یہ ہے کہ یازدہ گام بجانب عراق برود، سو یہ ایک عنوان ہے معنون اس کا یہ ہے کہ جانب من بتوجہ کامل متوجہ شود تا کہ توسل بہ محبت تام واقع شود، اس توجہ کامل کی یہ ایک تدبیر ہے کہ ان کے آرام گاہ کی طرف چلنے میں طبعاً ان کی طرف کامل توجہ ہو جاوے گی، اور یازدہ کی تخصیص محض عدد کے مبارک ہونے کے سبب سے ہے کہ اشتمال علی العشرہ کے ساتھ طاق بھی ہے یہ تاویل اس لیے ہے کہ اہل حق پر بدگمانی نہ ہو اس لیے کہ میں اس عمل میں انشراح پاتا ہوں۔ (۲ر جمادی الثانیہ: ۱۳۴۶ھ/ ج/۶ ص/ ۲۱۸)

Scanned by CamScanner

# قواعد پر مبنی حضرت کے فتاوی

## باب الطهارة

**نیند سے بیدار ہونے کے کچھ دیر بعد رطوبت کا دیکھنا:**

**سوال (۱۶۲):** اگر کوئی شخص بیدار ہوا اور اس کو خواب یاد ہے، اس حالت بیداری میں اس کے بستر پر سے اٹھنے سے پہلے بیدار ہونے کے دو یا تین منٹ بعد اس کو تری معلوم ہوئی، جس کو وہ مذی سمجھتا ہے، تو اس پر یہ خیال کر کے کہ شاید یہ منی رک گئی ہو، جواب نکلی ہے غسل واجب ہوگا، یا اس کو خیال نہیں کرنا چاہیے، بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ دفق وشہوت کے ساتھ نکلی ہے یا کس طرح؟

**الجواب:** جزیہ تو نہیں دیکھا مگر قواعد سے غسل واجب ہونا چاہیے کیوں کہ خواب کا یاد ہونا علامت اس کی ہے کہ یہ یا منی ہے یا مذی، اور دونوں کا احتمال خروج موجب غسل ہے، اور دفق وشہوت کی شرط ہونے کا یہ مطلب ہے کہ انفصال عن المقر کے وقت شہوت ہو گو خروج کے وقت نہ ہو اور اگر کوئی عارض مانع نہ ہو تو دفق بھی ہو اور یہاں ممکن ہے کہ انفصال کے وقت شہوت ہو اور دفعتاً آنکھ کھلنے سے رک گئی ہو مگر احتیاطاً یہ مسئلہ کہیں اور بھی پوچھ لیا جاوے۔ (۸ رمحرم: ۱۳۳۲ھ/ ج ۱/ ص ۵۵)

**جس چیز کی نجاست معلوم نہ ہو اس کا پانی میں گرنا پانی کو ناپاک نہیں کرتا:**

**سوال (۱۶۳):** یہاں چاہات میں آج کل ایک سرخ رنگ کی دوا ڈالی جا رہی ہے، جس سے تمام چاہ کا پانی نہایت سرخ رنگ کا ہو جاتا ہے، اور وہی سرخ پانی وضو نہانے کھانے پینے غرضیکہ ہر استعمال میں آتا ہے، اور اس دوا کی ماہیت سے یہاں بجز ڈاکٹروں کے اور کوئی واقف نہیں ہے، جس کے متعلق نہیں کہا جا سکتا ہے کہ اس میں علاوہ رنگین ہونے کے کوئی ناجائز شئ تو ایسی نہیں ہے جس کا استعمال شرعاً ممنوع

Scanned by CamScanner

ہو لہذا میں امید کرتا ہوں کہ براہ عنایت اس امر سے مطلع فرمایا جاؤں کہ آیا اس پانی کے استعمال میں کوئی شرعاً حرج تو نہیں ہے۔

**الجواب:** جب اس دوا میں کسی نجس چیز کا ہونا معلوم اور ثابت نہیں تو بقاعدہ الاصل فی الاشیاء الطہارۃ اس کو طاہر سمجھنا چاہیے اس لیے اس پانی کا استعمال جائز ہوگا۔ (۱۳ر رمضان: ۱۳۳۱ھ/ ج/۱/ ۵۹، ۶۰)

## کتاب الصلوٰۃ

### نماز میں بعض قرآنی اغلاط کا حکم:

**سوال (۱۶۴):** عرض یہ ہے کہ ان مسائل کا جواب ارشاد فرمایئے:

(۱) ایک شخص نے میثاقه الذی واثقکم جو دوسرے رکوع مائدہ میں ہے کی جگہ میثاقه الذی وَآثقکم تراویح میں پڑھا ہے، اب یہ نماز جائز ہے یا نہیں، واؤ کو عاطفہ سمجھ کر ہمزہ پر زبر پڑھا ہے؟

(۲) ایک کس نے انعمت علیہم کی جگہ انعمت علیهم زبر کی جگہ پیش پڑھا جب الحمد پوری ہوئی اس کو یاد ہوا پس بسبب یاد ہونے کے انعمت کی تاء پر زبر پڑھی، اب یہ نماز جائز ہے یا نہیں، مہربانی فرما کر جواب تحریر فرماویں؟

**الجواب:** پہلی غلطی مفسد معنی نہیں بلکہ لفظ کو بے معنی کر دینے والی ہے، اس لیے نماز ہو گئی، اور دوسری جگہ مفسد معنی ہے، مگر اس کا جب تدارک کر دیا گیا تو وہ اس لیے اس میں بھی نماز ہو گئی، یہ جواب قواعد سے لکھا ہے، جزیہ نہیں دیکھا بہتر ہے کہ کسی محقق سے بھی پوچھ لیا جاوے۔ (۲ر ربیع الاول: ۱۳۲۹ھ/ ج/۱ ص ر ۵۷، ۵۸)

### امام کی نماز کی کراہت مقتدیوں کی نماز کو متعدی ہوتی ہے:

**سوال (۱۶۵):** امام کی اگر نماز مکروہ ہوگی تو مقتدی اسکی کراہت سے بچیں گے یا نہیں؟

**الجواب:** اس باب میں کوئی روایت نہیں ملی لیکن قواعد سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ اگر کراہت کسی فعل داخل فی الصلوٰۃ سے ہے مثلاً ترک واجب یا فعل زائد تب تو وہ کراہت صلوٰۃ مقتدی تک متعدی ہوگی کیوں کہ اس صورت میں اس کی نماز ہی مکروہ ہوئی، وصلوته متضمنة لصلوٰة المقتدی اور اگر کسی امر خارج عن الصلوٰۃ سے ہے، جیسے کسی ہیئت غیر مشروعہ سے تو وہ متعدی نہ ہوگی کیوں کہ اس وقت نماز مکروہ نہیں ہوئی ایک جداگانہ فعل مکروہ ہے، گو ایسے شخص کا امام بنانا مکروہ ہوا۔ (۱۲ر شعبان: ۱۳۳۱ھ/ ج را ص ر ۲۰۱)

## نماز میں عینک لگانے کا حکم:

**سوال (۳۳):** حالت نماز میں عینک لگائے رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ بر تقدیر ثانی کراہت تنزیہی ہے یا تحریمی؟ فقہائے متقدمین میں سے کسی نے اس مسئلہ کی تصریح کی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا؟

**الجواب:** عینک لگنے کی عادت مستحدث ہے (نئی) اس لیے امید نہیں کہ کسی کے کلام میں اس کی تصریح ملے، مگر قواعد سے یہ جواب ہے کہ فی نفسہ جائز ہے، لیکن فعل عبث ہے، اور عبث نماز میں مکروہ ہے، اس عارض کے سبب یہ فعل مکروہ ہوگا۔

(ج را ص ر ۴۳۹)

## تراویح کی جماعت ترک کرنے والوں کا وتر کی نماز بغیر جماعت کے پڑھنا:

**سوال (۳۴):** رمضان شریف میں اگر عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی اور تراویح کو بالکل تمام آدمیوں نے ترک کر دیا تو اس صورت میں وتر با جماعت جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** فی الدر المختار بَقِيَ لَوْ تَرَكَهَا الْكُلُّ هَلْ يُصَلُّونَ الْوِتْرَ بِجَمَاعَةٍ؟ فَلْيُرَاجَعْ فی رد المحتار تحت قوله بَقِيَ الَّذِي

Scanned by CamScanner

يَظْهَرُ أَنَّ جَمَاعَةَ الْوِتْرِ تَبَعٌ لِجَمَاعَةِ التَّرَاوِيحِ وَإِنْ كَانَ الْوِتْرُ نَفْسُهُ أَصْلًا فِي ذَاتِهِ لِأَنَّ سُنَّةَ الْجَمَاعَةِ فِي الْوِتْرِ إِنَّمَا عُرِفَتْ بِالْأَثَرِ تَابِعَةً لِلتَّرَاوِيحِ. عَلَى أَنَّهُمْ اخْتَلَفُوا فِي أَفْضَلِيَّةِ صَلَاتِهَا بِالْجَمَاعَةِ بَعْدَ التَّرَاوِيحِ كَمَا يَأْتِي اهـ. (ج۱/ص۴۷۱) اس سے معلوم ہوا کہ قواعد سے اسی کو ترجیح ہے کہ اس صورت میں یہ جماعت وتر فرادی فرادی پڑھیں۔ (یکم محرم: ۱۳۳۴ھ/ ج۱/ص۴۵۶)

## باب الزکوة والصدقات

### صدقہ نافلہ غنی کے لیے حلال ہونے کا مطلب:

**سوال (۱۶۸):** صدقہ نافلہ اغنیاء وفقراء سب کو مباح ہے، اس کے کیا معنی ہیں، آیا یہ معنی ہیں کہ جب کسی شئ کو خدائے تعالیٰ کے حضور میں پیش کر دیا اور اس کے ایصال ثواب کی نیت کس کے لیے کر لی تو یہ صدقہ ہو گیا اس کا کھانا سب کو جائز ہے، یا اور کچھ پھر بعد الاتفاق ایصال ثواب کی ضرورت ہوگی یا وہی نیت کافی ہوگی؟

**الجواب:** اس کی تحقیق مصرح تو کہیں باوجود تلاش کے ملی نہیں، لیکن قواعد سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بدون تملیک کے ابھی صدقہ نہ ہوگا، کیوں کہ مفہوم صدقہ میں تملیک داخل ہے، رہا اس کا کسی کے لیے حلال یا حرام ہونا اس کے معنی یہ معلوم ہوتے ہیں کہ جو چیز غنی وغیرہ کو دینے سے کافی اور ادا نہیں ہوتی، منفق علیہ پر واجب ہے کہ منفق کو اپنے مصرف اور مستحق نہ ہونے کی اطلاع اور تنبیہ کر دے کیوں کہ یہ تو ہم اور احتمال ہے کہ شاید اس کو اطلاع حقیقت کی یا حکم شرعی کی نہ ہو اور یہ واجب مثلاً اس کے ذمہ رہ جائے تو یہ ایک گونہ خداع اور تعزیر ہے اور یہ حرام ہے، البتہ اگر بیت المال میں زکوة وغیرہ آ گئی چونکہ سلطان بوجہ ولایت عامہ کے فقراء کا بھی نائب ہے، اس لیے اس کا قبضہ بجائے قبضہ فقراء کے ہے، اور اسی سے دو صدقہ کے ساتھ

Scanned by CamScanner

متصف ہو گیا اور اگر زکوۃ ہے تو اس میں وسخیت آ گئی، اور غیر مصارف پر اس وجہ سے بھی حرام ہو گیا، تیسرا طریق جو کہ سب صورتوں میں مشترک اور بلاواسطہ مفید حلت وحرمت ہے یہ کہ صدقہ ہونا نہ تو زماناً تملیک پر مقدم اور نہ مؤخر بلکہ مقارن ہے، پس صدقہ ہونا اور مملوک ہونا معاً متحقق ہوں گے، اس لیے اسی وقت حلت وحرمت بھی حاصل ہو جائے گی گو تملیک بالذات مقدم ہو اور جب معلوم ہو گیا کہ تملیک کے وقت صدقہ ہو گا تو اس سے پہلے کی نیت بھی معتبر نہیں، البتہ زکوۃ میں اخراج کے وقت کی معتبر ہے کہ واسطے ادائے شرط واجب نیت کے نہ کہ ثواب کے لیے وہ تملیک ہی پر موقوف ہو گا۔ واللہ اعلم (۲۷ر ذی الحجہ: ۱۳۲۲ھ/ ج ۲ ص ۷۷،۷۸)

## باب الصوم والاعتکاف والحج

### رمضان وغیرہ کے چاند کی شہادت کے متعلق بعض مسائل:

**سوال** (۱۶۹): ہلال رمضان کی شہادت بقاعدہ شرعیہ باہر سے غیر قاضی کے پاس آوے، اور قاضی اس کو تسلیم نہ کرے تو اس شخص کے لیے تیس ر ۳۰ رمضان کے صوم کا کیا حکم ہے جب کہ قاضی اور عام اہل شہر کے نزدیک وہ ۲۹ ر تاریخ ہے، اور ابر کی وجہ سے رویت نہ ہو، جیسا کہ امسال ہوا اور آیا اس پر ضروری ہے کہ عام اہل اسلام کو اس شہادت معتبرہ کا اور اس کی بناء پر ایک روزے کی قضاء کا اعلان کرے یا قاضی پر چھوڑ دے کہ مرجع عوام شہر وہی سمجھا جاتا ہے، اور اسی پر اعلان اور عدم اعلان کا بار ہے، بہر حال قاضی عرفی کے اختلاف پر یہ شخص اپنے اذعان اور شہادت معتبرہ مامون عن التزویر میں کن کن باتوں کا مامور ہے؟

**الجواب**: ظاہر اقواعد سے معلوم ہوتا ہے کہ قاضی کے ساتھ اختلاف نہ کرے نہ عملاً نہ اعلاناً یا اعمالاً تعذر کے وقت اس باب خاص میں وہ قائم مقام قاضی شرعی کے

Scanned by CamScanner

ہے البتہ جب قاضی کی خطا اس کو متیقن ہو جائے تو خاص لوگوں کو حقیقت کی اطلاع ایسے طور سے کردے کہ تشویش وفتنہ نہ ہو۔ (۵ شوال ۱۳۳۴ھ / ج ۲ ص ۱۲۴)

## صبح کے وقت منہ میں پان دانتوں سے دبا ہوا نکلا اس کا حکم:

**سوال (۱۷۱):** بہت سے لوگ شب رمضان میں شب کو بہ نیت صوم پان کھا کر بدون کلی غرارہ کئے ہوئے لیٹ گئے، اتفاق سے سب کو نیند آگئی سب کے سب پان منہ میں لئے ہوئے سو گئے، صبح کو جاگے تو کسی کے منہ میں کل پان اور کسی کے چنے کے زیادہ اور کسی کے منہ میں بقدر چنے کے اور کسی کے منہ میں بقدر ماش کے اور کسی کے منہ میں صرف ایک دو پتی باقی ہے، اور کسی کے منہ میں کچھ بھی نہیں، لیکن شب کو کلی غرارہ نہیں کیا تھا، تو اس صورت میں کس کس کا روزہ صحیح ہوگا، اور کس کس پر قضا واجب ہے اور جس کا روزہ اگر صحیح نہیں ہوگا، اس نے اگر افطار کرڈالا تو اس پر کفارہ واجب ہوگا، اور جس کا روزہ صحیح ہوگا، اگر اس نے لاعلم سے افطار کرڈالا تو اس پر کفارہ یا قضا؟

**الجواب:** اگر سوتے وقت پان منہ میں لے کر سوئے اور صبح تک منہ میں رہا روزہ جاتا رہے گا، جس صورت میں پان منہ میں نہ پایا تو ظاہر ہے کہ نگل گیا اور یہی کہا جاوے گا کہ بعد صبح کے نگلا ہے، لان الحادث یضاف إلی اقرب الاوقات علی ما فی قواعد الفقه اور اگر پان سالم بھی پایا تب بھی غالب ہے کہ اس کا عرق ضرور حلق میں گیا ہوگا، دلیل اس کی یہ ہے کہ حکماء واطباء اصل السوس وغیرہ منہ میں ڈال کر سونے کو بتلاتے ہیں، اگر عرق نہیں پہونچتا تو اس سے کیا نفع جب وصول ثابت ہو گیا تو حالت صوم میں افطار کرنے سے قضاء لازم آتی ہے أو شرب نائما در مختار فی موجبات القضاء اور اگر سونے سے پہلے پان تھوک دیا اور غرغرہ نہیں کیا تو اگر منہ میں بقدر نخود یا زیادہ تھا، اور سونے میں نگل گیا موجب قضاء ہے اور جو اس سے قلیل ہو مفسد نہیں ولو اکل لحما بین

Scanned by CamScanner

اسنانه فان كان قليلا لم يفطر وان كان كثيرا يفطر والفاصل مقدار الحمص وما دونها قليل اھ اور افطار مع الصوم و فساد صوم کا گذر چکا، قضا کرے، البتہ باوجود صحت صوم کے افطار کرنا اا تو کفارہ و قضا دونوں لازم ہیں، لان ظنه ليس بمستند إلى دليل شرعي، والله اعلم۔

(۱۳۰۴ھ / ج ۲ ص ۱۳۰، ۱۳۱)

## شیر خوار بچہ کی وجہ سے شوہر کا بیوی کو حج سے منع کرنا:

**سوال (۱۷۱)**: ایک شخص مستطیع حج فرض کے ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اس کی بی بی جو مستطیع ہے اس کے ساتھ حج کرنا چاہتی ہے، شوہر کہتا ہے کہ تمہاری رضاعت وحضانت میں میرا فرزند ششماہی ہے، ریل، جہاز اونٹ کی سواری پر جاتا ہے خوف ہے کہ لڑکے کو ضرر پہنچے تم اپنا ارادہ ملتوی رکھو، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم بڑے لڑکے کے ساتھ حج کروادیں گے، دریافت طلب یہ امر ہے کہ صورت مسئولہ میں ششماہی بچہ کے ضرر کا خوف تاخیر حج کے لیے عذر شرعی ہو سکتا ہے، یا نہیں اور شوہر اگر بی بی کو روک دے تو شرعاً ماخوذ ہوگا یا نہیں؟

**الجواب**: جزئی تلاش کرنے سے نہیں ملی، مگر بمقتضائے قواعد شرعیہ جواب یہ ہے کہ چونکہ ارضاع اور تربیب زوج پر واجب ہے، نہ عورت پر، رضاعت وحضانت حق لہا ہے، حق عليها نہیں الا فی بعض الصور لہٰذا زوج کو اس عذر سے جائز نہیں کہ زوجہ کو حج سے منع کرے، اور بچہ پر اول تو کوئی ضرر مظنون نہیں، اور علی سبیل التسلیم مرد کسی عورت کو ارضاع کے لیے نوکر رکھے، اور بچہ کو چھوڑ جائے، اور تالم بمفارقت الولد شرعی نہیں ہے، اور اگر بچہ کو ساتھ لے جانے میں اس بچہ کا کوئی ضرر مظنون نہیں تو یہ امر یعنی ماں سے جدا کر کے اس کا گھر چھوڑ جانا جائز نہیں، لان فيه اتلاف الحق للمرأة من الرضاعة والحضانة۔

Scanned by CamScanner

واللہ اعلم۔ (۲۰ رجب: ۱۳۲۱ھ/ ج ۲/ ص ۱۵۸، ۱۵۹)

## باب النکاح

### مقام خلوت سے زوجہ کے فرار سے خلوت صحیحہ کا حکم:

**سوال (۱۷۲):** ایک مرد اپنی عورت کے پاس گیا اور کواڑ بند کیا، فوراً عورت نکل کر دروازہ کھول کر باہر نکل گئی، دو ایک منٹ کا عرصہ گھر میں ہوا ہوگا، کیا یہ خلوت صحیحہ ہوگی مہر پورا دینا ہوگا، یا نصف فقہاء عدم مانع کے قیود لکھتے ہیں، مگر وقت کی مقدار نہیں بتلاتے، اور یہاں ایک قصہ ایسا ہی ایک جگہ ہوا ہے، سائل کو کیا جواب دیا جائے؟

**الجواب:** جزئیہ کی تحقیق تو دیوبند سے کر لیجئے باقی قواعد سے جو مجھ کو شرح صدر ہوا وہ یہ ہے کہ خلوت کو قائم مقام وطی کے اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں تمکن من الوطی ہے، اور جتنے موانع خلوت کے ذکر کیے ہیں سب میں امر مشترک عدم تمکن من الوطی ہے پس معلوم ہوا کہ اصل مانع یہی عدم تمکن ہے اور صورت مسئلہ میں یہ متحقق ہے، پس اس کا مقتضی یہ ہے کہ اس صورت میں خلوت صحیحہ نہ ہو۔ واللہ اعلم

(۲۵ رصفر: ۱۳۳۸ھ، ج ۲/ ص ۲۴۰)

## باب الطلاق

### طلاق کے مسائل میں اضافت کی تحقیق:

**سوال (۱۷۳):** تحفہ مسنونہ بھیجنے اور ہر طرح سے نیاز مندی کا اظہار کرنے کے بعد یہ عرض ہے کہ فتاوی عالمگیری ساتویں فصل میں طلاق کا ذکر جس میں فارسی الفاظ سے لکھا ہوا ہے، فی الفتاوی الرجل قال لامرأۃ الخ مذکورہ عبارت بالا سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ طلاق کے واقع ہونے کے سلسلہ میں اضافت صریحہ از حد ضروری ہے، اگر چہ طلاق کا ذکر درمیان میں ہو، بغیر اضافت صریحہ طلاق واقع نہ ہوگی، اور خلاصہ عبارت ''وان لم یقل شیئا لم یقع'' سے ظاہر ہوتا ہے کہ صرف

Scanned by CamScanner

بیوی کے طلاق دینے کی نیت کی ہے، اور علامہ شامی نے باب الصریح سے شروع میں قوله لترك الاضافة کے حاشیہ پر اپنی رائے پیش کی ہے، اور تحقیق کی ہے کہ طلاق واقع ہونے کے لیے اضافت صریحہ ضروری نہیں ہے۔ اور عالمگیری میں اس فصل میں ہے کہ عورت کہے مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے، اس نے کہا دے دیا تو تین واقع ہو جائے گی، بہر حال عالمگیری کی بعض عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ طلاق کے واقع ہونے کے لیے اضافت صریحہ ضروری، اور عالمگیری کی دوسری بعض عبارات سے اور علامہ شامی کی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ اضافت صریحہ ضروری نہیں ہے، امید ہے کہ ایک گونہ تعارض کا دفع اچھی طرح فرمائیں گے۔

**الجواب:** قواعد وجزئیات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ طلاق کے واقع ہونے کی شرط مطلق اضافت، ہے نہ کہ اضافت صریحہ ہاں البتہ مطلق اضافت کے تحقق کے لیے قرائن قویہ کی ضرورت ہوتی ہے، قرائن ضعیفہ کافی نہیں ہوتے ہیں، پس جن جزئیات میں حکم عدم وقوع کا ہے، اس کا سبب یہ نہیں ہے کہ اس میں اضافت صریحہ نہیں ہے، بلکہ سبب یہ ہے کہ اس میں قوی قرینہ اضافت پر قائم نہیں ہے، اور یہ قرینہ تلاش کے بعد چند قسم پر ہے، اول اضافت کی صراحت اور یہ ظاہر ہے کہ جیسا کہ اس کے قول اینکت میں، دوسرے نیت جیسا کہ اس کے قول عنیت امراتی میں اور خلاصہ کی عبارت وان لم يقل شيئا لا يقع سے شبہ نہ کیا جائے کہ بلا اضافت صریحہ نیت کافی نہیں ہے، کیوں کہ لا يقع کے معنی لا يحكم بوقوعه مالم يقل عنيت ہیں، کیوں کہ نیت کرنے والے کے اظہار کئے بغیر دوسری کو نیت کا علم کس طرح ہو سکتا ہے، فاذا قال عنيت يقع الخ تیسرے سائل کے کلام میں اضافت جیسا کہ عورت کے قول مرا طلاق دہ (مجھے طلاق دے) کے جواب میں شوہر کا قول دادم (میں نے تجھے طلاق دی) میں ہے، لہذا تین واقع ہوں گی، عورت کے تین

بار کہنے کی وجہ سے ورنہ تو لفظ دادم نہ تو طلاق کے لیے موضوع ہے، پس جن جزئیات میں تمام قرائن مفقود ہوں، طلاق واقع نہ ہوگی اضافت صریحہ کے نہ پائے جانے کی وجہ سے نہیں، بلکہ مطلق اضافت نہ پائے جانے کی وجہ سے، پس اس توضیح کے بعد مسائل میں کسی طرح کا تعارض نہیں ہے، یہ میرے نزدیک ہے، ہوسکتا ہے کہ دوسروں کے نزدیک اس سے اچھی رائے ہو۔ (ج ۲ ص ۴۴۵، ۴۴۶)

## ضرورت کے وقت مذہب غیر پر عمل کرنے میں قضائے قاضی شرط ہے یا نہیں:

**سوال (۱۷۴):** امداد الفتاوی ج ۲ ص ۳۶، پر ممتدہ الطہر عورت کے مسئلہ کے بارے میں بوقت ضرورت امام مالکؒ کے قول پر فتوی دیا گیا ہے، مگر اسی مسئلہ پر عمل کرنے کے لیے قضائے قاضی شرط قرار دیا ہے، کسی کتاب سے دلیل نہیں پیش کی گئی، فقہ کی تمام موجودہ کتابوں میں یہ شرط موجود نہیں ہے، غالب گمان یہ ہے کہ جناب قدس سرہ نے مفقود کے مسئلہ پر قیاس کیا ہے، لہذا ہمارا قیاس اور ہماری مثالیں درست ثابت نہیں ہوئیں، حالاں کہ خود حضرت والا کی تصانیف میں اس بات کی تصریح موجود ہے کہ ہمارا قیاس درست ہے، خاص طور پر اتحاد علت نہیں ہے، اس لیے کہ موت ایک احتمالی چیز ہے، اس میں قضاء قاضی ضروری ہوگا، برخلاف ہمارے زیر بحث مسئلہ کے، یا فقہ کی کسی کتاب سے قاعدہ کلیہ فرمادیا جائے کہ ضرورت کے وقت مذہب غیر پر عمل کرنے میں قضاء قاضی شرط ہے، یا خاص صورت میں ورنہ یہ بحث مشکل ہے۔

**الجواب:** قضاء قاضی کی شرط قواعد کلیہ سے لگائی گئی ہے، اور نہ یہ قیاس ہے کہ ایجاد مسئلہ نہیں ہے، بلکہ قواعد مقررہ مذہب سے کام لیا گیا ہے، اور ہے بھی ظاہر ورنہ عمل بمذهب الغير يتصرف في مذهب الغير ہے، کیوں کہ ہم نے مذہب غیر کو علی حالہ برقرار رکھ کر اس پر عمل کی یہ شرط لگائی ہے جیسے کہ ہمارے مذہب کا یہ مسئلہ ہے کہ ضرورت شدیدہ میں غیر کے مذہب پر عمل جائز ہے، اور مذہب غیر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ترک کیا گیا ہے، اور یہاں بھی [illegible] ہے [illegible]

کا ارتفاع کسی قوی دلیل سے ہو [illegible]

کی وجہ سے اس پر عمل کیا اور اس عمل میں حق غیر کا اتلاف ہے [illegible] حق غیر

کے لیے کوئی قول [illegible] ہونا لازم ہے، فی الدر المختار فی باب الهبة (ولا یَصِحُّ الرُّجُوعُ إلَّا بِتَرَاضِیهِمَا أَوْ بِحُکْمِ الْحَاکِمِ) للاختلاف فیه (بین المجتہدین) اور شامیہ میں ہے: لان الرجوع فسخ العقد فلا یصح الا ممن له ولایة عامة وهو القاضی او منهما لو لا یتهما علی انفسها کالرد بالعیب بعد القبض اھ۔ وفی الهدایة لِأَنَّهُ مُخْتَلَفٌ بَیْنَ الْعُلَمَاءِ، وَفِی أَصْلِهِ وَهَاءٌ وَفِی حُصُولِ الْمَقْصُودِ وَعَدَمِهِ خَفَاءٌ الخ. اور بحر رائق میں ہے ویشترط فیه (ای فی خیار البیوع) القضاء " بخلاف خیار العتق لأن الفسخ ههنا لدفع ضرر خفي وهو تمکن الخلل ولهذا یشمل الذکر والأنثی فجعل إلزاما في حق الآخر فیفتقر إلی القضاء الخ۔

اور یہاں پر کتب بھی کم ہیں، نیز فرصت بھی کم ہے، مناسب ہے کہ اشباہ والنظائر ملاحظہ فرمائیں، امید ہے کہ اس میں یہ قاعدہ ملے گا کہ مذہب غیر پر عمل کرنے کی شرط قضاء قاضی ہے جس صورت میں کہ اس عمل سے الزام علی الغیر ورفع حق غیر ہوتا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (۳۰ رجب ۱۳۳۵ھ؛ ج ۲، ص ۹۲، ۹۳)

## باب ثبوت النسب

### نکاح باطل سے نسب ثابت نہ ہونے کا حکم:

**سوال (۱۷۵):** بعض بے علم ایسا سمجھتے ہیں کہ رضاعت کا مسئلہ ان دو شخصوں کے ساتھ متعلق ہے جو ایک ساتھ دودھ پیویں، یعنی زید ہندہ کا لڑکا پیدا ہوا، اور اس نے جو دودھ پیا اسی کے ساتھ کریمہ دودھ پلائی گئی تو زید اور کریمہ میں نکاح حرام سمجھتے ہیں، اس کے بعد ہندہ کو دوسرا لڑکا عمرو پیدا ہو تو اس کا نکاح کریمہ سے حرام نہیں سمجھتے، اس جہالت کے سبب سے مثلاً کسی نے کریمہ کا نکاح عمرو سے کر دیا اور پھر ان دونوں کی اولاد بھی پیدا ہوئی، تو وہ اولاد کیسی ہے، اور اگر کوئی ان لڑکے لڑکیاں سے جو عمرو کریمہ سے پیدا ہوئے کسی لڑکے کا لڑکی سے نکاح کرے تو یہ کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب:** اس میں بحث طویل ہے، باقی میرے نزدیک قواعد سے جس کو ترجیح ہے وہ یہ ہے کہ یہ نکاح باطل ہے، اور نکاح باطل میں نسبت ثابت نہیں ہوتا لہٰذا اس نکاح کی اولاد ثابت النسب نہیں، اور ان سے نکاح کرنا ثابت النسب کا غیر کفو سے نکاح کرنا ہے، اور غیر کفو سے نکاح کرنے کے احکام کی تفصیل کتب فقہ میں مذکورہ ہے، فی ردالمحتار عَنْ مَجْمَعِ الْفَتَاوٰی نَکَحَ کَافِرٌ مُسْلِمَةً فَوَلَدَتْ مِنْهُ لَا یَثْبُتُ النَّسَبُ مِنْهُ وَلَا تَجِبُ الْعِدَّةُ لِأَنَّهُ نِكَاحٌ بَاطِلٌ اھ. (ج ۲ ص ۷۴۲ / واللہ تعالیٰ اعلم / ۱۰ جمادی الاخری: ۱۳۳۲ھ / ج ۲ ص ۵۱۵،۱۴)

## باب احکام المسجد

### کافر کا مسجد تعمیر کرنا:

**سوال (۱۷۶):** آیت ماکان للمشرکین ان یعمروا مساجد اللہ شاھدین علی انفسھم بالکفر کے ذیل میں امام فخر الدین رازی لکھتے

ہیں، قال الواحدي دلت هذه الآية علی أنَّ الكُفَّارَ مَمْنُوعُونَ مِنْ عِمَارَةِ مَسْجِدٍ مِنْ مَسَاجِدِ الْمُسْلِمِينَ. وَلَوْ أَوْصَى بِهَا لَمْ تُقْبَلْ وَصِيَّتُهُ عدم جواز کی یہ وجہ لکھتے ہیں والكافر يهينه ولا يعظمه اور یہ بھی لکھتے ہیں، وَأَيْضًا إِقْدَامُهُ عَلَى مَرَمَّةِ الْمَسْجِدِ يَجْرِي مَجْرَى الْإِنْعَامِ عَلَى الْمُسْلِمِينَ. وَلَا يَجُوزُ أَنْ يَصِيرَ الْكَافِرُ صَاحِبَ الْمِنَّةِ عَلَى الْمُسْلِمِينَ اھ اور تفسیر خازن میں ہے، واختلفوا في المراد بالعمارة على قولين أحدهم أن المراد بالعمارة العمارة المعروفة من بناء المساجد وتشييدها ومرمتها عند خرابها فيمنع منه الكافر حتى لو أوصى ببناء مسجد لم تقبل وصيته اھ۔

پس حسب قول واحدی ہندوؤں کا مال تعمیر مسجد میں صرف کرنا ناجائز ہونا ثابت ہوتا ہے، چنانچہ مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی نے اپنے مجموعہ فتاوی میں اسی کو اختیار کیا ہے اور استاد مولانا عبدالرشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ کے مجموعہ فتاوی میں جلد ۲ ص ر ۳۰ / میں ہے تعمیر ومرمت مسجد میں شیعہ وکافر کا روپیہ لگانا درست ہے، وايضا فيه جس کافر کے نزدیک مسجد بنانا عبادت کا کام ہے، اس کے مسجد بنانے کو حکم مسجد کا ہوگا، دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر ہندو بخوشی تعمیر مسجد کے لیے چندہ دیں تو لینا درست ہے یا نہیں، اگر درست ہے اور یہی قول صحیح وراجح ہے تو جواب مع ماخذ تحریر فرمایئے۔

**الجواب:** یہاں دو مقام ہیں ایک تحقیق حکم کی فی نفسہ دوسرے تحقیق حکم کی باعتبار خارج عارض کے، سو تقریر اول کی یہ ہے کہ ہدایہ وغیرہ کتب فقہ کی کتاب الوصایا میں مصرح ہے کہ کافر کی وصیت ایسے امر کے ساتھ ہو جو اس کے اور ہمارے

Scanned by CamScanner

نزدیک قربت ہے جائز ہے، پس اس بناء پر اگر کوئی ہندو اپنے مذہب میں اس کو
قربت سمجھتا ہے تو اس قاعدہ کلیہ کے اقتضاء سے اس کا چندہ دینا جائز ہونا چاہئے
اگر اس مسئلہ کی تفسیر یہ ثابت ہو جائے کہ اس کے مذہب کی رو سے وہ قربت نہیں
بھی ثابت ہو جائے کہ اس طور پر یہ قربت نہیں ہے تب البتہ عدم جواز کا حکم کیا
جاوے گا، والظاهر هو الاول۔ اور مفسرین کا استدلال کرنا عدم جواز پر اس آیت
سے فقہاء کے مقابلہ میں درست نہیں کیوں کہ لکل فن رجال اور آیت کے یہ
معنی بھی نہیں بلکہ سیاق وسباق وسبب نزول میں نظر کرنے سے مطلب آیت کا یہ
معلوم ہوتا ہے کہ اس میں رد ہے، افتخار مشرکین کا عمارت مسجد حرام اور سقایہ حاج پر
اس طور پر کہ مشرکین میں بوجہ فقدان ایمان کی شرط ہے قبول عمل صالح کی اس عمل
کی اہلیت شرعیہ نہیں، پس یہ عمل ان کا مقبول نہیں، بلکہ کالعدم ہے، اور عمل غیر مقبول
پر فخر کرنا محض لغو ہے، البتہ ایمان والوں سے یہ عمل مقبول ہے، پس اس میں جواز اور
عدم جواز سے تعرض ہی نہیں اور للمشرکین میں لام جواز کا نہیں بلکہ لام استحقاق
وصلاحیت کا ہے، وقد بسطته فی تفسیری للقرآن۔ اور تقریر ثانی کی یہ ہے
کہ بوجہ احتمال منت علی المسلمین فی امر الدین کے اس سے بچنا چاہیے جیسا کہ سوال
میں بھی نقل کیا ہے، اور جو شیعی حد کفر تک نہ پہنچا ہو اس کا حکم کافر سا نہیں ہے۔ واللہ
اعلم۔ (۲۳ رمضان: ۱۳۲۵ھ / ج/ ۲ ص / ۶۵، ۶۶۶)

**مسجد کے دریا برد ہونے کے خوف سے اس کو منہدم کرنا:**

**سوال (۱۰۱):** کیا فرماتے ہیں علماء دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
دریائے راوی نے ہمارے قصبہ سیدوالہ کو گرانا شروع کر دیا ہے، قصبہ کی آبادی
کا ایک حصہ دریا نے کاٹ کر صاف کر دیا ہے، اور بعض بڑے بڑے مقامات گر
چکے ہیں، دریائے مذکور کی حالت اس قسم کی خوفناک ہو چکی ہے جس سے اہلیان شہر

کا منظور خیال ہو چکا ہے کہ اب یہ شہر درمنہدم ہو جاوے گا لوگ نئی آبادی کی بنیاد
ڈالنے کے واسطے شہر سے پیچھے ہٹ گئے ہیں، ۱۸ ماہ سے جس میں تقریباً چھ سات مساجد اہل سنت
والجماعت مسلمانوں کی ہیں، اور وہ قصبہ کے باقی محلات کے ساتھ سخت خطرہ میں
ہیں، اگر دریا شہر کو کاٹ کر بتدریج ان مساجد کے قریب پہنچ اور ان کو گرانا شروع کر
دے جس سے یقینا تمام ملبہ پختہ اینٹیں لکڑی کا سامان شہتیر، بالے وغیرہ دریا میں
غرق ہو جاویں گے یا بہہ جاویں گے، اور چونکہ یہاں کے مسلمان بہت مفلوک الحال
اور افلاس زدہ ہو چکے ہیں، اس قسم کی پختہ عمارات زمانہ قدیم کی تعمیر شدہ ہیں اس
صورت میں اور حسب ذکر کردہ الصدر حالات کے ماتحت اگر مسلمان مساجد کا تمام ضروری
اور کارآمد ملبہ پختہ فرشوں کے اکھیڑ لیں تا کہ نئی مساجد کی تعمیر میں لگایا جا سکے تو شرعا
مسلمانوں کا یہ فعل جائز ہے یا نہیں، یعنی تحریم مساجد کے منافی تو نہیں جس سے خدا
وخدا کے رسول اللہ ﷺ کے نزدیک قابل مواخذہ ہو جواب بہت جلد ارسال
فرماویں، کیوں کہ تباہی ہمارے سروں پر منڈلا رہی ہے۔ بینوا توجروا۔

**الجواب:** نازک مسئلہ اور بڑے عذر کے سائل، اس کا جواب تو جماعت محققین
کے مشورہ سے دیا جانا مناسب تھا، اب بھی ممکن ہے کہ دیوبند سے رجوع فرمایا جاوے،
اور یہ میری تحریر بھی بھیج دی جاوے، باقی امتثال امر کے لیے میں بھی اپنا خیال عرض
کر دوں، جزئیہ کا حوالہ تو ذہن میں نہیں قواعد سے عرض کرتا ہوں، اگر غالب گمان
گرنے کا نہ ہو تو ہدم جائز نہیں، اور اگر غالب گمان ہو تو اس نیت سے جائز ہے (اور اس
نیت کا اعلان بھی کر دیا جاوے) کہ اگر دریا برد ہو گئی تو اس کے ملبہ سے نئی آبادی میں
مسجد بنالیں گے اور اگر سالم رہی تو پھر اصلی جگہ تعمیر کر دیں گے، اور یہ تفصیل اس وقت
ہے کہ جب خود منہدم ہو جانے کے وقت حمل ونقل کی قدرت نہ رہے گی، ورنہ خود انہدام
کا انتظار ضروری ہے۔ (۲۰ر جمادی الاولیٰ: ۵۴ ۱۳ھ/ ج ر ۲ ص ر ۲۲۲، ۲۲۳)

## باب الوقف

### وقف کا روپیہ بینک میں جمع کرنے سے خزانچی پر ضمان کا حکم:

**سوال (۱۷۸)**: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں اگر کوئی خزانچی مال وقف بغرض حفاظت باجازت ممبران کمیٹی کسی بنک میں جمع کر دے اور اتفاق سے اس بنک کا دیوالہ نکل جاوے تو کیا اس روپیہ کا دیندار خزانچی ہوگا یا نہیں اور خزانچی ممبر بھی ہے؟

**الجواب**: فی الدر المختار يُقْرِضُ الْقَاضِي مَالَ الْوَقْفِ وَالْغَائِبِ وَاللُّقَطَةِ وَالْيَتِيمِ مِنْ مَلِيءٍ مُؤْتَمَنٍ (لَا) يُقْرِضُ (الْأَبُ) وَلَوْ قَاضِيًا؛ لِأَنَّهُ لَا يَقْضِي لِوَلَدِهِ (وَ) لَا (الْوَصِيُّ) وَلَا الْمُلْتَقِطُ فَإِنْ أَقْرَضُوا ضمنوا لِعَجْزِهِمْ عَنْ التَّحْصِيلِ بِخِلَافِ الْقَاضِي وَيُسْتَثْنَى إقْرَاضُهُمْ لِلضَّرُورَةِ كَحَرْقٍ وَنَهْبٍ فَيَجُوزُ اتِّفَاقًا (بَحْرٌ) وَمَتَى جَازَ لِلْمُلْتَقِطِ التَّصَدُّقُ فَالْإِقْرَاضُ أَوْلَى فی رد المحتار قَوْلُهُ: وَمَتَى جَازَ تَقْيِيدٌ لِقَوْلِهِ وَلَا الْمُلْتَقِطُ بِمَا إذَا كَانَ قَبْلَ جَوَازِ التَّصَدُّقِ بِهَا الخ۔ ان روایات سے معلوم ہوا کہ بجز خاص صورتوں کے جن میں مال کا تلف ہو جانا مظنون قریب یا متیقن ہو کسی کو قرض دینا جائز نہیں، اور بنکوں میں جو جمع کیا جاتا ہے، گو عنوان اس کا ودیعت ہو لیکن اس کے قواعد میں یہ امر یقینی اور معروف ہے کہ وہاں بعینہ یہ ودائع نہیں رکھی جاتیں بلکہ ان سے کاروبار کیا جاتا ہے، پس بقاعدہ المعروف کالمشروط اس تصرف کو مودع بکسر الدال کی جانب سے ماذون فیہ کہا جائے گا، اور تصرف کا اذن دینا اقراض ہے، پس خزانچی کا یہ فعل یقیناً اقراض ہو جانا جائز تھا اس لیے بصورت اتلاف کے خزانچی پر اور جتنے ممبروں نے اس اقراض کی اجازت دی ہے، سب پر ضمان لازم آوے گا، خزانچی پر بوجہ مباشرت کے اور ممبروں پر بوجہ اجازت کے کہ اقراض میں وکیل بنایا

Scanned by CamScanner

اور اقراض تو کیل کا محل ہے، فی الدر المختار قبیل باب الوکالۃ بالبیع والشراء اور اگر فتاویٰ میں بعض جزئیات ایسے اقراض کے جواز کی مذکور ہیں، لیکن اکثر میں تو قید بامر القاضی کی مصرح ہے، اور جہاں مصرح نہیں وہ بمقابلہ متون کے معتمد نہیں، فی رد المحتار لَكِنَّهُ أَفْتَى فِي وَصَايَا الْخَيْرِيَّةِ بِأَنَّ لِلْوَصِيِّ إِقْرَاضَ مَالِ الْيَتِيمِ بِأَمْرِ الْقَاضِي أَخْذًا مِمَّا فِي وَقْفِ الْبَحْرِ عَنْ الْقُنْيَةِ. مِنْ أَنَّ لِلْمُتَوَلِّي إِقْرَاضَ مَالِ الْمَسْجِدِ بِأَمْرِ الْقَاضِي فان الْوَصِيَّ مِثْلُ الْقَيِّمِ لِقَوْلِهِمْ الْوَصِيَّةُ وَالْوَقْفُ أَخَوَانِ وفيه تحت قول الدر المختار لَا يُقْرِضُ الْأَبُ ما نصه أَيْ فِي أَصَحِّ الرِّوَايَتَيْنِ) فَتْحٌ قَالَ فِي الْبَحْرِ: وَفِي خِزَانَةِ الْفَتَاوَى الصَّحِيحُ أَنَّ الْأَبَ كَالْقَاضِي فَقَدْ اخْتَلَفَ التَّصْحِيحُ. وَالْمُعْتَمَدُ مَا فِي الْمُتُونِ الى قوله وَاخْتَلَفُوا فِي إِعَارَةِ الْأَبِ مَالَ وَلَدِهِ الصَّغِيرِ وَفِي الصَّحِيحِ لَا اهـ. بلکہ خود حاکم کو اقراض کا جائز ہونا مشروط ہے، چند شرطوں کے ساتھ کما فی الدر المختار وحَيْثُ لَا وَصِيَّ وَلَا مَنْ يَقْبَلُهُ مُضَارَبَةً وَلَا مُسْتَغِلًّا يَشْتَرِيهِ اهـ. اور گو ان شرائط میں سے بعض میں کچھ کچھ کلام ہے، مگر یہ قدر مشترک متفق علیہ ہے، کہ جواز اقراض حاکم کے لیے وہاں ہے، جہاں اقراض انفع ہو عدم اقراض سے، وهذه الروايات كلها قبل باب التحكيم۔ واللہ اعلم۔ (یکم رجب: ۱۳۳۳ھ/ ج ۲/ ص ۵۷۰ تا ۵۷۲)

## خاص الفاظ کے بغیر وقف کا ثابت نہ ہونا:

**سوال (۱۷۹)**: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں زید اور عمرو دونوں باہم حقیقی بھائی ہیں ان دونوں نے ایک مسجد بنا کر اپنی ایک اراضی مشترکہ کا ماحصل مسجد کے اخراجات میں عمرو کے اہتمام سے رکھا، مگر کوئی وقفنامہ تحریر نہیں کیا دیگر جائداد

Scanned by CamScanner

جو باہم زید و عمرو کی مشترک تھی، تقسیم کر لی مگر یہ اراضی بدستور رکھی بعد ازاں کے زید و عمرو کے عمرو کے بڑے بیٹے نے اپنا اہتمام رکھا اور ماحصل آمدنی اراضی مذکور سے مسجد کا کام چلاتا رہا، اس وقت تک نہ زید کی اولاد ذکور نے اور نہ عمرو کی دیگر اولاد نے بڑے بھائی سے کچھ تعارض کیا حالانکہ ایک مہاجن نے اپنی ڈگری اولاد زید پر اجرا کرا کے یہ اراضی قرق کرالی تھی، عمرو کے بڑے بیٹے کے صرف اس عذر سے کہ اس اراضی کا ماحصل ہمیشہ مسجد میں صرف ہوتا رہا ہے عدالت نے واگزاشت کر دی، حالانکہ کاغذات سرکار میں بھی مشترکہ لکھی چلی آتی ہے، اولاد عمرو میں بھی باہم کل جائداد تقسیم ہوگئی مگر یہ اراضی بدستور مشترکہ قائم رکھی، اولاد عمرو میں بھی باہم کل جائداد تقسیم ہوگئی، مگر یہ اراضی بدستور مشترکہ قایم رکھی اب اگر پوتے عمرو کے اور اولاد اناث زید کی اپنا اپنا حصہ طلب کریں، تو تقسیم یہ اراضی ہو سکتی ہے یا نہیں؟ یا موقوفہ تعامل بالا سے سمجھی جاوے گی عندالشرع جو حکم ہو تحریر فرمایئے۔ بینوا توجروا۔

**الجواب**: اثبات وقف کے لیے جو الفاظ خاصہ فقہاء نے لکھے ہیں، چونکہ ان الفاظ میں سے کوئی لفظ زید اور عمرو نے نہیں کہا، اس لیے بعض مسجد میں صرف کرتے رہنے سے وقف ہونا ثابت نہ ہوگا اور اس میں میراث جاری ہوگی، ہر وارث کو اپنا حصہ لینے کا استحقاق ہے، جواب میں نے قواعد سے دیا ہے بہتر ہے کہ دیوبند وغیرہ سے بھی تحقیق کر لیا جاوے۔ (۲۶ ربیع الاول: ۱۳۳۲ھ/ ج ۲ ص ۵، ۶۰۶)

## مدرسہ کی تنخواہ سے سین بورڈ لگانا:

**سوال ⑱٠**: دروازہ مدرسہ اسلامیہ سنبھل پر ایک تختہ پر مدرسہ کا نام لکھ کر لگایا گیا ہے، وہ سڑک ریل پر واقع ہے، تختہ اس واسطے لگایا گیا ہے کہ ہر شخص اس کو سمجھ لے کہ یہاں مدرسہ ہے، شاید کچھ نفع ہو بعض صاحبان کی یہ رائے ہے کہ یہ کام مدرسہ کا نہیں ہے اس واسطے اس کی قیمت مدرسہ کی آمدنی سے دینا جائز نہیں ہے،

Scanned by CamScanner

جناب والا کا کیا ارشاد ہے؟

**الجواب:** فقہاء نے ایک قاعدہ لکھا ہے کہ مسجد کا نقش ونگار مال وقف سے جائز نہیں، لیکن استحکام جائز ہے، پس اسی نظیر پر صورت مسئولہ کا حکم یہ ہے کہ اگر اس تختہ کی تعلیق سے مدرسہ کو کوئی بین نفع ہو تو مال مدرسہ کا لگانا اس میں جائز ہے، اور اگر کوئی معتد بہ مصلحت نہیں ہے محض احتمال ہی کا درجہ ہے، تو اپنے پاس سے اس کے دام دینا چاہیے۔ (۹ ربیع الثانی ۱۳۳۱ھ/ ج ۲ ص ۶۱۱)

## باب البیوع

## نابالغ کی جائداد کو اس کی ماں یا چچا فروخت نہیں کر سکتے:

**سوال (۱۸۱):** ماں کو اپنی اولاد صغار کی جائداد صحرائی وسکنائی بخوف تلف یا تنگی اخراجات کی وجہ سے کہ سوائے اس جائداد کے کوئی ذریعہ ان کے نان ونفقہ کا نہیں ہے، فروخت کر دینا اس جائداد اور اس کی قیمت کا صرف کرنا ان کے ضروریات نان ونفقہ میں جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** فی الدر المختار مع رد المحتار باب الوصی. وجاز بیعه ''ای الوصی'' عَقَارَ صَغِيرٍ مِنْ أَجْنَبِيٍّ لَا مِنْ نَفْسِهِ بِضِعْفِ قِيمَتِهِ. أَوْ لِنَفَقَةِ الصَّغِيرِ أَوْ دَيْنِ الْمَيِّتِ. أَوْ وَصِيَّةٍ مُرْسَلَةٍ لَا نِفَاذَ لَهَا إلَّا مِنْهُ. أَوْ لِكَوْنِ غَلَّاتِهِ لَا تَزِيدُ عَلَى مُؤْنَتِهِ. أَوْ خَوْفِ خَرَابِهِ أَوْ نُقْصَانِهِ. أَوْ كَوْنِهِ فِي يَدِ مُتَغَلِّبٍ (ای الام والاخ) دُرَرٌ وَأَشْبَاهٌ مُلَخَّصًا. قُلْت: وَهَذَا لَوِ الْبَائِعُ وَصِيًّا لَا مِنْ قِبَلِ أُمٍّ أَوْ أَخٍ فَإِنَّهُمَا لَا يَمْلِكَانِ بَيْعَ الْعَقَارِ مُطْلَقًا وَلَا شِرَاءَ غَيْرِ طَعَامٍ وَكِسْوَةٍ. وَلَو الْبَائِعُ أَبًا فَإِنَّ مَحْمُودًا عِنْدَ النَّاسِ أَوْ مَسْتُورَ الْحَالِ يَجُوزُ ابْنُ وَكَمَالٍ فی الرد المحتار (قَوْلُهُ مُطْلَقًا)

Scanned by CamScanner

أَيْ وَلَوْ فِي هَذِهِ الْمُسْتَثْنَيَاتِ. وَإِذَا احْتَاجَ الْحَالُ إِلَى بَيْعِهِ يَرْفَعُ الْأَمْرُ إِلَى الْقَاضِي۔ (ط،ج ۵ ص ۶۹۷) اس روایت سے ثابت ہوا کہ مال کا بیع کرنا جائداد صغیر فی نفسہ جائز نہیں، بلکہ حاجت کے وقت حاکم مسلم کی طرف رجوع کیا جاوے، اور حاکم مسلم کے نہ ہونے کے وقت کے متعلق جزئی نظر سے نہیں گذری لیکن چونکہ حاجت متحقق ہے اور حرج مدفوع ہے، لہذا بضرورت جائز معلوم ہوتا ہے۔(ق:ج ۳ص ۲۶،۲۵/ ج ۶ص ۲۹۵،۹۴)

**وزن کے تفاوت کے وقت روپیہ کا مبادلہ ریزگاری سے:**

**سوال(۱۹۲):** روپے کی ریزگاری مثلا ایک اٹھنی اور چونی اور ایک دونی لینا جائز ہے یا نہیں، جب کہ روپیے کے مقابلہ میں ان سب ریزگاری کا وزن برابر نہ ہو؟

**الجواب:** چونکہ اصل وضع میں ریزگاری اسی انداز سے بنائی جاتی ہے، ایک روپیے کے برابر ہو اور تفاوت کسی عارض فرسودگی وغیرہ سے بہت شاذ و نادر ہوتا ہے، جو یقینی نہیں پھر وہ بھی اس قدر قلیل کہ اس کی کوئی معتد بہ قیمت نہیں اس لیے بقاعدہ الیقین لایزول بالشك والنادر کالمعدوم وجزئیة در مختار وذرة من الذهب وفضة مما لایدخل تحت الوزن بمثلیها فجاز الفضل لفقد القدر مصریہ:ج ۲ص ۲۸۰: اس تفاوت کا اعتبار نہیں، اور اگر کسی مقام پر زیادت یقینی ہو تو زیادہ کو زبان سے معاف کرالے فی الدرالمختار عن الخلاصة لو باع درهما بدرهم واحدهما اکثر وزنا فحلله زیادته جاز۔ (ج ۴ص ۲۷۵/ ق:ج ۳ص ۵۷/ ج ۶ص ۴۱۰)

**ماہواری رسالہ یا اخبار ڈاکخانہ سے ضائع ہوجائے تو مکرر لینا جائز ہے:**

**سوال(۱۹۳):** رسائل ماہواری جو ارسال ہوا کرتے ہیں وہ اگر ڈاکخانہ میں

Scanned by CamScanner

ضائع ہو جاویں تو مشتری بائع سے دوبارہ طلب کر سکتا ہے یا نہیں، شرعی حکم اس باب میں کیا ہے؟

**الجواب:** پورا شرح صدر تو ہے نہیں لیکن قواعد سے رجحان اس طرف ہے کہ دوبارہ طلب کر سکتا ہے، لان الظاهران عملة البوسطة وُكَلاءُ للبائع لا للمشتري، فليراجع إلى العلماء الأخرين. فقط۔ (۱۴ محرم: ۱۳۳۷ھ/ق: ج/ ۳ ص/ ۱۴۸)

## باب الربوٰ

### حیدرآبادی سکہ کے عوض انگریزی سکہ قرض میں ادا کرنا:

**سوال (۱۹۴):** حیدرآباد کے اور انگریزی روپے میں ہمیشہ تفاوت رہتا ہے، حیدرآباد کا روپیہ انگریزی روپیہ سے کم رہتا ہے، مگر وہ کمی کبھی معین نہیں ہے، کبھی انگریزی سو روپے کے بدلے وہاں کے ایک سو دس روپے، کبھی بارہ کبھی چودہ، کبھی ایک سو سولہ اور اس سے زائد ملتے ہیں، اس صورت میں اگر کسی کو حیدرآباد میں انگریزی سو روپے ایسے وقت میں دیئے جاویں جب کہ وہاں وہ ایک سو دس کو چلتے ہیں، اور وہ قرض واپس ایسے وقت میں کر رہا ہے، جب کہ وہ ایک سو پانچ کو چلتے ہیں، یا اس کے برعکس کسی نے انگریزی علاقہ کے باشندہ سے ایسے زمانہ میں ایک سو پانچ روپے حیدرآبادی قرض لیے جب کہ وہ انگریزی سو روپے کے برابر تھے، اور اب وہ اسی ایک سو پانچ حیدرآبادی ایسے وقت میں واپس دیتا ہے، جب کہ وہ پچانوے انگریزی کے برابر ہیں، ان دونوں صورتوں میں قرض دینے والے کا نقصان ہے، آیا اس نقصان کو کسی قاعدہ سے مقروض سے لیا جانا ممکن ہے یا نہیں، اور جو صورت ان دونوں کے بالکل برعکس ہوگی، اس میں مقروض کا نقصان ہوگا، مثلاً اس نے انگریزی سو روپے ایسے وقت میں لیے جب کہ وہ حیدرآبادی کے ایک سو

Scanned by CamScanner

دس کے برابر تھے، اور اب دیتے وقت ایک سو بیس حیدرآبادی میں سو انگریزی مہیا ہوئے آیا اس طور کا نقصان یا نفع سود تو نہ ہوگا؟

**الجواب:** الاقراض تقضی بامثالہا کے قاعدہ سے جس قسم کا روپیہ قرض لیا تھا، اس قسم کا واجب الادا ہوگا، تفاوت فی القیمت کا اعتبار نہ ہوگا، اس تفاوت کی بنا پر جس نقصان کی شرط عقد میں ٹھہرانا یا بلا شرط لینا جب کہ متعارف ہو ربوا اور حرام، البتہ اگر متعاقدین بلا شرط اور بلا عرف ادا کے وقت اس پر رضامند ہو جاویں کہ نرخ موجود کے اعتبار سے جس قدر پیسے اس رقم قرضہ کے ہوئے ہوں وہ پیسے ادا کر دیں تو یہ جائز، مگر شرط یہ ہے کہ اسی مجلس میں سب حساب بے باق ہو جاوے، اور اگر اتنے پیسے نہ ہوں جتنے پیسے موجود ہوں، اسی قدر رقم کا حساب کریں، بقیہ کا اس شرط مذکور کے موافق پھر کرلیں۔ (۱۶ر رمضان: ۱۳۳۹ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۶۵، ۱۶۶)

## باب الاجارة

### صاحب فرمائش کے پیسوں اور پتھروں پر زائد کتابیں چھاپنے کے جواز وعدم جواز کی تحقیق:

**سوال (۱۸۵):** کیا حکم ہے شریعت مطہرہ کا اس میں کہ ایک شخص کا مطبع ہے اور وہ دوسرے کتاب فروشوں کی کتابیں چھپائی کی اجرت لے کر چھاپتا ہے، بعد پوری کتاب طبع کرنے کے بغیر اجازت کے بھی صاحب کتاب کے موجودہ پتھروں پر اپنی حسب ضرورت پانچ سو اور ایک ہزار چھاپ کر فروخت کر ڈالتا ہے، ایسی کتابوں کا خریدنا تاجر کتب کو واقفیت کی حالت میں کیسا ہے، عدم واقفیت کی حالت میں کیسا ہے چھاپنے والا کہاں تک مجرم ہے؟

**الجواب:** قواعد سے اس میں تفصیل معلوم ہوتی ہے، وہ یہ کہ اگر معاملہ کی یہ صورت ہوتی ہے کہ صاحب مطبع نے کہا ہم اتنے روپے میں اتنی کتابیں چھپی ہوئی

Scanned by CamScanner

تم کو دیں گے، تو یہ استصناع ہے اور فرمائش کے مطابق جتنی کتابیں صاحب فرمائش کو دے گا وہی اس کی ملک ہوں گی، اور باقی سب سامان صاحب مطبع کی ملک ہے، اس میں جو چاہے تصرف کرے، اس تصرف میں یہ بھی داخل ہے کہ بغیر اجازت صاحب فرمائش کے ان پتھروں پر جتنی کتابیں چاہے چھاپے، بلکہ یہ شرط ٹھہرانا کہ اور کتابیں نہ چھاپی جاویں، قاعدہ سے مفسد عقد ہے، البتہ اگر اس فعل سے صاحب فرمائش کا غالب ضرر یا خسارہ ہو تو اس صورت میں دوسرے قاعدہ کی بناء پر کہ اپنی ملک میں بھی ایسا تصرف درست نہیں جس سے دوسرے کا ضرر ہو، یہ چھاپنا درست نہ ہوگا، جیسا اپنی دیوار میں دریچہ کھولنا جس سے ہمسایہ کی بے پردگی کی ہو فقہاء نے منع لکھا ہے، اور اگر معاملہ کی یہ صورت ہو کہ جتنا اخیر تک صرف ہوگا اس کا مفصل حساب لے کر بیباق کیا جاوے گا تو اس صورت میں کاپی کی روشنائی جس قدر پتھر پر لگی ہے، وہ صاحب فرمائش کی ملک ہے، اس سے انتفاع بلا اس کی اجازت کے درست نہیں، اور اگر اس صورت میں چھاپے گا تو گنہگار ہوگا، مگر چونکہ اس پتھر پر برابر بیلن پھیرا جاتا ہے، اس لیے صرف انتفاع کا گناہ ہوگا، لیکن ان کتابوں میں کوئی خبث نہ آوے گا، اس میں اس کی ملک بھی طیب ہے اور دوسرے خریدار کو بھی خریدنا اس کا درست ہے، البتہ چوں کہ یہ خریدنا ایک بعید درجہ میں اعانت کا سبب ہے، اس صاحب مطبع کی، اس لیے نہ خریدنا اولی ہے، واللہ اعلم۔ (۲۷ رمحرم: ۱۳۳۲ھ/ ق: ج ر ۳ ص ر ۹۸، ۳۹۹)

## نقل نویسی کے اجارہ کا حکم:

**سوال ⑱٦**: بعد سلام مسنون کے عرض ہے کہ کچہری کے ملازم جو کہ نقلیں کرنے پر مامور ہیں، ان کی وہ ملازمت جائز ہے یا ناجائز ہے، اتنی بات ضرور قابل تحریر ہے کہ بعض نقل میں سود کا ذکر ہوتا ہے، اور بعض میں نہیں، جب کہ تمام نقلیں

سود کی اور بغیر سود کی سائلوں کو دینا ہوتا ہے، اگر یہ ملازمت جائز نہیں ہے تو کوئی شرعی طریقہ جائز ہونے کا تحریر فرمایئے، کہ جس میں تنخواہ نقل نویسی کی جائز اور درست ہو جاوے؟

**الجواب:** نقل کرنا سود کے مضمون کا سائل کے دینے کو یہ اعانت ہے سود کی، یہ تو ناجائز ہے، الا لمن لم یکن مخاطبا بحرمته. لیکن تنخواہ اس کام کی ایک قاعدہ فقہیہ کی بنا پر حلال ہے، وهی اباحة مال غیر المسلم والذمی برضاه فی غیر دار الاسلام۔ (یکم ربیع الاول: ۱۳۳۲ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۴۰۰)

## سرکاری ناجائز ملازمت کا حکم:

**سوال (۱۸۷):** ایک مسئلہ بہت روز سے دریافت کرنا چاہتا تھا، اب کے زبانی بھی موقع نہ ملا، وہ یہ کہ عدالتی عہدے خواہ تنخواہ دار ہوں، مثلاً سب ججی، منصفی، ڈپٹی، کلکٹری، تحصیلداری، خواہ بلا تنخواہ مثلاً آنریری مجسٹریٹی غیر مسلم حکومت کے تحت میں قبول کرنے جہاں فیصلے لامحالہ غیر اسلامی قانون کے مطابق کرنا پڑیں گے، کہاں تک جائز ہے، بظاہر تو صورت عدم جواز ہی کی معلوم ہوتی ہے، لیکن اگر یہ عہدے سرے سے نہ قبول کئے جائیں، تو امت اسلامیہ کے ہی دوسرے مصالح فوت ہوتے ہیں، جناب کی کسی تحریر میں کوئی قول اس باب میں نہیں دیکھا ورنہ الگ دریافت کرنے کی ضرورت نہ پڑتی؟

**الجواب:** میں نے اس کے متعلق لکھا تو ہے، مگر اس وقت مقام مجھ کو یاد نہیں، اس لیے اس وقت جو ذہن میں حاضر ہے، مختصراً عرض کرتا ہوں، اور یہ کہ بعض افعال ایسے ہیں کہ شرعی کلی قانون سے حرام ہیں، لیکن ضرورت میں شرعاً ہی اس کی اجازت دے دی جاتی ہے، خواہ نصاً خواہ اجتہاداً جیسے اکل میتہ تناول خمر مخمصہ میں، یا اکراہ میں یا اساغۃ لقمہ خاصہ کے لیے ایسے ہی افعال میں، باقتضاء قواعد یہ مناصب

مسئول عنہا بھی داخل کیے جاسکتے ہیں، اگر چہ کوئی نقل جزئی اس وقت میری نظر میں نہیں، مگر کلیات ونظائر سے تمسک ممکن ہے، چنانچہ اس کی نظیر فقہاء نے ذکر کی ہے،

دَفْعُ النَّائِبَةِ وَالظُّلْمِ عَنْ نَفْسِهِ أَوْلَى الى قوله وَيُؤْجَرُ مَنْ قَامَ بِتَوْزِيعِهَا بِالْعَدْلِ وَإِنْ كَانَ الْأَخْذُ بَاطِلًا قَوْلُهُ: وَيُؤْجَرُ مَنْ قَامَ بِتَوْزِيعِهَا بِالْعَدْلِ) أَيْ بِالْمُعَادَلَةِ كَمَا عَبَّرَ فِي الْقِنْيَةِ أَيْ بِأَنْ يَحْمِلَ كُلٌّ وَاحِدٍ بِقَدْرِ طَاقَتِهِ؛ لِأَنَّهُ لَوْ تَرَكَ تَوْزِيعَهَا إِلَى الظَّالِمِ رُبَّمَا يَحْمِلُ بَعْضُهُمْ مَا لَا يُطِيقُ فَيَصِيرُ ظُلْمًا عَلَى ظُلْمٍ فَفِي قِيَامِ الْعَارِفِ بِتَوْزِيعِهَا بِالْعَدْلِ تَقْلِيلٌ لِلظُّلْمِ فَلِذَا يُؤْجَرُ وَهَذَا الْيَوْمُ كَالْكِبْرِيتِ الْأَحْمَرِ بَلْ هُوَ أَنْدَرُ (در مختار وردالمحتار. قبيل باب المصرف من كتاب الزكاة) نظیر ہونا ظاہر ہے، کہ مقصود کا فی نفسہ غیر مشروع ہونا اور اہل کے ساتھ میں ہونے سے اشد المفسدتین کا اخف المفسدتین سے متبدل ہوجانا دونوں میں مشترک ہے، البتہ کلام ضرورت میں ہے، اور یہی اہم ہے، سو اس کی تحقیق یہ ہے کہ ضرورت عرفی کی دو قسمیں ہیں، ایک تحصیل منفعت خواہ دینی ہو یا دنیوی، خواہ اپنی ہو یا غیر کی، دوسری دفع مضرت اسی تعمیم کے ساتھ، سو تحصیل منفعت کے لیے تو ایسے افعال کی اجازت نہیں، مثلاً محض تحصیل قوت ولذت کے لیے دوائی حرام کا استعمال، یا اجتماع لاستماع الوعظ کے لیے آلات لہو وغنا کا استعمال و مثل ذلك، اور دفع مضرت کے لیے اجازت ہے، جب کہ وہ مضرت قواعد صحیحہ منصوصہ یا اجتہادیہ سے معتد بہا ہو اور شرعی ضرورت یہی ہے مثلاً دفع مرض کے لیے دوائے حرام کا استعمال جب کہ دوسری دوا کا نافع نہ ہونا تجربہ سے ثابت ہو گیا ہو کیونکہ بدون اس کے ضرورت ہی کا تحقق نہیں ہوتا، اور مثلاً مسئلہ منقولہ مذکورہ میں بضرورت دفع ظلم اشد کے توزیع کی کہ وہ ظلم اخف ہے،

اجازت دی گئی ہے، پس یہی تفصیل واقعہ مسئول عنہا میں بھی چاہیے، کہ یہ مناصب فی نفسہ شرعاً حرام ہیں، جس کی وجہ خود سوال میں بھی مذکور ہے، اور اگر اس کے ساتھ خاص یہ فساد عقیدہ بھی ہو کہ حکم قانون کو بمقابلہ حکم شرعی کے مستحسن وراجح سمجھا جاوے کفر ہے، جس کو میں بیان القرآن سورہ مائدہ آیت ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئك هم الكفرون کی تفسیر میں بیان بھی کیا ہے، مگر اس وقت کلام صرف اس درجہ میں ہے، جو محض معصیت اور حرام ہے، پس فی نفسہ حرام ہونے کے بعد ان کو اگر جلب منفعت مالیہ یا جاہیہ کی غرض سے اختیار کیا جاوے تو کسی حال میں جائز نہیں، اور اگر دفع مضرت کی غرض سے اختیار کیا جاوے کہ امت مسلمہ پر کفار کی طرف سے جو مظالم و مضرت پہونچتے، یہ اہل مناصب بقدر امکان ان کو اگر دفع نہ کرسکیں تو اس صورت میں حکم جواز کی گنجائش ہے۔ واللہ اعلم۔

**نوٹ:** میں نے یہ مسئلہ کسی نقل جزئی سے نہیں لکھا، استدلال سے لکھا ہے، جس پر مجھ کو اعتماد نہیں، اس لیے مناسب بلکہ واجب ہے کہ دوسرے علماء محققین سے بھی اطمینان کرلیا جاوے اور پھر بھی عمل کرتے وقت حضرت امام مالک سے ارشاد نفعل ونستغفر کو معمول رکھیں۔ (۳/رمضان: ۱۳۵۵ھ/ ق/ ج/ ۳ ص/ ۴۰۷ تا ۴۰۹)

## تعطیل کا مشاہرہ لینے کا جواز:

**سوال (۱۸۸):** اور طلباء سے تعطیل کا مشاہرہ لینا یا مہتمم سے لینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** المعروف کالمشروط کے قاعدہ سے جائز ہے۔ (۴/ ذیقعدہ: ۱۳۳۲ھ/ ج/ ۳ ص/ ۴۸،۳۴۹)

## باب القضاء

## غیر اسلامی سلطنت کے قانون کے مطابق فیصلہ:

**سوال (۱۸۹):** فی زمانہ جو مسلمان منجانب سرکار انگریزی مقدمات فیصل کرتے

Scanned by CamScanner

ہیں، وہ مطابق احکام شریعت نہیں ہوتے مثلاً شریعت میں حکم ہے البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر، انگریزی میں اثبات ونفی دونوں کے لیے ثبوت مطلوب ہے، شریعت میں شاہد عدل شرط ہے، قانون میں جو شہادت مقبول ہے، اس کے لیے شاہد کے واسطے وہ شرائط لازمی نہیں، جو شریعت میں لازم ہیں، شریعت میں بحالت اثبات سرقہ وزنا قطع ید وسنگسار کا حکم ہے، قانون میں یہ نہیں، نیز دیگر حالتوں میں قانون میں قید جرمانہ مقرر ہیں، جو شریعت میں نہیں ہیں، آیا شریعت کی اس خلاف ورزی کا اثر بادشاہ وقت پر ہے یا مسلمان مامور پر، اور اگر مسلمان مامور پر نہیں تو حکم عام من لم یحکم بما انزل اللہ کی کیا تعبیر ہے؟

**الجواب:** قاعدہ شرعیہ ہے کہ اشد الضررین کے دفع کے لیے اخف الضررین کو گوارا کرلیا جاتا ہے، اور یہ بھی قاعدہ ہے کہ حصول نفع کے لیے ضرر دینی کو گوارا نہیں کیا جاتا، اس بنا پر اس مسئلہ میں تفصیل ہوگی کہ جو لوگ ان حکومتوں کو اختیار کرتے ہیں، دیکھنا چاہیے کہ ان کے قبول نہ کرنے سے خود ان کو یا عامہ اہل اسلام کو کوئی ضرر شدید لاحق ہونا غالب ہے یا نہیں، دوسری صورت میں تو ان حکومتوں کو قبول کرنا جائز ہے، اور اول صورت میں دیکھنا چاہیے کہ آیا اس شخص کی نیت اس ضرر کے دفع کی ہے، یا کوئی نفع مالی یا جاہی حاصل کرنے کی، اول نیت میں جواز کی گنجائش ہے، اور دوسری نیت میں ناجائز پس کل تین صورتوں میں سے صرف ایک صورت میں جواز کی گنجائش ہوئی، اور اس صورت میں محمل آیت کا بقیہ دو صورتیں ہوں گی، خصوص اگر جائز یا مستحسن سمجھے کفر ہے، البتہ اگر وہ ناجائز صورتوں میں بھی سلطنت کی طرف سے مجبور کیا جاوے اور عذر قبول نہ کیا جاوے تو پھر ان میں بھی گنجائش ہے، لیکن ہر حال میں جہاں تک ممکن ہو خلاف شریعت سے بچنے کی کوشش کرے، اور صرف اس خیال سے خلاف شرع فیصل نہ کرے کہ آگے جا کر یہ منسوخ

Scanned by CamScanner

ہوجاوے گا، البتہ جہاں جرم قانون وعتاب شاہی کا اندیشہ ہو صرف وہاں بھی گنجائش ہوگی، ایک صورت میں تو بلا جبر بھی اور دوصورتوں میں بجبر۔ (۶ رذی الحجہ ۱۳۳۲ھ/ق: ج ر ۳ ص ر ۴۳۰،۴۳۱)

## باب الوصایا

### وارث کے لیے وصیت:

**سوال ⑲⓪**: وارث کے لیے وصیت کی، اور ورثہ نے بعد موت موصی اس کو رد کردیا، پھر اگر اجازت دیں تو وصیت صحیح ہو جائے گی؟ اور لازم یا کہ جدید تبرع ہوگا، اور دینے نہ دینے کا اختیار ہوگا، اسی طرح موصی لہ نے وصیت کو قبول نہیں کیا تو وصیت صحیح ہوجاوے گی یا نہیں؟

**الجواب**: تصریح تلاش کرنے کا وقت نہیں ملا، لیکن قواعد سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صورت اول میں یہ تبرع جدید ہوگا، کیوں کہ تصرف موقوف قبول یا رد پر منتہی ہوجاتا ہے، ولا حکم للشئ بعد انتہائہ جیسا کہ بیع موقوف ونکاح موقوف میں کہ بعد رد اصلا اعتبار نہیں رہتا، اور صورت ثانیہ میں بھی اسی طرح وہ وصیت معتبر نہ ہوگی، فقط۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔ (۱۳ رذی الحجہ ۱۳۳۳/ ج ر ۴ ص ر ۳۲۵)

## باب الفرائض

### مفقود کا حکم:

**سوال ⑲①**: کیا فرماتے ہیں کہ علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید بعمر تقریبا ۵۵ ر سال عرصہ ۲۰ رسال سے مخبوط الحواس یعنی دیوانہ تھا، اور اسی حالت میں وہ مفقود الخبر یعنی لاپتہ ہوگیا، جس کو اب عرصہ قریب سات، آٹھ سال کے ہوا، لاپتہ ہونے کے وقت اس نے یعنی زید نے ایک لڑکی دو حقیقی بھائی اور ایک حقیقی بہن چھوڑی تھی، مگر اس کے لاپتہ ہونے کے قریب ڈھائی تین سال بعد اس کا ایک بھائی فوت ہوگیا، اور

قریب ساڑھے تین چار سال بعد اس کی لڑکی کا انتقال ہو گیا، اب جواب طلب یہ امر ہے کہ فوت شدہ بھائی اور لڑکی کو مفقود زید کے ورثہ سے کس قدر شرعی حصہ پہونچا؟

**الجواب:** فی السراجیه المفقود حی فی ماله حتی لا یرث منه احد ومیت فی مال غیره حتی لا یرث من احد لان بقائه حیا باستصحاب الحال وفی توریثه من غیره اثبات مالم یکن والاستصحاب حجة لدفع لا للاثبات ویوقف ماله حتی یصح موته او یمضی علیه مدة (تفسیر لقوله حی فی ماله) وموقوف الحکم فی حق غیره حتی یوقف نصیبه من مال مورثه فاذا مضت المدة فماله لورثته الموجودین عندالحکم بموته (ولا یرث من مات قبل قضاء القاضی بموته) وما کان موقوفا لاجله یرد الی وارث مورثه الذی وقف من ماله (تفسیر لقوله میت فی حق غیره) الخ۔

حاصل اس عبارت کا یہ ہے کہ خود مفقود کا مال تو اس کے ورثہ میں اس وقت تقسیم ہوتا ہے، جب قاضی (حاکم مسلم) اس کی موت کا حکم کردے، باقی اس حکم بالموت کے قبل اگر اس کا کوئی مورث مر جاوے، تو اس کے ترکہ میں سے اس مفقود کا حصہ امانت رکھا جاتا ہے، اگر یہ زندہ آ گیا تو اپنا حصہ لے لے گا، اور اگر حکم بالموت کی نوبت آ گئی تو جن جن وارثوں کا حصہ کم کر کے اس مفقود کے لیے رکھا گیا تھا، وہ سب رکھا ہوا ان ورثہ کو مل جاوے گا، پس اس قاعدہ کی بناء پر جواب مسئلہ کا ظاہر ہو گیا، کہ اس صورت میں اس فوت شدہ بھائی اور فوت شدہ لڑکی کو اس مفقود کے ترکہ سے کچھ نہ ملے گا، البتہ اس فوت شدہ بھائی اور فوت شدہ لڑکی کے ترکہ میں اس مفقود کا حصہ شرعی جس قدر ہو وہ رکھ لیا جاوے گا، اگر زندہ آ گیا اپنا حصہ لے لے گا، اور اگر حکم

Scanned by CamScanner

بالموت واقع ہوا تو وہ حصہ اس بھائی اور اس لڑکی کے ان ورثہ کو دیا جاوے گا، جن کا حصہ کم کر کے اس مفقود کے لیے رکھا گیا تھا۔ (۲۰ر محرم: ۱۳۴۳ھ/ ج ر ۴ ص ر ۲۶۲)

## کتاب الحظر والاباحۃ

### قرآن کا صرف ترجمہ ہندی یا انگریزی وغیرہ میں بغیر عبارت قرآن لکھنا:

**سوال (۱۹۲)**: مولانا صاحب سندھی نے ترجمہ کلام اللہ سندھی زبان میں کیا ہے، یعنی اس طرح کہ کلام اللہ کی عربی عبارت بیچ نہیں ہے، فقط سارے کلام اللہ کو سندھی لکھ دیا ہے، مشہور سندھی کلام اللہ ہوا ہے، پس یہ ترجمہ عندالشرع جائز ہے یا نہیں، اور تدریس میں ہم ناواقفوں کو خرید کرنا اور پڑھنا جائز ہے یا نہیں، حضور ﷺ اور صحابہ رضوان اللہ عنہم کا فقط نام لکھ دیا ہے اور کلام بے تعظیمی جیسا ہے، اور بہت سے ناواقف خریدنے لگے ہیں۔

**الجواب**: تصریح حکم کی تو نظر سے نہیں گذری، قواعد سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ فی نفسہ تو جائز ہو مگر آئندہ اس میں جن مفاسد کا احتمال ہے ان کے اعتبار سے قابل احتیاط ہے۔ (۶ر ربیع الاول: ۱۳۳۰ھ/ ج ر ۴ ص ر ۳۹)

### سنسکرت سیکھنا:

**سوال (۱۹۳)**: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ آج کل آریہ مذہب والوں کا زور شور ہے، اور قرآن پاک اور حدیث شریف پر طرح طرح کے اعتراض بے جا کرتے ہیں، اور مسلمانوں کو بہکاتے ہیں، اور علماء ربانی اگرچہ جوابات تحقیقی ان کو دیتے ہیں، لیکن اس زمانہ میں جواب الزامی زیادہ نافع ہے، اور مسکت خصم در اہل زمانہ کے نزدیک باوقعت ہوتا ہے، اور جواب الزامی تاوقتیکہ ان کے مذہب سے پوری واقفیت نہ ہو ممکن نہیں، اور ان کے مذہب کی کتب دید وغیرہ زبان سنسکرت میں ہیں، اس لیے اگر بدیں ضرورت زبان

Scanned by CamScanner

سنسکرت کسی ایسے شخص سے جو دیندار اور معتمد و معتبر ہوں اور پڑھنے والے بھی علوم دین سے واقف ہوں سیکھی جائے تو جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

**الجواب:** اس کی تعلیم و تعلم کا فی نفسہ جائز ہونا تو بوجہ عدم مانع جواز کے ظاہر ہے، اور قاعدہ مقررہ ہے کہ جو امر جائز کسی امر مستحسن یا واجب کا مقدمہ و موقوف علیہ ہو وہ بھی مستحسن یا واجب ہوتا ہے، اور مصلحت مذکورہ سوال کے استحسان یا ضرورت میں کوئی کلام و خفاء نہیں لہذا اس زبان کی تحصیل ایسی حالت میں بلاشبہ مستحسن یا ضروری ہے، علی الکفایہ، اسی بنا پر ہمارے علماء متکلمین نے یونانی فلسفہ کو حاصل کیا، اور علم کلام بطرز معقول مدون فرمایا، یؤیدہ ما رواہ مسلم عن حذیفة رضی الله تعالیٰ عنه قال كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ. وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي. الحدیث فَقُلْتُ وادراك الشر للمسلمين کادارکہ لنفسه۔

البتہ بعض روایات ایسے امور میں بعض ایسے عوارض خارجیہ کی وجہ سے جو کہ معلم یا صحبت ناجنس یا فساد نیت و سوء استعمال یا احتمال افتتان یا اشتغال بمالا یعنی کی جہت سے ہوں قبیح لغیرہ بھی محتمل ہو سکتا ہے، قیود مصرحہ سوال سے ان سب کا احتمال مرتفع ہے، لہذا کوئی مفسدہ بھی مصالح مذکورہ کے معارض نہیں، پس جواز و استحسان ضرورت بحالہ باقی ہے۔ واللہ اعلم۔ (۵ رصفر: ۱۳۲۴ھ/ ج ر ۴ ص ر ۷۲، ۷۳)

## مسمریزم کا حکم:

**سوال (۱۹۴):** کیا فرماتے ہیں علماء دین و ناصران شرع متین اس مسئلہ میں کہ علوم روحانی مثلاً علم مسمریزم، علم تصور، علم مقناطیسی وغیرہ کی بابت شرع شریف میں کیا حکم ہے جائز ہیں یا کہ ناجائز، اگر جائز ہیں تو جزوی یا کلی، دلائل بحوالہ حدیث شریف یا آیت مع خلاصہ تفسیر و تشریح کے تحریر فرماویں؟

Scanned by CamScanner

**الجواب**: یہ عمل روحانی نہیں ہیں، نہ عملاً نہ اثراً بلکہ دونوں طرح سے اعمال نفسانی ہیں، اور چونکہ قاعدہ شرعیہ ہے، کہ فعل مباح بھی اگر متضمن مفاسد کو ہو وہ غیر مباح ہوجاتا ہے، اور یہ اعمال متضمن مفاسد کثیرہ اعتقادیہ وعملیہ کو ہیں جیسا تجربہ کار پر مخفی نہیں، اس لیے بنابر قاعدہ مذکورہ ان سے ممانعت کی جاوے گی، اگر مفاسد کی تفصیل پر مطلع ہونا ہو تو زبانی سوال پر ظاہر کئے جاسکتے ہیں۔ (۱۷ر ربیع الاول: ۱۳۳۵ھ/ج ر ۴ ص ر ۷۴، ۷۵)

## غیر اللہ کے نامزد کئے ہوئے جانور فروخت کردینے کے بعد:

**سوال (۱۹۵)**: جو جانور شرینی وغیرہ ہنود اپنے بتوں پر یا سیتلا وغیرہ پر چڑھاتے ہیں اگر حسب دستور پجاری یا برہمن، اس پر قبضہ کر کے اسے بیچیں تو کیا اس کو خرید کر کھانا یا کوئی اور فائدہ اٹھانا جائز ہے؟ مالک کی طرف سے پجاری یا برہمن کو ہر قسم کے تصرف کا اذن تو حاصل ہے، للعرف والعادۃ، مگر دیکھنا یہ ہے کہ علت حرمت یعنی غیر اللہ کے لیے نامزدگی پجاری وغیرہ کے اس قبض وتصرف سے مرتفع ہوجائے گی یا نہیں۔

**الجواب**: مرتفع نہ ہوگی بلکہ اس کو مالک بنانے سے چونکہ اس نیت فاسدہ کا تدارک ایسے محل میں مالک کی قدرت سے خارج ہوگیا، اس لیے اس محل میں اس نیت کا اثر پورے طور سے متقرر ہوگیا، اب اس کے ارتفاع کی یہی صورت ہے کہ یہ پجاری اس کو واپس کردے، اور پھر وہ اس نیت سے توبہ کرے پھر خواہ خود اپنی ملک میں رکھے یا کسی اور کی ملک کردے، یہ جزیہ دیکھا نہیں، مگر قواعد سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔ (۱۷ر رمضان المبارک: ۱۳۳۴ /ج ر ۴ ص ر ۱۰۰)

## مال مخلوط حلال وحرام جائز ہے جب تک کہ اس میں حرام غالب نہ ہو:

**سوال (۱۹۶)**: ایک مدرسہ میں انگریزی تعلیم ہوتی ہے کچھ سرکاری امداد ہے اور

کچھ روپیہ ماہوار دیتے ہیں، سرکاری رقم پچاس روپے ماہوار ہے، اور رقم چندہ سو روپیہ ہے، جس میں پچاس روپے کی رقم ایک رئیس کی آمدنی سے ہے، جو وکالت پیشہ تھا، بقیہ رقم مختلف پیشے کے لوگوں کی ہے، جس میں زیادہ ملازم سرکاری ہیں، گویہ محقق نہیں ہے نہ بلا دقت عظیم ہوسکتا ہے، کہ رقم چندہ خالص تنخواہ سے آتی ہے، ایسے مخلوط سرمایہ کے اسکول کی نوکری مطلقا جائز ہے یا نہیں، اگر نہیں ہے تو اس قید سے جائز ہوسکتا ہے کہ تنخواہ سرکاری رقم سے حاصل کی جاوے؟

**الجواب:** اصل اباحت ہے اور الیقین لا یزول بالشك، اس لیے جب تک حلال کا غیر غالب نہ ہونا یقینا نہ معلوم ہو اس مخلوط سے تنخواہ لینا حلال ہے، اور اگر ایسا انتظام کرلیا جاوے کہ خاص سرکاری رقم سے یہ تنخواہ لی جاوے تو اور زیادہ احتیاط کی بات ہے۔ (ج ر ۴ ص ر ۱۴۶ / ۱۴۷)

## غالب حلال آمدنی سے حاصل کیا ہوا مکان حلال ہے:

**سوال ⑲⑦:** اگر ایک مکان بذریعہ وراثت حاصل ہو اور مورث رشوت لینے والا ہو اور زراعت وغیرہ بھی ہوتی ہو مگر یہ معلوم نہیں ہوسکتا کہ اس میں کس آمدنی کا روپیہ لگا مگر اتنا معلوم ہے کہ زراعت بہ نسبت رشوت زیادہ تھی تو اس مکان کو اپنی جائے سکونت بنانا شرعا کیسا ہے؟

**الجواب:** جائز ہے اول تو زراعت کا بہ نسبت رشوت زیادہ ہونا ظاہرا قرینہ غلبہ منافع زراعت کا ہے، دوسرے بر معلوم نہ ہونے کی صورت میں اباحت کے اصل ہونے سے حلال ہی کو غالب کہا جاوے گا۔ (۱۶ر ذیقعدہ: ۱۳۳۳ھ/ ج ر ۴ ص ر ۱۴۷)

## اہل رشوت کے ساتھ خلط کر کے کھانا کھانا:

**سوال ⑲⑧:** زید اپنے برادران اور باپ کی شرکت میں رہتا ہے، مگر جانتا ہے کہ باپ بھائی رشوت لیتے ہیں، خانہ داری کی مشارکت کے باعث ماہوار کے

Scanned by CamScanner

حساب سے زید گھر میں برابر دیتا ہے، مگر اس کی کمائی اور بھائیوں کی رشوت کی رقم مشترک تصرف میں آتی ہے، یہ صورت اس کو جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** خلط استہلاک ہے اور استہلاک موجب ملک ہے پس اگر سب کی رقمیں مختلط الحق ہیں، تو مملوک مشترک ہیں فتوی سے جائز ہے، گو تقوی کے خلاف ہے، اور اگر علی سبیل التعاقب ہر ایک کی رقم جدا اور ممتاز صرف ہوتی ہے تو رشوت کے اٹھنے کے وقت زید بھی حرام کھاتا ہے۔ واللہ اعلم۔ (١٢/ جمادی الاخری: ١٣٢٢ھ ج/ ٣ ص/ ١٤٨)

## حلال آمدنی اور سودی معاملہ کرنے والے کے گھر خورد و نوش کے شرعی احکام:

**سوال ١٩٩:** جس شخص کی آمدنی مختلط ہو یعنی سودی کاروبار کرتا ہے و نیز کھیتی وغیرہ حلال آمدنی بھی کرتا ہے، ایسے شخص کے مکان میں خورد و نوش کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں، بر تقدیر جواز لم بھی ارشاد ہو اس لیے کہ بظاہر تو عدم جواز کو ترجیح ہے، حسب قواعد اصول اذا اجتمع الحلال والحرام فغلب الحرام۔

**الجواب:** اس میں غالب کا اعتبار ہے اگر حلال غالب ہو تو حلال ہے، اور اگر حرام غالب ہے یا دونوں مساوی ہیں تو حرام ہے، اور واقعی اذا اجتمع الحلال والحرام مقتضی حرمۃ علی الاطلاق تھا، لیکن دفع حرج کے لیے اعتبار غالب کا کیا گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (١٦/ ربیع الثانی: ١٣٢٤ھ)

## رسالہ اخبار بینی کے دو قول میں فیصلہ:

**سوال ٢٠٠:** کیا فرماتے ہیں کہ علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں زید کہتا ہے کہ آج کل جو مختلف قسم کے اخبار نکلتے ہیں جن میں قسم قسم کے اخبار، رطب و یابس نقل کئے جاتے ہیں، جس میں بعض بے اصل ہوتی ہے اور بعض میں قسم بقسم شکایتیں بھی لکھی جاتی ہیں، جو شرعاً ممنوع معلوم ہوتا ہے، عمرو کا خیال ہے کہ اس

Scanned by CamScanner

میں دنیاوی اور دینی فائدہ ہے، کیوں کہ اس میں اخلاقی، ادبی، تمدنی، اصلاح لسانی وغیرہ مضامین ہوتے ہیں، جن سے ترقی کا طریقہ معلوم ہوتا ہے، اور مختلف جگہ کے مسلمانوں کی حالت معلوم ہوتی ہے، یعنی کہیں تو مسلمان سخت مصائب میں گرفتار ہیں، کہیں مسلمانوں پر کفار حملہ کر رہے ہیں، جس کا دفعیہ ہر مسلمان پر واجب ہے، کہیں اسلام پر طرح طرح کے اعتراضات کیے جاتے ہیں، جس کا ثبوت مسلمانوں پر ضروری ہے، یہ سب باتیں اکثر اخبار ہی کے ذریعہ معلوم ہوتی ہیں، تو اس حالت گوناگوں میں زید کا قول صحیح ہے یا عمرو کا؟ بینوا توجروا: بحوالہ کتب۔

**الجواب:** جو شخص مفاسد سے بچ سکے اس کو تحصیل مصالح کے لیے اخبار بینی جائز ہے ورنہ مفاسد سے بچنا اہم ہے جلب مصالح سے۔ (۲۵/ ذیقعدہ: ۱۳۴۳ھ/ ج/ ۴ ص/ ۱۶۰)

## بچہ کے مرنے کے بعد اس کی آونالی کاٹنا:

**سوال (۲۰۱):** فرزند پیدا ہو کے ناف بریدہ کے پیشتر مر جائے تب مرنے کے بعد اس مردہ کی ناف بریدہ یعنی قطع کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اب قطع کرنا فضول ہے، قطع اس لیے کی جاتی ہے کہ ایک زائد چیز ہے، اس کے اتصال سے حیّ کو ایذاء ہوگی، جس طرح ناخن وغیرہ کاٹے جاتے ہیں، بعد موت کوئی ضرورت باقی نہیں، بلکہ بمقتضائے قواعد مکروہ و ممنوع ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (۱۶/ جمادی الاولی: ۱۳۲۲ھ/ ج/ ۴ ص/ ۱۷۲)

## مدارات فساق کا حکم:

**سوال (۲۰۲):** اکثر مرتبہ مجھ کو یہ خلجان ہو جایا کرتا ہے کہ فاسق مثلاً بے نمازی داڑھی منڈانے والوں کی علماء کرام بھی تعظیم اور از حد مدح کیا کرتے ہیں، حالاں کہ یہ مضمون بھی ظاہر ہے کہ فاسق کی جب مدح کی جاتی ہے، تو عرش عظیم تھرا اٹھتا ہے

Scanned by CamScanner

اور وہ عابد معتوب ومعذب ہوا، جس نے فاسق کے فسق وفجور پر بیزاری نہیں ظاہر کی تھی، کچھ توجیہیں دل میں گڑھ لیا کرتا ہوں، مگر واقعی توجیہ سمجھ میں نہیں آتی؟

**الجواب:** فاسق کے ساتھ اصل وہی معاملہ ہے جو آپ نے نقل کیا ہے، لیکن عارض سے احکام بدل جایا کرتے ہیں، اور عارض دو ہیں، ایک جلب مصلحت دینیہ، دوسری دفع مضرت دینیہ، مثلاً اس کی تالیف سے اس کی اصلاح متوقع ہو یا اور کسی دینی امر کی تقویت ہو اور مثلاً اس کے شرور وعداوت سے بچنا ہو، اس صورت میں اس کی مدارات واکرام جائز ہوگا، لیکن قلب سے اس کے فسق پر انکار پھر بھی واجب ہے، تو حدیث تعذیب عابد ہر حال میں معمول بہ رہے گی، البتہ بقاعدۃ الضرورۃ یتقدر بقدر الضرورۃ، ان عوارض سے بھی تجاوز عن الضرورۃ جائز نہ ہوگا۔ (۱۴؍ جمادی الاخری: ۱۳۳۳/ ج؍۴ ص؍ ۱۷۳، ۱۷۴)

## داڑھی کا حکم اور مقدار:

**سوال (۲۰۳):** داڑھی رکھنی کون سی سنت ہے، اس کے تارک پر کیا حکم شرعاً جاری ہوگا، وہ جو کہتے ہیں کہ اگر ساری داڑھی صاف کرے کچھ گناہ نہیں، یہ کیا بات ہے، سیاسۃً اس پر کیا حکم دیا جاوے گا؟

**الجواب:** داڑھی رکھنا واجب اور قبضہ سے زائد کٹانا حرام ہے، لقوله عليه السلام خَالِفُوا الْمُشْرِكِينَ: اَوْفِرُوا اللُّحىٰ. متفق عليه. فی الدر المختار يَحْرُمُ عَلَى الرَّجُلِ قَطْعُ لِحْيَتِهِ وفيه والسنة فيها القبضة اھ اور کوئی سیاست خاص اس کے بارے میں منصوص نہیں دیکھی، مگر مقتضی قواعد کا یہ ہے کہ تعزیر دیا جائے، فی الهداية. فيمن وطی اجنبية فيما دون الفرج يعزر لانه منكر ليس فيه شئ مقدر اقول العلة مشتركة فالمعلول مثله۔ والله اعلم۔ (ج؍۴ ص؍ ۲۲۳)

Scanned by CamScanner

## ناتمام تصویر کا حکم:

**سوال ⑳⑷**: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے علم انجینئری حاصل کیا، فروخت کامل ایک سارٹیفکٹ منجانب سرکار ملا، مگر سارٹیفکٹ مذکور میں زید مذکور کی غیر تام تصویر یعنی از سینہ تا سر مکمل سکہ جارج پنجم ہے، اور بغیر دکھلائے میل والوں کو ملازمت انجنیری مل نہیں سکتی، اور مسمیٰ مذکور پرہیزگار متقی ہے، اب صورت مذکورہ میں زید مذکور کیا کرے، یعنی تصویر غیر تام نکلوانا اور اپنے پاس رکھنا درست ہے یا نہیں، اور ملازمت کے پیسہ میں اشتباہ کراہت ہے یا نہیں، زید مذکور کو سوا اس ملازمت کے دیگر ملازمت کا ذریعہ نہیں، پس جو حکم عندالشرع ہو علی التفصیل بیان فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

**الجواب**: فی رد المحتار قال القهستانی وَفِيهِ إِشْعَارٌ بِأَنَّهُ لَا تُكْرَهُ صُورَةُ الرَّأْسِ، وَفِيهِ خِلَافٌ كَمَا فِي اتِّخَاذِهَا كَذَا فِي الْمُحِيطِ جلد/۱ ص/۶۷۷ / اس سے معلوم ہوا کہ اس میں بوجہ اختلاف کے ضرورت والے کو گنجائش ہے، گو غیر ضرورت والے کو بقاعدہ اذا تعارض الحرام والمبیح الخ منع کو ترجیح ہوگی، اور شخص مذکور فی السوال کو ضرورت شدید ہے، اس لیے اس شخص کو گنجائش پر عمل جائز ہے۔ (۲/شوال: ۱۳۳۲ھ/ ج/۴ ص/۲۵۲، ۲۵۳)

## کسی کے پیر کو ہاتھ لگا کر چہرہ پر ملنا:

**سوال ⑳⑸**: پیر میں ہاتھ لگا کر ہاتھ کو چہرہ پر ملنا صاحب پیر حالت قیام یا قعود میں ہوویں یا لیٹے ہوویں سنت یا مستحب یا مباح یا بدعت ہے؟

**الجواب**: درمختار میں یہ جزئیہ ہے، وَكَذَا مَا يَفْعَلُهُ الْجُهَّالُ مِنْ (تَقْبِيلِ يَدِ نَفْسِهِ إِذَا لَقِيَ غَيْرَهُ) فَهُوَ (مَكْرُوهٌ) فَلَا رُخْصَةَ فِيهِ

اھ قبیل فصل فی البیع کتاب الحظر والاباحۃ۔ پس اگر چہرہ پر ملنا مثل تقبیل کے ہو تب تو اس روایت سے مسئلہ کا جواب ظاہر ہے، کہ مکروہ تحریمی ہے، أَيْ تَحْرِيمًا وَيَدُلُّ عَلَيْهِ قَوْلُهُ بَعْدُ فَلَا رُخْصَةَ فِيهِ. اور اگر اس کے مثل نہیں ہے، تو یہ روایت اس سے ساکت ہے، دوسری روایت نظر سے نہیں گذری، اور ظاہراً قواعد سے تفصیل معلوم ہوتی ہے، اگر مسوح متبرک متقی ہو اور ماسح متبع سنت صحیح العقیدہ ہو تو جائز ہے، ورنہ ناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (۲۶ر شوال: ۱۳۲۷ھ/ج ر ۴ ص ر ۲۷۹)

## کھانا کھانے والے کو سلام کرنا:

**سوال (۲۰۶):** کھانے کے وقت کھانے والے کو سلام کرنا کیسا ہے؟

**الجواب:** فقہاء نے کھانے والے کو سلام کرنے کے مکروہ ہونے کی علت اس کا جواب دینے سے عاجز ہونا لکھا ہے، اور میرے نز . یک اس کی دوسری علت اس کے تشویش میں مبتلا ہونے یا لقمہ کے حلق میں اٹک جانے کا احتمال ہے، پس جب یہ دونوں علتیں نہ ہوں وہاں کراہت بھی نہ ہوگی، اور یہ علت میں قواعد سے سمجھا ہوں، اس کی نقل صریح مجھے یاد نہیں ہے۔ (ج ر ۴ ص ر ۲۸۰)

## معصیت میں کسی سبب شہادت سے مرنے والا شہید ہے نہ کہ معصیت کے سبب سے مرنے والا:

**سوال (۲۰۷):** مقام طاعون سے بخوف طاعون بھاگنا کیسا ہے، جو مسلمان طاعون سے بھاگ کر دوسری جگہ چلے گئے، اور پھر وہاں جا کر بھی طاعون سے نہ بچے اور اسی عارضہ میں مبتلا ہو کر مرے تو ان کا شمار شہیدوں میں ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** یہ بھاگنا حرام ہے، اور قاعدہ ہے کہ جو شخص معصیت کے سبب مرے وہ شہید نہیں ہوتا اور جو شخص معصیت میں کسی سبب شہادت سے مر جاوے وہ

Scanned by CamScanner

شہید اور گناہ کا وبال جدا رہا، پس یہ شخص تو معصیت کی حالت میں مرا ہے مگر مرا ہے سبب شہادت سے اس لیے شہید ہوگا۔

فی ردالمحتار قبیل باب الصلوۃ فی الکعبۃ مَنْ غَرِقَ فِي قَطْعِ الطَّرِيقِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَعَلَيْهِ إِثْمُ مَعْصِيَتِهِ وَكُلُّ مَنْ مَاتَ بِسَبَبِ مَعْصِيَةٍ فَلَيْسَ بِشَهِيدٍ. وَإِنْ مَاتَ فِي مَعْصِيَةٍ بِسَبَبٍ مِنْ أَسْبَابِ الشَّهَادَةِ فَلَهُ أَجْرُ شَهَادَتِهِ وَعَلَيْهِ إِثْمُ مَعْصِيَتِهِ. وَكَذَلِكَ لَوْ قَاتَلَ عَلَى فَرَسٍ مَغْصُوبٍ. أَوْ كَانَ قَوْمٌ فِي مَعْصِيَةٍ فَوَقَعَ عَلَيْهِمُ الْبَيْتُ فَلَهُمُ الشَّهَادَةُ وَعَلَيْهِمْ إِثْمُ الْمَعْصِيَةِ اھ فقط۔ (۶ر شعبان: ۱۳۲۲ھ/ ج ر ۴ ص ر ۳۱۲)

## زانی کو شوہر مزنیہ سے معاف کرانا ضروری ہے یا نہیں:

**سوال** (۴۰۹): زید نے مسماۃ ہندہ منکوحہ عمرو سے بحالت حیات عمرو زنا کیا، کیا زید سوائے حق تعالیٰ کے عمرو کا بھی خطاوار ہو گیا، پھر یہ حق اللہ وحق العبد دونوں توبہ سے معاف ہو جاویں گے یا نہیں، یا توبہ کے ساتھ عمرو سے بھی معاف کرانا ضروری ہوگا اور کیا بایں ہمہ بھی کچھ گناہ باقی رہے گا؟

**الجواب**: کہیں تصریح تو دیکھی نہیں قواعد شرعیہ اس کو مقتضی ہیں کہ چونکہ اس صورت میں یہ فعل موجب ہتک عرض شوہر ہوا ہے، اس میں گناہ زیادہ ہوگا جیسا کہ حدیث میں اسی بناء پر حلیلۂ جار کی تخصیص وارد ہے، باقی یہ کہ کیا شوہر سے بھی معاف کرانا پڑے گا، سو قواعد ہی کا یہ بھی مقتضی معلوم ہوتا ہے کہ قبول توبہ کے لیے یہ شرط نہیں، کیوں کہ یہ ہتک عرض لازم آ گیا اس کا قصد نہیں کیا گیا، وشتان بین اللازم والمقصود۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (۲۳ر جمادی الاولی: ۱۳۲۹ھ/ ج ر ۴ ص ر ۳۷۱)

Scanned by CamScanner

## عوام کے عقیدہ کے فساد کے خوف سے غیر ضروری امر کو ترک کرنے پر اعتراض کا جواب:

**سوال (۲۰۹)**: اس قاعد شرعیہ پر کہ خواص کے لیے علمی یا عملی مفاسد کے اندیشوں کے پیش نظر غیر ضروری کام ترک کرنا لازم ہے، بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر ایسی بات ہے پھر تو خواص کو اولیاء یا عام مومنوں کی قبروں کی زیارت کو بھی چھوڑ دینا چاہیے، اس لیے کہ عوام قبروں پر جا کر سجدہ کرتے ہیں، اور بوسہ لیتے ہیں، غیر شرعی طور پر مدد مانگتے ہیں، اور بھی دیگر بدعتوں کا ارتکاب کرتے ہیں، الزامی جواب نہیں بلکہ تحقیقی اور تشفی بخش جواب مطلوب ہے؟

**الجواب**: یہ قاعدہ کتاب وسنت کے ذریعہ مؤید ہونے کی بنا پر بالکل صحیح ہے، باقی رہا اعتراض کا جواب وہ ظاہر ہے کہ یہ قاعدہ اس جگہ پر صادق آئے گا جہاں عوام وخواص دونوں کا عمل صورۃ ایک ہو صرف نیت اور عقیدہ کا فرق ہو، مگر جو اعتراض کیا گیا ہے اس میں تو عوام اور خواص کے اعمال صورۃ بھی الگ الگ ہیں۔

(ج ر ۴ ص ر ۴۹۷)

## گھر میں نماز پڑھنے اور مسجد میں نماز پڑھنے کے متعلق حکم:

**سوال (۲۱۰)**: علماء دین سے سوال ہے کہ ابن ماجہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے، کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نماز مرد کی اپنے گھر میں پڑھنے سے ثواب ایک نماز کا رکھتی ہے اور نماز مرد کی محلے کی مسجد میں ثواب پچیس نماز کا اور نماز مرد کی جمعہ مسجد میں ثواب پانچ سو نماز کا اور مرد کی میری مسجد میں (یعنی مدینہ منورہ کی مسجد نبوی میں) پچاس ہزار نماز کا اور نماز مرد کی خانہ کعبہ میں لاکھ نماز کا رکھتی ہے یہ نماز پانچوں وقت کی فرض نماز کون سی ہے آیا پانچوں وقتوں کی فرض نماز ہے تو یہ جو کتابوں میں لکھا ہے کہ فرض نماز اپنے محلہ کی مسجد میں

Scanned by CamScanner

پڑھنا بہتر ہے، اور ثواب زیادہ رکھتی ہے، بخلاف دوسرے محلہ کی مسجد میں پڑھنے سے اگر اپنے محلہ کی مسجد کو چھوڑ کر دوسرے محلہ کی مسجد میں نماز پڑھے گا تو گناہگار ہوگا، اس کا کیا مطلب ہے جامع مسجد میں پانچ سو نماز کا ثواب ملتا ہے، اور محلہ کی مسجد میں پچیس نماز کا تو بتائیں کہ وہ کم ثواب والی محلہ کی مسجد میں فرض نماز ادا کرے یا دوسرے محلہ میں جو جمعہ مسجد ہے، اس میں جا کر نماز پڑھے، بینوا توجروا۔

(۲/ جمادی الثانی: ۱۳۲۹ھ)

**الجواب:** وجہ تطبیق منصوص نہ ہونے کے سبب قواعد کی طرف منتسب ہوسکتی ہے، میرے نزدیک اقرب وجوہ یہ ہے کہ یہ تفاصل مخصوص ہے فرائض کے ساتھ اور مشروط ہے، کسی مسجد کے حق واجب فوت نہ ہونے کے ساتھ اب کوئی اشکال نہ رہا، کما یظهر بادنی تامل واللہ اعلم۔ (۵/ رجب: ۱۳۴۹/ ج/ ۵ ص/ ۱۳۸)

**بیعت بذریعہ خط:**

**سوال ⑪۲:** بیعت کے لیے طالب کی موجودگی وحضوری شیخ کی خدمت میں لازمی ہے، یا بیعت بذریعہ خط کے بھی ہوسکتی ہے؟

**الجواب:** عن الاول عَنِ ابْنِ عُمَرَ. إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي قَامَ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ إِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِي حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُولِ اللّٰهِ، وَإِنِّي أُبَايِعُ لَهُ اخرجه ابوداؤد (حدیث شصت وهشتم) عن ابن عمر فی حدیث طویل فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ إِلَى مَكَّةَ وَكَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ عُثْمَانُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى، وقَالَ هَذِهِ لِعُثْمَانَ اخرجه البخاری والترمذی (صد وهشتاد وششم) ان دونوں واقعوں میں

تصریح ہے، کہ حضرت عثمان کو آپ نے بیعت فرمایا اور وہ بیعت کے وقت حاضر نہ تھے، اسی بناء پر بعض مشائخ کے کلام میں ایسی بیعت غائبانہ کا لقب بیعت عثمانی مذکور ہے، اور یہ تائید روایات سے محض تبرع ہے، ورنہ قواعد سے اس بیعت کی صحت بلا تردد ظاہر ہے، کیوں کہ بیعت کی حقیقت التزام ہے طالب کی طرف سے اتباع کا اور شیخ کی طرف سے تعلیم ومشورہ کا، اور ظاہر ہے کہ اس التزام کا معاہدہ جیسے مشافہۃً ہوسکتا ہے، اسی طرح غیبت میں بھی بواسطہ خط یا سفیر کے، پس اس کی صحت میں دلیل کلی وجزئی سے کوئی شبہ نہیں۔ (ج ۵ ص ۲۳۴، ۲۳۵)

## تحقیق تمثیل شیطان بانبیاء واولیاء:

**سوال (۲۱۲)**: کیا فرماتے ہیں کہ علمائے دین ومفتیان شرع متین درمقدمات زیارت انبیاء علیہم السلام ونبی خاتم النبیین ﷺ وصحابہ کرام وسید الشہداء حسین واولیاء اللہ وصوفیہ کرام کو جو شخص بحالت بیداری یا خواب میں زیارت سے مشرف ہوتو ایسے موقع پر شیطان کی نسبت بدگمانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب**: جناب خاتم النبیین ﷺ کی زیارت میں تو احتمال شیطان کا نہیں ہوسکتا۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، ان رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي. فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ فی صُورَتِي (متفق علیه) وعن ابی قَتَادَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فَقَدْ رَأَى الحَقَّ. (متفق علیه) مشکوۃ کتاب الرویا اور غیر انبیاء کی صورت بن سکتا ہے، چنانچہ بستان الجن میں شیخ ابوالعباس سے چند قصے اس قسم کے نقل کیے ہیں، البتہ سوائے رسول اللہ ﷺ کے جو اور انبیاء ہیں ان کے بارہ میں تردد ہے، مجھ کو تحقیق نہیں، البتہ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ حدیث بالا کے نیچے لکھتے ہیں وعلماء ایں را از خصائص آنحضرت شمردہ

اندازیں جا ظاہر می شود کہ ایں حکم در غیر وے ﷺ جائز نیست، (اشعۃ اللمعات)
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی شکل بھی بن سکتا ہے، اور نیز اس سے پہلے لکھتے ہیں،
چہ آنحضرت مظہر ہدایت ست وشیطان مظہر ضلالت ومیاں ضلالت وہدایت
ضدیت ست الی آخر ما قال اس دلیل کا مقتضا یہ ہے کہ اور انبیاء کی شکل بھی نہیں بن
سکتا، اور قواعد شرعیہ سے اسی کو ترجیح معلوم ہوتی ہے۔ (ج ر ۵ ص ر ۲۲۴، ۲۲۵)

## جواز آمدنی، چونگی وٹیکس وغیرہ:

**سوال⑪۳:** شرعا کرور حدگیری حرام ست ونیز محصول شراب وافیون وانوع
آن وٹیکس خانہا، ناجائز است لیکن ازیں وجوہات آمدین کثیری باشد اگر ہمہ را
موقوف کردہ شود در ریاست چند کروڑ ہا روپیہ نقصان می شود دریں باب کدام حیلہ شرعی
است یا نہ؟

**ترجمہ:** شرعا چونگی لینا حرام ہے اسی طرح شراب افیون اور اس قسم کی
چیزوں کا ٹیکس اور ہاؤس ٹیکس بھی ناجائز ہے، لیکن ان طریقوں سے آمدنی اس قدر
ہوتی ہے کہ اگر تمام کو موقوف کردیا جاوے تو حکومت کو کروڑوں روپیہ کا نقصان ہوتا
ہے اس باب میں کوئی حیلہ شرعی ہے یا نہیں۔

**الجواب:** از قواعد شرعیہ مقرر است کہ مصالح یا مفسدہ معصیت معارض نمی
تواں شد پس محاصل ناجائز بکدامی مصلحت جائز نمی تواں شد۔ (ج ر ۶ ص ر ۳۲۵)

**ترجمہ:** شرعی مقررہ قواعد سے یہ بات معلوم ہے کہ معصیت کے مصالح یا
مفاسد باہم معارض نہیں ہوسکتے، لہٰذا ناجائز ٹیکس کسی مصلحت سے جائز نہیں ہوسکتے۔

## باب البدعات

## رسم بیعت کے درمیان اور بعض بدعات کے درمیان فرق:

**سوال⑪۴:** زید کہتا ہے کہ مولود، قیام مولود، عرس، فاتحہ وغیرہ گو فی نفسہ مباح

ہیں مگر آج کل کے عوام چوں کہ ان کو عملا یا علما ضروری جانتے ہیں، اس لیے ان کا ترک کرنا واجب ہے، مگر اس کہنے کے ساتھ زید پیری مریدی کو عملاً وعلماً اچھا مانتا ہے، عمرو کہتا ہے کہ جس طرح مولود، قیام مولود، عرس، فاتحہ وغیرہا گو فی نفسہ مباح ہیں، مگر عوام کی اصلاح عقائد واعمال کی غرض سے ان کا ترک کرنا واجب ہے، اسی طرح آج کل کی پیری مریدی، بلکہ سچ پوچھو تو مولود، عرس، فاتحہ کرنے والوں کے عقائد واعمال اتنے خراب نہیں جتنے آج کل کے پیروں مریدوں کے ہیں، اور یہ بالکل کھلی ہوئی بات ہے، دلیل کی محتاج نہیں، پھر مولود وغیرہ کے ترک کو مصلحتاً واجب کہنا اور پیری مریدی کو قائم رکھ کے اس کے زوائد کی اصلاح کرنا چاہیے، تو مولود وغیرہ کو بھی قائم رکھ کے ان کے زوائد کی اصلاح کرنا چاہیے، ایک کو تو سرے سے ترک کریں، اور ایک کے زوائد کی اصلاح کریں، یہ انصاف کے خلاف ہے، اگر کہا جاوے کہ اصلاح باطن فرض ہے، اور یہ ممکن نہیں جب تک پیری مریدی قائم نہ رکھی جاوے اور اس کے سب زوائد نہ برتے جائیں کہا جائے گا کہ مولود، عرس، فاتحہ وغیرہ بھی آج کل زیادہ تر انہی لوگوں میں ہے، جو پیری مریدی کرتے ہیں، اور غالبا ہمیشہ انہی لوگوں میں زیادہ تر یہ چیزیں رہی ہیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصلاح باطن میں ان کو بھی کچھ دخل ضرور ہے، ورنہ ظاہر میں تو نہ مولود سے قلب کی اصلاح ہوتی ہے، نہ پیر کا شجرہ لینے اور پڑھنے، اگر شجرہ لینے اور پڑھنے سے قلب کی اصلاح ہوتی ہے، تو مولود پڑھنے سے کیوں نہیں ہوتی، اور بفرض مولود وغیرہ سے کچھ نہیں ہوتا، اور شجرہ لینے سے اور پڑھنے سے سب کچھ ہوتا ہے، لیکن جب عوام کی اصلاح خواص پر واجب ہے اور عوام صوفیہ ان زوائد کو علما ضروری خیال کرتے ہیں اور مقصود بالذات سمجھتے ہیں، تو خواص کو چاہیے کہ نہایت اہتمام سے اس کو ترک کریں، اور ترک کی ترغیب دلائیں، مگر اس وقت معاملہ برعکس ہے۔

**الجواب:** قاعدہ کلیہ ہے کہ جو امر شرعاً مطلوب و مقصود ہو اور اس میں مفاسد منضم ہو جاویں، تو اس امر کو ترک نہ کریں گے، خود ان مفاسد کا انسداد کریں گے، اور جو امر مقصود نہ ہو اس میں غلبہ مفاسد سے خود اس امر کو ترک کر دیں گے، دلیل اس قاعدہ کی رسالہ طریق مولد شریف میں مذکور ہے، پس طریقہ بیعت کو موقوف علیہ نسبت باطنیہ کا ہے جو خود واجب ہے، مفاسد شرعیہ سے ہوا اس میں جو مفاسد ہوں، ان کو دفع کیا جاوے گا، مثلاً نااہلوں سے بیعت کرنے کی ممانعت کریں گے، بیعت کے بھروسے اعمال میں تہاون کرنے سے روکیں گے، شریعت و حقیقت کو متغائر و متضاد سمجھنے سے منع کریں گے، و مثل ذلک اور خود طریقہ مذکورہ کو محو نہ کریں گے، بخلاف دیگر اعمال مذکورہ سوال کہ مقاصد شرعیہ سے نہیں اور مشتمل مفاسد پر ہیں، اس لیے قابل ترک ہوں گے، اور اعمال مذکورہ کو اصلاح باطن میں مطلق دخل نہیں، نہ شجرہ کو اس سے کوئی تعلق ہے، نہ پیری مریدی میں شجرہ شرط ہے، اگر شجرہ میں کوئی مفسدہ دیکھا جاوے گا، اس کو بھی روک دیں گے، پس قیاس کرنا ان کو پیری مریدی پر قیاس مع الفارق ہے، کیوں کہ اس طریقہ کا اصلاح باطن کے لیے موقوف علیہ ہونا دلیل سے ثابت ہے، بخلاف ان افعال کے کہ کسی دلیل سے اس کا شرط اصلاح ہونا ثابت نہیں، بلکہ بوجہ مخالفت شریعت کے مضر ہونا ثابت ہے، **فافترقا۔** واللہ تعالیٰ اعلم۔ (۱۸؍ ذی قعدہ: ۱۳۲۰ھ/ ج؍ ۵ ص؍ ۲۸۲، ۲۸۳)

## سنت و بدعت کی تحقیق:

**سوال (۲۱۵):** زید کہتا ہے کہ بدعت کی دو قسمیں ہیں، حسنہ و سیئہ، عمرو کہتا ہے، بدعت ہمیشہ سیئہ ہی ہوتی ہے، زید کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی تراویح کی بدعت کو نعم البدعت کہا، عمرو کی دلیل یہ ہے کہ کل بدعة ضلالة، بدعت کی تو تعریف حدیث میں کہیں مذکور نہیں، مذکور ہو تو تحریر فرمائی جاوے، بدعت

Scanned by CamScanner

کی جو کچھ تعریف ہو مگر اس میں شک نہیں کہ اس وقت یہ پہنچانا کہ یہ امر بدعت ہے یا نہیں نہایت مشکل نظر آتا ہے، صحابہ کے حالات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان امور کو بھی بدعت کہتے تھے، جو فی نفسہا مباح اور بظاہر ثواب کے موجب تھے، مگر حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ تھے، مثلاً تشہد کے اول بسم اللہ پڑھنا، قرآن مجید کا جمع کرنا، چنانچہ اسباب میں حضرت ابوبکر وحضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا جو کچھ قصہ ہے، صحاح میں موجود ہے، چھینکنا اور اس کے بعد السلام علیکم یا اسی کے مثل کچھ الفاظ کہنا، اذان کے بعد نمازیوں کا پکارنا، چنانچہ اسباب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا غصہ فرمانا اور اس مسجد میں نماز نہ پڑھنا صحاح میں موجود ہے، غرض اسی قسم کے ہزاروں امور ہیں، جو فی نفسہا مباح ہیں، یا بظاہر موجب ثواب ہیں، مگر چونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قولاً، فعلاً، تقریراً ثابت نہیں، اس لیے صحابہ ان کو بدعت کہتے ہیں، اور نہایت ہی برا جانتے ہیں، اب اس زمانہ میں مباح الاصل چیز تو کسی طرح بدعت تو ہو نہیں سکتی، اور جب مباح الاصل چیز میں بظاہر کچھ ثواب کی جھلک ہے، وہ تو سنت اور عبادت مقصودہ ہی خیال کی جاتی ہے، ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا، اس بلا میں آج کل سب ہی مبتلا ہیں، مگر حضرات صوفیہ سب سے زیادہ مبتلا نظر آتے ہیں، کتب احادیث میں لاکھوں دعائیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں، مگر اس فرقہ میں شاید کوئی دعاء بھی حدیث کی معمول بہ نہیں، اگر ہے تو ترمیم کے ساتھ، حالانکہ خود حدیث سے ترمیم کی ممانعت نکلتی ہے، ایک صحابی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمایا " اللَّهُمَّ أسلمت نَفسِي إِلَيْك. ووجهت وَجْهِي إِلَيْك. وفوضت أَمْرِي إِلَيْك. وألجأت ظَهرِي إِلَيْك. رَغْبَة وَرَهْبَة إِلَيْك. لَا ملجأ وَلَا منجا إِلَّا إِلَيْك. آمَنت بكتابك الَّذِي أنزلت. وبنبيك الَّذِي أرْسلت "، صحابی نے عیک کی

جگہ رسولک کہہ دیا، اس پر آنحضرت ﷺ نے منع فرمایا۔

صحابی نے غالباً یہ ترمیم اس خیال سے کی تھی کہ نبی کے لفظ سے رسول کے لفظ میں زیادہ تعظیم ہے، مگر آنحضرت ﷺ نے یہ تعظیم ناپسند فرمائی، اور اپنے الفاظ کے کہنے پر تاکید فرمائی، اس سے صاف ظاہر ہے کہ لوگ خصوص حضرات صوفیہ جو ادعیہ مسنونہ میں ترمیم کر دیتے ہیں یہ ممنوع اور ناپسند ہے، خیر ترمیم ہی سہی، مگر دیکھا جاتا ہے تو موجودہ زمانہ کے صوفیہ ادعیہ مسنونہ ترمیم شدہ بھی نہیں پڑھتے، بلکہ اپنے بزرگوں اور سلسلہ والوں کی تصنیف کردہ شدہ دعائیں وغیرہ پڑھتے ہیں، اور ان کو زیادہ مفید اور مقبول خیال کرتے ہیں، یہ بدعت نہیں تو اور کیا ہے، مدارس اسلامیہ اور ان کے جزئی انتظامات صوفیہ کے اذکار واشغال وغیرہ سب بدعت نظر آتے ہیں، گو بعض ذہین لوگ ان میں یہ تاویل کرتے ہیں کہ مقصود بالذات اصلاح قلب ہے، جو فرض ہے، اور یہ صورتیں مقصود بالعرض ہیں، مقصود بالعرض میں تصرف کرنا جائز ہے، مقصود بالذات میں تصرف نہ کرنا چاہیے، اور مثال میں حج و جہاد اور توپ اور ریل وغیرہ کو پیش کرتے ہیں، مانا کہ یہ تاویل ٹھیک ہے، مگر جو لوگ یہ تاویل کرتے ہیں، انہیں کا یہ خیال بھی ہے کہ مقصود بالعرض اور سنت زائد کو اس طرح نہ ادا کرو کہ جس سے اس کے علماً یا عملاً واجب ہونے کا شبہ ہو، بلکہ جس وقت عوام کو یہ شبہ ہو تو خواص کو ان کا ترک کرنا واجب ہے، سنت زائدہ کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ کبھی کرو کبھی نہ کرو، جس طرح آنحضرت ﷺ صوم نفل کبھی رکھتے تھے، کبھی نہیں رکھتے تھے، بعد نماز کبھی داہنی طرف پھر جاتے تھے، کبھی بائیں طرف، غرض آنحضرت ﷺ قولاً یا فعلاً یا تقریراً بتا دیتے تھے، کہ یہ فعل کس درجہ کا ہے، آج کل کے مدارس اسلامیہ اور صوفیہ کے اذکار واشغال کو دیکھو تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ اپنی ہر ہر بات کو عملاً ضروری جانتے ہیں، حالاں کہ ان کو طرز عمل سے بتانا چاہیے کہ یہ مقصود

Scanned by CamScanner

بالعرض ہیں ان کا یہ بھی خیال ہے کہ سنت موکدہ کو بھی ضرورت کے وقت ترک کرنا واجب ہے، مثلاً عوام کسی سنت موکدہ کے ساتھ واجب کا معاملہ کرتے ہیں، تو خواص کو یہ سنت مؤکدہ ترک کرنا چاہیے، مگر بہت سی باتوں میں ہم اس کے خلاف نظیر پاتے ہیں، مثلاً رکوع کرنا فرض ہے اور رکوع میں سبحان ربی العظیم کہنا سنت ہے اب تمام جہان کے لوگ عملاً دونوں کو واجب فرض بتاتے ہیں بلکہ قول وفعل وتقریر رسول اللہ ﷺ کو دیکھو تو بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ عملا دونوں ایک سی شان رکھتے ہیں، گو علما ایسا نہ ہو اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ضرورت کے وقت بھی فرض وسنت میں عملا فرق کرنا ضروری نہیں صرف علماً فرق کرنا کافی ہے، اب یہ ارشاد ہونا چاہیے کہ فرائض وواجبات وسنن ونوافل وغیرہ میں علماً اور عملاً دونوں طرح فرق کرنے کی ضرورت ہے، یا صرف علماً، ان کے لیے کوئی قاعدہ کلیہ حدیث وفقہ سے مستنبط کیا گیا ہے، یا علماء کی رائے پر چھوڑا گیا ہے؟ فقط

**الجواب:** قاعدہ کلیہ اس باب میں یہ ہے کہ جو امر کلیاً یا جزئیاً دین میں نہ ہو اس کو کسی شبہ سے جزو دین علماً وعملاً بنالینا بوجہ مزاحمت احکام شرعیہ کے بدعت ہے، دلیل اس کی حدیث صحیح ہے،'' (مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رد) '' کلمہ من اور فی اس مدعا پر صاف صاف دلالت کر رہے ہیں، اور حقیقی بدعت ہمیشہ سیئہ ہی ہوگی، اور بدعت حسنہ صوری بدعت ہے، حقیقۃً بوجہ کسی کلیہ میں داخل ہونے کے سنت ہے، پس تقسیم بدعت الی الحسنہ والسیئہ کا اثبات اور نفی محض نزاع لفظی ہے کہ اثبات بناء برصورت کے ہے، اور نفی بناء برحقیقت کے، ولا مشاحۃ فی الاصطلاح، اس قاعدہ کلیہ کے اتقان اور امعان کے بعد سب شبہات مذکورہ سوال دفع ہو گئے، بدعت کی تعریف بھی حدیث سے معلوم ہوگئی، اور حدیث تراویح وحدیث کل بدعۃ میں بھی تعارض نہ رہا، اور یہ بھی معلوم ہوگیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے

محض اس وجہ سے کسی امر کو بدعت نہیں کہا کہ عہد برکت میں نہ تھا، ورنہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اول ایک امر کو بدعت سمجھیں، اور پھر بلا اس کے کہ اس کا وجود بعینہ زمانہ مبارک میں نقل سے ثابت ہو اس کے بدعت ہونے سے رجوع فرمالیں، جیسا مناظرہ متعلقہ جمع قرآن میں واقع ہوا، اس سے صاف معلوم ہوا کہ بناء کلام تعریف مذکور پر ہے۔

ظاہر نظر میں ایک امر جزو دین نہ معلوم ہوا، انکار کرنے لگے بعد غور کے کسی کلیہ شرعیہ میں داخل نظر آیا، انکار سے رجوع کر لیا، اور اس سے باقی جزئیات مشتبہ کا حکم بھی معلوم ہو گیا، جہاں محذور مذکور لازم آوے گا، وہ بدعت ہو گا، گو ظاہراً مستحسن ہو گا، اور جہاں وہ محذور لازم نہ آوے گا، وہ سنت ہو گا، گو صورۃً بدعت ہو۔

امید ہے کہ قدرے تأمل سے سب شبہات کے حل ہونے کے لیے کافی ہو گا، اسی لیے حاجت تفصیل جواب کی نہیں سمجھی گئی، اگر بعد تأمل بھی کسی جزئی میں اشتباہ باقی رہے، تو بالیقین ظاہر کرنا چاہیے۔ (۱۸ ذی قعدہ ۱۳۲۰ھ/ ج ۵/ ص ۲۸۳ تا ۲۸۵)

## مریض کے شفا کے لیے جانور ذبح کرنا:

**سوال (۲۱۲)**: چونکہ اس دیار میں خواص وعوام کے درمیان یہ رسم جاری ہے کہ بیمار کو کوئی مرض یا مصیبت پہونچنے کے وقت یا کسی حادثہ کے پیش آنے کے وقت اس بلا اور مصیبت کو دور کرنے کے لیے بغرض صدقہ جانور ذبح کرتے ہیں، یا کہتے ہیں کہ اے الہ العالمین اس مریض کو شفا دے ہم خدا کے واسطے جانور ذبح کریں گے، چونکہ اس خاص موقع پر اللہ کے رحم وکرم کا نزول مقصود ہے، نہ کہ جانور پر غضب، کیا اس طرح کی رسم جائز ہے یا نہیں؟ خیر القرون میں اس کا وجود تھا یا نہیں؟

**الجواب**: اگر چہ اس عادت کا خیر القرون میں ہونا نظر سے نہیں گذرا مگر شریعت کے قواعد کلیہ کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ چیز فی نفسہ مباح اور جائز ہے، مگر چند عوارض کی بنا پر اس کے بدعت ہونے کا فتویٰ دینا میرا معمول ہے، اور وہ عوارض یہ

Scanned by CamScanner

ہیں کہ اکثر لوگ اس عمل کو کرتے وقت نفس صدقہ کو مقصود اور نفع بخش نہیں سمجھتے، بلکہ خاص ذبح کرنے اور خون بہانے کو مریض کا فدیہ گمان کرتے ہیں، اور یہ بالکل نامعقول بات ہے، اور ایسا کرنے کے لیے نص کا ہونا ضروری ہے، اور نص ہے نہیں، اور ایسا اعتقاد رکھنے کی دلیل یہ ہے کہ یہ لوگ اس جانور کی قیمت کے برابر روپیہ صدقہ کرنے پر کبھی راضی نہیں ہوتے۔ (ج ۵ ص ۳۰۷)

**صاحب قبر کی تعظیم کی نیت کے بارے میں باوجود قبروں پر چراغ جلانا جائز نہیں:**

**سوال (۲۱۷)**: ایک شخص کہتا ہے کہ تعظیم قبر کے لیے چراغ جلانا جائز ہے، لیکن تعظیم روح صاحب قبر کے لیے منع نہیں، کیوں کہ شیخ عبدالغنی نابلسی نے حدیقۃ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں ’’ وأما إذا كان موضع القبور مسجداً. أو كان هناك أحد جالس. أو كان قبر ولي من أولياء الله. أو عالم من المحققين تعظيما لروحه المشرقة على تراب جسده كإشراق الشمس على الأرض؛ إعلاماً للناس أنه ولي ليتبركوا به. ويدعوا الله تعالىٰ عنده قد استجاب لهم. فهو أمر جائز لا منع له والاعمال بالنيات‘‘۔

اسی طرح علامہ سبکی نے قنادیل ذہب وفضہ کی تعلیق حجرہ شریفہ کے لیے جائز فرمائی ہے، چنانچہ وفاء الوفاء میں علامہ سبکی نے لکھا ہے، وقد ألف السبكي تأليفا سماه تنزل السكينة على قناديل المدينة وذهب فيه إلى جوازها وصحة وقفها وعدم جواز صرف شئ منها لعمارة المسجد.

ان سب باتوں سے یہ ثابت کرنا ہے کہ تعظیم قبور یعنی خشت وگل کے لیے چراغ ناجائز ہے لیکن تعظیم روح صاحب قبر کے لیے جائز ہے، اور تعظیم قبر و تعظیم روح قبر کا فرق

Scanned by CamScanner

اس طرح نکالنا ہے کہ امام احمد بن حنبلؒ کے مسند میں بسند حسن روایت ہے، أَقْبَلَ مَرْوَانُ يَوْمًا. فَوَجَدَ رَجُلاً وَاضِعًا وَجْهَهُ عَلَى الْقَبْرِ. فَأَخَذَهُ مَرْوَانُ بِرَقَبَتِهِ ثم قال هل تَدْرِي مَا تَصْنَعُ؟ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ. فاذا هو ابوايوب فَقَالَ: نَعَمْ. إلى لم آت الحجر إنما جئت رسول الله ﷺ ولم آت الحجر سمعت رسول الله ﷺ يَقُولُ لاَ تَبْكُوا عَلَى الدِّينِ إِذَا وَلِيَهُ أَهْلُهُ. وَلَكِنِ ابْكُوا عَلَيْهِ إِذَا وَلِيَهُ غَيْرُ أَهْلِهِ.

اس حدیث میں رجل سے مراد حضرت ابوایوب انصاری ہیں، یہ بحث در حقیقت محمد رضا خان کی ہے، اور جناب والا کی شایان شان نہیں ہے، کہ ایسے شخص کی طرف متوجہ ہوں لیکن میری تسکین کے لیے جواب شافی مرحمت فرمایا جاوے۔

**الجواب:** اول تو جب تک اصل کتابیں نہ دیکھی جاویں نقل کے ناقص ہونے کا احتمال ہے، خصوص اس زمانہ میں کہ اس کا قصداً ارتکاب کیا جاتا ہے، دوسرے اگر نقل کی صحت تامہ بھی تسلیم کر لی جائے تب بھی مسئلہ چراغ میں نہی کی نص صحیح مطلق موجود ہے، تاوقتیکہ ویسی ہی دلیل تقید کی نہ ہو، یا کوئی نص صحیح معارض اس کی نہ ہو تاویل وتقیید صحیح نہیں، خصوص جب کہ تاویل کرنے والا مجتہد بھی نہ ہو خصوص جب کہ مذہب کی صحیح ومعمول بہ روایات میں منع مصرح ہو، چنانچہ کتب فقہیہ میں ان امور کا ممنوع ہونا موجود ہے، اور مسند احمد سے جو استدلال جب تک کہ اس کے رجال کو فرداً فرداً نہ دیکھا جاوے حجت نہیں، پھر اس سے قیاس کیا ہے جو غیر مجتہد کا معتبر نہیں، اور ان سب سے قطع نظر کر کے غاية مافى الباب اباحة فى نفسها ثابت ہوگی، اور فقہی قاعدہ ہے کہ جس مباح یا مندوب میں مفاسد ہوں اس کو روکا جاتا ہے، اور مفاسد اس وقت مشاہد ہیں، پس کسی طرح اس میں گنجائش جواز نہ رہی، کما لا يخفى على ماهر الشريعة۔ (۲۵ ربیع الثانی ۱۳۳۲ھ ج۵ ص۳۲۱، ۳۲۲)

Scanned by CamScanner

# مکتبہ الحرمین کی چند مطبوعات

| | |
|---|---|
| آفتاب نسبت مع اللہ | ثمامۃ العنبری شرح شمائل ترمذی |
| اسلام کا نظام سلام ومصافحہ | تذکرہ قطب زماںؒ |
| نمازیں سنت کے مطابق پڑھیے: | اپریل فول تاریخ کے آئینے میں |
| آؤ رمضان کو قیمتی بنائیں | ویلنٹائن ڈے تاریخ کے آئینے میں |
| رمضان المبارک کی منفرد شان | کرسمس کی حقیقت |
| سکون دل کے ۱۰۰ نسخے | انٹرنیٹ اور ان کے مسائل |
| ایضاح المسالک | طریقۂ نماز برائے خواتین اسلام |
| عورتوں کے انوکھے اور دلچسپ واقعات | شفاء القلوب |
| جنت کی سیر | کلمہ طیبہ کی انوکھی شان |
| سورۂ فاتحہ ہر بیماری کے لیے شفاء | چار اعمال کیجیے اور اللہ کا محبوب بنیے |
| مسلمانوں کی اسلامی زندگی | پردہ نومسلم خواتین کی نظر میں |
| موجودہ دور کے اندھیرے اور دعائے نبوی کی روشنی | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ |
| تحفۃ المتعلمین شرح زاد الطالبین | چالیس احادیث |
| جواہرات رحمانی | تاریخ اسلام (میاں صاحب) مکمل |
| جوہر خطابت | سیرت خاتم الانبیاء |
| مسنون اور غیر مسنون نمازیں | حضور کا مثالی بچپن |
| سخن دلنواز تقریریں | مثنوی مولانا روم کے ایمان افروز واقعات |

رابطہ کے لیے: مکتبہ الحرمین دیوبند نزد چھتہ مسجد دیوبند سہارن پور پن کوڈ: ۲۴۷۵۵۴

MAKTABA ALHARMAIN DEOBAND SAHARANPUR

موبائل نمبر: 8979354752/ 7300692988

EMAIL. ABDURRAZIQKH01@GMAIL.COM

Scanned by CamScanner

# مناجات

اے خدائے پاک و رحمٰن و رحیم ۔ قاضی الحاجات داتائے کریم
اے الٰہ العالمین اے بے نیاز ۔ دین و دنیا میں ہمارے چارہ ساز
تو ہی معبود اور تو ہی مقصود ہے ۔ تیرے ہی ہاتھوں میں ہر بہبود ہے
ہم ترے بندے ہیں اور تو ہے خدا ۔ تو کریم مطلق اور ہم ہیں گدا
ہم گنہگار اور تو غفار ہے ۔ ہم بھرے عیبوں سے تو ستار ہے
ہم ہیں بے کس، اور تو بے کس نواز ۔ ہم ہیں ناچار، اور تو ہے چارہ ساز
تو وہ قادر ہے کہ جو چاہے کرے ۔ جس کو چاہے دے جسے چاہے نہ دے
تو وہ داتا ہے کہ دینے کے لیے ۔ در تری رحمت کے ہر دم ہیں کھلے
تیرے در پر ہاتھ پھیلاتا ہے جو ۔ پا ہی لیتا ہے وہ ہر مقصود کو
مانگنا ہم پر کیا ہے تو نے فرض ۔ اور سکھا ہم کو دیئے آداب عرض
مانگنے کو بھی ہمیں فرما دیا ۔ مانگنے کا ڈھنگ بھی بتلا دیا
بلکہ مضمون بھی ہر ک درخواست کا ۔ ہم کو یارب تو نے خود سکھلا دیا
ہر گھڑی دینے کو تیار ہے ۔ جو نہ مانگے اس سے تو بیزار ہے
ہر طرف سے ہو کے ہم خوار و تباہ ۔ آپڑے اب تیرے در پر یا الٰہ
گرچہ یارب ہم سراپا ہیں برے ۔ اب تو لیکن آپڑے در پر ترے
دل میں ہیں لاکھوں امیدیں جلوہ گر ۔ ہاتھ اٹھاتے شرم آتی ہے مگر
تو غنی ہے اور ہم ہیں بے نوا ۔ کون پوچھے گا ہمیں تیرے سوا
ہے تو ہی حاجت روائے دو جہاں ۔ ہم ترا در چھوڑ کر جائیں کہاں
صدقہ اپنی عزت و اجلال کا ۔ صدقہ پیغمبر کا ان کی آل کا

اپنی رحمت ہم پہ اب مبذول کر
یہ مناجات اور دعا مقبول کر

مناجات مقبول (منظوم)

# نسب نامہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

